قرآن مجید کے بعد چھ مستند کتابوں سے 383 احادیث سے 103 عقائد اہلسنت کا
ثبوت تمام احادیث عربی متن بمعہ اعراب اور مکمل عربی اور اردو کتابوں کے حوالے کے ساتھ

صحاح ستّہ

اور

عقائد اہلِ سنّت

تالیف

مولانا محمد شہزاد قادری ترابی

زاویہ پبلشرز
زاویہ پبلشرز
دربار مارکیٹ ۰ لاہور

Marfat.com

Marfat.com

صحابہ

اور

عقائد اہلِ سنّت

تالیف

مولانا محمد شہزاد قادری ترابی

زاویہ پبلشرز

(8-C محی الدین بلڈنگ) داتا دربار مارکیٹ، لاہور

فون: 042-7248657

موبائل: 0300-9467047 - 0300-4505466

Email:zaviapublishers@yahoo.com

Marfat.com

پبلشرز
زاویہ

جملہ حقوق محفوظ ہیں

2010ء

بار اول.....1000

ہدیہ.....300

زیرِ اهتمام.....نجابت علی نارڑ

﴿لیگل ایڈوائزرز﴾

رائے صلاح الدین کھرل ایڈووکیٹ ہائی کورٹ (لاہور) 0300-7842176

محمد کامران حسن بھٹہ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ (لاہور) 0300-8800339

﴿ملنے کے پتے﴾

اسلامک بک کارپوریشن، کمیٹی چوک، راولپنڈی	051-5536111
احمد بک کارپوریشن، کمیٹی چوک، راولپنڈی	051-5558320
کتاب گھر، کمیٹی چوک، راولپنڈی	051-5552929
مکتبہ بابا فرید، چوک چشتی نمبر، پاکپتن شریف	0301-7241723
مکتبہ قادریہ، پرانی سبزی منڈی، کراچی	0213-4944672
مکتبہ برکات المدینہ بہادر آباد، کراچی	0213-4219324
مکتبہ رضویہ، آرام باغ، کراچی	0213-2216464
مکتبہ ضیائیہ، کمیٹی چوک، اقبال روڈ، راولپنڈی	051-5534669
مکتبہ سخی سلطان، حیدر آباد	0321-3025510
مکتبہ قادریہ، سرکلر روڈ، گوجرانوالہ	055-4237699
علامہ فضل حق پبلیکیشنز، دربار مارکیٹ، لاہور	0300-4798782
کتب خانہ حاجی مشتاق احمد، بوہر گیٹ ملتان	061-4545486

Marfat.com

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
1۔	پیش لفظ	10
2۔	حدیث کی چند اصطلاحیں	13
3۔	دین میں حدیث کا مقام	17
4۔	مختصر تذکرہ ائمہ صحاح ستہ	23
5۔	علم غیب رسول ﷺ کا بیان	31
6۔	نگاہِ پاک مصطفیٰ ﷺ	95
7۔	تبرکات رسول ﷺ کا بیان	133
8۔	اختیارات مصطفیٰ ﷺ	168
9۔	بے مثل رسول ﷺ	213
10۔	حدیث کی اہمیت	229
11۔	اجتہاد و تقلید	240
12۔	تہتر فرقے اور مسلک حق	247
13۔	منافقین کی علامات	258
14۔	حیاتِ انبیاء کرام علیہم السلام	276

Marfat.com

15۔ نماز میں تصور رسول ﷺ 287

16۔ امام الانبیا ﷺ کی نماز کا بیان 300

17۔ امام کی قرأت مقتدی کی قرأت ہے 300

18۔ امام کے پیچھے قرأت قرآن کا چھیننا ہے 303

19۔ صرف تکبیر تحریمہ کے وقت ہاتھوں کو اٹھایا جائے 306

20۔ تکبیر تحریمہ کہتے وقت انگوٹھے کانوں کی لو تک 309

21۔ رفع یدین منسوخ ہو گیا 312

22۔ نماز میں ہاتھ ناف کے نیچے باندھنا سنت ہے 315

23۔ حنفی التحیات کا ثبوت 316

24۔ شہادت کی انگلی اٹھا کر اسے نہ ہلایا جائے 319

25۔ نماز کے بعد دعا مانگنا سنت ہے 320

26۔ ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا اور اپنے ہاتھوں کو چہرہ پر ملنا سنت ہے 321

27۔ سنن ونوافل کا ثبوت 324

28۔ سنت موکدہ کا ثبوت 324

29۔ ظہر کی سنت اور دو نفل کی فضیلت 331

Marfat.com

30۔ عصر سے پہلے چار سنت غیر موکدہ کا ثبوت 333
31۔ مغرب کے بعد اور فجر سے پہلے سنتوں کا ثبوت 337
32۔ نماز اوّابین کا بیان 337
33۔ نوافل کی اہمیت 338
34۔ تین وتر کا ثبوت 340
35۔ وسیلہ کا بیان 346
36۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان کا ادب رسول ﷺ 362
37۔ عشق خیر الانام ﷺ 376
38۔ عشاقان رسول ﷺ کے لئے آزمائش 390
39۔ ہاتھ پاؤں چومنے کا بیان 391
40۔ شفاعت کا بیان 400
41۔ اہل اللہ بھی شفاعت کریں گے 407
42۔ استقبال آمد مصطفیٰ ﷺ کا بیان 408
43۔ گستاخ رسول کی سزا 415
44۔ معراج مصطفیٰ ﷺ اور دیدار الٰہی 421

Marfat.com

45۔ نذر و نیاز کی حقیقت 430

46۔ دم اور تعویذات کا بیان 438

47۔ نماز کے بعد بلند آواز سے ذکر کرنے کا بیان 447

48۔ مسئلہ باغ فدک 454

49۔ خلافت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ 457

50۔ بغضِ عثمان رضی اللہ عنہ بغضِ رحمٰن جل جلالہ ہے 466

51۔ بغضِ علی رضی اللہ عنہ نفاق کی علامت ہے 467

52۔ مولا علی رضی اللہ عنہ کہنے کا ثبوت 468

53۔ شانِ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ 469

54۔ بیعتِ رضوان کی فضیلت 472

55۔ تمام بدری صحابہ کرام علیہم الرضوان جنتی ہیں۔ 472

56۔ شانِ صحابہ کرام علیہم الرضوان 474

57۔ فضائلِ مدینہ 476

58۔ حجرِ اسود کی گواہی 482

59۔ نعت پاک مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم 484

Marfat.com

60۔ مومن کی قوتِ سماعت 488

61۔ (تفسیر بالراء کا وبال) کفار کے حق میں نازل ہونے والی آیات مسلمانوں پر چسپاں کرنا 491

62۔ قیام تعظیمی کا بیان 494

63۔ مزارات کی تعمیر اور غلاف کا بیان 500

64۔ شانِ اولیاء اللہ 503

65۔ سات قرأت کا بیان 507

66۔ جمعہ عید کا دن ہے 512

67۔ بدعت حسنہ کا بیان 515

68۔ اچھے کام کو شروع کرنے پر اجر 520

69۔ اہل اللہ پر شیطان کا بس نہیں چلتا 529

70۔ اولیاء اللہ رحمہم اللہ کائنات کی جان ہیں 535

71۔ گستاخ کو امام مت بناؤ 538

72۔ بیعت کا بیان 540

73۔ زم زم شریف کے برکات 542

Marfat.com

74۔	حی علی الفلاح پر کھڑے ہونے کا حکم	545
75۔	نور مصطفیٰ ﷺ	547
76۔	اذان کی آواز سے شیطان بھاگتا ہے	549
77۔	اہل اللہ سے محبت کے ثمرات	550
78۔	وجود مصطفیٰ ﷺ عذاب میں رکاوٹ ہے	551
79۔	جنت اعمال سے نہیں رحمت سے ملے گی	553
80۔	اذان سے پہلے درود پڑھنے کا بیان	555
81۔	اذان کے بعد درود پڑھنے کا بیان	558
82۔	شہادت رسول ﷺ	559
83۔	قرآن مجید بہترین دوا ہے	561
84۔	مسجد قباء میں نماز کا ثواب	562
85۔	میت کا بوسہ لینا	563
86۔	مسجد حرام و نبوی میں نماز کا ثواب	564
87۔	موسیقی کی ممانعت	566
88۔	ولادتِ رسول ﷺ کی خوشی	568

Marfat.com

89۔ پہاڑ اور پتھروں کا سلام بھیجنا 572
90۔ اذان واقامت کے کلمات دو دو مرتبہ ہیں 574
91۔ شعبان کی پندرہویں رات کی فضیلت 575
92۔ اہل اللہ کے قرب کی برکت 579
93۔ تین مساجد کے علاوہ سفر 582
94۔ نظر لگنا حقیقت ہے 584
95۔ نورِ مصطفیٰ ﷺ، تخلیقِ اول 586
96۔ اُمّتِ مصطفیٰ ﷺ پر دسوے معاف ہیں 587
97۔ ماہِ صفر منحوس نہیں 588
98۔ سور کی چربی کے استعمال کی ممانعت 590
99۔ اہل اللہ کے ایام منانا 591
100۔ نوحہ کی ممانعت 592
101۔ زمانہ رسول ﷺ میں بھی قرآن مجید جمع کیا گیا 593

Marfat.com

نحمده و نصلی علی رسوله الکریم

اما بعد فاعوذ باللّٰه من الشیطن الرجیم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

خدا ایسی قوت دے میرے قلم میں

کہ بدمذہبوں کو سدھارا کروں میں

قرآن مجید میں کئی مقامات پر حضور ﷺ کے قول (حدیث) کو ماننے اور اس پر عمل کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

القران: قُلۡ اَطِیۡعُوا اللّٰہَ وَالرَّسُوۡلَ ۚ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّ اللّٰہَ لَایُحِبُّ الۡکٰفِرِیۡنَ ۝

ترجمہ: تم فرمادو کہ حکم مانو اللہ اور رسول کا پھر اگر وہ منہ پھیریں تو اللہ کو خوش نہیں آتے کافر۔

(سورہ آل عمران آیت ۳۲)

القراٰن: مَنۡ یُّطِعِ الرَّسُوۡلَ فَقَدۡ اَطَاعَ اللّٰہَ ۚ

ترجمہ: جس نے رسول کا حکم مانا بے شک اس نے اللہ کا حکم مانا (سورہ نساء آیت ۸۰)

القرآن: وَمَا یَنۡطِقُ عَنِ الۡھَوٰی ۝ اِنۡ ھُوَ اِلَّا وَحۡیٌ یُّوۡحٰی ۝

Marfat.com

ترجمہ: اور وہ کوئی بات اپنی خواہش سے نہیں کرتے' وہ تو نہیں مگر وحی جو انہیں کی جاتی ہے (وحی الٰہی ان کا کلام ہوتی ہے) (سورہ والنجم آیت ۴/۳)

ان آیات سے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ کی زبان حق ترجمان سے نکلا ہوا ہر لفظ شریعت اور حدیث ہے۔ اس پر عمل کرنے کا حکم قرآن مجید سے ثابت ہے۔ حضور ﷺ کے دور اقدس میں بھی احادیث لکھی جاتی تھیں کئی صحابہ کرام علیہم الرضوان اپنے مولا ﷺ سے جو کچھ سنتے' اسے لکھ کر محفوظ کر لیتے تھے۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان کی پوری زندگی بلکہ ان کی حیات کا ہر ہر لمحہ حضور ﷺ کے ارشادات کے سانچے میں ڈھلا ہوا تھا' صحابہ کرام علیہم الرضوان کی طبعی خواہشات تک سب کی سب احادیث رسول ﷺ کی تابع تھیں ان کی خلوتوں کا سوز و گداز اور ان کی جلوتوں کا جذبۂ عمل' ان کی شب بیداریاں اور ان کے دن کے قیلولے سب فرمان رسول ﷺ کے تابع تھے اور جو قول' فعل سے ہر وقت ہمکنار ہے' وہ کبھی فراموش ہو سکتا ہے؟

ہرگز نہیں ہو سکتا۔ ان ہستیوں نے اپنے مولیٰ ﷺ کا ایک بھی فرمان کبھی فراموش نہیں ہونے دیا۔ تمام باتوں سے ثابت ہوا کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان کا یہ ایمان رہا کہ حضور ﷺ کی ظاہری پردہ پوشی کے بعد بھی آپ ﷺ کے فرامین شریعت اور حجت ہیں۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے ان کی حفاظت کا اس قدر انتظام فرمایا کہ آج سند کے ساتھ ہمارے سامنے ہے اور قیامت تک آنے والے

Marfat.com

مسلمانوں کے لئے اس ہدایت اور سنہرے ضابطہ حیات کو محفوظ کر لیا گیا۔

حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ امام شافعیؒ امام احمد ابن حنبلؒ امام مالکؒ امام بخاریؒ امام مسلمؒ امام ترمذیؒ امام نسائیؒ امام ابوداؤدؒ امام ابن ماجہؒ امام طحاوی اور دیگر محدثین رحمہم اللہ نے اس امّت پر احسان کیا کہ صحیح اسناد کے ساتھ ہمیں کتب کی صورت میں احادیث کا گلدستہ عطا فرمایا جو آج تک ہمارے سامنے ہے۔

زیرِ نظر کتاب میں فقیر نے صحاح ستہ کی 383 احادیث جمع کی ہیں اس کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں عقائد اہلسنت پر مشتمل احادیث ایک جگہ جمع کی ہیں تا کہ مطالعہ کا ذوق رکھنے والے حضرات اس سے باآسانی فائدہ اٹھا سکیں۔

رب کریم سے دعا ہے کہ وہ اپنے حبیب رسول اکرم نور مجسم ﷺ کے صدقے و طفیل اس کتاب کو ہر مسلمان کے لئے نافع بنائے اور محدثین کرام خصوصاً ائمہ صحاح ستہ کے مزارات پر رحمت و رضوان کی بارش نازل فرمائے۔ آمین ثم آمین

فقط والسلام

الفقیر محمد شہزاد قادری ترابی

Marfat.com

حدیث کی چند اصطلاحیں

حدیث

حضور نبی کریم ﷺ یا صحابہ تابعین نے جو کچھ فرمایا اور جو کچھ کیا یا کسی کو کچھ کہتے سنا' یا کچھ کرتے دیکھا اور اس پر منع وانکار نہیں فرمایا۔ بلکہ خاموش رہے تو ان سب چیزوں کو محدثین کی اصطلاح میں ''حدیث'' کہا جاتا ہے۔ اس اعتبار سے حدیث کی تین قسمیں ہو گئیں۔

(۱) حدیث مرفوع (۲) حدیث موقوف (۳) حدیث مقطوع

حدیث مرفوع

وہ حدیث جو حضور ﷺ تک پہنچ جائے یعنی اس حدیث میں یہ ذکر کیا گیا ہو کہ حضور ﷺ نے ایسا فرمایا یا حضور ﷺ نے ایسا کیا یا حضور ﷺ کے سامنے لوگوں نے ایسا کہا یا ایسا کیا اس کو ''حدیث مرفوع'' کہتے ہیں۔

حدیث موقوف

وہ حدیث جو صحابی تک پہنچے' یعنی اس حدیث میں یہ مذکور ہو کہ مثلاً ابنِ عباس رضی اللہ عنہما نے کہا یا ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کیا۔ یا ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایسا دیکھا یا سنا تو اس کو ''حدیث موقوف'' کہتے ہیں۔

Marfat.com

حدیث مقطوع

وہ حدیث جو تابعی تک پہنچے۔ یعنی اس حدیث میں یہ بیان کیا گیا ہو کہ مثلاً سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے ایسا کہا یا ایسا کیا یا عکرمہ رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو یہ کرتے دیکھا یا یہ کہتے سنا تو اس کو "حدیث مقطوع" کہتے ہیں۔

روایت

حدیث نقل کرنا، حدیث بیان کرنا۔

راوی

حدیث نقل کرنے والا، حدیث کو بیان کرنے والا

سند حدیث

حدیث کو نقل کرنے والے راویوں کا سلسلہ جیسے عن ابن شہاب عن عبید اللہ بن عبداللہ عن ابن عباس عن النبی ﷺ

متن حدیث

جہاں سند ختم ہو جائے اس کے بعد کے الفاظ کو "متن حدیث" کہا جاتا ہے۔

Marfat.com

صحابی

جس کو بحالت ایمان حضور ﷺ کی صحبت نصیب ہوئی اور ایمان ہی پر اس کا خاتمہ ہوا۔

تابعی

جس نے بحالت ایمان کسی صحابی سے ملاقات کی اور ایمان ہی پر اس کا خاتمہ ہوا۔

اس اعتبار سے کہ اصل حدیث راوی تک کس طرح پہنچی؟ حدیث کی چار قسمیں ہیں۔

(۱) حدیث متواتر (۲) حدیث مشہور (۳) حدیث عزیز (۴) حدیث غریب

حدیث متواتر

وہ حدیث ہے جس کے روایت کرنے والے ہر زمانے میں اس قدر کثیر لوگ ہوں کہ ان کا جھوٹ پر متفق ہو جانا عادتاً محال ہو۔

حدیث مشہور

وہ حدیث ہے جس کے راوی ہر دور میں دو سے زیادہ رہے ہوں اس کو "حدیث مستفیض" بھی کہتے ہیں۔

Marfat.com

حدیث عزیز

وہ حدیث ہے جس کو ہر دور میں دو راوی روایت کرتے رہے ہوں اور پوری سند میں کہیں بھی دو راوی سے کم نہ ہوں۔

حدیث غریب

وہ حدیث ہے جس کے سلسلۂ سند میں کہیں صرف ایک ہی راوی رہ گیا ہو۔

وضاع الحدیث

جھوٹی حدیثیں گھڑ لینے والا۔ ایسا آدمی سخت گنہ گار اور جہنمی ہے۔

حدیث موضوع

جھوٹے راوی کی بیان کی ہوئی حدیث جس کا حدیث رسول ہونا ثابت نہ ہو۔ یہ ''حدیث موضوع'' ہے جو قطعاً غیر معتبر ہے۔

محدثین

علوم حدیث میں مشغول ہونے والے حضرات ''محدثین'' کہلاتے ہیں۔

مورخین

گزرے ہوئے زمانے کی تواریخ اور حالات بیان کرنیوالے ''مورخین'' یا

Marfat.com

''اخباری'' کے لقب سے یاد کئے جاتے ہیں۔

صحاح ستہ

(۱) بخاری شریف (۲) مسلم شریف (۳) ترمذی شریف (۴) ابوداؤد شریف

(۵) نسائی شریف (۶) ابن ماجہ شریف

حدیث کی یہ چھ مشہور کتابیں ''صحاح ستہ'' کہلاتی ہیں۔

دین میں حدیث کا مقام

زمانہ نبوت سے آج تک تمام مسلمانوں کا یہی عقیدہ رہا ہے کہ احکام شریعت کی دلیلوں میں سے سب سے مقدم اور سب سے اعلیٰ خدا کی مقدس کتاب ''قرآن مجید'' ہے اور چونکہ قرآن ہی کی تصریحات و ہدایات کے بموجب حضور نبی اکرم ﷺ کی اتباع و اطاعت بھی ہر مسلمان کے لئے لازم الایمان اور واجب العمل ہے' کیونکہ بغیر اس کے قرآن مجید کی آیتوں کے صحیح مفہوم' اور حقیقی مراد کو سمجھ لینا غیر ممکن اور محال ہے۔ اس لئے قرآن مجید کے بعد احکام شریعت کی دلیل بننے میں حدیث ہی کا درجہ ہے۔ اس کے بعد اجماع امت اور قیاس مجتہد کا درجہ ہے۔ اس لئے یہ عقیدہ رکھنا ضروریات دین میں سے ہے کہ قرآن مجید و حدیث دونوں ہی دین اسلام کی مرکزی بنیاد اور احکام شرع کی مضبوط دلیلیں ہیں۔

اس دور کے بعض ملحدین جو اپنے آپ کو ''اہل قرآن'' کہتے ہیں اور

Marfat.com

حدیثوں کے دلیل شرعی ہونے کا انکار کرتے ہیں۔ قرآن مجید نے صاف اور صریح لفظوں میں ان ظالموں کے اس کافرانہ نظریہ کا رد فرمایا ہے۔ چنانچہ ارشاد خداوندی ہے۔

وَمَا اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰکُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ج (سورہ حشر)

یعنی رسول جو کچھ تم کو حکم دیں اس کو لو اور جس چیز سے تم کو منع کریں اس سے باز رہو۔

مسلمانو! دیکھ لو قرآن کا یہ فرمان صاف صاف اعلان کر رہا ہے کہ رسول ﷺ کے اوامر و نواہی جو حدیثوں کی صورت میں ہیں یقیناً بلاشبہ واجب العمل اور احکام شرع کی حجت اور مضبوط دلیلیں ہیں۔

منصب رسالت

حقیقت تو یہ ہے کہ جو لوگ حدیثوں کے دلیل شرعی ہونے کا انکار کرتے ہیں۔ وہ حقیقت مقام نبوت و منصب رسالت ہی کے منکر ہیں۔ ان لوگوں کے نزدیک رسول کی حیثیت محض ایک قاصد اور ایلچی کی سی ہے۔ حالانکہ قرآن مجید نے صاف و صریح لفظوں میں اس ملحدانہ نظریہ اور کافرانہ بکواس کی جڑ ہی کاٹ ڈالی ہے۔ چنانچہ قرآن مجید کا ارشاد ہے:

Marfat.com

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ج (نساء)

یعنی جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔ (سورہ نساء آیت ۸۰)

دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا:

وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ (نساء)

یعنی ہم نے جس رسول کو بھی بھیجا اسی لئے بھیجا تا کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کریں۔

(اسی طرح ارشاد ربانی ہے کہ:)

يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ (اعراف)

یعنی رسول لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہیں اور بدی سے منع کرتے ہیں اور لوگوں کے لئے ستھری چیزوں کو حلال فرماتے ہیں اور گندی چیزوں کو حرام فرماتے ہیں۔

مذکورہ بالا آیات اور اس قسم کی دوسری بہت سی آیتیں اعلان کر رہی ہیں کہ رسول ﷺ ایک قاصد اور ایلچی کی پوزیشن میں نہیں ہیں۔ بلکہ رسول ﷺ کا منصب رسالت اس قدر بلند و بالا ہے کہ رسول ﷺ مقتدیٰ اور مطاع ہیں۔ رسول ﷺ امر و ناہی ہیں۔ رسول ﷺ حلال کرنے والے اور حرام کرنے والے ہیں۔

Marfat.com

رسول حاکم و حکم اور معلم و شارع ہیں۔

مسلمانو! ذرا سوچو تو سہی..... کہیں قاصد اور ایلچی کی بھلا یہ شان ہوا کرتی ہے؟

منکرین حدیث کی نفسانیت

پھر یہ بھی ذہن میں رکھئے کہ منکرین حدیث نے کسی دینی جذبہ کے ماتحت قرآن پر عمل اور حدیثوں کے انکار کا اعلان نہیں کیا ہے بلکہ اس فتنہ و فساد سے ان کی غرض فاسد یہ ہے کہ حدیثوں کا انکار کر کے قرآن کے معانی و مطالب بیان کرنے میں وہ تشریحات نبوت کی مقدس حد بندیوں سے آزاد ہو جائیں اور بالکل آوارہ ہو کر قرآن کے مفہوم و مراد کو اپنی نفسانی خواہشوں کے مطابق ڈھال سکیں۔ چنانچہ اس سلسلے میں ایک لطیفہ بہت ہی دلچسپ بھی ہے اور نہایت ہی عبرت خیز و نصیحت آموز بھی۔

لطیفہ

ایک منکر حدیث خواہ مخواہ کسی حنفی عالم سے الجھ گیا اور کہنے لگا کہ قرآن میں اقیمو الصلواۃ کے معنی مولویوں نے جو "نماز پڑھنا" بتایا ہے، وہ غلط ہے کیونکہ لغت میں "صلواۃ" کے معنی تو دعا مانگنے کے ہیں۔ لہذا اقیمو الصلواۃ کا یہ مطلب ہوا کہ پابندی کے ساتھ دعا مانگتے رہو"

میں نے اس سے کہا کہ الفاظ قرآن کے معانی لغت سے بیان کئے

Marfat.com

جائیں گے؟ ورنہ رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تشریحات کے مطابق قرآن مجید کا ترجمہ کیا جائے گا؟ تو اس نے نہایت بے باکی کے ساتھ برجستہ کہا کہ جناب! قرآن عربی زبان میں نازل ہوا ہے۔ لہٰذا عربی کی لغات ہی سے قرآن کا ترجمہ کیا جائے گا۔ رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تشریحات کا پابند ہونا ہمارے لئے کوئی ضروری نہیں ہے۔

یہ سن کر حنفی عالم کا خون کھول گیا۔ مگر انہوں نے ضبط کیا، لیکن جل بھن کر انہوں نے اس سے کہا کہ جناب! اگر لغت ہی سے قرآن کا ترجمہ کرنا ہے تو لغت میں ''صلوٰۃ'' کے بہت معنی لکھے ہوئے ہیں اور ایک بہت ہی دلچسپ مگر پھوہڑ معنی ''تحریک الصلوٰین'' (سرین ہلانا) بھی ہے (تفسیر بیضاوی) تو پھر ''اقیموا الصلوٰۃ'' کا یہ ترجمہ کیوں نہ کیجئے؟ کہ ''پابندی سے سرین ہلاتے رہو'' چلو چھٹی ہوئی نہ نماز پڑھنے کی ضرورت نہ دعا مانگنے کی حاجت۔ بس ہر دم سرین ہلاتے رہو اور قرآن پر عمل کرتے رہو۔

حنفی عالم کی یہ غضبناک مگر حقیقت افروز تقریر سن کر وہ اس قدر مرعوب ہوا اور جھینپ گیا کہ پھر نہ وہ کبھی حنفی عالم سے آنکھ ملا سکا۔ نہ کچھ بول سکا بلکہ دم دبا کر چپکے سے بھاگ نکلا۔

بہرحال حقیقت تو یہ ہے کہ دین میں احادیث رسول کی اہمیت کا یہ عالم ہے کہ بغیر احادیث کے تو قرآن مجید کا کلام الٰہی ہونا بھی نہیں معلوم ہو سکتا۔ اگر

Marfat.com

رسول اکرم ﷺ یہ فرمادیتے کہ "الحمد" سے "والناس" تک کا پورا کلام "قرآن مجید" اور کلام الٰہی ہے تو قیامت تک کوئی جان نہیں سکتا تھا کہ کون "کلام اللہ" اور کون "کلام رسول" ہے۔

لہٰذا ہر مسلمان کو اس حقیقت پر پورا پورا ایمان رکھنا چاہئے کہ مسائل شریعت کی دلیلوں میں قرآن شریف کے بعد "حدیث شریف" ہی کا درجہ ہے اور بغیر احادیث رسول پر ایمان لائے ہوئے نہ کوئی قرآن کے معانی ومطالب کو کما حقہ سمجھ سکتا ہے نہ دین اسلام پر عمل کرسکتا ہے۔

اس لئے اس زمانے میں جو لوگ حدیثوں کے خلاف علم بغاوت بلند کئے ہوئے ہیں۔ مسلمانوں کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہئے کہ یہ لوگ گمراہ، بدمذہب بلکہ بعض تو ملحد اور مرتد ہو چکے ہیں۔ لہٰذا ان لوگوں کی کوئی تحریر پڑھنی اور ان لوگوں کے وعظوں میں شرکت حرام وناجائز ہے۔ مسلمانوں پر لازم ہے کہ ان کی صحبت سے اجتناب وپرہیز کو لازم پکڑیں۔ یہی حکم تمام گستاخ رسول فرقوں اور ان کی کتب کے متعلق ہے۔ خواہ یہ حضرات کتنی ہی مکاری سے اپنے اوپر حنفی، شافعی کا لیبل چسپاں کریں۔

85013

Marfat.com

مختصر تذکرہ محدثین

صحاح ستہ کے مصنفین کا تعارف

حضرت امام بخاری علیہ الرحمہ

آپ کی کنیت ابوعبداللہ اور نام ونسب محمد بن اسماعیل بن ابراہیم بن مغیرہ بن بردزبہ بخاری جعفی ہے۔ آپ کے پر دادا ''مغیرہ' حاکم بخارا' یمان جعفی'' کے ہاتھ پر مشرف بہ اسلام ہوئے اور چونکہ اس زمانے کا دستور تھا کہ جو شخص کسی کے ہاتھ پر مسلمان ہوتا تھا اس کی اسی قبیلہ کی طرف نسبت کیا کرتے تھے۔ اس لئے امام بخاری کو بھی لوگ ''جعفی'' کہنے لگے۔

آپ ۱۳ شوال ۱۹۴ھ کو جمعہ کے دن بعد نماز جمعہ پیدا ہوئے اور ۶۲ باسٹھ برس کی عمر میں شب شنبہ عیدالفطر کی رات میں عشاء کی نماز کے وقت ۲۵۶ھ میں وفات پائی۔ اور ''خرتنگ'' نامی گاؤں میں جو سمرقند سے دس میل کے فاصلہ پر ہے' مدفون ہوئے۔

آپ بچپن ہی میں نابینا ہوگئے تھے۔ مگر آپ کی والدہ کی دعاؤں سے خداوند تعالیٰ نے پھر آپ کو بصارت عطا فرمادی۔ بچپن ہی سے حدیثوں کو یاد کرنے کا شوق تھا اور حافظہ بے حد قوی تھا۔ دس برس کی عمر سے حدیثیں یاد کرنے لگے۔

Marfat.com

یہاں تک کہ سولہ برس کی عمر میں حضرت عبداللہ بن مبارک (شاگرد ابوحنیفہ) کی تمام کتابوں کو یاد کر ڈالا۔ پھر اپنی والدہ اور اپنے بھائی احمد بن اسماعیل کے ہمراہ حج کے لئے گئے۔ حج کے بعد والدہ اور بھائی تو وطن واپس چلے آئے مگر آپ حجاز میں حدیث پڑھنے کے لئے ٹھہر گئے۔ پھر تمام علمی درس گاہوں کا سفر کر کے (۱۰۸۰) شیوخ کی خدمتوں میں حاضری دے کر چھ لاکھ حدیثوں کو زبانی یاد کر لیا۔ آپ نے علم حدیث کی طلب میں مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ، کوفہ، بصرہ، بغداد، مصر، واسط، الجزائر، شام، بلخ، بخارا، مرو، ہرات، نیشاپور وغیرہ علمی مرکزوں کا بار بار سفر فرمایا۔

آپ نے بہت سی کتابیں تصنیف فرمائی ہیں۔ مگر آپ کی "صحیح بخاری شریف" بہت شاندار اور بلند پایہ حدیث کی کتاب ہے جو صحاح ستہ میں سب سے بڑی اور عظیم الشان کتاب ہے۔ جس کو چھ لاکھ حدیثوں میں سے انتخاب کر کے ۱۶ برس کی محنت شاقہ اٹھا کر آپ نے تصنیف فرمایا۔ اس کتاب میں کل حدیثیں اگر مکررات و معلقات و متابعات کو شامل کر کے شمار کی جائیں تو نو ہزار بیاسی حدیثیں ہیں اور اگر مکررات کو حذف کر کے گنتی کی جائے تو صحیح بخاری شریف کی کل حدیثوں کی تعداد صرف دو ہزار سات سو اکسٹھ رہ جاتی ہے۔ آپ کے شاگردوں کی تعداد نوے ہزار ہے جنہوں نے صحیح بخاری شریف کو بلاواسطہ خود امام بخاری سے پڑھا اور آپ کے سب سے آخری شاگرد محمد بن یوسف فربری ہیں، جنہوں نے ۳۲۰ھ میں وفات پائی۔

Marfat.com

امیر بخارا خالد بن احمد ذہلی نے اس بناء پر کہ آپ اس کے لڑکوں کو اس کے دربار میں حدیث پڑھانے کے لئے تشریف نہیں لے گئے' آپ کو بخارا سے شہر بدر کر دیا۔ آپ بخارا سے نیشاپور چلے گئے۔۔ وہاں کے متکبر حاکم سے بھی آپ کی نہیں بنی تو مجبوراً آپ ایک چھوٹے سے گاؤں خرتنگ میں بیٹھ کر حدیثوں کا درس دینے لگے۔ یہاں تک کہ اسی گاؤں میں آپ کی وفات ہوگئی۔ دفن کے بعد آپ کی قبر کی مٹی سے مشک کی خوشبو آنے لگی۔ چنانچہ مدتوں تک یہ سلسلہ جاری رہا کہ لوگ دور دراز سے آ کر آپ کی قبر کی مٹی کو خوشبو کی وجہ سے اٹھا لے جاتے تھے۔

امام بخاری نہایت زاہد و پرہیز گار اور صاحب تقویٰ و عبادت گزار تھے۔ عمر بھر کسی کی غیبت نہیں کی۔ امراء و سلاطین کے درباروں میں کبھی نہیں گئے۔ درس حدیث کے بعد فاضل اوقات میں کثرت نوافل اور تلاوت قرآن مجید کا شغل رکھتے تھے۔ رحمہ اللہ تعالیٰ (بستان المحدثین مقدمہ بخاری وغیرہ)

امام مسلم علیہ الرحمہ

آپ کی کنیت ابوالحسنین اور نام و نسب مسلم بن حجاج بن مسلم ہے۔ اور لقب عساکر الدین ہے۔ بنی قشیر قبیلہ کی طرف نسبت ہونے کی وجہ سے ''قشیری'' کہلاتے ہیں۔ نیشاپور کے رہنے والے ہیں' جو خراسان کا بہت ہی خوبصورت اور مردم خیز شہر ہے۔ ۲۰۲ھ میں پیدا ہوئے اور بعضوں نے آپ کا سنِ ولادت ۲۰۴ھ اور بعض نے ۲۰۶ھ تحریر کیا ہے۔ مگر ان کی وفات پر تمام مورخین کا اتفاق ہے کہ ۲۴

Marfat.com

رجب ۲۶۱ھ میں آپ کا وصال ہوا۔

آپ کا شمار حدیث کے جلیل القدر اماموں میں ہے۔ آپ نے حدیث کی طلب میں عراق، حجاز، شام، مصر وغیرہ کے بہت سے علمی مراکز کا سفر کیا۔

آپ کے استادوں میں امام احمد بن حنبل، یحییٰ بن یحییٰ نیشاپوری، قتیبہ بن سعید، اسحٰق بن راہویہ، عبداللہ بن مسلمہ قعنبی وغیرہ سینکڑوں ائمہ حدیث ہیں اور امام ترمذی و ابوبکر بن خزیمہ جیسے حدیث کے پہاڑوں نے آپ کی شاگردی اختیار کی۔ تین لاکھ حدیثیں آپ کو زبانی یاد تھیں۔

آپ کی بہت سی تصانیف میں سے آپ کی کتاب "صحیح مسلم شریف" جو صحاح ستہ میں داخل ہے۔ اس میں فن حدیث کے عجائبات اور خاص کر لطائف اسناد اور متون حدیث کے حسن سیاق کی ایسی بے مثال، مثالیں ہیں جو بلاشبہ نوادرات کا درجہ رکھتی ہیں۔

آپ کی وفات کا سبب بڑا ہی عجیب و غریب ہے۔ آپ ایک حدیث کی تلاش میں کتابوں کی ورق گردانی کرتے رہے۔ کھجوروں، کا ایک ٹوکرا آپ کے قریب رکھا ہوا تھا۔ مطالعہ کی حالت میں ایک ایک کھجور اس میں سے کھاتے رہے اور مطالعہ میں اس قدر منہمک ہو گئے کہ حدیث ملنے تک تمام کھجوریں تناول فرما گئے اور آپ کو خبر نہیں ہوئی۔ اس کے بعد آپ کو درد شکم ہوا اور یہی آپ کی وفات کا سبب بنا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ (بستان المحدثین، اکمال وغیرہ)

Marfat.com

امام ترمذی علیہ الرحمہ

آپ کی کنیت ابوعیسٰی اور نام ونسبت محمد بن عیسٰی بن سورہ بن موسیٰ بن ضحاک سلمی بوغی ہے ''بوغ'' ایک گاؤں کا نام ہے جو شہر ''ترمذ'' سے چھ کوس کے فاصلہ پر ہے۔ اس گاؤں کی طرف نسبت ہونے سے آپ ''بوغی'' بھی کہلاتے ہیں۔ آپ اسی گاؤں میں ۲۰۹ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۷ رجب شب دوشنبہ ۲۷۹ھ میں وفات پائی اور خاص ''ترمذ'' شہر میں مدفون ہوئے۔

آپ امام بخاری کے سب سے مشہور شاگرد و جانشین شمار کئے جاتے ہیں اور آپ کو یہ شرف بھی حاصل ہے کہ خود امام بخاری نے بعض حدیثوں میں ان کی شاگردی اختیار فرمائی ہے۔ علم حدیث کے لئے ہزاروں میل کا سفر کیا۔ آپ کی تصنیفات میں سے ''جامع ترمذی شریف'' بے حد مشہور و مقبول کتاب ہے جو صحاح ستہ میں داخل ہے اور اس قدر مفید کتاب ہے کہ مجموعی حیثیت سے اس کو صحاح ستہ کی تمام کتابوں پر فوقیت حاصل ہے۔ آپ اپنے دور کے بے مثال عابد و زاہد تھے۔ شب بیداری اور خوف الٰہی سے گریہ وزاری کے سبب سے پہلے آنکھوں میں آشوب چشم ہوا' پھر بینائی جاتی رہی۔ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ (بستان المحدثین واکمال وغیرہ)

Marfat.com

امام ابو داؤد علیہ الرحمہ

آپ کا نام ونسب سلیمان ابن اشعث بن شداد بن عمرو ہے۔ ۲۰۲ھ میں بمقام بصرہ آپ کی ولادت ہوئی اور ۱۴ شوال ۲۷۵ھ کو بصرہ ہی میں آپ کی وفات ہوئی۔ آپ کا وطن بصرہ تھا مگر بارہا آپ نے بغداد میں اقامت فرمائی اور مدتوں بغداد میں رہے۔ آپ نے علم حدیث کی طلب میں حجاز، عراق، خراسان، جزیرہ وغیرہ کا سفر فرمایا اور ہزاروں محدثین سے حدیث کی سماعت و روایت فرمائی۔ عمر بھر حدیث کا درس دیتے رہے۔ اسی لئے آپ کے شاگردوں کی تعداد اس قدر زیادہ ہے کہ ان کا شمار انتہائی دشوار ہے۔

''کتاب سنن ابوداؤد'' آپ کی مشہور تصنیف ہے۔ پانچ لاکھ حدیثوں میں سے چن کر چار ہزار آٹھ سو احادیث آپ نے اپنی اس کتاب میں جمع فرمائی ہیں۔ کتاب سنن ابوداؤد صحاح ستہ میں داخل ہے۔ بغداد کے اولیاء کرام آپ کا بے حد احترام کرتے تھے۔ بغداد کے ایک صاحب کرامت مشہور ولی حضرت سہل بن عبداللہ تستری علیہ الرحمہ ایک دن امام ابوداؤد علیہ الرحمہ کی ملاقات کے لئے آئے اور فرمایا کہ اے ابوداؤد! آپ اپنی زبان باہر نکالیئے۔ میں آپ کی زبان کا بوسہ لوں گا۔ کیونکہ آپ اس زبان سے حضور اکرم ﷺ کی حدیثیں بیان فرماتے ہیں۔ چنانچہ ان کے اصرار سے مجبور ہو کر امام داؤد علیہ الرحمہ نے اپنی زبان منہ سے باہر نکالی اور سہل عبداللہ تستری علیہ الرحمہ نے نہایت گرمجوشی اور پیار کے ساتھ امام ابو

Marfat.com

داؤد کی زبان چوم لی۔ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ (بستان المحدثین و تاریخ ابن ماجہ وغیرہ)

امام نسائی علیہ الرحمہ

امام قاضی ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب بن علی نسائی بہت ہی جلیل القدر اور بلند پایہ محدث ہیں۔ آپ کی کتاب ''سنن نسائی'' صحاح ستہ میں شامل ہے۔ علامہ ابن حجر عسقلانی علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ آپ کے اساتذہ و تلامذہ اس قدر زیادہ ہیں کہ ان کا شمار نہیں کیا جا سکتا۔ درس حدیث و فتاویٰ و تصنیف کے ساتھ ساتھ اعلیٰ درجے کے عبادت گزار تھے۔ تمام عمر صوم داؤدی کے پابند رہے۔ یعنی ایک دن کا ناغہ دے کر ہمیشہ روزہ رکھتے رہے۔ امراء و سلاطین کے درباروں سے سخت متنفر اور ان لوگوں کی ملاقاتوں سے ہمیشہ پرہیز کرتے رہے۔ ۲۱۴ھ میں آپ خراسان کے شہر ''نساء'' میں پیدا ہوئے اور مصر کے حاسد علماء کے ہاتھوں سے بلاقصور مار کھا کر اور زخمی ہو کر آپ مکہ مکرمہ چلے آئے۔ اور ۱۳ صفر ۳۱۳ھ میں آپ کو شہادت نصیب ہوئی اور صفا و مروہ کے درمیان مدفون ہوئے۔ مگر یونس کا قول ہے کہ آپ کی وفات ۱۳ صفر ۳۱۳ھ کو فلسطین میں ہوئی۔ پھر وہاں سے آپ کی لاش مبارک مکہ مکرمہ پہنچائی گئی (واللہ تعالیٰ اعلم) رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ (بستان المحدثین اکمال' تہذیب التہذیب)

Marfat.com

امام ابن ماجه علیه الرحمه

ابوعبداللہ کنیت' محمد بن یزید نام' اور ربعی قزوینی نسبت ہے۔ مگر عام طور پر ''ابن ماجہ'' کے عرف کے ساتھ مشہور ہیں اور صحیح قول یہی ہے کہ ''ماجہ'' آپ کی والدہ کا نام ہے۔ صحاح ستہ میں ''سنن ابن ماجہ'' آپ ہی کی تصنیف ہے۔ آپ ''قزوین'' کے رہنے والے ہیں۔ جو ایران کے صوبہ آزربائیجان کا ایک مشہور شہر ہے آپ نے، حدیث کی طلب میں حجاز' عراق' شام' خراسان کا علمی سفر فرمایا اور خاص کر بصرہ' کوفہ اور بغداد و حرمین شریفین و دمشق کے شہروں میں مقیم رہ کر تقریبا تین سو دس ۳۱۰ سے احادیث کی روایات کی روایت فرمائی۔ اور لاکھوں حدیثوں کے ذخیرہ میں سے انتخاب کر کے چار ہزار روایات کو مختلف ابواب کے تحت پوری درس و تدریس کا مشغلہ رہا۔ بلند پایہ محدثین میں آپ کا شمار ہے۔

۲۰۹ھ میں آپ کی ولادت ہوئی اور ۲۱ رمضان ۲۷۳ھ میں آپ کی وفات ہوئی۔ محمد بن علی قہرمان اور ابراہیم بن دینار وراق دو بزرگوں نے آپ کو غسل دیا اور آپ کے بھائی ابوبکر نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی اور آپ کے دونوں برادران ابوبکر و عبداللہ اور آپ کے فرزند عبیداللہ نے آپ کو قبر میں اتارا۔

Marfat.com

علم غیب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا بیان

حدیث شریف: 1

وَحَدَّثَنِیْ حَرْمَلَةُ بْنُ یَحْیَی بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ حَرْمَلَةَ بْنِ عِمْرَانَ التُّجِیبِیُّ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَنِی اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ حِیْنَ زَاغَتِ الشَّمْسُ فَصَلّٰی لَهُمْ صَلَاةَ الظُّهْرِ فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ عَلَی الْمِنْبَرِ فَذَكَرَ السَّاعَةَ وَذَكَرَ اَنَّ قَبْلَهَا اُمُوْرًا عِظَامًا ثُمَّ قَالَ مَنْ اَحَبَّ اَنْ یَسْاَلَنِیْ عَنْ شَیْءٍ فَلْیَسْاَلْنِیْ عَنْهُ فَوَاللّٰهِ لَاتَسْاَلُوْنِیْ عَنْ شَیْءٍ اِلَّا اَخْبَرْتُكُمْ بِهٖ مَادُمْتُ فِیْ مَقَامِیْ هٰذَا قَالَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ فَاَكْثَرَ النَّاسُ الْبُكَاءَ حِیْنَ سَمِعُوْا ذٰلِكَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَكْثَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یَقُوْلَ سَلُوْنِیْ فَقَامَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ حُذَافَةَ فَقَالَ مَنْ اَبِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَبُوْكَ حُذَافَةُ فَلَمَّا اَكْثَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَنْ یَقُوْلَ سَلُوْنِیْ بَرَكَ عُمَرُ فَقَالَ رَضِیْنَا

Marfat.com

بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَبِمُحَمَّدٍرَسُوْلًا قَالَ فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ قَالَ عُمَرُ ذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْلَى وَالَّذِىْ نَفْسُ مَحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَقَدْ عُرِضَتْ عَلَىَّ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ اٰنِفًا فِىْ عُرْضِ هٰذَا الْحَائِطِ فَلَمْ اَرَ كَالْيَوْمِ فِى الْخَيْرِ وَالشَّرِّ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ اَخْبَرَنِىْ عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ قَالَتْ اُمُّ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ حُذَافَةَ لِعَبْدِاللّٰهِ بْنِ حُذَافَةَ مَاسَمِعْتُ بِابْنٍ قَطُّ اَعَقَّ مِنْكَ اَاَمِنْتَ اَنْ تَكُوْنَ اُمُّكَ قَدْ قَارَفَتْ بَعْضَ مَاتُقَارِفُ نِسَآءُ اَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ فَتَفْضَحَهَا عَلٰى اَعْيُنِ النَّاسِ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ حُذَافَةَ وَاللّٰهِ لَوْ اَلْحَقَنِىْ بِعَبْدٍ اَسْوَدَ لَلَحِقْتُهٗ

(مسلم شریف، عربی، کتاب الفضائل، حدیث نمبر 6121، ص 1038، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دن جب زوال کا وقت ہوگیا تو نبی اکرم ﷺ تشریف لائے۔ آپ ﷺ نے لوگوں کو ظہر کی نماز پڑھائی نماز سے فارغ ہونے کے بعد آپ ﷺ منبر پر کھڑے ہوئے اور قیامت کا ذکر کیا۔ آپ ﷺ نے یہ بات بیان کی کہ قیامت سے پہلے چند عظیم امور (علامات) ظاہر ہوں گے۔ جو شخص مجھ سے کسی چیز کے بارے میں سوال کرنا

Marfat.com

چاہتا ہو وہ اس کے بارے میں سوال کر سکتا ہے کیونکہ جب تک میں یہاں کھڑا ہوں' اللہ تعالیٰ کی قسم! تم مجھ سے جس چیز کے بارے میں سوال کرو گے میں تمہیں بتا دوں گا۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ کی زبانی یہ بات سن کر زار و قطار رونے لگے اور نبی اکرم ﷺ بار بار یہی فرماتے رہے۔ مجھ سے کچھ پوچھ لو! حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور دریافت کیا! یارسول اللہ ﷺ میرا باپ کون ہے؟

آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارا باپ حذافہ ہی ہے۔ جب نبی اکرم ﷺ نے کئی مرتبہ یہ فرمایا۔ تم مجھ سے کوئی سوال کرو تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ گھٹنوں کے بل جھکے اور عرض کی' ہم اللہ تعالیٰ کے پروردگار ہونے' اسلام کے دین اور حضرت محمد ﷺ کے رسول ہونے پر راضی ہیں۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ عرض کی تو نبی اکرم ﷺ خاموش ہو گئے۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ٹھیک ہے۔ اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں محمد ﷺ کی جان ہے۔ ابھی میرے سامنے جنت اور جہنم پیش کی گئی اور اس دیوار میں پیش کی گئی جو بھلائی (جنت) اور برائی (جہنم) میں نے آج دیکھی ہے' پہلے کبھی نہیں دیکھی۔

(بعد میں) عبداللہ بن حذافہ کی والدہ نے ان سے کہا' تمہارے جیسے نالائق بیٹے کے بارے میں' میں نے کبھی نہیں سنا۔ کیا تم یہ سمجھے تھے؟ کہ تمہاری ماں نے بھی زمانہ جاہلیت کی عورتوں کی طرح (دوسروں کے ساتھ ناجائز تعلقات)

Marfat.com

رکھے ہوں گے؟ تم نے خواہ مخواہ اپنی ماں کو لوگوں کے سامنے رسوا کیا تو عبداللہ بن حذافہ نے کہا' اللہ تعالیٰ کی قسم! اگر نبی اکرم ﷺ مجھے کسی سیاہ فام غلام کا بیٹا قرار دیتے تو میں اپنا نسب اسی کی طرف منسوب کرتا۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد سوم' کتاب الفضائل حدیث نمبر 5998' ص 274 مطبوعہ شبیر برادرز لاہور' پاکستان)

حدیث شریف: 2

وَحَدَّثَنَا اَبُوسَعِيْدِ الْاَشَجُّ نَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ الزُّبَيْرِ قَالَ كَانَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ دَرْعَانِ فَنَهَضَ اِلَى الصَّخْرَةِ فَلَمْ يَسْتَطِعْ فَاَقْعَدَ تَحْتَهٗ طَلْحَةَ فَصَعِدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اسْتَوٰى عَلَى الصَّخْرَةِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَوْجَبَ طَلْحَةُ

(ترمذی شریف' عربی' ابواب المناقب' حدیث نمبر 3738' ص 850 مطبوعہ دارالسلام ریاض' سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جنگ احد کے دن نبی

Marfat.com

اکرم ﷺ پر دوزر ہیں تھیں آپ ﷺ نے چٹان پر چڑھنا چاہا تو نہ چڑھ سکے چنانچہ آپ ﷺ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو نیچے بٹھا کر اوپر چڑھے یہاں تک کہ چٹان پر تشریف فرما ہوئے۔

راوی فرماتے ہیں' میں نے نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا طلحہ نے (اپنے لئے جنت) واجب کر لی۔

(ترمذی شریف' عربی اردو' جلد دوم' ابواب المناقب' حدیث نمبر 1671' ص 719 مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور' پاکستان)

حدیث شریف: 3

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَاصَالِحُ بْنُ مُوْسٰى عَنِ الصَّلْتِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ قَالَ جَابِرُ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ سَرَّه' اَنْ يَنْظُرَ اِلٰى شَهِيْدٍ يَمْشِىْ عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ

(ترمذی شریف' عربی' ابواب المناقب' حدیث نمبر 3739' ص 850 مطبوعہ دارالسلام ریاض' سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو شخص زمین پر چلتا پھرتا شہید دیکھ کر خوش ہونا چاہے وہ حضرت طلحہ رضی

Marfat.com

اللہ عنہ کو دیکھے۔

(ترمذی شریف' عربی اردو' جلد دوم' ابواب المناقب' حدیث نمبر 1672' ص 719 مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور' پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی زندگی میں ہی ان کو شہادت کی خبر دی تھی کیونکہ آقا و مولیٰ ﷺ جانتے تھے کہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ ایک دن شہید ہوں گے۔ لہذا معلوم ہوا کہ آنے والے دنوں کی خبر وہی دے سکتا ہے جو علم غیب پر آگاہ ہو۔

حدیث شریف: 4

حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ ثَنَا عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ حَسَنِ بْنُ فُرَاتٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ بَنِیْ اِسْرَآئِيْلَ كَانَتْ تَسُوْسُهُمُ الْاَنْبِيَآء كُلَّمَا ذَهَبَ نَبِیٌّ خَلَفَهٗ نَبِیٌّ وَاَنَّهٗ لَيْسَ كَآئِنٌ بَعْدِیَ نَبِیٌّ فَيَكُمْ قَالُوْا فَمَا يَكُوْنُ يَارَسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ تَكُوْنُ خُلَفَآءُ فَيَكْثُرُوْا قَالُوْا فَكَيْفَ نَصْنَعُ قَالَ اَوْفُوْا بِبَيْعَةِ الْاَوَّلَ فَالْاَوَّلِ اَدُّوْاالَّذِیْ عَلَيْكُمْ فَسَيَسْئَلُهُمُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ عَنِ الَّذِیْ عَلَيْهِمْ

Marfat.com

(ابن ماجہ عربی ابواب الجہاد حدیث نمبر 2871 ص 415 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابن ابی شیبہ عبداللہ بن ادریس حسن بن فرات فرات ابوحازم ابوہریرہ رضی اللہ عنہم کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ بنواسرائیل میں حکومت پیغمبر کیا کرتے تھے۔ جب ایک نبی وفات پاجاتا تو دوسرا اس کا قائم مقام بن جاتا۔ لیکن میرے بعد تم میں سے کوئی نبی نہ ہوگا۔ صحابہ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! تو پھر کیا ہوگا۔ آپ ﷺ نے فرمایا خلفاء ہوں گے اور بے انتہا ہوں گے۔ صحابہ نے عرض کیا ہم کیا کریں۔ آپ ﷺ نے فرمایا جو اول خلیفہ ہو اس کی بیعت کرو اس کے بعد دوسرے کی اور جو حقوق تم پر ہیں انہیں پورا کرو۔ ان پر جو حقوق ہیں ان کا حساب ان سے اللہ تعالیٰ لے گا۔

(سنن ابن ماجہ عربی اردو جلد دوم باب الوفاء بالبیعۃ حدیث نمبر 649 ص 193 مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے اپنے وصال کے بعد ہونے والے خلفاء کی بشارت دیتے ہوئے فرمایا کہ میرے بعد کوئی نبی نہ ہوگا بلکہ خلفاء ہوں گے اور کثرت سے ہوں گے۔

معلوم ہوا کہ حضور ﷺ پر نبوت ختم ہوگئی اب اگر کوئی نبوت کا دعویٰ کرے تو وہ کذاب ہے۔

Marfat.com

حدیث شریف:5

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ثَنَا عَوْفٌ عَنِ الْحَسَنِ ثَنَا اُسَيْدُ بْنُ الْمُتَشَمِّسِ ثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ لَهَرْجًا قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْهَرْجُ قَالَ الْقَتْلَ فَقَالَ بَعْضُ الْمُسْلِمِيْنَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا لَنَقْتُلُ الْاٰنَ فِى الْعَامِ الْوَاحِدِ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ كَذٰا وَكَذٰا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ بِقَتْلِ الْمُشْرِكِيْنَ وَلٰكِنْ يَقْتُلُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا حَتّٰى يَقْتُلَ الرَّجُلُ جَارَهٗ وَابْنَ عَمِّهٖ وَذَا قَرَابَتِهٖ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَعَنَا عُقُوْلُنَا ذٰلِكَ الْيَوْمِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاتُنْزَعُ عُقُوْلُ اَكْثَرَ ذٰلِكَ الزَّمَانِ وَيَخْلِفُ لَهٗ هَبَآءٌ مِنَ النَّاسِ لَاعُقُوْلَ لَهُمْ ثُمَّ قَالَ الَا شَعَرِىٌّ وَاَيْمُ اللّٰهِ اِنِّىْ لَاَظُنُّهَا مُدْرَكَتِىْ وَاِيَّاكُمْ وَاَيْمُ اللّٰهِ مَالِىْ وَلَكُمْ مِنْهَا مَخْرَجٌ اَنْ اَدْرَكَتْنَا فِيْمَا عَهِدَ اِلَيْنَا نَبِيُّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا اَنْ نَخْرُجَ مِنْهَا كَمَا دَخَلْنَا فِيْهَا ۔

(ابن ماجہ عربی' کتاب الفتن' حدیث نمبر 3959' ص 569' مطبوعہ دارالسلام ریاض' سعودی عرب)

ترجمہ: محمد بن بشار' محمد بن جعفر' عوف' حسن' سید بن المتشمس ابوموسیٰ رضی

Marfat.com

اللہ عنہم کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ قیامت سے پہلے ہرج ہوگا۔ میں نے کہا یا نبی اللہ ﷺ ہرج کیا ہے' فرمایا خون ریزی' صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ خونریزی تو اب بھی ہوتی ہے۔ ہم مشرکین کو کثرت سے قتل کرتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا مشرکین کا قتل مراد نہیں۔ بلکہ تم آپس میں ایک دوسرے کا قتل کروگے۔ حتی کہ آدمی اپنے پڑوسی' اپنے چچازاد بھائی اور قربت داروں کو بھی قتل کرے گا۔ بعض صحابہ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ کیا اس وقت بھی ہم لوگوں میں شعور نہ ہوگا۔ آپ ﷺ نے فرمایا ان میں سے اکثر لوگوں کا شعور سلب ہوجائے گا اور آفتاب کی شعاعوں میں اڑنے والے ذروں کی طرح ذلیل لوگ باقی رہ جائیں گے جو بے خوف ہوں گے۔ اس کے بعد ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا خدا کی قسم! اگر ایسا زمانہ مجھ پر اور تم پر آ گیا تو اس سے نکلنا مشکل ہوگا جیسا کہ حضور ﷺ نے فرمایا تھا جو اس فتنہ میں جائے گا اس سے نکلنا مشکل ہوگا۔

(سنن ابن ماجہ عربی اردو' جلد دوم باب التبکی الفتنۃ' حدیث نمبر 1757 ص 477 مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور' پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے اپنے صحابہ کرام علیہم الرضوان کو آنے والے فتنہ سے آگاہ کرتے ہوئے فرمایا کہ عنقریب تم آپس میں ایک دوسرے کا قتل کروگے اور اس وقت اکثر لوگوں کا شعور سلب ہوجائے گا۔ لہذا آنے والے وقت کی خبر دینا علم غیب کے ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

Marfat.com

حدیث شریف:6

حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ الدِّمَشْقِيُّ ثَنَا عَبْدُالسَّلَامُ بْنُ عَبْدِالْقُدُّوْسِ ثَنَا ثَوْرُبْنُ يَزِيْدَ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاتَذْهَبُ اللَّيَالِی وَالْاَيَّامُ حَتّٰی تَشْرَبَ طَائِفَةٌ مِنْ اُمَّتِی الْخَمْرَ يُسَمُّوْنَهَا بِغَيْرِ اِسْمِهَا۔

(ابن ماجہ عربی کتاب الاشربہ حدیث نمبر 3384 ص 489 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: عباس بن الولید عبدالسلام بن حرب ثور بن یزید خالد بن معدان ابوامامۃ الباہلی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ زمانہ ایسے ہی گزرتا رہے گا۔ حتی کہ میری اُمت میں سے ایک جماعت شراب پیا کرے گی اور اس کے نام تبدیل کر دے گی۔

(سنن ابن ماجہ عربی اردو جلد دوم کتاب الاشربہ باب بالخمر یسمونہا بغیر اسم حدیث نمبر 1173 ص 329 مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

حدیث شریف:7

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ السِّرِّیُّ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ ثَنَا سَعْدُ بْنُ اَوْسِ الْعَبْسِیُّ عَنْ بِلَالِ بْنِ يَحْيَى الْعَبْسِیِّ عَنْ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ حَفْصِ عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيْزٍ عَنْ ثَابِتِ بْنِ السِّمْطِ

Marfat.com

عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْرَبُ نَاسٌ مِنْ اُمَّتِي الْخَمْرَ بِاِسْمٍ يُسَمُّوْنَهَا اِيَّاهُ۔

(ابن ماجہ' عربی' کتاب الاشربہ' حدیث نمبر 3385' ص 489' مطبوعہ دارالسلام ریاض' سعودی عرب)

ترجمہ: حسین بن ابی السری' عبداللہ' سعد بن اوس العبسی' بلال بن یحییٰ العبسی' ابوبکر بن حفص' ابن محیریز' ثابت بن السمط عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہم کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ میری اُمّت سے کچھ لوگ شراب پئیں گے اور اس کا نام تبدیل کر دیں گے۔

(سنن ابن ماجہ' عربی اردو' جلد دوم' کتاب الاشربہ' باب بالخمر یسمونہا بغیر اسمہ' حدیث نمبر 1174 ص 329 مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور' پاکستان)

ف: آج لوگوں نے شراب کے نام بدل کر وسکی اور بیئر رکھ دیا ہے اور کھلے عام پیتے ہیں۔ رسول اکرم نور مجسم ﷺ چودہ سو سال قبل ایسے لوگوں کو اپنے نور نبوت سے دیکھ رہے تھے۔

حدیث شریف: 8

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى بْنَ فَارِسٍ نَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ شَيْبَانِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَيْلٌ

Marfat.com

لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ اَفْلَحَ مَنْ كَفَّ يَدَهٗ قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ حُدِّثْتُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ نَاجَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْشِكُ الْمُسْلِمُوْنَ اَنْ يُحَاصَرُوْا اِلَى الْمَدِيْنَةَ حَتّٰى يَكُوْنَ اَبْعَدَ مَسَالِحِهِمْ سَلَاحٌ۔

(سنن ابوداؤد' عربی' کتاب الفتن' حدیث نمبر 4249-4250' ص 596' مطبوعہ دارالسلام' ریاض' سعودی عرب)

ترجمہ: ابوصالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ عرب کی خرابی ہے اس فتنے سے جو نزدیک آ گیا ہے جس نے اپنے ہاتھ کو روک لیا وہ نجات پا گیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ مجھ سے حدیث بیان کی گئی بواسطہ ابن وہب' جریر عن حازم' عبیداللہ بن عمر' نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ قریب ہے کہ مسلمانوں کو مدینہ منورہ میں محصور کر لیا جائے گا اور سلاح سے آگے ان کی حکومت نہیں رہے گی۔

(ابوداؤد' جلد سوم' عربی اردو' کتاب الفتن' حدیث نمبر 847 ص 287 مطبوعہ فرید بک لاہور' پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے فتنوں کو نزدیک آنے اور مسلمانوں کو مدینہ منورہ میں محصور کیے جانے اور ان کی حکومت کی حدود کی خبر دی۔

Marfat.com

حدیث شریف: 9

حَدَّثَنَاسُلَيْمَانُ بْنُ دَاوٗدَ الْمَهْرِیُّ نَاابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِیْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ كَانَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ يُحَدِّثُ اَنَّ يَهُوْدِيَّةً مِنْ اَهْلِ خَيْبَرَ سَمَّتْ شَاةً مُصْلِيَّةً ثُمَّ اَهْدَتْهَا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الذِّرَاعَ فَاَكَلَ مِنْهَا وَاَكَلَ رَهْطٌ مِنْ اَصْحَابِهٖ مَعَهٗ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ارْفَعُوْا اَيْدِيَكُمْ وَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْيَهُوْدِيَّةِ فَدَعَاهَا فَقَالَ لَهَا اَسَمَمْتِ هٰذِهِ الشَّاةَ قَالَتِ الْيَهُوْدِيَّةُ مَنْ اَخْبَرَكَ قَالَ اَخْبَرَتْنِیْ هٰذِهٖ فِیْ يَدِی الذِّرَاعُ قَالَتْ نَعَمْ قَالَ فَمَا اَرَدْتِ اِلٰى ذٰلِكَ قَالَتْ قُلْتُ اِنْ كَانَ نَبِيًّا فَلَمْ يَضُرَّهٗ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ نَبِيًّا اِسْتَرَحْنَا مِنْهُ فَعَفٰى عَنْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يُعَاقِبْهَا وَتَوَفِّیْ بَعْضُ اَصْحَابِهِ الَّذِيْنَ اَكَلُوْا مِنَ الشَّاةِ وَاحْتَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى كَاهِلِهٖ مِنْ اَجْلِ الَّذِیْ اَكَلَ مِنَ الشَّاةِ

Marfat.com

حَجَمَهٗ اَبُوْ هِنْدٍ بِالْقَرْنِ وَالشَّفْرَةِ وَهُوَ مَوْلًى لِبَنِیْ بَیَاضَةَ مِنَ الْاَنْصَارِ

(سنن ابوداؤد عربی کتاب الدیات حدیث نمبر 4510 ص 637 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابن شہاب نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ خیبر والوں میں سے ایک یہودیہ نے بکری کے بھنے ہوئے گوشت میں زہر ملا دیا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے تحفے کے طور پر بھیج دیا۔ پس رسول اللہ ﷺ نے اس کی دستی لی اور اس سے کھانے لگے اور آپ کے اصحاب میں سے چند اور بھی کھانے لگے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا۔ اپنے ہاتھ روک لو اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے پاس ایک آدمی بھیجا جو اسے بلا کر لایا۔ آپ ﷺ نے اس سے فرمایا۔ کیا تم نے اس گوشت میں زہر ملایا ہے؟ یہودیہ نے کہا۔ آپ کو کس نے بتایا؟ فرمایا کہ مجھے اس دستی نے بتایا ہے جو میرے ہاتھ میں ہے۔ عورت نے کہا۔ ہاں، فرمایا کہ اس سے تمہارا کیا ارادہ تھا؟ اس نے کہا کہ اگر آپ ﷺ نبی ہیں تو آپ ﷺ کو کوئی نقصان نہیں دے گا اور اگر نبی نہیں ہیں تو ہمیں آپ ﷺ سے نجات مل جائے گی۔ رسول اللہ ﷺ نے اسے معاف فرما دیا اور اسے کوئی سزا نہیں دی اور آپ ﷺ کے وہ اصحاب جنہوں نے وہ گوشت کھایا تھا وہ فوت ہو گئے اور رسول اللہ ﷺ نے اس گوشت کے کھانے کی وجہ سے کندھوں کے درمیان پچھنے لگوائے۔ آپ ﷺ کو

Marfat.com

ابو ہند نے سینگ اور چھری کے ساتھ پچھنے لگائے جو انصار کے بنی بیاضہ کا آزاد کردہ غلام تھا۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد سوم کتاب الدیات حدیث نمبر 1095 ص 395 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بکری کے بھنے ہوئے گوشت میں زہر ملا کر بھیجنے والی عورت سے زہر ملانے کی وجہ پوچھی تو اس نے بتایا کہ زہر ملانے کی وجہ آپ ﷺ کی نبوت کا امتحان تھا کہ اگر واقعی آپ ﷺ نبی ہوئے تو زہر آپ ﷺ کو نقصان نہیں پہنچائے گا اور اگر نبی نہ ہوئے تو یقیناً زہر کا اثر ہو کر رہے گا اور ہم آپ ﷺ کی طرف سے مطمئن ہو بیٹھیں گے۔ معلوم ہوا کہ اہل کتاب خصائص نبوت کے قائل تھے اور جانتے تھے کہ نبی اگرچہ دیکھنے میں دوسرے انسانوں جیسے ہی نظر آتے رہے لیکن حقیقت میں انہیں کچھ ایسی خصوصیات بھی حاصل ہوتی ہیں جن کے باعث وہ حیرت انگیز صفات کے حامل ہوتے تھے۔ نبی کو صفات کے لحاظ سے عام انسانوں جیسا سمجھنا مقام نبوت سے بے خبر ہونے کی دلیل ہے۔ دوسری بات یہ بھی قابل غور ہے کہ جب اس یہودیہ نے نبی کریم ﷺ سے گوشت میں زہر ملانے کے متعلق پوچھا تو آپ ﷺ کو یہ بات کس نے بتائی؟ پروردگار عالم کے خلیفہ اعظم سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ مجھ پر وحی آئی ہے یا مجھے حضرت جبرائیل بتا کر گئے ہیں بلکہ فرمایا کہ ''میرے ہاتھ میں دستی کا جو گوشت ہے مجھے اسی نے بتایا ہے'' سبحان اللہ۔ اگر وہ گوشت بھی ہماری طرح

Marfat.com

گفتگو کرتا تو یقیناً صحابہ کرام بھی سنتے لیکن گوشت نے جو کچھ بتایا اسے صرف نبی کریم ﷺ نے سنا۔ اس کلام کو ملت اسلامیہ کے وہ مایہ ناز سپوت اور اس اُمّت محمدیہ کے بزرگ ترین افراد بھی نہ سن سکے۔ اس کے باوجود جو نبی کریم ﷺ کے سننے اور دیکھنے کو دوسروں انسانوں جیسا ہی سمجھے تو وہ سرے سے مقام نبوت ہی کا قائل نہیں یا اسے رسول اللہ ﷺ سے بغض وعناد ہے۔ دونوں صورتوں میں وہ اپنی کلمہ گوئی کی نفی کرتا اور اپنے ایمان کا جنازہ نکال دیتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

حدیث شریف: 10

حَدَّثَنَا عُمَرُو بْنُ عُثْمَانَ نَامَرْوَانُ ابْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ يَعْنِى ابْنَ اَبِىْ خَالِدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَايَزَالُ هٰذَا الدِّيْنُ قَآئِمًا حَتّٰى يَكُوْنَ عَلَيْكُمْ اِثْنَا عَشَرَ خَلِيْفَةً كُلُّهُمْ تَجْتَمِعُ عَلَيْهِ الْاُمَّةُ فَسَمِعْتُ كَلَامًا مِنَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ اَفْهَمْهُ فَقُلْتُ لِاَبِىْ مَايَقُوْلُ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

(سنن ابوداؤد' عربی' کتاب المہدی' حدیث نمبر 4279' ص 601' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں

Marfat.com

نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ یہ دین ہمیشہ قائم رہے گا یہاں تک کہ تم پر بارہ خلیفے ہوں گے اور ہر ایک پر اُمّت کا اتفاق ہوگا۔ میں نے نبی کریم ﷺ سے کچھ مزید سنا لیکن میں سمجھ نہ سکا۔ والد محترم سے گزارش کی کہ کیا فرمایا تھا۔ انہوں نے فرمان رسالت بتایا کہ سب قریش سے ہوں گے۔

(ابوداؤد جلد سوم' عربی اردو' کتاب المہدی' حدیث نمبر 876 ص 303 مطبوعہ فرید بک لاہور' پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے اس حدیث میں امت، کے بارہ خلفاء' ہر ایک پر امت کا اتفاق ہونے اور تمام کا تعلق قریش سے ہونے کی خبر دی۔

حدیث شریف: 11

حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْن مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ طَاؤُسٍ عَنْ زِيَادٍ سِيْمِيْنَ كُوْشٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍوَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَكُوْنُ فِتْنَةٌ نَسْتَنْظِفُ الْعَرَبَ قَتْلَاهَا فِى النَّارِ اللِّسَانُ فِيْهَا اَشَدُّ مِنْ وَقْعِ السَّيْفِ

(سنن ابن ماجہ' عربی' کتاب الفتن' حدیث نمبر 3967' ص 570' مطبوعہ دار السلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: عبداللہ بن معاویہ الجمحی' حماد بن سلمہ لیث طاؤس' زیاد سیمین کوش' عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ عرب

Marfat.com

میں ایک ایسا فتنہ ہوگا جو تمام عرب کو لپیٹ میں لے لے گا۔ اس میں جو لوگ قتل ہوں گے سب دوزخی ہوں گے۔ اس فتنہ میں زبان سے بات کہنا تلوار چلانے کے برابر ہوگا بلکہ اس سے بھی زیادہ سخت ہوگا۔

(سنن ابن ماجہ' عربی اردو' جلد دوم باب کف اللسان فی الفتنہ' حدیث نمبر 1765' ص 479 مطبوعہ فرید بک لاہور' پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے اس حدیث میں عرب سے نکلنے والے ایک فتنہ کی خبر دی اور ساتھ ساتھ اس حدیث میں قتل ہونے والوں کے جہنمی ہونے کی بھی خبر دی۔

حدیث شریف: 12

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشَّارٍ ثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ عَنْ اَبِى الْمُثَنّٰى عَنْ اَبِىْ اُبَىّ ابْنِ اِمْرَأَةَ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ يَعْنِىْ عُبَادَةَ بْنِ الصَامِتِ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَيَكُوْنُ اُمَرَآءَ تَشْغَلُهُمْ اَشْيَآءُ يُؤَخِّرُوْنَ الصَّلٰوةَ عَنْ وَقْتِهَا فَاجْعَلُوْا صَلٰوتَكُمْ مَعَهُمْ تَطَوُّعًا۔

(ابن ماجہ' عربی' کتاب الصلوٰۃ' باب ماجاء نبی اذا اخروا الصلوٰۃ عن وقتھا' حدیث نمبر 1257' ص 178' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

Marfat.com

ترجمہ: محمد بن بشار' ابواحمد' ابن عیینہ' منصور' ملال بن یساف' ابوالمثنیٰ ابی بن امرات عبادۃ بن الصامت' عبادۃ الصامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ میری امت کے حکام ایسے لوگ ہوں گے' دنیاوی امور کی وجہ سے نماز تاخیر سے پڑھا کریں گے۔

(ابن ماجہ' عربی اردو' جلد اول' باب ماجاء نبی اذا اخروا الصلوٰۃ عن وقتھا' حدیث نمبر 1310' ص 360 مطبوعہ فرید بک لاہور' پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے اس حدیث شریف میں اپنی امت کے تاخیر سے نماز پڑھنے والے حکمرانوں کی خبر دی اور ان کا تاخیر سے نماز پڑھنے کا سبب بھی ارشاد فرمایا۔

حدیث شریف: 13

حَدَّثَنَا اَبُوْحَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍ نَااَبُوْقُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ نَاعَبْدُالْجَبَّارِ بْنُ عَبَّاسٍ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْغُلَامُ الَّذِیْ قَتَلَهُ الْخَضِرُ طُبِعَ يَوْمَ طُبِعَ كَافِرًا۔

(ترمذی شریف' عربی' ابواب القرآن' حدیث نمبر 3150' ص 712' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

Marfat.com

ترجمہ: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس لڑکے کو حضرت خضر علیہ السلام نے قتل کیا وہ تقدیر الٰہی میں ہی کافر تھا۔

(ترمذی جلد دوم' عربی اردو' ابواب القرآن' حدیث نمبر 1077 ص 453' مطبوعہ فرید بک لاہور' پاکستان)

حدیث شریف: 14

حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ مُوْسٰی نَاعَبْدُالرَّزَّاقِ نَامَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا سُمِّیَ الْخَضِرُ لِاَنَّهٗ جَلَسَ عَلٰی فَرْوَةٍ بَیْضَاءَ فَاهْتَزَّتْ تَحْتَهٗ خَضْرَآءَ۔

(ترمذی شریف' عربی' ابواب تفسیر القرآن' حدیث نمبر 3151' ص 712' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ حضرت خضر علیہ السلام کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ آپ ایک سفید جگہ بیٹھے تو نیچے سے سبزہ لہلہانے لگا۔

(ترمذی جلد دوم' عربی اردو' ابواب تفسیر القرآن' حدیث نمبر 1078 ص 453 مطبوعہ فرید بک لاہور' پاکستان)

Marfat.com

ف: حدیث نمبر تیرہ میں حضرت خضر علیہ السلام کے علم غیب کا ذکر ہے کہ انہوں نے جس لڑکے کو قتل کیا' وہ تقدیر الٰہی میں ہی کافر تھا۔ رب کریم اپنے خاص بندوں پر لوگوں کی اعمال و تقدیر بھی عیاں کر دیتا ہے تا کہ وہ ان کے حالات سے باخبر ہو جائیں۔

حدیث شریف:15

حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدِ الْجَوْهَرِيُّ نَامُحَمَّدُ بْنُ رَبِيْعَةَ عَنْ كَامِلِ اَبِى الْعَلَاءِ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمُرُ اُمَّتِىْ سِتِّيْنَ سَنَةٍ اِلٰى سَبْعِيْنَ۔

(ترمذی شریف' عربی' ابواب الزہد' حدیث نمبر 2331' ص 533' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میری امت (کے لوگوں) کی عمر ۶۰ سال سے ۷۰ سال تک ہوگی۔

(ترمذی شریف' عربی اردو' جلد دوم' ابواب الزہد' حدیث نمبر 212 ص 21 مطبوعہ فرید بک لاہور' پاکستان)

Marfat.com

حدیث نمبر:16

حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ الدُّوْرِیُّ نَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدِنَا عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ عُمَرَ عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعِیْدِ الْاَنْصَارِیِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی یَتَقَارَبَ الزَّمَانُ فَیَكُوْنُ السَّنَةُ كَالشَّهْرُ وَالشَّهْرُ كَالْجُمُعَةِ وَتَكُوْنُ الْجُمُعَةُ كَالْیَوْمِ وَ یَكُوْنُ الْیَوْمُ كَالسَّاعَةِ وَتَكُوْنُ السَّاعَةُ كَالضَّرْمَةِ بِالنَّارِ

(ترمذی شریف' عربی' ابواب الزہد' حدیث نمبر 2332' ص 533' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اکرم ﷺ نے فرمایا۔ قیام قیامت سے قبل زمانہ باہم قریب ہو جائے گا' سال مہینے جیسا' مہینہ ہفتے جتنا' ہفتہ دن کے برابر' دن ایک گھڑی جتنا اور ایک گھڑی' آگ بھڑکنے جتنی ہو جائے گی۔

(ترمذی شریف' عربی اردو' جلد دوم' ابواب الزہد' حدیث نمبر 213' ص 101 مطبوعہ فرید بک لاہور' پاکستان)

ف: مذکورہ احادیث میں حضور ﷺ نے اپنی امت کے لوگوں کی عمریں' قرب قیامت میں سال' مہینہ' ہفتہ' دن اور گھڑی کے جلد گزر جانے کی خبر دی جو کہ آپ ﷺ کے علم غیب پر دلالت کرتی ہے۔

Marfat.com

حدیث نمبر:17

حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى الْقَزَّازُ الْبِصْرِيُّ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ نَا عَلِيّ بْنُ زَيْدٍ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا صَلٰوةَ الْعَصْرِ بِنَهَارٍ ثُمَّ قَامَ خَطِيْبًا فَلَمْ يَدَعْ شَيْئًا يَكُوْنُ اِلٰى قِيَامِ السَّاعَةِ اِلَّا اَخْبَرَنَا بِهٖ حَفِظَهٗ مَنْ حَفِظَهٗ وَنَسِيَهٗ مَنْ نَسِيَهٗ فَكَانَ فِيْمَا قَالَ اِنَّ الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ وَاِنَّ اللّٰهَ مُسْتَخْلِفُكُمْ فِيْهَا فَنَاظِرٌ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ اَلَا فَاتَّقُوا الدُّنْيَا وَاتَّقُوا النِّسَآءَ وَكَانَ فِيْمَا قَالَ اَلَا لَا تَمْنَعَنَّ رَجُلًا هَيْبَةَ النَّاسِ اَنْ يَّقُوْلَ بِحَقٍّ اِذَا عَلِمَهٗ قَالَ فَبَكٰى اَبُوْ سَعِيْدٍ فَقَالَ قَدْ وَاللّٰهِ رَاَيْنَا اَشْيَآءَ فَهَبْنَا وَكَانَ فِيْمَا قَالَ اَلَا اِنَّهٗ يُنْصَبُ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ بِقَدْرِ غَدْرَتِهٖ وَلَا غَدْرَةَ اَعْظَمُ مِنْ غَدْرَةِ اِمَامِ عَامَّةٍ يُرْكَزُ لِوَآءُهٗ عِنْدَ اِسْتِهٖ وَكَانَ فِيْمَا حَفِظْنَا يَوْمَئِذٍ اَلَا اِنَّ بَنِيْ اٰدَمَ خُلِقُوْا عَلٰى طَبَقَاتٍ شَتّٰى فَمِنْهُمْ مَنْ يُّوْلَدُ مُؤْمِنًا وَيُحْيِيْ مُؤْمِنًا وَيَمُوْتُ مُؤْمِنًا وَمِنْهُمْ مَنْ يُّوْلَدُ كَافِرًا وَيُحْيِيْ كَافِرًا وَيَمُوْتُ

Marfat.com

كَافِرًا وَمِنْهُمْ مَنْ يُّوْلَدُ مُؤْمِنًا وَيُحْيِىْ مُؤْمِنًا وَيَمُوْتُ كَافِرًا وَمِنْهُمْ مَنْ يُّوْلَدُ كَافِرًا وَّيُحْيِىْ كَافِرًا وَّيَمُوْتُ مُؤْمِنًا اَلَا وَاِنَّ مِنْهُمْ الْبَطِيْئُ الْغَضَبِ سَرِيْعَ الْفَىْءِ وَمِنْهُمْ سَرِيْعُ الْغَضَبِ سَرِيْعُ الْفَىْءُ فَتِلْكَ بِتِلْكَ اَلَا وَاِنَّ مِنْهُمْ سَرِيْعُ الْغَضَبِ بَطِئُ الْفَىْءِ اَلَا وَخَيْرُهُمْ بَطِئُ الْغَضَبِ سَرِيْعُ الْفَىْءِ وَشَرُّهُمْ سَرِيْعُ الْغَضَبِ بَطِئُ الْفَىْءِ اَلَا وَاِنَّ مِنْهُمْ حَسَنَ الْقَضَآءِ حُسْنُ الطَّلَبِ وَمِنْهُمْ سَيِئُ الْقَضَآءِ حُسْنُ الطَّلَبِ وَمِنْهُمْ حُسْنُ الْقَضَاءِ سَيِئُ الطَّلَبِ فَتِلْكَ بِتِلْكَ اَلَا وَاِنَّ مِنْهُمْ السَّيِئُ الْقَضَآءِ السَّيِئُ الطَّلَبُ اَلَا وَخَيْرُهُمْ الْحُسْنُ الْقَضَآءِ الْحُسْنُ الطَّلَبِ اَلَا وَشَرُّهُمْ سَيِئُ الْقَضَآءِ سَيِئُ الطَّلَبِ اَلَا وَاِنَّ الْغَضَبِ حَمْرَةٌ فِىْ قَلْبِ ابْنِ اٰدَمَ اَمَا رَأَيْتُمْ اَبِىْ حَمْرَةِ عُيَيْنَه وَاُنْتِفَاحِ اَوْدَاجِهِ فَمَنْ اَحْسَنَ بِشَىْءٍ مِنْ ذٰلِكَ فَلْيَلْصَقْ بِالْاَرْضِ قَالَ وَجَعَلْنَا نَلْتَفِتُ اِلَى الشَّمْسِ هَلْ بَقِىَ مِنْهَا شَىْءٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اِنَّهٗ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا فِيْمَا مَضٰى مِنْهَا اِلَّا كَبَا بَقِىَ مِنْ يَّوْمِكُمْ هٰذَا فِيْمَا مَضَى مِنْهُ۔ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَفِى الْبَابِ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ

Marfat.com

شُعْبَةَ وَاَبِیْ زَیْدِ بْنِ اَخْطَبَ وَحُذَیْفَةَ وَاَبِیْ مَرْیَمَ ذَکَرُوْا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَدَّثَھُمْ بِمَاھُوَ کَائِنٌ اِلٰی اَنْ تَقُوْمَ السَّاعَةُ۔

(ترمذی شریف' عربی' ابواب الفتن' حدیث نمبر 2191' ص 504' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ ایک دن حضور ﷺ نے ہمیں عصر کی نماز پڑھائی۔ پھر خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہوئے اور قیامت تک ہونے والے تمام واقعات کی ہمیں خبر دی۔ یاد رکھا جس نے یاد رکھا اور بھلا دیا جس نے بھلا دیا۔ آپ ﷺ نے جو کچھ ارشاد فرمایا اس میں سے یہ بات بھی ہے "بے شک دنیا سرسبز اور میٹھی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس میں تمہیں اپنا خلیفہ بنایا۔ پس وہ دیکھتا ہے کہ تم کیا عمل کرتے ہو۔ خبردار! دنیا اور عورتوں سے بچو!" یہ بھی ارشاد فرمایا "خبردار! کسی شخص کو لوگوں کا ڈر حق بات کہنے سے نہ روکے جبکہ اس کو اس کا حق ہونا معلوم ہو" یہ کہہ کر حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ رو پڑے اور فرمایا "واللہ! ہم نے کئی ایسی باتیں دیکھیں لیکن (حق کہنے سے) ڈر گئے۔ آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا "خبردار! ہر غدار کے لئے قیامت کے دن اس کی بے وفائی کی مقدار پر جھنڈا ہوگا اور کوئی بے وفائی امام (حاکم) کی عام بے وفائی سے بڑھ کر نہیں۔ اس کا جھنڈا اس کی مقعد کے پاس گاڑا جائے گا" اس دن جو کچھ ہم نے یاد رکھا اس میں سے یہ بھی تھا "سن لو! اولاد آدم! مختلف طبقات پر پیدا کی گئی۔ بعض مومن پیدا ہوئے' حالت

Marfat.com

ایمان پر زندہ رہے اور مومن ہی مریں گے۔ بعض کافر پیدا ہوئے' حالت کفر پر زندہ رہے اور کافر ہی مریں گے جبکہ بعض مومن پیدا ہوئے' مومنانہ زندگی گزاری اور حالت کفر پر رخصت ہوئے اور بعض کافر پیدا ہوئے' کافر زندہ رہے اور مومن ہو کر مریں گے۔ بعض وہ ہیں جن کو دیر سے غصہ آتا ہے جلدی ختم ہو جاتا ہے اور بعض کو جلدی غصہ آتا ہے' جلدی ختم ہوتا ہے تو یہ اس کا بدلہ ہے۔ سن لو! ان میں سے بعض کو جلدی غصہ آتا ہے دیر سے اترتا ہے سن لو! ان میں سے بہتر وہ ہیں جن کو دیر سے غصہ آئے اور جلدی ختم ہو جائے اور برے وہ ہیں جن کو جلدی غصہ آئے دیر سے زائل ہو۔ خبردار! بعض لوگوں کا لین دین اچھا ہے بعض مانگتے تو اچھی طرح ہیں لیکن ادائیگی میں اچھے نہیں۔ بعض ادا کرنے میں اچھے ہیں لیکن مانگنے میں اچھے نہیں یہ اس کا بدلہ ہے۔ آگاہ رہو! بعض لوگ لینے اور دینے (دونوں) میں برے ہیں۔ سن لو! جن کا لین دین اچھا ہے وہ بہتر انسان ہیں اور جن کا لین دین اچھا نہیں۔ وہ برے لوگ ہیں۔ سن لو! غصہ انسان کے دل کی ایک چنگاری ہے۔ کیا تم نے اس کی آنکھوں کی سرخی اور گردن کی پھولی ہوئی رگوں کو نہیں دیکھا۔ پس جسے غصہ آئے اسے زمین پر لیٹ جانا چاہئے۔ ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ ہم سورج کی طرف دیکھنے لگے کہ آیا کچھ باقی رہ گیا ہے (یا غروب ہو گیا ہے) حضور ﷺ نے فرمایا سن لو! دنیا کا باقی ماندہ' گزرے ہوئے وقت کے مقابلے میں اتنا ہی ہے جتنا اس دن کا باقی حصہ گزرے ہوئے حصے کے مقابلے میں ہے۔ یہ حدیث حسن

Marfat.com

ہے۔ اس باب میں مغیرہ بن شعبہ' ابو زید بن اخطب' حذیفہ اور ابو مریم سے بھی روایات مذکور ہیں۔ ان سب نے ذکر کیا کہ ان سے حضور ﷺ نے قیامت تک ہونے والے تمام واقعات بیان فرمائے۔

(ترمذی شریف' جلد دوم' عربی اردو' ابواب الفتن' حدیث نمبر 68' ص 44' مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور' پاکستان)

ف: حدیث مذکورہ سے یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو "ما کان ما یکون" جو ہو چکا اور جو قیامت تک ہوگا سب کا علم عطا فرمایا اور مستقبل میں پیش آنے والے واقعات حتی کہ قیامت تک کے واقعات بالتفصیل حضور ﷺ کے پیش نظر تھے۔

سرِ عرش پر ہے تیری گزر دل فرش پر ہے تیری نظر
ملکوت و ملک میں کوئی شئے نہیں وہ جو تجھ پہ عیاں نہیں

حدیث نمبر: 18

حَدَّثَنِیْ اَبُوْ کُرَیْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنِی حَفْصٌ یَعْنِیْ ابْنَ غِیَاثٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ سُفْیَانَ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ فَلَمَّا کَانَ قُرْبَ الْمَدِیْنَةِ هَاجَتْ رِیْحٌ شَدِیْدَةٌ تَکَادُ اَنْ تَدْفِنَ الرَّاکِبَ فَزَعَمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

Marfat.com

وَسَلَّمَ قَالَ بُعِثَتْ هٰذِهِ الرِّيْحُ لِمَوْتِ مُنَافِقٍ فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ فَاِذَا مُنَافِقٌ عَظِيْمٌ مِّنَ الْمُنَافِقِيْنَ قَدْمَاتَ۔

(مسلم شریف عربی کتاب صفات المنافقین واحکامھم حدیث نمبر 7041 ص 1213 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ ایک سفر سے واپس تشریف لا رہے تھے جب آپ ﷺ مدینہ منورہ کے قریب پہنچے تو اتنی تیز آندھی چلی کہ سوار شخص بھی (ریت میں) دفن ہونے کے قریب پہنچ جائے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس آندھی کو کسی منافق کی موت کے لئے بھیجا گیا ہے۔ جب آپ ﷺ مدینہ منورہ پہنچے (تو پتا چلا) کہ منافقین کا ایک سرغنہ مر گیا ہے۔

(مسلم شریف عربی اردو جلد سوم کتاب صفات المنافقین واحکامھم حدیث نمبر 6911 ص 591 مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے اس حدیث شریف میں آندھی کو منافق کی موت کے لئے بھیجے جانے کی خبر دی اور اس خبر کی صحابہ کرام علیہم الرضوان نے تصدیق بھی کی۔

حدیث نمبر: 19

حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ وَزُنَيْحٌ ثَنَا اَبُوْ تَمِيْلَةَ ثَنَا خَالِدُ بْنُ عُبَيْدٍ ثَنَا عَبْدَاللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ

Marfat.com

قَالَ ذَهَبَ بِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلٰی مَوْضِعٍ بِالْبَادِیَةِ قَرِیْبٌ مِّنْ مَّكَّةَ فَاِذَآ اَرْضٌ یَّابِسَةٌ حَوْلَهَا رَمْلٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تُخْرُجُ الدَّآبَةُ مِنْ هٰذَا الْمَوْضِعِ فَاِذَا فَتَرَفِیْ شِبْرٍ قَالَ ابْنُ بُرَیْدَةَ فَحَجَجْتُ بَعْدَ ذٰلِكَ بِسِنِیْنَ فَاَرَانَا عَصَالَّهٗ فَاِذَا هُوَ بِعَصَایَ هٰذِهٖ كَذَا وَكَذَا۔

(ابن ماجہ عربی کتاب الفتن حدیث نمبر 4067 ص 588 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابوغسان محمد بن عمرو زنیح ابوتمیلہ خالد بن عبید عبداللہ بن بریدہ بریدہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ مکہ کے قریب مجھے ایک میدان میں لے گئے جو خشک اور ریتلی زمین تھی۔ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ دابتہ یہاں سے نکلے گا۔ میں نے اس جگہ کو دیکھا۔ وہ تقریبا ایک بالشت ہوگی۔ ابن بریدہ کہتے ہیں میں نے کئی سال کے بعد حج کیا تو میرے والد نے مجھے اپنا عصاء لے کر بتایا کہ دابتہ الارض کا عصاء اتنا موٹا اور اتنا لمبا ہوگا۔

(سنن ابن ماجہ عربی اردو جلد دوم باب دابتہ الارض حدیث نمبر 1868 ص 513 مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے قرب قیامت میں ظاہر ہونے والے دابتہ الارض کی زمین کی خبر دی۔

Marfat.com

حدیث نمبر:20

حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا اَبُو مُعَاوِیَةَ ثَنَا الْفَرَجُ ابْنُ فَضَالَةَ عَنْ رَبِیْعَةَ بْنِ یَزِیْدَ الدِّمِشْقِیُّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَاعُثْمَانُ اِنْ وَلَاكَ اللّٰهُ هٰذَا الْاَمْرَ یَوْمًا فَاَرَادَكَ الْمُنَافِقُوْنَ اَنْ تَخْلَعَ قَمِیْصَكَ الَّذِیْ قَمَّصَكَ اللّٰهُ فَلَا تَخْلَعْهُ یَقُوْلُ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَ النُّعْمَانُ فَقُلْتُ لِعَائِشَةَ مَا مَنَعَكَ اَنْ تُعَلِّمِی النَّاسَ بِهٰذَا قَالَتْ اَنْسَیْتُهٗ۔

(سنن ابن ماجہ، عربی، باب فضل عثمان، حدیث نمبر 112، ص 18، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: علی بن محمد، ابومعاویہ، فرج بن فضالہ، ربیعتہ بن یزید الدمشقی، نعمان بن بشیر، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ اے عثمان اللہ تعالیٰ ایک روز یہ کام (خلافت) تیرے حوالہ فرمائے گا۔ منافقین کی یہ کوششیں ہوں گی کہ اللہ نے تجھے جو قمیص پہنائی ہے وہ تمہارے جسم سے اتار لیں تو اسے ہرگز نہ اتارنا۔ آپ ﷺ نے یہ جملہ تین بار ادا فرمایا۔ نعمان کہتے ہیں کہ میں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا۔ آپ نے یہ حدیث لوگوں کو کیوں نہ بتائی

Marfat.com

تھی۔انہوں نے فرمایا۔میں بھول گئی تھی۔

(سنن ابن ماجہ عربی اردو جلد اول باب فضل عثمان حدیث نمبر 117 ص 65 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے اس حدیث شریف میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خلافت اور باغیوں کی جانب سے اس خلافت کو ختم کرنے کی سازش کی بھی خبر دی۔

حدیث نمبر: 21

حَدَّثَنِیْ اِسْحٰقُ بْنُ یَزِیْدَ الدِّمَشْقِیُّ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ حَمْزَةَ قَالَ حَدَّثَنِیْ ثَوْرُ بْنُ یَزِیْدَ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ اَنَّ عُمَیْرَ بْنَ الْاَسْوَدِ الْعَنْسِیَّ حَدَّثَه، اَنَّه، اَتٰی عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ وَھُوَ نَازِلٌ فِیْ سَاحَةِ حِمْصَ وَھُوَ فِیْ بِنَآءٍ لَّه، وَمَعَه، اُمُّ حَرَامٍ قَالَ عُمَیْرٌ فَحَدَّثَتْنَا اُمُّ حَرَامٍ اَنَّھَا سَمِعَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَوَّلُ جَیْشٍ مِّنْ اُمَّتِیْ یَغْزُوْنَ الْبَحْرَ قَدْ اَوْجَبُوْا قَالَتْ اُمُّ حَرَامٍ قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَا فِیْھِمْ قَالَ اَنْتِ فِیْھِمْ ثُمَّ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهِ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلُ جَیْشٍ مِّنْ اُمَّتِیْ یَغْزُوْنَ مَدِیْنَةَ قَیْصَرَ مَغْفُوْرٌ لَّھُمْ فَقُلْتُ اَنَا فِیْھِمْ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ۔

Marfat.com

قَالَ لَا۔

(بخاری شریف' عربی' کتاب الجہاد والسیر' حدیث نمبر 2924' ص 483' مطبوعہ دار السلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: عمیر بن اسود عنسی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ وہ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے پاس آئے حالانکہ وہ حمص کے کنارے اپنے مکان میں فروکش تھے اور (آپ کی زوجہ) ام حرام (بنت ملحان) آپ کے ہمراہ تھیں۔ عمیر بن اسود عنسی نے کہا ہم کو امّ حرام نے بیان کیا کہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا۔ میری امت کا پہلا لشکر جو دریا میں جنگ کرے گا (اور انہوں نے وہ کام کئے جس سے ان کے لئے جنت واجب ہے) تو وہ جنت کے مستحق ہوں گے۔ امّ حرام نے کہا کہ میں نے عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ میں ان میں سے ہوں گی۔ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں تم ان میں سے ہو۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا میری امت کا پہلا لشکر جو قیصر کے شہر میں جنگ کرے گا ان کی مغفرت فرما دی گئی ہے (امّ حرام نے کہا) میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میں ان میں سے ہوں گی۔ آپ ﷺ نے فرمایا نہیں (تم ان میں نہیں ہوگی)

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد دوم' کتاب الجہاد والسیر' حدیث نمبر 184' ص 115 مطبوعہ شبیر برادرز لاہور' پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے مذکورہ حدیث میں اُمّت کے پہلے لشکر اور ان میں لڑنے والے مسلمانوں کو جنت کی خبر دی اور ام حرام کی اس میں شمولیت

Marfat.com

نہ ہونے کی بھی خبر دے دی۔ جو کہ حضور ﷺ کے علم غیب کی قوی دلیل ہے۔

حدیث شریف:22

حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی یَقْتَتِلَفِئَتَانِ فَیَکُوْنُ بَیْنَهُمَا مِقْتَلَةٌ عَظِیْمَةٌ دَعْوَا هُمَا وَاحِدَةٌ وَّلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی یَبْعَثَ دَجَّالُوْنَ کَذَّابُوْنَ قَرِیْبًامِنْ ثَلَاثِیْنَ کُلُّهُمْ یَزْعُمُ اَنَّهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ

(بخاری شریف، عربی، کتاب المناقب، حدیث نمبر 3609، ص 605، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اس وقت تک قیامت قائم نہ ہوگی جب تک دو جماعتیں باہم قتال نہ کریں گی اور ان کے درمیان عظیم جنگ ہوگی اور ان دونوں کا دعویٰ ایک ہی ہوگا اور اس وقت تک قیامت قائم نہ ہوگی جب تک تیس کے قریب جھوٹے دجال ظاہر نہیں ہوں گے وہ سب کے سب یہ دعویٰ کریں گے کہ وہ اللہ کے رسول ہیں۔

(بخاری شریف، عربی اردو، جلد دوم، کتاب المناقب، حدیث نمبر 820، ص 392، مطبوعہ شبیر برادرز، لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث شریف میں رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے اپنے وصال

Marfat.com

کے بعد آنے والے تیس جھوٹے نبوت کے دعویداروں کی خبر دی اور ساتھ ہی دو جماعتوں کا باہم قتال ہونے اور جنگ عظیم کی بھی خبر دی۔

حدیث شریف:23

وَقَالَ هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ حَدَّثَنَا عَطِيَّةُ بْنُ قَيْسٍ الْكَلَابِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ غَنْمٍ الْاَشْعَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي اَبُوْعَامِرٍ اَوْاَبُوْمَالِكٍ الْاَشْعَرِيُّ وَاللّٰهِ مَاكَذَبَنِيْ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيَكُوْنَنَّ مِنْ اُمَّتِيْ اَقْوَامٌ يَّسْتَحِلُّوْنَ الْحِرَّ وَالْحَرِيْرَ وَالْخَمْرَ وَالْمَعَارِفَ وَلَيَنْزِلَنَّ اَقْوَامٌ اِلٰى جَنْبِ عَلَمٍ يَّرُوْحُ عَلَيْهِمْ بِسَارِحَةٍ لَّهُمْ يَاْتِيْهِمْ يَعْنِي الْفَقِيْرَ لِحَاجَةٍ فَيَقُوْلُوْنَ ارْجِعْ اِلَيْنَا غَدًا فَيُبَيِّتُهُمُ اللّٰهُ وَيَضَعُ الْعَلَمَ وَيَمْسَخُ اٰخَرِيْنَ قِرَدَةً وَّخَنَازِيْرَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔

(بخاری شریف' عربی' کتاب الاشربہ' حدیث نمبر 5590' ص 992 مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ہشام بن عمار نے کہا ہم سے صدقہ بن خالد نے بیان کیا انہوں نے کہا ہم سے عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر نے بیان کیا۔ انہوں نے کہا ہم سے عطیہ

Marfat.com

بن قیس کلابی نے بیان کیا۔ انہوں نے کہا مجھ سے عبدالرحمٰن بن غنم اشعری نے بیان کیا۔ انہوں نے کہا مجھ سے ابو عامر (عبداللہ بن ہانی یا عبداللہ بن وہب یا عبید بن وہب) یا ابو مالک اشعری (کعب' عمر یا عبداللہ یا عبید) نے بیان کیا بخدا!! انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے جو سنا مجھ سے جھوٹ نہیں بولا (یہ صحابی کے صدق میں مبالغہ اور تاکید ہے) آپ ﷺ فرماتے تھے میری امت میں ایسے لوگ ہوں گے جو زنا' ریشم' شراب اور آلات غنا ولہو کو حلال سمجھیں گے۔ وہ لوگ پہاڑ کے دامن میں اتریں گے اور شام کو جب چرواہے اپنی بکریاں چرا کر واپس گھروں کو لوٹیں گے تو ان کے پاس حاجت مند فقیر آئے گا وہ کہیں گے ہمارے پاس کل آنا۔ چنانچہ اللہ عزوجل رات کو ہی ان کو ہلاک کر دے گا اور ان کے سروں پر پہاڑ رکھ دے گا اور دوسرے لوگوں (جن کو رات کے وقت ہلاک نہ کیا) کو بندر اور خنزیر بنا دے گا قیامت تک ایسے ہی رہیں گے۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد سوم' کتاب الاشربہ' حدیث نمبر 546' ص 277' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور' پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ کا ارشاد آج کے دور میں بالکل صادق آتا ہے کہ لوگ آلات غنا ولہو کو حلال سمجھیں گے۔ یقیناً ایسے لوگ موجود ہیں جو میڈیا پر آ کر ان چیزوں کو حلال قرار دیتے ہیں۔ آقا ﷺ نے چودہ سو سال قبل ایسے لوگوں کے متعلق خبر دی۔

Marfat.com

حدیث شریف:24

حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَ عُثْمَانُ ابْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ قَالَ نَاجَرِيْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْمَعُوْنَ وَيُسْمَعُ مِنْكُمْ وَ يُسْمَعُ مِمَّنْ يُسْمَعُ مِنْكُمْ

(سنن ابوداؤد عربی، کتاب العلم، باب فی کراہیۃ منع العلم، حدیث نمبر 3659، ص 525، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: زہیر بن حرب اور عثمان بن ابوشیبہ، جریر، اعمش، عبیداللہ بن عبداللہ، سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم علمی باتیں مجھ سے سنتے ہو اور تم سے بھی سنی جائیں گی اور ان لوگوں سے بھی سنی جائیں گی جو تم سے سنیں گے۔

(سنن ابوداؤد عربی اردو، جلد سوم، باب فی کراہیۃ منع العلم، حدیث نمبر 261، ص 105، مطبوعہ فرید بک، لاہور پاکستان)

حدیث شریف:25

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنْ شُعْبَةَ حَدَّثَنِیْ عُمَرُ ابْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ وَلَدِ عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ عَنْ

Marfat.com

عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا حَدِيْثًا فَحَفِظَهٗ حَتّٰى يَبْلُغَهٗ فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ اِلٰى مَنْ هُوَاَ فْقَهُ مِنْهُ وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَيْسَ بِفَقِيْهٍ

(سنن ابوداؤد عربی کتاب العلم باب فضل نشر العلم حدیث نمبر 3660، ص 525، مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: عبدالرحمٰن بن ابان کے والد ماجد نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا۔ اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو خوش وخرم رکھے جس نے مجھ سے کوئی بات سنی اور اسے یاد رکھا۔ یہاں تک کہ وہ دوسروں تک پہنچائی۔ کئی ایک فقہ جاننے والے ایسے ہوں گے جو اپنے سے زیادہ فقہ جاننے والوں کو بتائیں گے اور کئی فقہ کے عامل ایسے ہوں گے جو حقیقت میں فقیہ نہیں ہوں گے۔

(سنن ابوداؤد عربی اردو جلد سوم باب فضل نشر العلم حدیث نمبر 262، ص 105 مطبوعہ فرید بک، لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 26

حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ نَا اَبُوْدَاوٗدَ الْحَضْرِيُّ عَنْ بَدْرِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ عَامِرٍ عَنْ رَجُلٍ عَنْ

Marfat.com

عَبْدِاللّٰهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَکُوْنُ فِی هٰذِهِ الْاُمَّتِ اَرْبَعُ فِتَنٍ فِیْ اٰخِرِهَا الْفَنَآءُ

(سنن ابوداؤد عربی، کتاب الفتن، باب ذکر الفتن، حدیث نمبر 4241، ص 594، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ہارون بن عبداللہ، ابوداؤد حضرمی، بدر بن عثمان، عامر ایک آدمی نے حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ اس امت میں چار فتنے ہوں گے جن کے بعد قیامت ہے۔

(ابوداؤد عربی اردو، جلد سوم، کتاب الفتن، حدیث نمبر 840، ص 284، مطبوعہ فرید بک، لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے امت کے چار فتنوں کی خبر دی۔

حدیث شریف: 27

حَدَّثَنَا مُوْسَی بْنُ اِسْمٰعِیْلَ نَاحَمَّادٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَاتَزَالُ طَآئِفَةٌ مِنْ اُمَّتِیْ یُقَاتِلُوْنَ عَلَی الْحَقِّ ظَاهِرِیْنَ عَلٰی مَنْ نَاوَاهُمْ حَتّٰی یُقَاتِلَ اٰخِرُهُمُ الْمَسِیْحَ الدَّجَّالَ

(ابوداؤد عربی، کتاب الجہاد، باب فی دوام الجہاد، حدیث نمبر 2484، ص 359، مطبوعہ

Marfat.com

دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: مطرف نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری اُمّت کا ایک گروہ حق کی خاطر ہمیشہ اپنے مخالفوں سے لڑتا رہے اور غالب رہے گا' یہاں تک کہ ان کا آخری گروہ دجال سے لڑے گا۔

(ابوداؤد' عربی اردو' جلد دوم' کتاب الجہاد' حدیث نمبر 712'' ص 269' مطبوعہ فرید بک' لاہور پاکستان)

ف: اس فرمان رسالت کے مطابق اُمّت محمدیہ کا ایک گروہ ہمیشہ حق پر قائم رہے گا جو دین و ایمان کے دشمنوں سے ہمیشہ برسر پیکار رہے گا۔ خواہ وہ دشمنان دین غیر مسلموں کے رنگ میں ہوں یا مسلمانوں کی شکل میں۔ دونوں قسم کے دشمنوں سے نبرد آزما ہوتا رہے گا۔ شیطان بیرونی طاقت ہے اور نفس اندرونی۔ اسی طرح غیر مسلم دین کے بیرونی دشمن ہیں اور بعض مسلم نما غیر مسلم اندرونی دشمن ہیں۔ ان دونوں قسم کے دشمنوں سے فعلی' قولی' مالی اور لسانی ہر طرح جہاد کیا جاتا ہے اور اسلام کے بدترین دشمن وہ ہیں جو مسلمان بن کر مقدس شجر اسلام میں غیر اسلامی عقائد و نظریات کی قلمیں لگا کر بے خبر مسلمانوں کی متاع ایمانی پر ڈاکہ ڈالتے ہیں۔ مسلمانوں کو ایسے گندم نما جوفروش رہنماؤں کے شر سے بچانا افضل ترین جہاد اور بہت بڑی مردانگی ہے۔ واللہ تعالیٰ

Marfat.com

حدیث شریف:28

حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاوَرَ حِيْنَ بَلَغَهُ اِقْبَالُ اَبِیْ سُفْيَانَ قَالَ فَتَكَلَّمَ اَبُوْبَكْرٍ فَاَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ تَكَلَّمَ عُمَرُ فَاَعْرَضَ عَنْهُ فَقَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ فَقَالَ اِيَّانَا تُرِيْدُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ لَوْ اَمَرْتَنَا اَنْ نُخِيْضَهَا الْبَحْرَ لَاَخَضْنَاهَا وَلَوْ اَمَرْتَنَا اَنْ نَضْرِبَ اَكْبَادَهَا اِلٰى بَرْكِ الْغِمَادِ لَفَعَلْنَا قَالَ فَنَدَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ فَانْطَلَقُوْا حَتّٰى نَزَلُوْا بَدْرًا وَوَرَدَتْ عَلَيْهِمْ رَوَايَا قُرَيْشٍ وَفِيْهِمْ غُلَامٌ اَسْوَدُ لِبَنِی الْحَجَّاجِ فَاَخَذُوْهُ فَكَانَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْاَلُوْنَهٗ عَنْ اَبِیْ سُفْيَانَ وَاَصْحَابِهٖ فَيَقُوْلُ مَالِیْ عِلْمٌ بِاَبِیْ سُفْيَانَ وَلٰكِنْ هٰذَا اَبُوْ جَهْلٍ وَعُتْبَةُ وَشَيْبَةُ وَاُمَيَّةُ بْنُ خَلَفٍ فَاِذَا قَالَ ذٰلِكَ ضَرَبُوْهُ فَقَالَ نَعَمْ اَنَا اُخْبِرُكُمْ هٰذَا اَبُوْ سُفْيَانَ فَاِذَا تَرَكُوْهُ فَسَاَلُوْهُ فَقَالَ مَالِیْ بِاَبِیْ سُفْيَانَ عِلْمٌ وَلٰكِنْ هٰذَا اَبُوْ جَهْلٍ وَعُتْبَةُ وَشَيْبَةُ وَاُمَيَّةُ بْنُ خَلَفٍ فِی

Marfat.com

النَّاسِ فَاِذَا قَالَ هٰذَا اَيْضًا ضَرَبُوْهُ وَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ يُصَلِّىْ فَلَمَّا رَاٰى ذٰلِكَ انْصَرَفَ وَقَالَ وَالَّذِىْ نَفْسِى بِيَدِهٖ لَتَضْرِبُوْهُ اِذَا صَدَقَكُمْ وَتَتْرُكُوْهُ اِذَا كَذَبَكُمْ قَالَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا مَصْرَعُ فُلَانٍ قَالَ وَيَضَعُ يَدَهٗ عَلَى الْاَرْضِ هَاهُنَا وَهَاهُنَا قَالَ فَمَا مَاطَ اَحَدُهُمْ عَنْ مَوْضِعِ يَدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(مسلم شریف عربی کتاب الجہاد والسیر حدیث نمبر 4621 ص 792 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب نبی اکرم ﷺ کو ابو سفیان (کے قافلے کے ہمراہ) آنے کی اطلاع ملی تو آپ ﷺ نے لوگوں سے مشورہ کیا' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جو مشورہ دیا' آپ ﷺ نے اسے قبول نہیں کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جو مشورہ دیا' آپ ﷺ نے اسے بھی قبول نہیں کیا۔ پھر حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ! آپ ہم سے کیا چاہتے ہیں؟ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ اگر آپ ﷺ ہمیں سمندر میں گھوڑے دوڑانے کا حکم دیں تو ہم وہاں بھی دوڑائیں گے۔ اگر آپ ﷺ "برک الغماد" تک سفر کرنے کا حکم دیں تو ہم ایسا بھی کریں گے تو نبی اکرم ﷺ نے لوگوں کو روانگی کا حکم دیا۔ یہ سب لوگ

Marfat.com

روانہ ہوئے اور انہوں نے بدر میں پڑاؤ کیا۔ وہاں قریش کے پانی پلانے والے لوگ انہیں ملے۔ جن میں بنو حجاج کا ایک سیاہ فام غلام بھی تھا۔ ان حضرات نے اسے پکڑ لیا۔ صحابہ کرام نے ان سے ابوسفیان اور ان کے ساتھیوں کے بارے میں پوچھا تو اس نے جواب دیا۔ ابوسفیان کے بارے میں مجھے کوئی علم نہیں ہے۔ یہاں (اس لشکر میں) ابوجہل ہے' عتبہ ہے' شیبہ ہے' امیہ بن خلف ہے' جب اس نے یہ جواب دیا تو صحابہ کرام نے اسے مارنا شروع کر دیا تو وہ بولا ہاں! ابوسفیان کے بارے میں بتاتا ہوں۔ صحابہ نے مارنا بند کیا اور اس سے تفتیش کی تو وہ بولا۔ مجھے ابو سفیان کے بارے میں کوئی علم نہیں ہے۔ یہاں تو ابوجہل ہے' عتبہ ہے' شیبہ ہے اور امیہ بن خلف ہے۔ جب اس نے یہ جواب دیا تو صحابہ کرام نے پھر اسے مارنا شروع کر دیا۔ نبی اکرم ﷺ اس وقت نماز پڑھ رہے تھے۔ جب آپ ﷺ نے یہ ملاحظہ کیا تو نماز ختم کی اور فرمایا۔ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ جب وہ تمہارے ساتھ سچ بولتا ہے تو تم اسے مارنے لگتے ہو اور جب وہ تمہارے ساتھ جھوٹ بولتا ہے تو تم اسے چھوڑ دیتے ہو (راوی کہتے ہیں پھر نبی اکرم ﷺ میدان میں تشریف لے گئے) اور فرمایا۔ یہ فلاں شخص کے قتل ہونے کی جگہ ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے اپنا دست اقدس زمین پر رکھ کر بتایا کہ اس' اس جگہ (فلاں' فلاں شخص قتل ہوگا) نبی اکرم ﷺ نے جس جگہ دست اقدس رکھا تھا ان میں سے ہر ایک اسی جگہ مارا گیا۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد دوم' کتاب الجہاد والسیر' حدیث نمبر 4506' ص 663 مطبوعہ شبیر

Marfat.com

برادرز لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ میدان بدر میں جنگ سے پہلے تشریف لے گئے۔ دوسرے دن مرنے والے کافروں کی مقتل گاہ کی خبر دی۔ دوسرے دن جنگ کے بعد صحابہ کرام نے کفار کے لاشے کو اسی جگہ پایا جہاں حضور ﷺ نے نشانات لگائے تھے۔

حدیث شریف:29

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَّعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ جَمِيْعًا عَنْ عَبْدِالرَّزَّاقِ قَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ شَهِدْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُنَيْنًا فَقَالَ لِرَجُلٍ مِمَّنْ يُّدْعٰى بِالْاِسْلَامِ هٰذَا مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَلَمَّا حَضَرْنَا الْقِتَالَ قَاتَلَ الرَّجُلُ قِتَالًا شَدِيْدًا فَاَصَابَتْهُ جِرَاحَةٌ فَقِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ الرَّجُلُ الَّذِيْ قُلْتَ لَهُ اٰنِفًا اِنَّهُ مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَاِنَّهُ قَاتَلَ الْيَوْمَ قِتَالًا شَدِيْدًا وَقَدْ مَاتَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى النَّارِ فَكَادَ بَعْضُ الْمُسْلِمِيْنَ اَنْ يَرْتَابَ فَبَيْنَمَا هُمْ عَلٰى ذٰلِكَ اِذْ قِيْلَ اِنَّهُ لَمْ يَمُتْ وَلٰكِنَّ بِهٖ جِرَاحًا شَدِيْدًا فَلَمَّا كَانَ

Marfat.com

مِنَ اللَّيْلِ لَمْ يَصْبِرْ عَلَى الْجِرَاحِ فَقَتَلَ نَفْسَهُ فَأُخْبِرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ فَقَالَ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُ اَنِّىْ عَبْدُاللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ اَمَرَ بِلَالًا فَنَادَىٰ فِى النَّاسِ اِنَّهٗ لَايَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا نَفْسٌ مُّسْلِمَةٌ وَاِنَّ اللّٰهَ يُؤَيِّدُ هٰذَا الدِّيْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ۔

(مسلم شریف' عربی' کتاب الایمان' حدیث نمبر 305' ص 61' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ہم نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ غزوہ حنین میں شریک تھے۔ آپ ﷺ نے مسلمان کہلانے والے ایک شخص کے بارے میں فرمایا: یہ جہنمی ہے۔ جب جنگ شروع ہوئی تو وہ شخص بڑی بے جگری سے لڑا اور زخمی ہوگیا۔ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کی گئی' کچھ دیر پہلے آپ ﷺ نے جسے جہنمی قرار دیا تھا' وہ آج بڑی بے جگری سے لڑتے ہوئے مرا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ جہنم میں پہنچا ہے۔ بعض حضرات اس بارے میں حیرانگی کا شکار ہوئے' اسی دوران پتہ چلا کہ وہ شخص ابھی مرا نہیں ہے بلکہ شدید زخمی ہے۔ رات کے وقت اس نے زخموں کی شدت سے تنگ آ کر خودکشی کر لی۔ جب نبی اکرم ﷺ کو اس کی اطلاع ملی تو آپ ﷺ نے فرمایا ''اسی لئے (میں نے اسے جہنمی قرار دیا تھا) اللہ اکبر! میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ میں اللہ کا خاص بندہ اور اس کا رسول ﷺ ہوں پھر آپ ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ لوگوں

Marfat.com

میں یہ اعلان کر دیں' جنت میں صرف مسلمان داخل ہوں گے اور بعض اوقات اللہ تعالیٰ کسی گناہ گار شخص کے ذریعے بھی اس دین کی مدد کرتا ہے

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب الایمان' حدیث نمبر 213' ص 130 مطبوعہ شبیر برادرز' لاہور پاکستان)

ف: مذکورہ حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے مسلمان کہلوانے والے شخص کو اپنے علم غیب سے جان لیا کہ یہ شخص جہنمی ہے۔

حدیث شریف:30

حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيْدٍ ثَنَا مُسْلِمُ ابْنُ خَالِدٍ عَنْ عُتْبَةَ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِىْ شَرَابِكُمْ فَلْيَغْمِسْهُ فِيْهِ ثُمَّ لِيَطْرَحْهُ فَاِنَّ فِىْ اَحَدِ جَنَاحَيْهِ دَآءً وَفِى الْاٰخِرِ شِفَاءً

(ابن ماجہ شریف' عربی' کتاب الطب' حدیث نمبر 3505' ص 505' مطبوعہ دار السلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: سوید' مسلم بن خالد' عتبہ بن مسلم' عبید بن حنین رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب مکھی تمہارے پینے کی چیز میں گر جائے تو اسے اس میں ڈبو دو۔ پھر نکال کر پھینکو کہ اس کے ایک پر میں بیماری ہے

Marfat.com

اور دوسرے میں شفاء ہے۔

(سنن ابن ماجہ' عربی اردو' جلد دوم باب الذباب یقع فی الاناء حدیث نمبر 1297' ص 385' مطبوعہ فرید بک اسٹال' لاہور پاکستان)

ف: نگاہ پاک مصطفیٰ ﷺ نے مکھی کے پروں میں موجود شفاء اور بیماری دونوں کو اپنے علم غیب کے ذریعہ جان لیا۔

حدیث شریف: 31

حَدَّثَنِیْ عَلِیُّ بْنُ حُجْرِ السَّعْدِیُّ حَدَّثَنَا اَلْوَلِیْدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ عَمْرٍ وَ یَعْنِیْ اَلْاَوْزَاعِیَّ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ حَدَّثَنِیْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَیْسَ مِنْ بَلَدٍ اِلَّا سَیَطَؤُهُ الدَّجَّالُ اِلَّا مَكَّةَ وَالْمَدِیْنَةَ وَلَیْسَ نَقْبٌ مِّنْ اَنْقَابِهَا اِلَّا عَلَیْهِ الْمَلَائِكَةُ صَافِّیْنَ تَحْرُسُهَا فَیَنْزِلُ بِالسَّبَخَةِ فَتَرْجُفُ الْمَدِیْنَةُ ثَلَاثَ رَجَفَاتٍ یَخْرُجُ اِلَیْهِ مِنْهَا كُلُّ كَافِرٍ وَ مُنَافِقٍ

(مسلم شریف' عربی' کتاب الفتن واشراط الساعۃ' حدیث نمبر 7390' ص 1278' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔

Marfat.com

دجال مکہ اور مدینہ کے علاوہ ہر شہر میں پہنچ جائے گا۔ ان دونوں شہروں کے ہر راستے ان کی حفاظت کے لئے فرشتے صفیں باندھ کر کھڑے ہیں دجال سنجہ (نامی جگہ) پر پڑاؤ کرے گا۔ مدینہ منورہ میں تین جھٹکے آئیں گے تو ہر کافر اور منافق مدینہ سے نکل کر دجال کی طرف چلا جائے گا۔

(مسلم شریف، عربی اردو، کتاب الفتن واشراط الساعۃ، حدیث نمبر 7257، ص 701، مطبوعہ شبیر برادرز، لاہور پاکستان)

حدیث شریف:32

حَدَّثَنِیْ زُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِیْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِیْدِ عَنْ فُضَیْلِ بْنِ غَزْوَانَ عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ الْاَشْجَعِیِّ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّیْ مَجْهُوْدٌ فَاَرْسَلَ اِلٰی بَعْضِ نِسَآئِهٖ فَقَالَتْ وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا عِنْدِیْ اِلَّا مَآءٌ ثُمَّ اَرْسَلَ اِلٰی اُخْرٰی فَقَالَتْ مِثْلَ ذٰلِكَ حَتّٰی قُلْنَ كُلُّهُنَّ مِثْلَ ذٰلِكَ لَا وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا عِنْدِیْ اِلَّا مَآءٌ فَقَالَ مَنْ یُضِیْفُ هٰذَا اللَّیْلَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ اَنَا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَانْطَلَقَ بِهٖ اِلٰی رَحْلِهٖ فَقَالَ لِامْرَاَتِهٖ هَلْ عِنْدَكِ شَیْءٌ قَالَتْ لَا اِلَّا قُوْتُ صِبْیَانِیْ قَالَ فَعَلِّلِیْهِمْ بِشَیْءٍ فَاِذَا دَخَلَ ضَیْفُنَا فَاَطْفِءِ السِّرَاجَ

Marfat.com

وَاَرِيْهِ اَنَّا نَاْكُلُ فَاِذَا اَهْوٰى لِيَاْكُلَ فَقُوْمِىْ اِلَى السِّرَاجِ حَتّٰى تُطْفِئِيْهِ قَالَ فَقَعَدُوْا وَاَكَلَ الضَّيْفُ فَلَمَّا اَصْبَحَ غَدَا عَلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قَدْ عَجِبَ اللّٰهُ مِنْ صَنِيْعِكُمَا بِضَيْفِكُمَا اللَّيْلَةَ۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب الاشربہ، حدیث نمبر 5359، ص 917، مطبوعہ دارالسلام، ریاض • سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی۔ میں فاقے کا شکار ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنی زوجہ محترمہ کو (کھانا بھجوانے) کا پیغام بھیجا تو انہوں نے جواب بھجوایا۔ اس ذات کی قسم! جس نے آپ ﷺ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے۔ میرے پاس صرف پانی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے دوسری زوجہ محترمہ کو پیغام بھیجا تو انہوں نے بھی یہی جواب دیا۔ یہاں تک کہ تمام ازواج نے یہی جواب بھجوایا کہ اس ذات کی قسم! جس نے آپ ﷺ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے۔ میرے پاس صرف پانی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کون آج رات (اس شخص) کی مہمان نوازی کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر رحم کرے گا۔ ایک انصاری کھڑا ہوا اور عرض کی۔ یارسول اللہ ﷺ! میں! پھر وہ انصاری اس شخص کو لے کر اپنے گھر چلا گیا۔ اس نے اپنی بیوی سے دریافت کیا۔ کیا تمہارے پاس (کھانے کے لئے) کچھ ہے۔ بیوی نے جواب دیا۔ صرف بچوں کے حصے کا کھانا ہے۔ وہ انصاری بولا، تم انہیں کسی چیز

Marfat.com

سے بہلا دینا۔ جب ہمارا مہمان آئے تو چراغ بجھا دینا اور یوں ظاہر کرنا کہ جیسے ہم کھانا کھا رہے ہیں۔ جب وہ کھانا کھانے لگے تو تم چراغ کے پاس جا کر اسے بجھا دینا پھر وہ سب (گھر والے دسترخوان پر) بیٹھ گئے اور مہمان نے کھانا کھایا۔ اگلے دن وہ انصاری نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے ارشاد فرمایا۔ تم نے کل رات اپنے مہمان کے ساتھ جو سلوک کیا وہ اللہ تعالیٰ کو بہت پسند آیا۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد سوم کتاب الاشربہ' حدیث نمبر 5243' ص 68' مطبوعہ شبیر برادرز' لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے اپنے در دولت میں رہ کر حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ اور ام سلیم رضی اللہ عنہا کی مہمان نوازی کو جان لیا اور ان کی اگلی رات کی مہمان نوازی پر رب تعالیٰ کی رضا اور قبولیت کو بھی جان لیا۔

حدیث شریف:33

حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰه بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ زَبْرٍ قَالَ سَمِعْتُ بُسْرَ بن عَبيْدِاللّٰهِ اَنَّه' سَمِعَ اَبَااَدْرَيْسَ قَالَ سَمِعْتُ عَوْفَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى غَزْوَةِ تَبُوكَ وَ هُوَ فِى قُبَّةٍ مِنْ اَدَمٍ فَقَالَ اُعْدُدْ سِتًّا بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ مَوْتِى ثُمَّ فَتْحُ بَيْتِ الْمُقَدِسِ ثُمَّ مَوْتَانٌ يَاخُذُ فِيْكُمْ كَقُعَاصِ

Marfat.com

اُلغَنَمِ ثُمَّ اسْتِفَاضَةُ الَمَالِ حَتّٰی یُعْطَی الرَّجُلُ مِائَةَ دِیْنَارٍ فَیَظَلُّ سَاخِطًا ثُمَّ فِتْنَةً لَایَبْقٰی بَیْتٌ مِنَ اُلعَرَبِ اِلَّا دَخَلَتْهُ ثُمَّ هُدْنَةً تَکُوْنُ بَیْنَکُمْ وَ بَیْنَ بَنِی الْاَصْفَرِ فَیَغْدِرُوْنَ فَیَاتُوْنَکُمْ تَحْتَ ثَمَا نِینَ غَایَةٍ تَحْتَ کُلِّ غَایَةٍ اثْنَا عَشَرَ اَلْفًا۔

(بخاری شریف' عربی' کتاب الجزیہ والموادعۃ' حدیث نمبر 3176' ص 529' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابوادریس (عائذ اللہ خولانی) نے کہا کہ میں نے حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کو کہتے ہوئے سنا کہ میں غزوہ تبوک میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا جبکہ آپ ﷺ چمڑے کے ایک خیمہ میں تشریف فرما تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا قیامت سے قبل چھ چیزیں شمار کرلو۔ میرا اس دنیا سے چلا جانا پھر بیت المقدس کی فتح' پھر عام موت جو لوگوں میں بکریوں کی بیماری کی طرح پھیل جائے گی (قعاص ایک بیماری ہے جو سینہ میں ہوتی ہے اور گردن کو توڑ دیتی ہے جس سے فی الفور موت واقع ہوجاتی ہے) پھر افراط زر حتی کہ اگر کسی شخص کو 100 دینار دیا جائے گا تو وہ پھر بھی ناخوش رہے گا پھر ایک بہت بڑا فتنہ' جو عرب میں ہر گھر میں پہنچے گا پھر تم میں اور رومیوں میں صلح ہوگی اور وہ عہد شکنی کر کے تم پر حملہ کردیں گے اور وہ 80 جھنڈے لے کر آئیں گے اور ہر جھنڈے کے نیچے بارہ ہزار فوجی ہوں گے۔

Marfat.com

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد دوم' کتاب الجزیہ والموادعۃ' حدیث نمبر 414' ص 220' مطبوعہ شبیر برادرز' لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے حدیث شریف میں قیامت کی نشانیاں بتاتے ہوئے حملہ آوروں کی تعداد اور ان کے جھنڈوں کی بھی تعداد بیان فرمائی۔

حدیث شریف:34

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ جَمِيْعًا عَنْ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ ابْنُ اَيُّوْبَ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ اَبِىْ عَمْرٍو مَوْلَى الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَّقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِىْ طَلْحَةَ الْتَمِسْ لِىْ غُلَامًا مِنْ غِلْمَانِكُمْ يَخْدُمُنِىْ فَخَرَجَ بِىْ اَبُوْ طَلْحَةَ يُرْدِفُنِىْ وَرَائَهٗ فَكُنْتُ اَخْدُمُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّمَا نَزَلَ وَقَالَ فِى الْحَدِيْثِ ثُمَّ اَقْبَلَ حَتّٰى اِذَا بَدَا لَهٗ اُحُدٌ قَالَ هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهٗ فَلَمَّا اَشْرَفَ عَلَى الْمَدِيْنَةِ قَالَ اللّٰهُمَّ اِنِّىْ اُحَرِّمُ مَابَيْنَ جَبَلَيْهَا مِثْلَ مَا حَرَّمَ بِهٖ اِبْرَاهِيْمُ مَكَّةَ اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِىْ مُدِّهِمْ وَصَاعِهِمْ۔

Marfat.com

(مسلم شریف' عربی' کتاب الحج' حدیث نمبر 3321' ص 574' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کو حکم دیا مجھے کوئی بچہ لا کر دو جو میری خدمت کیا کرے (حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے مجھے اپنے پیچھے بٹھایا اور ساتھ لے کر آ گئے۔ میں نے (سفر کے دوران) نبی اکرم ﷺ کے ہر پڑاؤ میں خدمت کرنا شروع کر دی (اس سے روایت میں آگے چل کر ان الفاظ میں) پھر نبی اکرم ﷺ آگے تشریف لے آئے۔ یہاں تک کہ احد پہاڑ نظر آنے لگا۔ تو آپ نے فرمایا۔ یہ پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔ (حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) پھر نبی اکرم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تو آپ نے ارشاد فرمایا "اے اللہ! میں ان دونوں پہاڑوں کی درمیانی جگہ کو اسی طرح حرم قرار دیتا ہوں جیسا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم قرار دیا تھا' اے اللہ! ان لوگوں (اہل مدینہ) کے "مد" "صاع" (رزق) میں برکت عطا فرما۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد دوم' کتاب الحج' حدیث نمبر 3217' ص 267' مطبوعہ شبیر برادرز' لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم صلی اللہ علیہ وسلم بے جان پہاڑ کے متعلق بھی جانتے ہیں کہ یہ پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے۔ جب حضور ﷺ بے جان پہاڑ کے حال سے واقف ہیں تو انسانوں کے دلوں کے حالات سے کس قدر واقف ہوں گے۔

Marfat.com

حدیث شریف:35

حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هَلَكَ كِسْرٰی ثُمَّ لَایَكُوْنُ كِسْرٰی بَعْدَهٗ وَقَیْصَرُ لَیَهْلِكَنَّ ثُمَّ لَایَكُوْنُ قَیْصَرُ بَعْدَهٗ وَلَتُقْسَمَنَّ كُنُوْزُهَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَسَمَّی الْحَرْبَ خَدْعَةً۔

(بخاری شریف' عربی' کتاب الجہاد والسیر' حدیث نمبر 3027' ص 500' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کسریٰ ہلاک ہوگیا۔ اس کے بعد کسریٰ نہیں ہوگا قیصر ہلاک ہوجائے گا۔ اس کے بعد قیصر نہیں ہوگا اور تم ان کے خزانے اللہ کی راہ میں ضرور تقسیم کروگے اور آپ ﷺ نے لڑائی کو دھوکہ کا نام دیا۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد دوم' کتاب الجہاد والسیر' حدیث نمبر 278' ص 153' مطبوعہ شبیر برادرز' لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے قیصر و کسریٰ کے بعد دوبارہ قیصر و کسریٰ نہ ہونے اور ان کے خزانے کے تقسیم کرنے کی خبر دی۔

Marfat.com

حدیث شریف:36

حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبَّادٍ ِالْاَزْدِیُّ ثَنَا مَرْوَانُ حَدَّثَتْنِیْ طَلْحَةُ اُمُّ غُرَابٍ عَنْ عُقَیْلَةَ امْرَاَةٍ بَنِیْ فَزَارَةَ مَوْلَاةٍ لَّهُمْ عَنْ سُلَامَةَ بِنْتِ الْحَرِّاُخْتِ خَرَشَةَ بْنِ الْحُرِّا الْفَزَارِیِّ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ اَنْ یَتَدَافَعَ اَهْلُ الْمَسْجِدِ لَایَجِدُوْنَ اِمَامًا یُصَلِّیْ بِهِمْ۔

(ابوداؤد شریف عربی کتاب الصلوٰۃ باب فی کراہیۃ التدافع عن الامامۃ حدیث نمبر 581 ص 95 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ہارون بن عباد ازدی مروان طلحہ ام غراب عقیلہ جو بنی فزارہ کی ایک عورت اور ان کی مولاۃ تھی خرشہ بن حرا انفرازی کی بہن سلامہ بنت حر سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کی نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ لوگ مسجد میں ایک دوسرے سے کہیں گے لیکن انہیں نماز پڑھانے کے لئے امام نہیں ملے گا۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد اول کتاب الصلوٰۃ باب فی کراہیۃ التدافع عن الامامۃ حدیث نمبر 578" ص 286 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: موجودہ زمانے میں یہ نشانی کافی حد تک پائی جاتی ہے کیونکہ جو لوگ نماز پڑھاتے ہیں ان میں سے اکثر امامت کے اہل نہیں ہیں بلکہ محض پیشہ ور امام

Marfat.com

ہیں' واللہ تعالیٰ اعلم

حدیث شریف:37

وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا الْمُغِيْرَةُ يَعْنِى الْحِزَامِىَّ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَيْرُ يَوْمٍ طَلَعَتْ فِيْهِ الشَّمْسُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ فِيْهِ خُلِقَ اٰدَمُ وَفِيْهِ اُدْخِلَ الْجَنَّةَ وَفِيْهِ اُخْرِجَ مِنْهَا وَلَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ اِلَّا فِى يَوْمِ الْجُمُعَةِ۔

(مسلم شریف' عربی' کتاب الجمعۃ' حدیث نمبر 1977' ص 343' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔ سب سے بہترین دن جس میں سورج طلوع ہوتا ہے جمعہ کا دن ہے۔ اسی دن حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا گیا۔ اسی دن انہیں جنت میں داخل کیا گیا۔ اسی دن انہیں وہاں سے نکالا گیا اور قیامت بھی جمعہ کے دن ہی قائم ہوگی۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب الجمعۃ' حدیث نمبر 1873' ص 684' مطبوعہ شبیر برادرز' لاہور پاکستان)

ف: درج ذیل حدیث سے معلوم ہوا کہ رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے

Marfat.com

قیامت کے جمعہ کے دن قائم ہونے کی خبر دی۔

حدیث شریف:38

وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ يَعْنِى اِبْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَلٰى حِرَاءٍ هُوَوَاَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَعَلِىٌّ وَّطَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ فَتَحَرَّكَتِ الصَّخْرَةُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اهْدَأْفَمَا عَلَيْكَ اِلَّا نَبِىٌّ اَوْ صِدِّيْقٌ اَوْ شَهِيْدٌ۔

(مسلم شریف' عربی' کتاب فضائل الصحابہ' حدیث نمبر 6248' ص 1065' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ ''حرا'' پہاڑ پر موجود تھے۔ آپ ﷺ کے ہمراہ حضرت ابوبکر' حضرت عمر' حضرت عثمان' حضرت علی' حضرت طلحہ اور حضرت زبیر (رضی اللہ عنہم) تھے۔ چٹان حرکت کرنے لگی تو آپ نے فرمایا: رک جاؤ! کیونکہ تیرے اوپر صرف نبی' صدیق اور شہید موجود ہیں۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد سوم کتاب فضائل الصحابہ' حدیث نمبر 6123' ص 323' مطبوعہ شبیر برادرز' لاہور پاکستان)

Marfat.com

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ کا حکم پہاڑ پر بھی چلتا ہے اور ساتھ ہی جو صحابہ کرام علیہم الرضوان موجود تھے' ان میں شہید ہونے والے صحابہ کرام علیہم الرضوان کی شہادت کی خبر دی۔

حدیث شریف:39

حَدَّثَنِیْ زُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ الْمُغِیْرَةِ حَدَّثَنِیْ سَعِیْدُ الْجُرَیْرِیُّ عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ عَنْ اُسَیْرِ بْنِ جَابِرٍ اَنَّ اَهْلَ الْکُوْفَةِ وَفَدُوْا اِلٰی عُمَرَ وَ فِیْهِمْ رَجُلٌ مِمَّنْ کَانَ یَسْخَرُ بِاُوَیْسٍ فَقَالَ عُمَرُ هَلْ هَاهُنَا اَحَدٌ مِّنَ الْقَرَنِیِّیْنَ فَجَآءَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ فَقَالَ عُمَرُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَدْ قَالَ اِنَّ رَجُلًا یَاْتِیْکُمْ مِنَ الْیَمَنِ یُقَالُ لَهٗ اُوَیْسٌ لَا یَدَعُ بِالْیَمَنِ غَیْرَ اُمٍّ لَهٗ قَدْ کَانَ بِهٖ بَیَاضٌ فَدَعَا اللّٰهَ فَاَذْهَبَهٗ عَنْهُ اِلَّا مَوْضِعَ الدِّیْنَارِ اَوِ الدِّرْهَمِ فَمَنْ لَقِیَهٗ مِنْکُمْ فَلْیَسْتَغْفِرْ لَکُمْ۔

(مسلم شریف' عربی' کتاب فضائل الصحابہ' حدیث نمبر 6490' ص 114' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: اسیر بن جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ اہل کوفہ وفد کی شکل

Marfat.com

میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ان میں ایک ایسا شخص تھا جو حضرت اویس رضی اللہ عنہ کے ساتھ مذاق کیا کرتا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا۔ کیا یہاں قرن کا رہنے والا کوئی شخص ہے؟ تو وہ شخص آگے بڑھا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے تمہارے پاس یمن سے ایک شخص آئے گا جس کا نام ''اویس'' ہوگا۔ یمن میں اس کی صرف والدہ ہوگی۔ وہ برص کی بیماری کا شکار ہوگا اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس (برص کے نشانات) کو ختم کر دے گا اور صرف ایک دینار (یا شاید یہ فرمایا تھا) ایک درہم جتنا نشان رہ جائے گا۔ تم میں سے جو شخص اس سے ملے وہ اس سے اپنے لئے مغفرت کی دعا کروائے۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد سوم کتاب فضائل الصحابہ' حدیث نمبر 6365' ص 409' مطبوعہ شبیر برادرز' لاہور پاکستان)

ف: حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ سچے عاشق رسول تھے مگر ظاہری طور پر کبھی حضور ﷺ سے نہ ملے مگر ان کے دل میں عشق مصطفیٰ ﷺ ہونے کی وجہ سے میرے مولیٰ ﷺ ان کے اور ان کے گھر والوں کے متعلق جانتے تھے۔ معلوم ہوا کہ حضور ﷺ اپنے غلاموں کے حالات سے باخبر ہیں۔ چاہے وہ کائنات کے کسی بھی گوشے میں ہو۔

حدیث شریف: 40

حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ وَاِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ

Marfat.com

قَالَ اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا وَ قَالَ عُثْمَانُ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَقَدْ وَكَّلَ اللّٰهُ بِهٖ قَرِيْنَهٗ مِنَ الْجِنِّ قَالُوْا وَاِيَّاكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَاِيَّایَ اِلَّا اَنَّ اللّٰهَ اَعَانَنِیْ عَلَيْهِ فَاَسْلَمَ فَلَا يَاْمُرُنِیْ اِلَّا بِخَيْرٍ۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب التوبہ، حدیث نمبر 7108، ص 1225، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔ ہر شخص کے ہمراہ اس کا ہمزاد مسلط ہوتا ہے۔ لوگوں نے عرض کی۔ یارسول اللہ ﷺ کیا آپ ﷺ کے ساتھ بھی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میرے ساتھ بھی ہے مگر یہ کہ اس کے خلاف اللہ تعالیٰ نے میری مدد کی ہے اور اس نے اسلام قبول کرلیا ہے اور وہ مجھے صرف بھلائی کی بات کہتا ہے۔

(مسلم شریف عربی اردو، جلد سوم، کتاب التوبہ، حدیث نمبر 6979، ص 611، مطبوعہ شبیر برادرز، لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 41

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ

Marfat.com

بْنِ مُحَمَّدٍ وَّاَبُو عَلْقَمَةَ الْفَرْوِیُّ قَالَا حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ سَلَیْمٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ سَلْمَانَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ یَبْعَثُ رِیْحًا مِنَ الْیَمَنِ اَلْیَنَ مِنَ الْحَرِیْرِ فَلَا تَدَعُ اَحَدًا فِیْ قَلْبِهٖ قَالَ اَبُوْ عَلْقَمَةَ مِثْقَالُ حَبَّةٍ وَ قَالَ عَبْدُالْعَزِیْزِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِّنْ اِیْمَانٍ اِلَّا قَبَضَتْهُ۔

(مسلم شریف' عربی' کتاب الایمان' حدیث نمبر 312' ص 63' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے (قیامت کے قریب) اللہ تعالیٰ یمن کی طرف سے ایک ہوا بھیجے گا جو ریشم سے زیادہ نرم ہوگی۔ اس وقت جس شخص کے دل میں ایک دانے (اور ایک روایت کے مطابق) ایک ذرے کے برابر بھی ایمان ہوگا وہ "ہوا" اس کی (روح) قبض کرلے گی۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد اول کتاب الایمان' حدیث نمبر 220' ص 134 مطبوعہ شبیر برادرز' لاہور پاکستان)

عقیدہ: اللہ عزوجل نے انبیاء علیہم السلام کو اپنے غیوب پر اطلاع دی زمین و آسمان کا ہر ذرہ ہر نبی کے پیش نظر ہے مگر یہ علم غیب کہ ان کو ہے اللہ کے دیئے سے ہے لہٰذا ان کا علم عطائی ہوا اور علم عطائی اللہ عزوجل کے لئے محال ہے کہ اس کی کوئی صفت کوئی کمال کسی کا دیا ہوا نہیں ہوسکتا بلکہ ذاتی ہے جو لوگ انبیاء بلکہ سید

Marfat.com

الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مطلق علم غیب کی نفی کرتے ہیں وہ قرآن عظیم کی اس آیت کے مصداق ہیں۔

افتومنون ببعض الکتٰب وتکفرون ببعض

یعنی قرآن عظیم کی بعض باتیں مانتے ہیں اور بعض کے ساتھ کفر کرتے ہیں کہ آیت نفی دیکھتے ہیں اور ان آیتوں سے جن میں انبیاء علیہم السلام کو علوم غیب عطا کیا جانا بیان کیا گیا ہے' انکار کرتے ہیں حالانکہ نفی و اثبات دونوں حق ہیں کہ نفی علم ذاتی کی ہے کہ یہ خاصہ الوہیت ہے' اثبات عطائی کا ہے کہ یہ انبیاء ہی کی شایان شان ہے اور منافی الوہیت ہے اور یہ کہنا کہ ہر ذرہ کا علم نبی کے لئے مانا جائے تو خالق و مخلوق کی مساوات لازم آئے گی۔ باطل محض ہے کہ مساوات تو جب لازم آئے کہ اللہ عزوجل کے لئے بھی اتنا ہی علم ثابت کیا جائے اور یہ نہ کہے گا مگر کافر ذرات عالم متناہی ہیں اور اس کا علم غیر متناہی ورنہ جہل لازم آئے گا اور یہ محال کہ خدا جہل سے پاک نیز ذاتی و عطائی کا فرق بیان کرنے پر بھی مساوات کا الزام دینا صراحتاً ایمان و اسلام کے خلاف ہے کہ اس فرق کے ہوتے ہوئے مساوات ہو جایا کرے تو لازم کہ ممکن و واجب وجود میں معاذ اللہ مساوی ہو جائیں کہ ممکن بھی موجود ہے اور واجب بھی موجود اور وجود میں مساوی کہنا صریح کفر کھلا شرک ہے۔ انبیاء علیہم السلام غیب کی خبر دینے کے لئے آتے ہی ہیں کہ جنت و نار و حشر و نشر و عذاب و ثواب غیب نہیں تو اور کیا ہیں۔ ان کا منصب ہی یہ ہے کہ وہ باتیں ارشاد فرمائیں جن

Marfat.com

تک عقل وحواس کی رسائی نہیں اور اسی کا نام غیب ہے۔ اولیاء کو بھی علم غیب عطائی ہوتا ہے مگر بواسطہ انبیاء کے (بہار شریعت حصہ اول)

حدیث شریف:42

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الْخُزَاعِیُّ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ عَنْ اَنَسٍ وَقَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی یَتَبَاهَی النَّاسُ فِی الْمَسَاجِدِ

(ابوداؤد شریف عربی، کتاب الصلوٰۃ، باب فی بناء المساجد حدیث نمبر 449، ص 76، مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: قتادہ رضی اللہ عنہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ لوگ فخر کریں گے مسجدوں کی ظاہری شان وشوکت کے باعث۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد اول، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 446، ص 212، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:43

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا بِشْرٌ عَنْ خَالِدِ بْنِ ذَكْوَانَ عَنِ

Marfat.com

الرُّبَیِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِ بْنِ عَفْرَآءَ قَالَتْ جَآءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ عَلَيَّ صُبَيْحَةَ بُنِيَ بِيْ فَجَلَسَ عَلٰى فِرَاشِيْ كَمَجْلِسِكَ مِنِّيْ فَجَعَلَتْ جُوَيْرِيَاتٌ يَضْرِبْنَ بِدُفٍّ لَهُنَّ وَيَنْدُبْنَ مَنْ قُتِلَ مِنْ اٰبَائِيْ يَوْمَ بَدْرٍ اِلٰى اَنْ قَالَتْ اِحْدٰهُنَّ وَفِيْنَا نَبِيٌّ يَعْلَمُ مَا فِيْ غَدٍ فَقَالَ دَعِيْ هٰذَا وَ قَوْلِيْ الَّذِيْ كُنْتِ تَقُوْلِيْنَ۔

(سنن ابوداؤد عربی، کتاب الادب، حدیث نمبر 4922، ص 694، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: خالد بن ذکوان کا بیان ہے کہ حضرت ربیع بنت معوذ بن عفراء رضی اللہ عنہما نے فرمایا۔ میری شادی کی اگلی صبح کو رسول اللہ ﷺ میرے پاس صبح سویرے تشریف لائے اور میرے بستر پر بیٹھ گئے جیسے تم بیٹھے ہو۔ کچھ لڑکیاں اپنی دف بجا کر اپنے آباؤ اجداد کے کارنامے گانے لگیں جو غزوہ بدر میں شہید ہو گئے تھے۔ یہاں تک کہ ان میں سے ایک نے کہا ''اور ہم میں ایسے نبی جلوہ افروز ہیں جو کل کی بات بھی جانتے ہیں'' آپ ﷺ نے فرمایا کہ اسے چھوڑ دو اور وہی باتیں کہو جو تم کہہ رہی تھیں۔

(سنن ابوداؤد عربی اردو، جلد سوم، کتاب الادب، حدیث نمبر 1491، ص 543 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: مدینہ طیبہ کی لڑکیاں دف بجا کر جو شہدائے بدر کے مرثیے پڑھ رہی

Marfat.com

تھیں تو یقیناً وہ مرثیے کسی صحابی نے لکھے ہوں گے۔ ایک لڑکی نے مرثیہ پڑھتے ہوئے یہ مصرعہ کہا **وَفِیْنَا نَبِیٌّ یَعْلَمُ مَا فِیْ غَدٍ** یعنی ہم میں ایسا نبی جلوہ افروز ہے جو آئندہ کے واقعات کو بھی جانتا ہے۔ معلوم ہوا کہ صحابہ کرام کا عقیدہ تھا کہ وہ رسول اللہ ﷺ کو غیوب خمسہ سے خبردار سمجھتے تھے اور برملا کہتے تھے۔ نبی کریم ﷺ نے اس لڑکی کی زبان سے یہ مصرعہ سن کر مولوی محمد اسمٰعیل دہلوی (المتوفی ۱۲۴۶ھ/۱۹۳۱ء) کی طرح اسے شرک وکفر قرار نہیں دیا اور مطلقاً یہ نہیں فرمایا کہ بیٹی تم مشرکہ ہوگئیں اور جس صحابی نے مرثیے میں یہ مصرعہ کہا ہے وہ بھی مشرک ہوگیا' اسے چاہئے کہ ازسرنو ایمان لائے اور تجدید نکاح کرے۔ خبردار جو آئندہ ایسی شرک وکفر کی بات زبان پر لائے۔ فرمایا تو بس اتنا کہ اس بات کو چھوڑ دو اور جو تم کہہ رہی تھیں وہی کہے جاؤ۔ یعنی یہ عقائد کا معاملہ ہے مبادا الفاظ میں تم سے کمی بیشی ہوجائے یا مبالغہ آرائی سے کام لینے گویا آئندہ کسی غلط فہمی میں مبتلا ہوجاؤ۔ لہذا اس نازک بات کو رہنے دو اور اپنے شہداء کے کارنامے ہی بیان کرو' مقصد یہ تھا کہ میرے حضور تم میری تعریفیں بیان نہ کرو بلکہ شمع رسالت کے ان جانثار پروانوں کی تعریفیں ہی کرو کہ بالواسطہ وہ میری ہی تعریف ہے۔

Marfat.com

نگاہ پاک مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث شریف:44

حَدَّثَنَا اَبُوْ تَوْبَةَ نَامُعَاوِيَةُ يَعْنِى ابْنَ سَلَامٍ عَنْ زَيْدٍ يَعْنِى ابْنَ سَلَامٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا سَلَامٍ قَالَ حَدَّثَنِى السَّلُوْلِىُّ اَبُوْ كَشَبَةَ اَنَّهٗ حَدَّثَهٗ سَهْلُ بْنُ الْحَنْظَلِيَّةِ اَنَّهُمْ سَارُوْا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ فَاَطْنَبُوا السَّيْرَ حَتّٰى كَانَ عَشِيَّةً فَحَضَرْتُ صَلٰوةَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَآءَ رَجُلٌ فَارِسٌ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ انْطَلَقْتُ بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ حَتّٰى طَلَعْتُ جَبَلَ كَذَا وَكَذَا فَاِذَا اَنَا بِهَوَازِنَ عَلٰى بَكْرَةِ اَبَائِهِمْ بِظُعُنِهِمْ وَ نَعَمِهِمْ وَشَائِهِمِ اجْتَمَعُوْآ اِلٰى حُنَيْنٍ فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ تِلْكَ غَنِيْمَةُ الْمُسْلِمِيْنَ غَدًا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ قَالَ مَنْ يَحْرُسُنَا اللَّيْلَةَ قَالَ اَنَسُ ابْنُ اَبِىْ مَرْثَدٍ نِ الْغَنَوِىُّ اَنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ فَارْكَبْ فَرَكِبَ فَرَسًا لَهٗ وَجَآءَ اِلٰى

Marfat.com

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَقْبِلْ هٰذَا الشِّعْبَ حَتّٰى تَكُوْنَ فِىْ اَعْلَاهُ وَ لَاتَغُرَّنَّ مِنْ قِبَلِكَ اللَّيْلَةَ فَلَمَّا اَصْبَحْنَا خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى مُصَلَّاهُ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ قَالَ هَلْ اَحْسَسْتُمْ فَارِسَكُمْ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَحْسَسْنَا فَثُوِّبَ بِالصَّلٰوةِ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّىْ وَ هُوَ يَتَلَفَّتُ اِلَى الشِّعَبِ حَتّٰى اِذَا قَضٰى صَلٰوتَهٗ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبْشِرُوْا فَقَدْ جَآءَ كُمْ فَارِسُكُمْ فَجَعَلْنَا نَنْظُرُ اِلٰى خِلَالِ الشَّجَرِ فِى الشِّعَبِ فَاِذَا هُوَ قَدْ جَآءَ حَتّٰى وَقَفَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ وَقَالَ اِنِّى انْطَلَقْتُ حَتّٰى كُنْتُ فِىْ اَعْلٰى هٰذَا الشِّعْبِ حَيْثُ اَمَرَنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اَصْبَحْتُ اطَّلَعْتُ الشِّعْبَيْنِ كِلَيْهِمَا فَنَظَرْتُ فَلَمْ اَرَاَحَدًا فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ نَزَلْتَ اللَّيْلَةَ قَالَ لَا اِلَّا مُصَلِّيًا اَوْقَاضِيًا حَاجَةً فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَوْجَبْتَ فَلَا عَلَيْكَ اَنْ لَاتَعْمَلَ بَعْدَهَا۔

(ابوداؤد عربی کتاب الجہاد باب فی فضل الحرس حدیث نمبر 2501 ص 362 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

Marfat.com

ترجمہ: سلولی نے حضرت سہل بن حنظلیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ غزوہ حنین کے وقت ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سفر کیا اور کافی چلتے رہے یہاں تک کہ شام ہونے کو آئی تو میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھنے کے لئے حاضر ہوا۔ پس ایک ایرانی آ کر عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ ﷺ! میں آپ کے سامنے سے گیا۔ یہاں تک کہ میں فلاں فلاں پہاڑی پر چڑھا تو ہوازن والوں کو دیکھا کہ اپنی عورتوں' اونٹوں اور بکریوں کو حنین کے مقام پر جمع کر رہے تھے۔ پس رسول اللہ ﷺ نے تبسم ریزی کرتے ہوئے فرمایا "ان شاء اللہ تعالیٰ کل یہ مسلمانوں کا مال غنیمت ہوگا۔ پھر فرمایا کہ آج رات ہمارا پہرہ کون دے گا؟ حضرت انس بن ابومرثد غنوی رضی اللہ عنہ عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ ﷺ میں۔ آپ ﷺ نے فرمایا تو سوار ہو جاؤ۔ پس وہ اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر حاضر بارگاہ ہوئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ اس گھاٹی کی طرف جاؤ اور اس کی بلندی پر چڑھ جانا اور تمہاری وجہ سے آج رات ہم دھوکا نہ کھا جائیں۔ جب صبح ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نماز پڑھانے کے لئے باہر تشریف لائے اور دو رکعتیں پڑھ کر فرمایا۔ کیا تمہیں اپنا سوار بھی نظر آیا ہے؟ پس نماز کے لئے اقامت کہی گئی تو رسول اللہ ﷺ نماز پڑھانے لگے اور گھاٹی کی طرف دیکھ لیتے یہاں تک کہ نماز پوری ہوگئی اور سلام پھیر دیا گیا۔ فرمایا تمہیں بشارت ہو کہ تمہارا سوار آ گیا ہے۔ پس ہم درختوں کے درمیان سے گھاٹی کی طرف دیکھنے لگے تو وہ آ رہے تھے یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے

Marfat.com

کھڑے ہو کر سلام عرض کیا اور عرض گزار ہوئے کہ میں گیا تو اس گھاٹی کی بلندی پر چڑھ گیا جہاں کے لئے رسول اللہ ﷺ نے حکم فرمایا تھا۔ جب صبح ہوئی تو میں نے دونوں گھاٹیوں کو دیکھا۔ خوب نظر دوڑائی لیکن کوئی ایک آدمی نظر نہ آیا۔ رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا کہ کیا آج رات تم اترے؟ عرض گزار ہوئے کہ نہیں مگر نماز پڑھنے اور قضائے حاجت کے لئے۔ رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا کہ تمہارے لئے جنت واجب ہوگئی۔ اگر اس کے بعد کوئی عمل بھی نہ کرو تب بھی کچھ نہیں بگڑے گا۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد دوم کتاب الجہاد حدیث نمبر 729 ص 276 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: نبی کریم ﷺ کا نماز میں کن انکھیوں سے گھاٹی کی طرف دیکھنا کہ ان کے بھیجے ہوئے انس بن ابو مرثد غنوی آ رہے ہیں یا نہیں؟ یہ رسول اللہ ﷺ کے خصائص میں سے ہے جو دوسروں کے لئے حجت نہیں کہ وہ بھی نماز میں اِدھر اُدھر دیکھ لیا کریں بلکہ دوسروں کے لئے آپ ﷺ نے اسے نماز میں چوری کرنا فرمایا ہے۔ نیز بینائی کے سلب ہو جانے کی وعید سنائی ہے۔ نبی کریم ﷺ کا نماز میں اِدھر اُدھر دیکھنا حتی کہ دورانِ نماز جنت و دوزخ کا مشاہدہ کرنا' حتی کہ جنت کے پھلوں سے لدی ہوئی ایک ٹہنی کو توڑنے کے لئے بارہا دست مبارک اٹھانا وغیرہ امور آپ کی توجہ الی اللہ پر اثر انداز نہیں ہوتے تھے۔ چونکہ دوسروں کی یہ حالت نہیں لہذا اور کسی کو یہ اجازت بھی نہیں کیونکہ دوسروں کے لئے یہ خشوع و خضوع کے منافی ہے۔

Marfat.com

تحویل قبلہ کے وقت بھی رسول اللہ ﷺ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کی آمد کے انتظار میں بارہا عین نماز کی حالت میں آسمان کی طرف دیکھا جس کا قرآن کریم نے یوں ذکر فرمایا ہے۔

قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِی السَّمَآءِ (۱۴۴:۲)

معلوم ہوا کہ خاص حالت کے باعث یہ بات رسول اللہ ﷺ کے خصائص سے ہے جو دوسروں کے لئے حجت نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

حدیث شریف:45

حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ وَابْنُ اَبِیْ خَلْفٍ قَالَا نَاسُفْیَانُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عَامِرِ ابْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ مَرِضَ مَرَضًا اُشْفٰی فِیْهِ فَعَادَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ لِیْ مَالًا کَثِیْرًا وَلَیْسَ یَرِثُنِیْ اِلَّا ابْنَتِیْ اَفَاَتَصَدَّقُ بِالثُّلُثَیْنِ قَالَ لَا قَالَ فَبِالشَّطْرِ قَالَ لَا قَالَ فَالثُّلُثُ قَالَ الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ کَثِیْرٌ اِنَّکَ اِنْ تَتْرُکْ وَرَثَتَکَ اَغْنِیَآءَ خَیْرٌ مِنْ اَنْ تَدَعَهُمْ عَالَةً یَتَکَفَّفُوْنَ النَّاسَ وَاِنَّکَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً اِلَّا اُجِرْتَ فِیْهَا حَتّٰی اللُّقْمَةِ تَدْفَعُهَا اِلٰی فِیْ امْرَاَتِکَ قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ

Marfat.com

اَتَخَلَّفُ عَنْ هِجْرَتِیْ قَالَ اِنَّكَ اِنْ تَخْلِفُ بَعْدِیْ فَتَعْمَلُ عَمَلًا صَالِحًا تُرِیْدُ بِهٖ وَجْهَ اللّٰهِ لَا تَزْدَادُ بِهٖ اِلَّا رِفْعَةً وَ دَرَجَةً لَعَلَّكَ اِنْ تَخَلَّفُ حَتّٰی یَنْتَفِعَ بِكَ اَقْوَامٌ وَیَضَرَّبِكَ اٰخَرُوْنَ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ امْضِ لِاَصْحَابِیْ هِجْرَتَهُمْ وَلَاتَرُدَّهُمْ عَلٰی اَعْقَابِهِمْ لٰكِنِ الْبَآئِسَ سَعِیْدُ بْنُ خَوْلَةَ یَرْثِیْ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنْ مَاتَ بِمَكَّةَ۔

(ابوداؤد عربی، کتاب الوصایا، باب ماجاء فیما یجوز للموصی فی مالہ، حدیث نمبر 2864، ص 416، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: عامر بن سعید سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد نے فرمایا۔ میں سخت بیمار پڑا جس سے شفا ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے میری عیادت فرمائی۔ میں عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ ﷺ! بے شک میرے پاس کافی مال ہے اور ایک بیٹی کے سوا میرا کوئی وارث نہیں۔ کیا میں دو تہائی مال صدقہ کر دوں؟ فرمایا نہیں۔ عرض کی کہ نصف؟ فرمایا نہیں۔ عرض گزار کہ تہائی؟ فرمایا کہ تہائی سہی لیکن تہائی بھی زیادہ ہے۔ اگر تم اپنے وارثوں کو مالدار چھوڑ دو تو یہ اس سے بہتر ہے کہ انہیں تنگ چھوڑ جاؤ اور وہ لوگوں کے آگے ہاتھ پھیلاتے پھریں اور تم ان پر خرچ نہیں کرتے مگر اس کا تمہیں ثواب دیا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ لقمہ جو تم اپنی بیوی کے منہ میں دیتے ہو عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ ﷺ! کیا میں اپنی ہجرت کے باوجود پیچھے چھوڑ دیا

Marfat.com

جاؤں گا؟ فرمایا کہ اگر تم میرے بعد پیچھے رہے تو رضائے الٰہی کے کام کرو گے جن سے تمہاری رفعت اور درجات میں اضافہ ہوگا۔ شاید تم پیچھے رہ جاؤ اور کتنے ہی لوگ تم سے فائدہ اٹھائیں اور کتنے ہی لوگوں کو نقصان پہنچے۔ پھر دعا فرمائی۔ اے اللہ! میرے اصحاب کی ہجرت کو پورا فرما اور انہیں واپس نہ لوٹا۔ ان کی ایڑیوں پر لیکن تاسف رہا حضرت سعید بن خولہ رضی اللہ عنہ کا کہ رسول اللہ ﷺ بھی افسوس کیا کرتے تھے کیونکہ ان کا وصال مکہ مکرمہ میں ہو گیا تھا۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد دوم کتاب الوصایا حدیث نمبر 1090 ص 414 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: جب ۸ھ میں مکہ مکرمہ کو فتح کیا گیا تو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیمار پڑ گئے۔ انہیں خدشہ لاحق ہوا کہ شاید میں بھی ہجرت کرنے کے باوجود مدینہ منورہ نہ جا سکوں اور حضرت سعید بن خولہ رضی اللہ عنہ کی طرح مکہ معظمہ میں دفن ہونا پڑے۔ نبی کریم ﷺ کی بشارت کے مطابق یہ مدتوں زندہ رہے۔ ان کے سال وفات میں اگرچہ اختلاف ہے لیکن غیر مقلد مولوی وحید الزمان خان صاحب نے لکھا ہے "اور ۳۵ھ میں سعد کا انتقال ہوا تو اس بیماری کے بعد سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ ۴۵ برس تک زندہ رہے" ہماری سمجھ میں وحید الزماں خان کا حساب نہیں آیا کیونکہ ۸ھ میں فتح مکہ کے وقت حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیمار ہوئے۔ اور بقول وحید الزماں خان ۳۵ھ میں انہوں نے وفات پائی تو اس بیماری کے بعد پینتالیس برس تک کس طرح زندہ رہے؟

Marfat.com

حدیث شریف:46

حَدَّثَنَا اَبُوبَكْرَ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ وَاَبُوْكُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ تَمِيْمِ بْنِ طَرَفَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَالِیْ اَرَاكُمْ رَافِعِیْ اَيْدِيْكُمْ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ؟ اِسْكُنُوْا فِی الصَّلٰوةِ قَالَ ثُمَّ خَرَجَ عَلَيْنَا فَرَاٰنَا حِلَقاً فَقَالَ مَالِیْ اَرَاكُمْ عِزِيْنَ قَالَ ثُمَّ خَرَجَ عَلَيْنَا فَقَالَ اَلَا تَصُفُّوْنَ كَمَا تَصُفُّ الْمَلٰئِكَةُ عِنْدَ رَبِّهَا قَالَ يُتِمُّوْنَ الصُّفُوْفَ الْاُوَلَ وَيَتَرَاصُّوْنَ فِی الصَّفِّ۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 968، ص 183، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں، ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا: میں دیکھ رہا ہوں کہ تم سرکش گھوڑوں کی دموں کی طرح ہاتھ اٹھاتے ہو سکون کے ساتھ نماز ادا کیا کرو (حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) پھر ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ تشریف لائے اور ہمیں مختلف حلقوں میں بیٹھے ہوئے دیکھا تو فرمایا: تم منتشر ہو کر کیوں بیٹھے ہوئے ہو؟

Marfat.com

پھر ایک مرتبہ تشریف لائے تو فرمایا: جس طرح فرشتے اپنے پروردگار کی بارگاہ میں صفیں باندھ کر کھڑے ہوتے ہیں' اس طرح تم صفیں کیوں نہیں قائم کرتے؟ آپ ﷺ نے مزید فرمایا: وہ پہلے' پہلی صف مکمل کرتے ہیں اور صف میں مل جل کر کھڑے ہوتے ہیں۔

(مسلم شریف جلد اول' کتاب الصلوٰۃ رقم الحدیث 871 ص 359 مطبوعہ شبیر برادرز لاہور)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ کی نگاہ نور سے نورانی مخلوق فرشتوں کا اپنے پروردگار جل جلالہ کی بارگاہ میں صفیں باندھ کر تیار ہونا ملاحظہ فرماتے ہیں۔

حدیث شریف: 47

حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرَ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ اَنْبَانَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى اَنْبَانَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ ابْنِ مُهَاجِرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ مُوَرِّقِ الْعَجَلِيِّ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّی اَرٰى مَالَا تَرَوْنَ وَاَسْمَعُ مَالَا تَسْمَعُوْنَ اِنَّ السَّمَآءَ اَطَّتْ وَ حُقَّ لَهَا اَنْ تَئِطَّ مَا فِيْهَا مَوْضِعُ اَرْبَعِ اَصَابِعَ اِلَّا وَمَلَكٌ وَاضِعٌ جَبْهَتَهٗ سَاجِدًا لِلّٰهِ وَاللّٰهِ لَوْتَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا وَمَا تَلَذَّذْتُمْ بِالنِّسَآءِ عَلَى الْفُرُشَاتِ وَلَخَرَجْتُمْ اِلَى الصُّعُدَاتِ تَجْاَرُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَاللّٰهِ لَوَدِدْتُ اِنِّیْ كُنْتُ

Marfat.com

شَجَرَۃً تُعضَد۔

(ابن ماجہ عربی کتاب الزہد حدیث نمبر 4190 ص 611 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابوبکر عبیداللہ بن موسیٰ اسرائیل ابراہیم بن مہاجر مجاہد مورق العجل ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا میں وہ باتیں دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھتے اور میں وہ باتیں سنتا ہوں جو تم نہیں سنتے آسمان چڑ چڑا رہا ہے کیونکہ اس میں بالشت بھر بھی جگہ ایسی نہیں جہاں فرشتے کا سر سجدہ میں موجود نہ ہو۔ خدا کی قسم اگر تم بھی وہ باتیں جان لو جو میں جانتا ہوں تو تم کم ہنسو اور زیادہ روؤ حتی کہ عورتوں سے محبت میں بھی تمہیں مزہ نہ آئے اور تم شور و فریاد کرتے ہوئے صحرا کو نکل جاؤ۔ خدا کی قسم میری یہ خواہش ہے کہ میں ایک درخت ہوتا جسے جڑ سے کاٹ کر پھینک دیتے۔

(سنن ابن ماجہ عربی اردو جلد دوم باب الحزن والبکاء حدیث نمبر 1993 ص 557 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث شریف سے یہ بات ثابت ہو رہی ہے کہ جو رسول اکرم نور مجسم ﷺ سنتے ہیں وہ ہم نہیں سن سکتے اور جو رسول اکرم نور مجسم ﷺ دیکھتے ہیں وہ ہم نہیں دیکھ سکتے۔

حضور ﷺ جن آنکھوں سے ہمیں دیکھتے ہیں انہی آنکھوں سے فرشتوں کو دیکھتے ہیں اور جن کانوں سے عام باتیں سنتے ہیں انہی کانوں سے آسمان کا چڑ چڑانا اور آواز غیبی سنتے ہیں۔

Marfat.com

حدیث شریف:48

وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هٰذَا مَا حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ اَحَادِيْثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَقْتَتِلَ فِئَتَانِ عَظِيْمَتَانِ وَتَكُوْنُ بَيْنَهُمَا مَقْتَلَةٌ عَظِيْمَةٌ وَّدَعْوَا هُمَا وَاحِدَةٌ۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب الفتن، حدیث نمبر 7256، ص 1250، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک دو بڑے گروہوں کے درمیان جنگ نہ ہو، ان دونوں کے درمیان بہت زیادہ قتل وغارت گری ہوگی اور ان دونوں کا دعویٰ ایک ہی ہوگا (کہ ہم حق پر ہیں)

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد سوم، کتاب الفتن واشراط الساعۃ، حدیث نمبر 7126، ص 654، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور، پاکستان)

حدیث شریف:49

حَدَّثَنَا اَبُوالرَّبِيْعِ الْعَتَكِيُّ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ

Marfat.com

كِلَاهُمَا عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ وَّاللَّفْظُ لِقُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِىْ اَسْمَاءَ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ زَوٰى لِىَ الْاَرْضَ فَرَاَيْتُ مَشَارِقَهَا وَمَغَارِبَهَا وَاِنَّ اُمَّتِىْ سَيَبْلُغُ مُلْكُهَا مَا زُوِىَ لِىْ مِنْهَا وَاُعْطِيْتُ الْكَنْزَيْنِ الْاَحْمَرَ وَالْاَبْيَضَ وَاِنِّىْ سَاَلْتُ رَبِّىْ لِاُمَّتِىْ اَنْ لَّا يُهْلِكَهَا بِسَنَةٍ عَامَّةٍ وَ لَايُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِّنْ سِوٰى اَنْفُسِهِمْ فَيَسْتَبِيْحَ بَيْضَتَهُمْ وَاِنَّ رَبِّىْ قَالَ يَا مُحَمَّدُ اِنِّىْ اِذَا قَضَيْتُ قَضَاءً فَاِنَّهُ لَايُرَدُّ وَاِنِّىْ اَعْطَيْتُكَ لِاُمَّتِكَ اَنْ لَّا اُهْلِكَهُمْ بِسَنَةٍ عَامَّةٍ وَ لَا اُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِّنْ سِوٰى اَنْفُسِهِمْ يَسْتَبِيْحُ بَيْضَتَهُمْ وَلَوِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِمْ مَنْ بِاَقْطَارِهَا اَوْ قَالَ مَنْ بَيْنَ اَقْطَارِهَا حَتّٰى يَكُوْنَ بَعْضُهُمْ يُهْلِكُ بَعْضًا وَّيَسْبِىْ بَعْضُهُمْ بَعْضًا۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب الفتن، حدیث نمبر 7258، ص 1250، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: بے شک اللہ تعالیٰ نے میرے لئے تمام روئے زمین کو سمیٹ دیا ہے تو میں نے مشرق کے تمام حصوں اور مغرب کے تمام حصوں کو دیکھ لیا۔ میرے

Marfat.com

لئے جتنی زمین سمیٹی گئی میری اُمّت کی حکومت وہاں تک ہوگی۔ مجھے سرخ اور سفید دو خزانے دیئے گئے میں نے اپنے پروردگار سے یہ دعا کی کہ وہ میری اُمّت کو قحط سالی کے ذریعے ہلاک نہ کرے اور ان پر ان کے اپنے علاوہ (باہر کا) کوئی دشمن مسلط نہ کرے جو انہیں تباہ و برباد کرے۔ میرے پروردگار نے فرمایا: اے محمد ﷺ! میں جب کوئی فیصلہ کر دوں تو وہ پورا ہوتا ہے۔ تمہاری اُمّت کے لئے میں تمہیں یہ عطا کرتا ہوں کہ میں انہیں قحط سالی کے ذریعے ہلاک نہیں کروں گا اور نہ ہی ان پر باہر کا دشمن مسلط کروں گا جو انہیں تباہ و برباد کر دے اگرچہ ان کے خلاف روئے زمین کے تمام لوگ اکھٹے ہو جائیں البتہ (تمہاری اُمّت کے افراد) آپس میں ایک دوسرے کو ہلاک کریں گے اور ایک دوسرے کو قید کریں گے۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد سوم، کتاب الفتن واشراط الساعۃ، حدیث نمبر 7128، ص 654 مطبوعہ شبیر برادرز لاہور، پاکستان)

حدیث شریف:50

حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِىْ اَبُو الزُّبَيْرِ اِنَّهٗ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدُاللّٰهِ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَنَازَةُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ بَيْنَ اَيْدِيْهِمُ اهْتَزَّلَهَا عَرْشُ الرَّحْمٰنِ۔

Marfat.com

(مسلم شریف' عربی' کتاب فضائل الصحابہ' حدیث نمبر 6345' ص 1084' مطبوعہ دار السلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کا جنازہ لوگوں کے سامنے رکھا ہوا تھا۔ جب نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا: اس (کی روح کی عالم بالا میں آمد) کی وجہ سے عرش الٰہی جھوم اٹھا ہے۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد سوم کتاب فضائل الصحابہ' حدیث نمبر 6221' ص 355' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ کی نگاہیں حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی روح کو بھی ملاحظہ فرما رہی تھیں اور ساتھ ہی زمین پر جلوہ افروز رہ کر عرش الٰہی کا محبت و عقیدت سے جھومنا بھی ملاحظہ فرما رہے ہیں۔

حدیث شریف: 51

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَآءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنْخَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا نَحْوًا مِّنْ قِرَآئَةِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا

Marfat.com

طَوِيْلًا ثُمَّ رَفَعَ فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا وَّهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْاَوَّلِ ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَّ هُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْاَوَّلِ ثُمَّ سَجَدَ ثُمَّ قَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا وَّهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْاَوَّلِ ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَّ هُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْاَوَّلِ ثُمَّ رَفَعَ فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا وَّهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْاَوَّلِ ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَّ هُوَدُوْنَ الرُّكُوْعِ الْاَوَّل ثُمَّ سَجَدَ ثُمَّ انْصَرَفَ وَقَدْ تَجَلَّتِ الشَّمْسُ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ اٰيَتَانِ مِنْ اٰيَاتِ اللّٰهِ لَا يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّلَا اِلِحيَاتِهٖ فَاِذَارَاَيْتُمْ ذٰلِكَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَاَيْنَا كَ تَنَاوَلْتَ شَيْئًا فِيْ مَقَامِكَ ثُمَّ رَاَيْنَاكَ تَكَعْكَعْتَ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ رَاَيْتُ الْجَنَّةَ فَتَنَاوَلْتُ عُنْقُوداً وَّلَوْ اَصَبْتُه، لَا كَلْتُمْ مِّنْهُ مَابَقِيَتِ الدُّنْيَا وَاُرِيْتُ النَّارَ فَلَمْ اَرَ مَنْظَرًا كَالْيَوْمِ قَطُّ اَفْظَعَ ورَاَيْتُ اَكْثَرَ اَهْلِهَا النِّسَآءَ قَالُوْا بِمَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ بِكُفْرِهِنَّ قِيْلَ اَيَكْفُرْنَ بِاللّٰهِ قَالَ يَكْفُرْنَ الْعَشِيْرَ وَيَكْفُرْنَ الْاِحْسَانَ لَوْ اَحْسَنْتَ اِلٰى اِحْدٰهُنَّ الدَّهْرَ كُلَّه، ثُمَّ رَاَتْ مِنْكَ شَيْئًا قَالَتْ مَارَاَيْتُ مِنْكَ خَيْرًا قَطُّ ۔

(بخاری شریف، عربی، کتاب الکسوف، حدیث نمبر 1052، ص 170، مطبوعہ دارالسلام، ریاض

Marfat.com

سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی اکرم ﷺ کے زمانہ مبارک میں سورج کو گرہن لگ گیا اور رسول اللہ ﷺ نے نماز پڑھی۔ آپ کھڑے ہوئے اور سورہ بقرہ پڑھنے کے برابر طویل قیام فرمایا۔ پھر آپ ﷺ نے طویل رکوع کیا۔ پھر آپ ﷺ نے رکوع سے اپنا سر مبارک اٹھایا اور لمبا قیام کیا اور یہ پہلے قیام سے تھوڑا کم تھا۔ پھر آپ ﷺ نے طویل رکوع فرمایا اور وہ پہلے رکوع سے ذرا کم تھا۔ پھر آپ ﷺ نے سجدہ کیا پھر کھڑے ہوئے اور طویل قیام فرمایا اور پہلے قیام سے کم تھا۔ پھر آپ ﷺ نے لمبا رکوع کیا اور یہ رکوع پہلے رکوع سے ذرا کم تھا۔ پھر آپ ﷺ نے سجدہ کیا پھر آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو سورج روشن ہو چکا تھا (نماز کے بعد) آپ ﷺ نے فرمایا شمس وقمر اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں اور یہ کسی کی موت وحیات کے سبب بے نور نہیں ہوتے اور جب تم ان کا بے نور ہونا دیکھو تو اللہ تعالیٰ کا ذکر کرو۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ ہم نے آپ ﷺ کو اپنی جگہ کھڑے کھڑے کچھ پکڑتے دیکھا پھر ہم نے آپ ﷺ کو پیچھے ہٹتے دیکھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا میں نے جنت کو دیکھا اور میں نے انگور کا گچھا پکڑنا چاہا اگر اس کو لے آتا تو تم رہتی دنیا تک کھاتے رہتے۔ مجھے جہنم دکھائی گئی میں نے اس سے زیادہ خوفناک منظر نہیں دیکھا جیسے آج دیکھا ہے اور میں نے دیکھا ہے کہ اس میں رہنے والوں کی اکثریت عورتوں کی تھی۔ لوگوں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ کیوں؟ آپ ﷺ نے

Marfat.com

فرمایا ان کے کفر کے سبب عرض کیا گیا کیا وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کفر کرتی ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا اپنے خاوند کی ناشکری کرتی ہیں اور احسان کا انکار کرتی ہیں اگر تم ان میں سے کسی ایک سے زندگی بھر احسان کرتا رہے۔ پھر اس نے تجھ سے ناموافق چیز دیکھ لی تو کہے گی میں نے تجھ سے کبھی اچھائی نہیں دیکھی۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب الکسوف' حدیث نمبر 990 ص 442 مطبوعہ شبیر برادرز' لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے اپنے مصلے پر کھڑے ہو کر جنت اور جہنم کو ملاحظہ فرمایا اور ساتھ ہی آپ ﷺ کا دست حق پرست جنت میں موجود انگور کے گچھے تک پہنچ گیا۔ جس سے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ زمین پر جلوہ گر ہونے کے باوجود لاتعداد میل دور جنت میں اپنا دست مبارک رکھ سکتے ہیں تو پھر مدینے میں رہ کر اسی کائنات پر اپنے غلاموں کی اپنے دست مبارک سے مدد کیوں نہیں کر سکتے؟

حدیث شریف: 52

حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوَدَ الْعَتَكِيُّ نَاحَمَّادٌ يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ حَدَّثَتْنِيْ اُمُّ حَرَامٍ بِنْتُ مِلْحَانَ اُخْتُ اُمِّ سُلَيْمٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عِنْدَهُمْ فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ قَالَتْ فَقُلْتُ

Marfat.com

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَااَضْحَكَكَ قَالَ رَاَيْتُ قَوْمًا مِمَّنْ يَرْكَبُ ظَهْرَ هٰذَا الْبَحْرِ كَالْمُلُوْكِ عَلَى الْاَسِرَّةِ قَالَتْ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰه اَنْ يَجْعَلَنِىْ مِنْهُمْ قَالَ فَاِنَّكَ مِنْهُمْ قَالَتْ ثُمَّ نَامَ فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ قَالَتْ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَااَضْحَكَكَ فَقَالَ مِثْلَ مَقَالَتِهٖ قَالَتْ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰه اَنْ يَجْعَلَنِىْ مِنْهُمْ قَالَ اَنْتِ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ قَالَ فَتَزَوَّجَهَا عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ فَغَزَا فِى الْبَحْرِ فَحَمَلَهَا مَعَهٗ فَلَمَّا رَجَعَ قُرِّبَتْ لَهَا بَغْلَةٌ لِتَرْكَبَهَا فَصَرَعَتْهَا فَانْدَقَّتْ عُنُقُهَا فَمَاتَتْ۔

(ابوداؤد عربی کتاب الجہاد باب فضل الغزو فی البحر حدیث نمبر 2490 ص 361 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے حضرت ام حرام بنت ملحان نے بتایا جو بہن ہیں حضرت ام سلیم کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے پاس ہنستے ہوئے بیدار ہوئے تو میں عرض گزار ہوئی کہ یارسول اللہ ﷺ آپ کو کس چیز نے ہنسایا؟ فرمایا کہ میں نے کچھ لوگوں کو دیکھا جو سمندر کی پیٹھ پر سوار ہیں جیسے بادشاہ تخت پر بیٹھے ہیں۔ میں عرض گزار ہوئی کہ یارسول اللہ ﷺ! اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ مجھے اس گروہ میں شامل فرمالے۔ فرمایا تم پہلے گروہ میں ہو۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ان سے حضرت عبادہ

Marfat.com

بن صامت رضی اللہ عنہ نے نکاح کیا اور بحری جہاد کیا تو انہیں ساتھ لے گئے لوٹتے ہوئے ان کے قریب خچر لایا گیا سوار ہونے کے لئے۔ یہ اس سے گر پڑیں اور گردن ٹوٹ جانے کے باعث وصال ہوگیا۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد دوم کتاب الجہاد حدیث نمبر 718 ص 271 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: نبی کریم ﷺ کا اپنی امت کے سمندری مجاہدوں کو خواب میں دیکھ کر بتانا اور حضرت ام حرام بنت ملحان رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا عرض کرنا: **اُدْعُ اللّٰہ لِیْ اَنْ یَّجْعَلَنِیْ** ۔اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ مجھے ان میں شامل فرمالے۔ رسول اللہ ﷺ نے ان سے یہ نہیں فرمایا کہ اچھا میں دعا کروں گا بلکہ فوراً ارشاد فرمایا **اِنَّکَ مِنْھُمْ** تم ان لوگوں میں شامل ہو۔ سبحان اللہ! یہ خلافت عظمیٰ کا اظہار ہے کہ پروردگار عالم نے اپنے خاص لطف و کرم سے اپنے محبوب ﷺ کو خلیفہ اعظم بنایا اور اپنی مملکت میں ماذون و مختار فرمایا ہے۔

حدیث شریف:53

حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَّهَنَّادُ بْنُ السَّرِیْ قَالَا ثَنَا وَكِيْعٌ ثَنَا الْاَعْمَشُ قَالَ سَمِعْتُ مُجَاهِدًا يُّحَدِّثُ عَنْ طَاؤُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّالنَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى قَبْرَيْنِ فَقَالَ اِنَّهُمَا يُعَذَّبَانِ وَمَا يُعَذَّبَانِ فِیْ كَبِيْرٍاَمَّا هٰذَا فَكَانَ لَايَسْتَنْزِهُ مِنَ الْبَوْلِ وَاَمَّا هٰذَا فَكَانَ

Marfat.com

يَمْشِىْ بِالنَّمِيْمَةِ ثُمَّ دَعَا بِعَسِيْبٍ رَّطْبٍ فَشَقَّهٗ بِاثْنَيْنِ ثُمَّ غَرَسَ عَلٰى هٰذَا وَاحِدًا وَّ عَلٰى هٰذَا وَاحِدًا وَّ قَالَ لَعَلَّهٗ يُخَفَّفُ عَنْهُمَا مَالَمْ يَيْبَسَا قَالَ هَنَّادٌ يَسْتَتِرُ مَكَانَ يَسْتَنْزِهُ۔

(ابوداؤد عربی، کتاب الطہارۃ، حدیث نمبر 20، ص 15، مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: طاؤس سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ دو قبروں کے پاس سے گزرے تو فرمایا کہ ان دونوں کو عذاب دیا جارہا ہے اور کسی بڑے گناہ پر عذاب نہیں دیئے جارہے۔ یہاں تک اس کا تعلق ہے تو یہ پیشاب کی چھینٹوں سے احتیاط نہیں کرتا تھا اور وہ چغل خوری کرتا پھرتا تھا۔ پھر آپ ﷺ نے کھجور کی ایک تر ٹہنی منگوائی اور چیر کر اس کے دو حصے کئے۔ ایک حصہ اس قبر پر اور دوسرا اس قبر پر گاڑ دیا اور فرمایا کہ جب تک یہ خشک نہ ہوں شاید ان دونوں کے عذاب میں کمی ہوتی رہے۔ ہنّاد نے فرمایا کہ پاک کرنے کی جگہ کو پاک نہیں کرتا تھا۔

(ابوداؤد عربی اردو، جلد اول، کتاب الطہارۃ، حدیث نمبر 20، ص 68، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث شریف سے دو باتیں معلوم ہوئیں۔ اول یہ کہ آپ ﷺ کی نگاہ نور نے زمین پر جلوہ گر ہو کر زمین کے اندر مُردوں کا حال ملاحظہ فرمالیا اور ساتھ ہی ان کے نامہ اعمال میں موجود ان کے گناہوں کو بھی ملاحظہ فرمالیا۔

دوسری یہ کہ قبر پر تر شاخ (مردہ وغیرہ) ڈالنا حضور ﷺ کی سنت سے

Marfat.com

ثابت ہوا۔ یہ چیزیں جب تک تر رہیں گی اللہ تعالیٰ کا ذکر کریں گی جس سے میت کو فائدہ اور راحت وسکون حاصل ہوگا۔

حدیث شریف:54

حَدَّثَنَا اَبُوبَشْرِبَكْرِبْنُ خَلْفٍ ثَنَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ عَنْ اَبِی الْعَالِیَةِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَیْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِیْنَةِ فَمَرَرْنَا بِوَادٍ فَقَالَ اَیُّ وَادٍ هٰذَا قَالُوْا وَادِیُ الْاَزْرَقِ قَالَ كَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی مُوْسٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِنْ طُوْلِ شَعْرِهٖ شَیْئًا لَایَحْفَظُهٗ دَاوٗدُ وَاضِعًا اِصْبَعَهٗ فِیْ اُذُنِهٖ لَهٗ جَوَارٌ اِلَی اللّٰهِ بِالتَّلْبِیَةِ مَارًّا بِهٰذَا الْوَادِیِّ قَالَ ثُمَّ سِرْنَا حَتّٰی اَتَیْنَا عَلٰی ثَنِیَّةٍ فَقَالَ اَیُّ ثَنِیَّةٍ هٰذِهٖ قَالُوْا ثَنِیَّةُ هَرْشٰی اَوْلَفْتٍ قَالَ كَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی یُوْنُسَ عَلٰی نَاقَةٍ حَمْرَآءَ عَلَیْهِ جُبَّةُ صُوْفٍ وَخِطَامُ نَاقَتِهٖ خُلْبَةٌ مَارًّا بِهٰذَا الْوَادِیِّ مَلَبِّیًا

(ابن ماجہ عربی کتاب المناسک حدیث نمبر 2891 ص 418 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابوبشر ابن ابی عدی داؤد بن ابی ہند ابوالعالیہ ابن عباس رضی اللہ

Marfat.com

عنہما نے فرمایا کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ مکہ اور مدینہ کے درمیان تھے کہ ہم ایک وادی پر سے گزرے آپ ﷺ نے فرمایا یہ کون سی وادی ہے؟ لوگوں نے عرض کیا وادیٔ ازرق۔ آپ ﷺ نے فرمایا گویا میں موسیٰ علیہ السلام کو دیکھ رہا ہوں۔ پھر آپ ﷺ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لمبے بالوں کی کیفیت بیان کی۔ داؤد کہتے ہیں کہ میں اسے بھول گیا موسیٰ علیہ السلام اپنے کانوں میں انگلیاں دیتے ہوئے زور زور سے تلبیہ کہتے جا رہے ہیں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ پھر ہم آگے چلے۔ جب ٹیلہ پر پہنچے تو آپ ﷺ نے دریافت فرمایا یہ کون سا ٹیلہ ہے۔ لوگوں نے عرض کیا یہ ثنیہ ہرشیٰ ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا گویا میں یونس علیہ السلام کو دیکھ رہا ہوں۔ کہ وہ ایک سرخ اونٹنی پر سوار ہیں۔ ایک صوف کا جبہ پہنے ہیں۔ اونٹنی کی لگام ایک پتلی رسی کی طرح ہے اور تلبیہ پڑھتے جا رہے ہیں۔

(سنن ابن ماجہ عربی اردو جلد دوم باب الحج علی الرحل حدیث نمبر 671 ص 199 مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

حدیث شریف:55

وَحَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ الضُّبَعِیُّ وَشَیْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ قَالَا حَدَّثَنَا مَهْدِیُّ بْنُ مَیْمُوْنٍ حَدَّثَنَا وَاصِلٌ مَّوْلٰی اَبِیْ عُیَیْنَةَ عَنْ یَحْیَی بْنِ عَقِیْلٍ عَنْ یَحْیَیٰ بْنِ یَعْمُرٍ عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ الدِّیْلِیِّ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ عَنِ

Marfat.com

النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ عُرِضَتْ عَلَیَّ اَعْمَالُ اُمَّتِیْ حَسَنُھَا وَسَیِّئُھَا فَوَجَدْتُ فِیْ مَحَاسِنِ اَعْمَالِھَا الْاَذَی یُمَاطُ عَنِ الطَّرِیْقِ وَوَجَدْتُ فِیْ مَسَاوِی اَعْمَالِھَا النُّخَاعَۃَ تَکُوْنُ فِی الْمَسْجِدِ وَلَاتُدْفَنُ۔

(مسلم شریف' عربی' کتاب المساجد ومواضع الصلوٰۃ' حدیث نمبر 1233' ص 224' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔ میرے سامنے' میری امت کے تمام اچھے اور بُرے اعمال پیش کیے گئے تو ان میں اچھا عمل راستے سے ایذا دینے والی چیز کو ہٹانا اور برا عمل مسجد میں اس طرح تھوکنا تھا کہ اس تھوک کو دفن نہ کیا گیا ہو۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد اول کتاب المساجد ومواضع الصلوٰۃ' حدیث نمبر 1135' ص 436' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ اُمتیوں کے نامہ اعمال رسول اکرم نور مجسم ﷺ کی نگاہوں سے پوشیدہ نہیں ہیں۔

حدیث شریف:56

حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ اَیُّوْبَ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِیْفَۃَ حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ کَیْسَانَ عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ

Marfat.com

قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ سَمِعَ وَجْبَةً فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَدْرُوْنَ مَا هٰذَا قَالَ قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ هٰذَا حَجَرٌ رُمِيَ بِهٖ فِي النَّارِ مُنْذُ سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا فَهُوَ يَهْوِيْ فِي النَّارِ الْآنَ حَتّٰى اِنْتَهٰى اِلٰى قَعْرِهَا۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب الجنۃ والصفۃ نعیمہا واہلہا، حدیث نمبر 7167، ص 234، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھے۔ جب آپ ﷺ نے ایک گڑگڑاہٹ کی آواز سنی۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا۔ کیا تم جانتے ہو کہ یہ کیا چیز ہے؟ ہم نے عرض کیا اللہ جل جلالہ اور اس کا رسول ﷺ وہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ یہ ایک پتھر ہے جسے ستر برس پہلے جہنم میں پھینکا گیا تھا اور یہ گرتا رہا ہے۔ یہاں تک کہ یہ اب جہنم کی تہہ میں پہنچا ہے۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد سوم، کتاب الجنۃ والصفۃ نعیمہا واہلہا، حدیث نمبر 7037، ص 627، مطبوعہ شبیر برادرز، لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان کا یہ ایمان تھا کہ اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ علم غیب پر اللہ تعالیٰ کی عطا سے آگاہ ہیں اور حدیث شریف کا آخری حصہ ان کے عقیدے کی ترجمانی کرتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ

Marfat.com

نے پتھر کے ستر برس پہلے جہنم میں گرنے اور اب جہنم کی تہہ پر پہنچنے کی خبر دی۔

حدیث شریف:57

حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ ثَنَا اَبَانٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رُصُّوْا صُفُوْفَكُمْ وَ قَارِبُوْا بَيْنَهَا وَ حَاذُوْا بِالْاَعْنَاقِ فَوَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ اِنِّىْ لَاَرَى الشَّيْطَانَ يَدْخُلُ مِنْ خَلَلِ الصَّفِّ كَاَنَّهَا الْحَذَفُ۔

(ابوداؤد عربی کتاب الصلوٰۃ باب تسویۃ الصفوف حدیث نمبر 667 ص 106 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: قتادۃ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ صفوں میں مل کر کھڑے ہوا کرو اور ان میں فاصلہ کم رکھو اور گردنیں برابر رکھا کرو۔ کیونکہ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے۔ میں شیطان کو دیکھتا ہوں کہ وہ بکری کے بچے کی طرح تمہاری صفوں کے اندر خالی جگہ میں گھستا ہے۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد اول ابواب الصلوٰۃ حدیث نمبر 626 ص 279 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: نگاہ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے شیطان کو صفوں میں داخل ہوتا دیکھ بھی لیا اور

Marfat.com

امت کو آگاہ بھی کر دیا۔

حدیث شریف:58

حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِالْحَكَمِ الْخَزَّارُ ثَنَا عَبْدُالْمَجِيْدِ بْنُ عَبْدِالْعَزِيْزِ بْنِ اَبِىْ رَوَّادٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ حَنْطَبٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُرِضَتْ عَلَىَّ اُجُوْرُ اُمَّتِىْ حَتَّى الْقَذَاةِ يُخْرِجُهَا الرَّجُلُ مِنَ الْمَسْجِدِ وَعُرِضَتْ عَلَىَّ ذُنُوْبُ اُمَّتِىْ فَلَمْ اَرَ ذَنْبًا اَعْظَمَ مِنْ سُوْرَةٍ الْقُرْاٰنِ اَوْاٰيَةٍ اُوْتِيَهَا رَجُلٌ ثُمَّ نَسِيَهَا۔

(ابوداؤد عربی کتاب الصلوٰۃ باب کنس المسجد حدیث نمبر 461 ص 78 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: مطلب بن عبداللہ بن حنطب نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ پر میری امت کے کار ثواب پیش کئے گئے یہاں تک کہ وہ کوڑا کرکٹ جسے آدمی مسجد سے نکالتا ہے اور مجھ پر میری اُمّت کے گناہ پیش کئے گئے تو میں نے اس سے بڑا کوئی گناہ نہ پایا کہ کسی کو قرآن کریم کی کوئی سورہ یا آیت دی گئی مگر اس آدمی نے اسے بھلا دیا ہو۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد اول کتاب الصلوٰۃ حدیث نمبر 458 ص 216 مطبوعہ فرید بک لاہور

Marfat.com

پاکستان)

ف: حضور ﷺ سے نہ اپنے اُمتیوں کے نامۂ اعمال پوشیدہ ہیں نہ اُن کے حالات پوشیدہ ہیں۔

حدیث شریف:59

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ وَ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ وَعَبْدُالْوَهَّابِ قَالُوا نَاعَوْفٌ عَنْ اَبِیْ رِجَاءٍ الْعَطَارُدِیِّ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِطَّلَعْتُ فِی النَّارِ فَرَاَیْتُ اَکْثَرَ اَهْلِهَا النِّسَاءَ وَاطَّلَعْتُ فِی الْجَنَّةِ فَرَاَیْتُ اَکْثَرَ اَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ۔

(ترمذی شریف' عربی' ابواب صفۃ القیامۃ' حدیث نمبر 2603' ص 591' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں نے جہنم میں جھانک کر دیکھا تو عورتوں کو زیادہ پایا اور جنت میں جھانکا تو زیادہ جنتی غریب لوگ تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

(ترمذی شریف' عربی اردو' جلد دوم' ابواب صفۃ القیامۃ' حدیث نمبر 498' ص 207' مطبوعہ فرید بک' لاہور پاکستان)

Marfat.com

حدیث شریف:60

حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُیَیْنَةَ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ اُسَامَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ اَشْرَفَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی اُطُمٍ مِّنَ الْاَطَامِ فَقَالَ ھَلْ تَرَوْنَ مَا اَرٰی اِنِّیْ اَرَی الْفِتَنَ تَقَعُ خِلَالَ بُیُوْتِکُمْ مَوَاقِعَ الْقَطْرِ۔

(بخاری شریف' عربی' کتاب المناقب' حدیث نمبر 3597' ص 604' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت اسامہ (بن زید) رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا کہ نبی اکرم ﷺ نے مدینہ منورہ کے قلعوں میں ایک قلعہ پر تشریف فرما ہو کر فرمایا۔ کیا میں جو دیکھ رہا ہوں تم دیکھ رہے ہو؟۔ میں تمہارے گھروں میں فتنوں کو ایسے گرتے دیکھ رہا ہوں جیسے بارش کے قطروں کے گرنے کی جگہ دیکھتے ہیں۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد دوم' کتاب المناقب' حدیث نمبر 810' ص 389' مطبوعہ شبیر برادرز' لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ نگاہِ مصطفیٰ ﷺ اپنے غلاموں کے گھروں پر فتنوں کی بارش کو ملاحظہ فرما رہی ہے۔

Marfat.com

حدیث شریف:61

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ الْفَزَارِيُّ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَآءَ يَقُوْلُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ مُّقَنَّعٌ بِالْحَدِيْدِ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اُقَاتِلُ اَوْاُسْلِمُ قَالَ اَسْلِمْ ثُمَّ قَاتِلْ فَاَسْلَمَ ثُمَّ قَاتَلَ فَقُتِلَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمِلَ قَلِيْلاً وَّاُجِرَ كَثِيْرًا

(بخاری شریف' عربی' کتاب الجہاد والسیر' حدیث نمبر 2808' ص 465' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابواسحاق (عمرو بن عبداللہ سبیعی) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کو کہتے ہوئے سنا نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ایک آدمی (عمرو بن ثابت بن وقش المعروف بہ احرم بن عبدالاشعل) لوہے کے کسی آلہ حرب سے اپنا چہرہ چھپایا ہوا تھا' پیش کیا گیا۔ اس نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میں کافروں سے جنگ کروں یا پہلے اسلام قبول کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا پہلے اسلام قبول کرو پھر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرو۔ وہ اسلام لے آیا پھر اس نے کافروں سے جنگ کی' اور شہید ہوگیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس نے تھوڑا عمل کیا اور ثواب بہت زیادہ ملا۔ (ابن اسحاق نے مغازی میں صحیح اسناد کے ساتھ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے عمرو بن ثابت کا قصہ تخریج

Marfat.com

کیا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے تھے۔ مجھے اس شخص کے متعلق بتاؤ جو جنت میں داخل ہوا اور انحالیکہ اس نے ایک سجدہ بھی نہیں کیا پھر فرماتے وہ عمرو بن حارث ہیں (فتح الباری ج ۶ ص ۲۵)

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد دوم' کتاب الجہاد والسیر' حدیث نمبر 73' ص 75' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف:62

حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ حَدَّثَنِىْ يَزِيْدُ بْنُ اَبِىْ حَبِيْبٍ عَنْ اَبِى الْخَيْرِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمًا فَصَلّٰى عَلٰى اَهْلِ اُحُدٍ صَلٰوتَه' عَلَى الْمَيِّتِ ثُمَّ انْصَرَفَ اِلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ اِنِّىْ فَرَطٌ لَّكُمْ وَاَنَا شَهِيْدٌ عَلَيْكُمْ وَ اِنِّىْ وَ اللّٰهِ لَا نَظُرُ اِلٰى حَوْضِىْ اَلاٰنَ وَاِنِّىْ اُعْطِيْتُ مَفَاتِيْحَ خَزَائِنِ الْاَرْضِ اَوْمَفَاتِيْحَ الْاَرْضِ وَاِنِّىْ وَاللّٰهِ مَا اَخَافُ عَلَيْكُمْ اَنْ تُشْرِكُوْا بَعْدِىْ وَلٰكِنْ اَخَافُ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنَا فَسُوْا فِيْهَا۔

(بخاری شریف' عربی' کتاب الجنائز' حدیث نمبر 1344' ص 214' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

Marfat.com

ترجمہ: حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی اکرم ﷺ ایک دن باہر نکلے اور احد میں شہید ہوجانے والوں پر نماز پڑھی جیسا کہ آپ ﷺ میت پر نماز پڑھتے تھے۔ پھر آپ ﷺ منبر شریف کی طرف واپس تشریف لائے (اور منبر پر جلوہ افروز ہوکر) فرمایا۔ میں تمہارے لئے (فرط) مقدمہ ہوں اور میں تم پر گواہ ہوں اور اللہ کی قسم میں اپنے حوض کو اب بھی دیکھ رہا ہوں اور میں زمین کے خزانوں کی کنجیاں دیا گیا ہوں یا فرمایا زمین کی کنجیاں اور بے شک اللہ کی قسم میں تم پر شرک کرنے کا خوف نہیں رکھتا لیکن مجھے تم پر یہ خوف ہے کہ تم دنیا میں رغبت کرنے لگ جاؤ گے۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب الجنائز' حدیث نمبر 1258' ص 545' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ رسول اکرم نور مجسم ﷺ اپنے منبر انور پر جلوہ فرما ہوکر لاتعداد میل دور اپنے حوض کوثر کو ملاحظہ فرماتے ہیں اور آپ ﷺ کو زمین کے خزانوں کی کنجیاں عطا کی گئی ہیں اور خبر دی کہ میرے بعد تم شرک کا ارتکاب نہیں کرو گے ہاں البتہ دنیا کی محبت میں گرفتار ہوجاؤ گے۔

فوائد و مسائل

اس حدیث سے مندرجہ ذیل فوائد و مسائل پر روشنی پڑتی ہے۔

Marfat.com

زیارت قبور

ا: حضور ﷺ شہداء احد کی شہادت کے آٹھ سال بعد ان کی قبروں کی زیارت کے لئے تشریف لے گئے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ خالص زیارت کے قصد سے قبروں پر جانا خصوصاً شہداء وصالحین کی قبروں کی زیارت کرنی یہ حضور ﷺ کی سنت ہے۔

جو لوگ قبروں کی زیارت کے سفر کو شرک یا معصیت ٹھہراتے ہیں۔ وہ صراحتاً اس حدیث کی مخالفت کرتے ہیں اور سراسر گمراہی و بدعقیدگی کے وبال میں گرفتار ہیں۔ علامہ صاوی رحمتہ اللہ علیہ نے آیت **واتبغوا الیه الوسیله** کی تفسیر میں تحریر فرمایا ہے کہ

اولیاء اللہ کے مزارات کی زیارت کرنے والے مسلمانوں کو اس خیال سے کافر کہنا کہ زیارت قبور غیر اللہ کی عبادت ہے۔ یہ بالکل کھلی ہوئی گمراہی ہے۔ اولیاء اللہ کی قبروں کی زیارت ہرگز ہرگز غیر اللہ کی عبادت نہیں ہے بلکہ یہ اللہ کے بارے میں محبت رکھنے کی ایک نشانی ہے (صاوی ج ا ص ۲۴۵)

۲: اس حدیث میں (**صلی علیٰ اھل احد صلواته علی المیت**) کے بارے میں دو قول ہیں۔ علامہ کرمانی علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ اس سے مراد یہ ہے کہ نماز جنازہ میں جس طرح میت کے لئے دعا پڑھی جاتی ہے۔ اسی طرح حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے شہداء احد کے لئے ان کی قبروں کے پاس دعا

Marfat.com

مانگی:

لیکن دوسرے شارحین حدیث نے فرمایا کہ آپ ﷺ نے پورے آٹھ برس کے بعد شہدائے احد کی قبروں پر ٹھیک اسی طرح نماز جنازہ ادا فرمائی جس طرح آپ ﷺ دوسری اموات کی نماز جنازہ پڑھتے تھے۔ اس صورت میں یہ حضور ﷺ کے خصائص میں سے شمار کیا جائے گا کہ آٹھ برس کے بعد کسی میت کی قبر پر نماز جنازہ پڑھی جائے۔ دوسرے لوگوں کے لئے ایسا کرنا جائز نہیں۔

۳: حضور ﷺ نے منبر پر فرمایا کہ (**انی فرط لکم**) کہ میں تم لوگوں کے لئے ''پیش رو'' ہوں (فرط) عربی زبان میں اس شخص کو کہتے ہیں جو کہیں جانے والی جماعت سے پہلے ہی پہنچ کر اس جماعت کے تمام ضروریات کا انتظام مہیا کیا کرتا ہے۔ حضور ﷺ نے اپنے بارے میں فرمایا کہ میں تم تمام امتیوں کے لئے ''فرط'' ہوں۔ یعنی تم سے پہلے عالم آخرت میں پہنچ کر تمہاری شفاعت اور تمہاری مغفرت کا تمہارے آنے سے پہلے ہی انتظام کروں گا۔

۴: اس حدیث میں (**وانا شهید علیکم**) فرما کر حضور ﷺ نے یہ اعلان فرمادیا کہ میں تم تمام امتیوں کا قیامت میں گواہ ہوں۔ یعنی تم لوگوں کے ایمان اور اعمال و افعال کے متعلق میں خداوند عالم جل جلالہ کے حضور گواہی دوں گا۔

اس حدیث سے یہ مسئلہ صاف ہوگیا کہ حضور ﷺ قیامت تک آنے

Marfat.com

والے اپنے ایک ایک اُمتی اور ان کے اعمال وافعال سے باخبر ہیں اور سب کچھ ان کے علم میں ہے۔ ورنہ ظاہر ہے کہ بغیر دیکھے اور بغیر جانے کسی بات کی گواہی دینا شرعاً حرام و ناجائز ہے۔ اس لئے یہ کیونکر ممکن ہے کہ حضور ﷺ بے جانے قیامت میں اپنی اُمّت کے لئے گواہی دیں گے۔

۵: اس حدیث میں حضور ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ (**وانی واللہ لانظر الی حوضی الان**) یعنی خدا کی قسم! میں اس وقت اپنے حوض (کوثر) کو دیکھ رہا ہوں۔

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ حضور ﷺ کی نگاہ نبوت اتنی معجزانہ تھی کہ عالم دنیا میں اپنے منبر پر رونق افروز ہوتے ہوئے عالم آخرت میں جنت کے اندر اپنے حوض کوثر کو دیکھ لیا۔ اس حدیث سے یہ مسئلہ آفتاب نیم روز کی طرح روشن ہوگیا کہ جس طرح حضور ﷺ کی ذات وصفات، تمام مخلوقات میں بے مثل و بے مثال ہے اسی طرح آپ ﷺ کے ہر ہر عضو شریف کی طاقتیں اور توانائیاں بھی بے مثل و بے مثال ہیں۔ لہذا حضور ﷺ کے اعضاء شریفہ کی معجزانہ طاقتوں کو اگر کوئی اپنے اعضاء کی طاقتوں پر قیاس کرے تو یہ بہت بڑی گمراہی اور جہالت ہے۔ کہاں حضور ﷺ اور کہاں ہم عیوب ونقائص کے پتلے؟

چہ نسبت خاک را با عالم پاک

۶: اس حدیث میں حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ (**وانی اعطیت**

Marfat.com

مفاتیح خزائن الارض) یعنی زمین کے خزانوں کی کنجیاں مجھے عطا کی گئی ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زمین کے تمام خزانوں کی کنجیاں میرے ہاتھ میں دے دی ہیں۔ خزانے کی کنجیوں کو کسی کے ہاتھ میں دے دینا۔ اس کا کیا مطلب ہوتا ہے' تمام دنیا جانتی ہے کہ جب کوئی شخص یہ کہتا ہے کہ میں نے تو ''تالا کنجی'' فلاں کے ہاتھ میں دے دیا ہے تو اس کا مطلب یہی ہوا کرتا ہے کہ میں نے فلاں شخص کو اپنے خزانوں میں تصرف کا مالک ومختار بنا دیا ہے۔ اب قابل غور یہ بات ہے کہ ''زمین کے خزانوں'' سے یہاں کیا مراد ہے جو آپ ﷺ کو یا خلفائے راشدین یا ان کے بعد کے امراء وسلاطین کو حاصل ہوئیں کہ سلطنت روم وفارس وغیرہ کے تمام خزانے مسلمانوں کے ہاتھ میں آئے۔ چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اس حدیث کو سنا کر فرمایا کرتے تھے کہ (**انتم تنتثلونها**) یعنی زمین کے خزانے جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو عطا کئے گئے تم لوگ اس کو نکال رہے ہو اور حاصل کر رہے ہو۔

اور بعض شارحین حدیث نے فرمایا کہ ان خزانوں کے علاوہ سونا' چاندی' ہیرے' جواہرات' لوہا' تانبا' پیتل وغیرہ قسم قسم کی دھاتیں اور تیل' پیٹرول وغیرہ کے خزانے بھی مراد ہیں کہ سب خزانے حضور ﷺ کی بدولت حضور ﷺ کی امت کو مل گئے۔

۷: فقیر کا خیال ہے کہ شارحین حدیث نے زمین کے خزانوں کے بارے

Marfat.com

میں اسلامی فتوحات یا زمین کی قسم قسم کی کانوں کا جو تذکرہ کیا ہے۔ یہ مثال کے طور پر ہے ورنہ ''خزائن الارض'' صرف یہی سب اور اتنی چیزیں نہیں ہیں بلکہ ''خزائن الارض'' میں وہ چیزیں داخل ہیں جو زمین میں سے نکلتی ہیں۔ اس بناء پر تمام جمادات' نباتات اور حیوانات' سبھی زمین کے خزانے ہیں۔ ظاہر ہے کہ ہر قسم کی سبزیاں' غلے' پھل' قسم قسم کے ذائقے اور غذائیں طرح طرح کی دوائیں' یہ سب زمین ہی میں سے نکلتی ہیں۔ جانداروں کے نطفے بھی زمین سے نکلی ہوئی غذاؤں ہی کی پیداوار ہیں۔ کیونکہ اگر جاندار زمین سے نکلی ہوئی غذائیں نہ کھاتے تو ان کی زندگیاں کہاں ہوتی؟ ان کے جسم میں خون کہاں سے پیدا ہوتا؟ اور بلا خون کے نطفہ اور منی کہاں سے پیدا ہوتی؟ غرض تمام جانور اور جاندار اور ان جانداروں کی زندگانی کا ساز و سامان زمین ہی سے نکلتا ہے۔ اس لحاظ سے ''خزائن الارض'' میں تمام حیوانات' نباتات' جمادات داخل ہیں بلکہ زمین و آسمان کے درمیان کی کائنات بھی زمین کے خزانوں میں شامل ہیں۔ کیونکہ بدلی' بارش' اولے' قوس وقزح' ہالہ' رعد' برق' غرض تمام فضائی کائنات' زمین ہی سے نکلے ہوئے ''بخارات'' کی پیداوار ہیں۔

لہذا اب اس حدیث شریف کا یہ مطلب ہوا کہ زمین کی ساری کائنات اور تمام مخلوقات جو سب زمین کے خزانے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے ان سب میں تصرف کا مالک و مختار بنا دیا ہے۔

Marfat.com

جب حدیث کے اندر لفظ ''خزائن الارض'' میں کوئی تقیید یا تخصص موجود نہیں ہے بلکہ جمع کی اضافت استغراق کا افادہ کر رہی ہے تو پھر اس صورت میں ظاہر ہے کہ یقیناً اس لفظ کو اس کے عموم ہی پر باقی رکھا جائے گا اور اس کے عام ہونے ہی کی صورت میں یہ حدیث مقام مدح میں حضور ﷺ کے شایان شان رہے گی کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کو کل کائنات زمین کا مختار بنا دیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۸: حضور ﷺ نے اس حدیث میں یہ بھی ارشاد فرمایا کہ (**وانی واللہ ما اخاف علیکم ان تشرکوا بعدی**) یعنی خدا کی قسم میں یقین کے ساتھ کہتا ہوں کہ مجھے اپنے بعد میں تمہارے مشرک ہو جانے کا کوئی خوف نہیں ہے۔ حضور ﷺ اس حدیث میں غیب کی خبر دے رہے ہیں کہ میری امت قیامت تک مشرک نہیں ہوگی اور اس امت میں شرک نہیں پھیلے گا۔

اگرچہ بعض حدیثوں میں یہ آیا ہے کہ اس وقت تک قیامت نہیں قائم ہوگی جب تک ''قبیلہ دوس'' کی عورتیں بتوں کا طواف نہ کریں گی۔ ان دونوں حدیثوں میں تطبیق اس طرح دی جائے گی کہ حضور ﷺ کے ارشاد کا یہ مطلب ہے کہ حضور ﷺ کی ساری اُمّت ایک دم مشرک ہو جائے۔ ایسا تو قیامت تک نہیں ہوگا لیکن کہیں کہیں کچھ بستیوں والے یا کچھ افراد شرک میں مبتلا ہو جائیں' ایسا ہو سکتا ہے۔ چنانچہ ''قبیلہ دوس'' کی عورتوں میں شرک پھیل جائے گا جیسا کہ بعض حدیثوں میں آیا ہے۔

Marfat.com

۹: حدیث کا آخری ٹکڑا (ولکنی اخاف علیکم ان تنافسوا فیھا) کا یہ مطلب ہے کہ مجھے یہ خوف اور ڈر ہے کہ میری اُمّت والے دنیا کی محبت میں گرفتار ہو کر اس طرح دنیا کی رغبت میں پھنس جائیں گے کہ ایک دوسرے سے بغض و حسد کریں گے اور جنگ و جدال، کشت و قتال کا بازار گرم کریں گے۔ چنانچہ بعض روایتوں میں یہ بھی آیا ہے کہ جیسے اگلی اُمّتیں دنیا کی رغبتوں میں پھنس کر ہلاک ہو گئیں۔ اسی طرح میری اُمّت بھی دنیاوی رغبتوں کا شکار ہو کر ہلاکت کے غار میں گر پڑے گی۔

چنانچہ حضور ﷺ نے سینکڑوں برس پہلے جو غیب کی خبر دی تھی۔ آپ ﷺ کی یہ پیش گوئی حرف بہ حرف پوری ہوئی کہ صحابہ اور تابعین و تبع تابعین کے بعد دنیاوی رغبتوں کے باعث اُمّتِ رسول میں تحاسد و تباغض کا دور دورہ اس شدت اور تیزی کے ساتھ رونما ہو گیا کہ مسلمانوں کے درمیان جنگ و جدال اور کشت و قتال کا بازار گرم ہو گیا اور روز بروز مسلمانوں کا یہ مرض اس تیزی کے ساتھ بڑھتا چلا جا رہا ہے کہ کچھ بھی نہیں کہا جا سکتا کہ آئندہ قوم مسلم کا کیا حال ہو گا؟ مسلمانوں کے ہر طبقے میں حرص و ہوس اور بغض و حسد کی بیماری اس طرح پھیل گئی ہے کہ مسلم معاشرہ اقوام عالم کی نگاہوں میں اس قدر ذلیل و خوار ہو چکا ہے کہ غیر مسلموں کا بچہ بچہ مسلمانوں کے کرتوت اور کردار سے متنفر و بیزار نظر آ رہا ہے۔ گھر گھر میں سامانوں اور جانداروں کے جھگڑوں کی کشمکش اور دنیاوی اقتدار کی جنگ سے مسلم معاشرہ

Marfat.com

جنگ و جدال کی اماج گاہ اور کشت وقتال کا میدان کارزار بنا ہوا ہے جس کا نتیجہ نظروں کے سامنے ہے کہ مسلم قوم ہلاکت وتباہی کے ایسے عمیق غار میں گرتی چلی جارہی ہے کہ اب نصرت خداوندی کے سوا اس قوم کی صلاح وفلاح کی کوئی صورت نظر نہیں آ رہی۔ فیا اسفاہ ویا حسرتاہ۔

تبرکات رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا بیان

بَابُ مَّا ذُكِرَ من دِرْعِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وعَصَاهُ وسَيفِهٖ وَقَدَحِهٖ وَخاتِمِهٖ وَمَا استَعْمَلَ الْخُلَفَاءُ بَعْدَه، مِنْ ذٰلِكَ مِمَّا لَمْ يُذْكَرْ قِسْمَتُه، وَمِنْ شَعْرِهٖ وَنَعْلِهٖ وَانِيَتِهٖ مِمَّا تَبَرَّكَ اَصْحَابُه، وَغَيْرُهُمْ بَعْدَ وَفَاتِهٖ

ترجمہ: باب ۲۴۸: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زرہ، عصا، تلوار، پیالہ اور انگوٹھی کے ذکر اور آپ کے بعد خلفائے راشدین نے ان اشیاء میں سے جو استعمال کیں۔

(اس ترجمہ سے یہ ثابت کرنا مقصود ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ترکہ کا کوئی وارث نہیں اور نہ ہی بیع بلکہ جس کے ہاتھ میں گیا اس نے اس تبرک حاصل کرنے کے لئے اسے لیا) یہ وہ چیزیں ہیں جن کی بطور وراثت تقسیم مذکور نہیں۔ آپ

Marfat.com

ﷺ کے بال شریف، نعلین مبارک اور آپ ﷺ کے برتن جن سے حضرات صحابہ کرام علیہم الرضوان اور ان کے علاوہ دوسرے لوگ برکت حاصل کرتے تھے کے بیان میں۔

حدیث شریف:63

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بنُ عبدِاللّٰهِ الْاَنْصَارِیُّ قَالَ حَدَّثَنِی اَبِیْ عن ثُمَامَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ اَبَابَکْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمَّا اسْتُخْلِفَ بَعَثَه' اِلٰی اَلْبَحْرَیْنِ وَکَتَبَ لَه' هٰذَا اَلْکِتَابَ وَخَتَمَه' بِخَاتَمِ النَّبِی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَکَانَ نَقْشُ الْخَاتَمِ ثَلَاثَةَ اَسْطُرٍ مُحَمَّدٌ سَطْرٌ وَرَسُوْلُ سَطْرٌ وَاللّٰهِ سَطْرٌ

(بخاری شریف، عربی، کتاب فرض الخمس، حدیث نمبر 3106، ص 515، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جب خلیفہ مقرر ہوئے تو انہوں نے ان (انس) کو بحرین بھیجا اور آپ نے ان کو یہ خط لکھ کر دیا اور اس پر مہر لگائی اور آپ ﷺ کی مہر تین سطور پر مشتمل تھی۔ ایک سطر میں محمد ﷺ دوسری سطر میں رسول ﷺ اور تیسری سطر میں اللہ جل جلالہ تھا۔

Marfat.com

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد دوم' کتاب فرض الخمس' حدیث نمبر 349' ص 187' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف:64

حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا محمدُ بنُ عبدِالله اَلَاسَدِیُّ حَدَّثَنَا عِیْسَی بنُ طَهْمَانَ قَالَ اَخْرَجَ اِلَیْنَا اَنَسٌ نَعْلَینِ جَرْدَا وَیْنِ لَهُ نَا قِبَالَانِ فَحَدَّثَنِی ثَابِت الْبُنَانِیُّ بَعْدُ عَن اَنَسٍ اَنَّهُمَا نَعْ لَا النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

(بخاری شریف' عربی' کتاب فرض الخمس' حدیث نمبر 3107' ص 515' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: عیسی بن طہمان نے بیان کیا انہوں نے کہا حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے ہمارے سامنے بالوں سے خالی نعلین مبارک کا جوڑا نکالا۔ ان کے دو تسمے تھے۔ عیسیٰ بن طہمان نے کہا (حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ہمارے پاس جوڑا مبارک نکالنے) کے بعد مجھ سے ثابت بنانی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ وہ جوڑا پاک نبی اکرم ﷺ کا تھا۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد دوم' کتاب فرض الخمس' حدیث نمبر 350' ص 187' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

Marfat.com

حدیث شریف:65

حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ بِشَارٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَهَّابِ حَدَّثَنَا اَیُوْبُ عَنْ حُمَیْد بْنِ هِلَالٍ عَنْ اَبِیْ بُرْدَة قَالَ اَخْرَجَتْ اِلَیْنَا عَائِشَةُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا کِسَاءً مُلَبَّدًا وَّقَالَتْ فِی هٰذَا نُزِعَ رُوْحُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَزَادَ سُلَیْمَانُ عَنْ حَمَیْدٍ عَنْ اَبِی بُرْدَةَ قَالَ اَخْرَجَتْ اِلَیْنَا عَآئِشَةُ اِزَارًا غَلِیْظًا مِمَّا یُصْنَعُ بِالْیَمَنِ وَکِسَاءً مِّنْ هٰذِهِ الَّتِی تَدْعُوْنَهَا الْمُلَبَّدَةَ

(بخاری شریف، عربی، کتاب فرض الخمس، حدیث نمبر 3108، ص 515، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ہمارے سامنے پیوند لگی ہوئی (یا موٹی) چادر نکالی اور فرمایا اس چادر مبارکہ میں نبی اکرم ﷺ کی روح پاک قبض ہوئی تھی، سلیمان (بن مغیرہ ابوسعید قیس بصری) نے حمید بن ہلال سے انہوں نے ابو بردہ (حارث بن ابوموسیٰ اشعری) سے یہ اضافہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا ام المومنین رضی اللہ عنہا نے ہمارے سامنے موٹی چادر نکالی جو یمن میں بنائی جاتی ہے اور اس طرح کی ایک اور چادر نکالی جس کو ملبدہ کہا جاتا ہے۔

(بخاری شریف، عربی اردو، جلد دوم کتاب فرض الخمس "حدیث نمبر 351" ص 187 مطبوعہ شبیر

Marfat.com

برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف:66

حَدَّثَنَا اٰدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَكَمُ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا جُحَيْفَةَ يَقُوْلُ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْهَاجِرَةِ فَاُتِىَ بِوَضُوْءٍ فَتَوَضَّأَ فَجَعَلَ النَّاسُ يَاخُذُوْنَ مِنْ فَضْلِ وُضُوْءِهٖ فَيَتَمَسَّحُوْنَ بِهٖ فَصَلَّى النَّبِىُّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ رَكْعَتَيْنِ وَالْعَصْرَ رَكْعَتَيْنِ وَبَيْنَ يَدَيْهِ عَنْزَةٌ وَّقَالَ اَبُوْ مُوْسٰى دَعَا النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحٍ فِيْهِ مَآءٌ فَغَسَلَ يَدَيْهِ وَوَجْهَه‘ فِيْهِ وَمَجَّ فِيْهِ ثُمَّ قَالَ لَهُمَآ اِشْرِبَا مِنْهُ وَاَفْرِغَا عَلٰى وُجُوْهِكُمَا وَنُحُوْرِكُمَا۔

(بخاری شریف‘ عربی‘ کتاب الوضوء‘ حدیث نمبر 187‘ ص 37‘ مطبوعہ دارالسلام‘ ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ دوپہر کے وقت ہمارے پاس تشریف لائے تو وضو کے لئے پانی لایا گیا۔ آپ ﷺ نے وضو فرمایا اور لوگوں نے آپ ﷺ کے وضو کے بچے ہوئے پانی کو لیا اور اپنے (چہروں) پر ملنا شروع کر دیا تو نبی اکرم ﷺ نے ظہر کی دو رکعت اور عصر کی دو رکعت نماز ادا

Marfat.com

فرمائی اور آپ ﷺ کے سامنے عنزہ (نیزہ) تھا۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے ایک پیالہ پانی منگوایا۔ آپ ﷺ نے اس میں اپنے ہاتھ اور منہ کو دھویا اور اس میں کُلّی کی۔ پھر ان دونوں (ابو موسیٰ اشعری اور بلال رضی اللہ عنہما) کو فرمایا اس سے کچھ پی لو اور کچھ اپنے چہروں اور سینوں پر ڈالو۔

(بخاری شریف، عربی اردو، جلد اول، کتاب الوضو، حدیث نمبر 186، ص 150، مطبوعہ شبیر برادرز، لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 67

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ ابْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِیْ عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مَحْمُوْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ قَالَ وَهُوَ الَّذِیْ مَجَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ وَجْهِهٖ وَهُوَ غُلَامٌ مِّنْ بِئْرِهِمْ وَقَالَ عُرْوَةُ عَنِ الْمِسْوَرِ وَغَيْرِهٖ يُصَدِّقُ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا صَاحِبَهٗ، وَاِذَا تَوَضَّاَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَادُوْا يَقْتَتِلُوْنَ عَلٰى وَضُوْٓءِهٖ

(بخاری شریف، عربی، کتاب الوضوء، حدیث نمبر 189، ص 37، مطبوعہ دار السلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابن شہاب فرماتے ہیں مجھے محمود بن ربیع نے بتایا اور محمود بن ربیع وہ ہیں جن کے کنویں سے پانی لے کر رسول اللہ ﷺ نے کلی فرمائی اور پانی ان کے

Marfat.com

چہرہ پر ڈال دیا اور وہ اس وقت بچے تھے اور عروہ بن زبیر نے مسور بن مخرمہ اور اس کے غیر (مروان بن حکم) سے روایت کی۔ عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں (مسور بن مخرمہ اور مروان بن حکم) ان میں سے ہر ایک اپنے ساتھی کی تصدیق کرتے ہوئے (دونوں) کہتے ہیں جب نبی اکرم ﷺ وضو فرماتے تو آپ کے غسالہ (کو حاصل کرنے) کے لئے صحابہ کرام علیہم الرضوان باہم لڑنے مرنے پر تیار ہو جاتے۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب الوضو' حدیث نمبر 188' ص 150' مطبوعہ شبیر برادرز' لاہور پاکستان)

حدیث شریف:68

حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ يُوْنُسَ قَالَ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنِ الْجَعْدِ قَالَ سَمِعْتُ السَّآئِبَ بْنَ يَزِيْدَ يَقُوْلُ ذَهَبَتْ بِیْ خَالَتِیْ اِلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ ابْنَ اُخْتِیْ وَقِعٌ فَمَسَحَ رَأْسِیْ وَدَعَالِیْ بِالْبَرَكَةِ ثُمَّ تَوَضَّا فَشَرِبْتُ مِنْ وَضُوْءِهٖ ثُمَّ قُمْتُ خَلْفَ ظَهْرِهٖ فَنَظَرْتُ اِلٰى خَاتَمِ النُّبُوَّةِ بَيْنَ كَتِفَيْهِ مِثْلَ زِرِّ الْحَجَلَةِ۔

(بخاری شریف' عربی' کتاب الوضوء' حدیث نمبر 190' ص 37' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

Marfat.com

ترجمہ: سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مجھے میری خالہ نبی اکرم ﷺ کے پاس لے گئی اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! میرا بھائی بیمار ہے تو آپ ﷺ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور میرے لئے برکت کی دعا فرمائی۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے وضو فرمایا تو میں نے وضو کے غسالہ سے (پانی) پی لیا پھر میں آپ ﷺ کے پیچھے کھڑا ہو گیا تو آپ کے دونوں کانوں کے درمیان مہر نبوت تھی اس کو دیکھ لیا اور (مہر نبوت) مثل زرالحجلہ (ایک پرندے کا نام جسے قبج بھی کہتے ہیں اور مونث کو مجلہ اور مذکر کو یعقوب اور (زرّ) بمعنی بیضہ) یعنی مثل مجلہ کے انڈے کے تھی۔

(بخاری شریف، عربی اردو، جلد اول، کتاب الوضو، حدیث نمبر 189، ص 150، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 69

حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَّاَبُوْبَكْرِ بْنُ النَّضْرِ قَالَا حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ الْيَشْكُرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ عُبَيْدَاللّٰهِ بْنَ اَبِىْ يَزِيْدَ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَى الْخَلَاءَ فَوَضَعْتُ لَهٗ وَضُوْئًا فَلَمَّا خَرَجَ قَالَ مَنْ وَّضَعَ هٰذَا فِىْ رِوَايَةِ زُهَيْرٍ قَالُوْا وَفِىْ رِوَايَةِ اَبِىْ بَكْرٍ قُلْتُ ابْنُ عَبَّاسٍ

Marfat.com

قَالَ اللّٰھُمَّ فَقِّھْہُ فِی الدِّیْنِ

(مسلم شریف' عربی' کتاب فضائل الصحابہ' حدیث نمبر 6368' ص 1090' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ قضائے حاجت کے لئے تشریف لے گئے تو میں نے آپ ﷺ کے لئے وضو کا پانی رکھا۔ جب آپ ﷺ باہر آئے تو دریافت کیا۔ یہ کس نے رکھا ہے؟ لوگوں نے بتایا' ابن عباس رضی اللہ عنہ نے (رکھا ہے اور ایک روایت میں ہے) میں نے عرض کیا (میں نے رکھا ہے) تو آپ ﷺ نے دعا دی اے اللہ! اسے (دین کی) سمجھ بوجھ عطا کر۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد سوم' کتاب فضائل الصحابہ' حدیث نمبر 6244' ص 366' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 70

حَدَّثَنَا اَبُوْبَکْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ ثَنَاھُشَیْمٌ ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ حُکَیْمٍ ثَنَا خَارِجَۃُ بْنُ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ یَزِیْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَکَانَ اَکْبَرُ مِنْ زَیْدٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا وَرَدَ الْبَقِیْعَ فَاِذَا ھُوَ بِقَبْرٍ جَدِیْدٍ فَسَاَلَ عَنْہُ فَقَالُوْا فُلَانَۃُ قَالَ فَعَرَفَھَا وَقَالَ اَلَا اٰذَنْتُمُوْنِیْ

Marfat.com

بِهَا قَالُوْا كُنْتَ قَائِلًا صَآئِمًا ذَكَرِهْنَا اَنْ نُّؤْذِيَكَ قَالَ فَلَا تَفْعَلُوْا لَاعَرِ فَنَّ مَا مَاتَ مِنْكُمْ مَيِّتٌ مَا كُنْتُ بَيْنَ اَظْهُرِكُمْ اِلَّا اٰذَنْتُمُوْنِیْ بِهٖ فَاِنَّ صَلَاتِیْ عَلَيْهِ لَهٗ رَحْمَةٌ ثُمَّ اَتَى الْقَبْرَ فَصَفَفْنَا خَلْفَهٗ فَكَبَّرَ عَلَيْهِ اَرْبَعًا

(ابن ماجہ' عربی' کتاب الجنائز' حدیث نمبر 1528' ص 218' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابن ابی شیبہ' ہشیم' عثمان بن حکیم' خارجہ بن زید بن ثابت' یزید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ ہمارے ساتھ تشریف لے چلے جب بقیع پہنچے تو ایک نئی قبر دیکھی۔ لوگوں سے اس کے بارے میں دریافت کیا۔ لوگوں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ یہ فلاں کی قبر ہے۔ آپ ﷺ نے معلوم ہونے پر فرمایا۔ تم نے مجھے اطلاع کیوں نہ دی۔ لوگوں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ آپ ﷺ روزے سے دوپہر میں آرام فرما رہے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا ایسا نہ کیا کرو۔ جب تک میں تم میں موجود ہوں مجھے ہر شخص کی وفات کی اطلاع ہونی چاہئے کیونکہ میری نماز ان کے لئے رحمت ہے پھر آپ ﷺ قبر پر تشریف لائے' ہم نے آپ ﷺ کے پیچھے صفیں بنائیں۔ آپ ﷺ نے چار تکبیریں فرمائیں۔

(سنن ابن ماجہ' عربی اردو' کتاب الجنائز' حدیث نمبر 1589' ص 435' مطبوعہ فرید بک اسٹال' لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ جس کی نماز جنازہ پڑھائیں تو اس کی قبر پر

Marfat.com

رحمت کا نزول ہوتا ہے اور جہاں پیارے مصطفیٰ ﷺ قیامت تک آرام فرما ہیں' وہاں کس قدر رحمتوں کا نزول ہوتا ہوگا۔

حدیث شریف:71

حَدَّثَنَا اَبُوبَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ وَابْنُ نُمَيْرٍ وَّاَبُوْ كُرَيْبٍ قَالُوْا اَخْبَرَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ هِشَامٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ اَمَّا اَبُوْبَكْرٍ فَقَالَ فِی رِوَايَتِهٖ لِلْحَلَّاقِ هَا وَاَشَارَ بِيَدِهٖ اِلَى الْجَانِبِ الْاَيْمَنِ هٰكَذَا فَقَسَمَ شَعْرَهٗ بَيْنَ مَنْ يَّلِيْهِ قَالَ ثُمَّ اَشَارَ اِلَى الْحَلَّاقِ وَاِلَى الْجَانِبِ الْاَيْسَرِ فَحَلَقَهٗ فَاَعْطَاهُ اُمَّ سُلَيْمٍ وَّاَمَّا فِیْ رِوَايَةِ اَبِیْ كُرَيْبٍ قَالَ فَبَدَاَ بِالشِّقِّ الْاَيْمَنِ فَوَزَّعَهُ الشَّعْرَةَ وَ الشَّعْرَتَيْنِ بَيْنَ النَّاسِ ثُمَّ قَالَ بِالْاَيْسَرِ فَصَنَعَ بِهٖ مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ هَاهُنَا اَبُوْ طَلْحَةَ فَدَفَعَهٗ اِلٰى اَبِیْ طَلْحَةَ

(مسلم شریف' عربی' کتاب الحج' حدیث نمبر 3153' ص 548' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی نقول ہے۔ تاہم ایک روایت میں یہ بات زائد ہے' آپ ﷺ نے ہاتھ کے ذریعے (سر کے) دائیں طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا یہاں سے (سر سے جو بال اترے) وہ آپ

Marfat.com

ﷺ نے پاس موجود لوگوں میں تقسیم کر دیئے۔ پھر آپ ﷺ نے حجام کو اشارہ کیا کہ بائیں طرف' اس نے وہ یال صاف کئے تو نبی اکرم ﷺ نے وہ بال سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا کو عطا کر دیئے۔

ایک روایت میں یہ منقول ہے۔ آپ ﷺ نے دائیں طرف سے (سر کے بال صاف کروانے کا) آغاز کیا اور انہیں ایک' ایک' دو' دو کر کے لوگوں میں تقسیم کیا پھر بائیں طرف والے حصے میں بھی ایسا ہی کیا پھر فرمایا' یہاں ابو طلحہ تھے (راوی کہتے ہیں) پھر آپ ﷺ نے وہ بال حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کو عطا کر دیئے

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد دوم' کتاب الحج' حدیث نمبر 3049' ص 219' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور' پاکستان)

حدیث شریف: 72

وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ مُّحَمَّدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمٰى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ ثُمَّ انْصَرَفَ اِلَى الْبُدْنِ فَنَحَرَهَا وَالْحَجَّامُ جَالِسٌ وَّقَالَ بِيَدِهٖ عَنْ رَّاْسِهٖ فَحَلَقَ شِقَّهُ الْاَيْمَنَ فَقَسَمَهٗ فِيْمَنْ يَّلِيْهِ ثُمَّ قَالَ احْلِقِ الشِّقَّ الْاٰخَرَ فَقَالَ اَيْنَ اَبُوْ طَلْحَةَ فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ

Marfat.com

(مسلم شریف' عربی' کتاب الحج' حدیث نمبر 3154' ص 548' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے جمرہ عقبہ میں رمی کی پھر قربانی کے جانوروں کے پاس تشریف لا کر انہیں قربان کیا' حجام تیار بیٹھا تھا۔ آپ ﷺ نے ہاتھ کے ذریعے اپنے سر کی طرف اشارہ کیا۔ اس نے آپ ﷺ کے (سر کے) دائیں حصے کے بال صاف کر دیئے۔ وہ آپ ﷺ کے پاس موجود لوگوں میں تقسیم کر دیئے' پھر (حجام کو) حکم دیا' بائیں حصے کے بال بھی صاف کر دو (اس نے کر دیئے) آپ ﷺ نے دریافت کیا' ابو طلحہ کہاں ہیں؟ (وہ آئے تو وہ بال) آپ نے انہیں عطا کر دیئے

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد دوم' کتاب الحج' حدیث نمبر 3050' ص 219' مطبوعہ شبیر برادرز' لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 73

وَحَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ سَمِعْتُ هِشَامُ بْنَ حَسَّانٍ یُخْبِرُ عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمَّا رَمٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْجَمْرَةَ وَنَحَرَ نُسُكَهٗ وَحَلَقَ نَاوَلَ الْحَالِقَ شِقَّهُ الْاَیْمَنَ فَحَلَقَهٗ ثُمَّ دَعَا اَبَا طَلْحَةَ الْاَنْصَارِیَّ فَاَعْطَاهُ اِیَّاهُ ثُمَّ نَاوَلَهُ الشِّقَّ الْاَیْسَرَ فَقَالَ احْلِقْ فَحَلَقَهٗ فَاَعْطَاهُ اَبَا طَلْحَةَ فَقَالَ

Marfat.com

اُقسِمُهُ بَيْنَ النَّاسِ

(مسلم شریف' عربی' کتاب الحج' حدیث نمبر 3155' ص 548' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم ﷺ نے جمرہ کی رمی کر لی اور قربانی بھی کر لی تو آپ ﷺ نے (اپنے سر کے) دائیں حصے کو حجام کے آگے کیا۔ اس نے (اس حصے کے بال) صاف کر دیئے' پھر نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کو بلایا اور انہیں وہ (بال) عطا کر دیئے پھر آپ ﷺ نے (اپنے سر مبارک کا) بایاں حصہ حجام کے آگے کیا اور اسے حکم دیا' اسے صاف کر دو۔ اس نے صاف کر دیا تو آپ ﷺ نے وہ بال حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کو دیئے اور انہیں حکم دیا کہ انہیں لوگوں میں تقسیم کر دو۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد دوم' کتاب الحج' حدیث نمبر 3051' ص 212' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور' پاکستان)

ف: موئے مبارک رسول اللہ ﷺ کی تعظیم صحابہ کرام علیہم الرضوان بھی کیا کرتے تھے اور اسے تبرک سمجھ کر اپنے پاس ادب سے رکھتے تھے۔

حدیث شریف: 74

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ اَبِیْ اُسَامَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ اَوَّلُ مَوْلُوْدٍ

Marfat.com

وُلِدَ فِی الْاِسْلَامِ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ اَتَوْا بِهِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخَذَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمْرَةً فَلَاكَهَا ثُمَّ اَدْخَلَهَا فِیْ فِيْهِ فَاَوَّلُ مَادَخَلَ بَطْنَهٗ رِيْقُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(بخاری شریف' عربی' کتاب مناقب الانصار' حدیث نمبر 3910' ص 659' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا دارالسلام میں جو پہلا بچہ پیدا ہوا وہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ تھے۔ وہ ان کو نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں لائے۔ نبی اکرم ﷺ نے کھجور لی اور اسے چبایا پھر اس کو عبداللہ کے منہ میں ڈال دیا۔ جو چیز سب سے پہلے ان کے بطن میں داخل ہوئی وہ نبی اکرم ﷺ کا تھوک مبارک تھا۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد دوم' حدیث نمبر 1097' ص 522' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور' پاکستان)

ف: حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ خوش نصیب ہیں کہ ان کے بطن میں جو چیز سب سے پہلے داخل ہوئی وہ رسول اکرم نور مجسم ﷺ کا لعاب دہن تھا۔

حدیث شریف: 75

حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنُ بْنُ حَمَّادٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ

Marfat.com

عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ تُوُفِّيَتْ بِنْتُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَنَا اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا اَوْ خَمْسًا اَوْاَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ اِنْ رَاَيْتُنَّ فَاِذَا فَرَغْتُنَّ فَاٰذِنَّنِيْ فَلَمَّا فَرَغْنَا فَاٰذَنَّاهُ فَنَزَعَ مِنْ حِقْوِهٖ اِزَارَه' وَقَالَ اَشْعِرْنَهَا اِيَّاهُ۔

(بخاری شریف' عربی' کتاب الجنائز' حدیث نمبر 1257' ص 201' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: محمد بن سیرین رضی اللہ عنہ حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی صاحبزادی انتقال فرما گئیں تو آپ ﷺ نے فرمایا اس کو تین یا پانچ مرتبہ اگر ضرورت محسوس ہو تو اس سے زیادہ (سات مرتبہ) غسل دو اور جب تم غسل سے فارغ ہو جاؤ تو مجھے اطلاع کرو (ام عطیہ کا کہنا ہے) جب ہم غسل سے فارغ ہوئیں تو ہم نے آپ ﷺ کو مطلع کیا۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنے تہبند کو اتارا اور فرمایا۔ اس میں اس کو لپیٹ دو۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب الجنائز' حدیث نمبر 1179' ص 513' مطبوعہ شبیر برادرز' لاہور پاکستان)

ف: معلوم ہوا کہ جس چیز کو رسول اکرم نور مجسم ﷺ سے نسبت ہو جائے وہ باعث برکت اور وسیلہ بخشش ہے اور نسبت والی چیز کی تعظیم اور اس کو کفن کے طور پر استعمال کرنے کا حکم خود حضور ﷺ دے رہے ہیں۔

Marfat.com

حدیث شریف:76

حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ سَمِعَ خَالِدَ بْنَ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَّافِعٍ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَنْحَرُ فِى الْمَنْحَرِ قَالَ عُبَيْدُاللّٰهِ مُنْحَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(بخاری شریف، عربی، کتاب الحج، حدیث نمبر 1710، ص 276، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: نافع سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما قربانی کرنے کی جگہ میں قربانی کرتے تھے۔ عبیداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کے قربانی کرنے کی جگہ (وہ قربانی کرتے تھے)

(بخاری شریف، عربی اردو، جلد اول، کتاب الحج، حدیث نمبر 1597، ص 693، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: قربانی اللہ تعالیٰ کی راہ میں کی جاتی ہے مگر صحابہ کرام علیہم الرضوان قربانی جیسی عبادت کو بجالانے کے لئے بھی رسول اکرم نور مجسم ﷺ سے نسبت رکھنے والی جگہ پر قربانی کرتے تھے۔

حدیث شریف:77

حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْرَآئِيْلُ

Marfat.com

عَنْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ قُلْتُ لِعُبَيْدَةَ عِنْدَنَا مِنْ شَعَرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصَبْنَاهُ مِنْ قِبَلِ اَنَسٍ اَوْمِنْ قِبَلِ اَهْلِ اَنَسٍ فَقَالَ لَاَنْ تَكُوْنَ عِنْدِىْ شَعَرَةٌ مِّنْهُ اَحَبُّ اِلَىَّ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا

(بخاری شریف' عربی' کتاب الوضو' حدیث نمبر 170' ص 34' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابن سیرین کہتے ہیں کہ میں نے عبیدہ (بن عمرو سلمانی) سے کہا ہمارے پاس حضور ﷺ کے کچھ موئے مبارک ہیں۔ ہم نے ان کو حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس سے یا ان کے گھر والوں کے پاس سے حاصل کیا ہے تو عبیدہ نے کہا کہ اگر (ان بالوں میں سے) ایک بال بھی میرے پاس ہوتا تو وہ (بال) مجھے سب کائنات سے عزیز و محبوب ہوتا۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب الوضو' حدیث نمبر 169' ص 143' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 78

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ قَالَ اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبَّادٌ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا حَلَقَ رَاْسَه' كَانَ اَبُوْطَلْحَةَ اَوَّلَ مَنْ اَخَذَ مِنْ شَعَرِهٖ

Marfat.com

(بخاری شریف' عربی' کتاب الوضوء' حدیث نمبر 171 ص 34' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے جب (حجتہ الوداع) میں اپنے سر مبارک کے بال کٹوائے تو سب سے پہلے جس شخص نے آپ کے بال مبارک لئے تھے وہ ابوطلحہ تھے (ابوطلحہ ام سلیم والدہ حضرت انس کے خاوند اور آپ کے سوتیلے باپ تھے)۔ (بخاری جلد اول، کتاب الوضو، رقم الحدیث ۱۷۰، ص ۱۴۳، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور)

ف: صحابہ کرام علیہم الرضوان کے نزدیک سب سے زیادہ کائنات میں محبوب چیز رسول اکرم نور مجسم ﷺ کے بال مبارک تھے کیونکہ ان بالوں کو پیارے مصطفیٰ ﷺ سے نسبت تھی۔

حدیث شریف: 79

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُالعَزِيْزِ عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ اُتِیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحٍ فَشَرِبَ وَعَنْ يَّمِيْنِهٖ غُلَامٌ وَهُوَ اَحْدَثُ الْقَوْمِ وَالْاَشْيَاخُ عَنْ يَّسَارِهٖ قَالَ يَاغُلَامُ اَتَاْذَنُ لِیْ اَنْ اُعْطِیَ الْاَشْيَاخَ فَقَالَ مَا كُنْتُ لِاُوْثِرَ بِنَصِيْبِیْ مِنْكَ اَحَدًا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ

(بخاری شریف' عربی' کتاب المساقات' حدیث نمبر 2366' ص 380' مطبوعہ دارالسلام'

Marfat.com

ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں ایک (دودھ) کا پیالہ پیش کیا گیا تو آپ ﷺ نے اس سے کچھ نوش فرمایا اور آپ ﷺ کے دائیں جانب ایک بچہ تھا (یعنی عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ) جو لوگوں میں سے کم عمر تھے اور بزرگ لوگ آپ کے بائیں جانب تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ اے بچے کیا تو مجھے اجازت دیتا ہے کہ میں اپنا باقی ماندہ دودھ ان بزرگوں کو دے دوں۔ اس بچے نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ آپ ﷺ کے پس خوردہ بچے ہوئے دودھ میں سے میں اپنے حصہ میں کسی کو ترجیح نہیں دوں گا تو نبی کریم ﷺ نے وہ پیالہ اس بچے کو دے دیا۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب المساقات' حدیث نمبر 2203' ص 930' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: صحابہ کرام علیہم الرضوان تبرکات رسول ﷺ کو بہت بڑی نعمت سمجھتے تھے کہ اپنے حصے کو حاصل کرنے کے لئے بزرگوں کو بھی ترجیح نہیں دیتے تھے۔

حدیث شریف: 80

حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ نَا اَبِیْ نَا كَهْمَسٌ عَنْ سَيَّارِ بْنِ مَنْظُوْرٍ رَجُلٍ مِنْ بَنِیْ فَزَارَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ امْرَأَةٍ يُقَالُ لَهَا بُهَيْسَةُ عَنْ اَبِيْهَا قَالَتِ اسْتَاذَنَ اَبِیَ النَّبِیَّ صَلَّى

Marfat.com

اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ بَیْنَہٗ وَبَیْنَ قَمِیْصِہٖ فَجَعَلَ یُقَبِّلُ وَیَلْتَزِمُ ثُمَّ قَالَ یَانَبِیَّ اللّٰہِ مَاالشَّیْئُ الَّذِیْ لَایَحِلُّ مَنْعُہٗ قَالَ الْمَآءُ قَالَ یَانَبِیَّ اللّٰہِ مَاالشَّیْئُ الَّذِیْ لَایَحِلُّ مَنْعُہٗ قَالَ الْمِلْحُ قَالَ یَانَبِیَّ اللّٰہِ مَاالشَّیْئُ الَّذِیْ لَایَحِلُّ مَنْعُہٗ قَالَ اَنْ تَفْعَلَ الْخَیْرَ خَیْرٌلَّكَ

(ابوداؤد عربی، کتاب البیوع باب فی منع الماء حدیث نمبر 3476، ص 502، مطبوعہ دارالسلام ریاض، سعودی عرب)

ترجمہ: (بہیسہ نامی عورت نے اپنے والد ماجد سے روایت کرتے ہوئے کہا کہ میرے والد محترم نے نبی کریم ﷺ سے اجازت طلب کی۔ پس اپنا منہ آپ ﷺ کے کرتے مبارک کے اندر داخل کر کے بوسے دینے اور لپٹنے لگے۔ پھر عرض گزار ہوئے یا نبی اللہ ﷺ! وہ کون سی چیز ہے جس کا روکنا حلال نہیں ہے۔ فرمایا پانی۔ عرض کی کہ یا نبی اللہ ﷺ! وہ کون سی چیز ہے جس کا روکنا حلال نہیں ہے؟ فرمایا کہ نمک۔ عرض گزار ہوئے کہ یا نبی اللہ ﷺ! وہ چیز کون سی ہے جس کا روکنا حلال نہیں ہے؟ فرمایا کہ اگر تم نیکی کرو تو وہ تمہارے لئے بہتر ہے۔

(سنن ابوداؤد عربی اردو جلد سوم، کتاب البیوع، حدیث نمبر 81، ص 44، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 81

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ بُرَیْدِ بْنِ

Marfat.com

بِعَبْدِاللّٰهِ عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كُنْتُ عِنْدَالنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ نَازِلٌ بِالْجِعْرَانَةِ بَیْنَ مَكَّةَ الْمَدِیْنَةِ وَمَعَهٗ بِلَالٌ فَاَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَعْرَابِیٌّ فَقَالَ اَلَا تُنْجِزُلِیْ مَا وَعَدْتَّنِیْ فَقَالَ لَهٗ اَبْشِرْ فَقَالَ قَدْ اَكْثَرْتَ عَلَیَّ مِنْ اَبْشِرْ فَاَقْبَلَ عَلٰی اَبِیْ مُوْسٰی وَ بِلَالٍ كَهَیْئَةِ الْغَضْبَانَ فَقَالَ رَدَّ الْبُشْرٰی فَاقْبَلَا اَنْتُمَا قَالَا قَبِلْنَا ثُمَّ دَعَا بِقَدَحٍ فِیْهِ مَآءٌ فَغَسَلَ یَدَیْهِ وَوَجْهَهٗ فِیْهِ وَمَجَّ فِیْهِ ثُمَّ قَالَ اِشْرَبَا مِنْهُ وَ اَفْرِغَا عَلٰی وُجُوْهِكُمَا وَنُحُوْرِكُمَا وَاَبْشِرَا فَاَخَذَا الْقَدَحَ فَفَعَلَا فَنَادَتْ اُمُّ سَلَمَةَ مِنْ وَرَاءِ السِّتْرِاَنْ اَفْضِلَا لِاُمِّكُمَا فَاَفْضَلَا لَهَا مِنْهُ طَآئِفَةً۔

(بخاری شریف' عربی' کتاب المغازی' حدیث نمبر 4328' ص 732' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابو اسامہ نے برید بن عبداللہ سے انہوں نے ابو بردہ سے اور انہوں نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے بیان کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں نبی اکرم ﷺ کے پاس تھا۔ درآنحالیکہ آپ مکہ اور مدینے کے درمیان مقام جعرانہ میں نزول اجلال فرما ہوئے تھے اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ بھی آپ ﷺ کے ساتھ تھے۔ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ایک اعرابی آیا اور کہا کیا آپ ﷺ نے

Marfat.com

جو مجھ سے وعدہ کیا تھا اسے پورا نہیں کرتے (یا تو یہ وعدہ اعرابی کے ساتھ خاص تھا یا طائف سے رجوع کے بعد غنیمت تقسیم کرنے کا وعدہ تھا) آپ نے اس اعرابی سے فرمایا۔ تمہیں بشارت ہو (تقسیم کے قرب کی یا صبر پر ثواب عظیم کی) اس اعرابی نے کہا آپ ﷺ مجھے بکثرت فرما چکے ہیں کہ تمہیں بشارت ہو۔ آپ ﷺ نے غصہ کی حالت میں حضرت ابوموسیٰ اشعری اور بلال رضی اللہ عنہم کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا۔ اعرابی نے تو بشارت رد کر دی ہے تو تم دونوں بشارت کو قبول کر لو۔ ان دونوں نے عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ ہم نے بشارت قبول کی۔ پھر آپ ﷺ نے ایک پیالہ پانی کا منگایا اور اس میں اپنے دست اقدس اور چہرہ پرنور کو دھویا اور اس میں لعاب مبارک ڈالا۔ پھر آپ ﷺ نے ان دونوں سے فرمایا اس سے پانی پیو اور اپنے منہ اور سینوں پر بہاؤ اور بشارت قبول کرو۔ ان دونوں نے پیالہ لیا اور جس طرح نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ اس کی تعمیل کی تو پردہ کے پیچھے سے ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا۔ اپنی والدہ کے لئے بھی بچاؤ تو ان دونوں نے اس پانی سے کچھ اپنی ماں کے لئے بھی بچا لیا۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد دوم' کتاب المغازی حدیث نمبر 1469' ص 693' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے ایک پانی کا پیالہ منگوایا پھر اس میں اپنے دست اقدس اور چہرہ کو دھویا اور اس میں لعاب مبارک ڈالا اور صحابہ کرام علیہم الرضوان کو حکم دیا کہ اسے پیو چہرے اور سینوں پر بہاؤ۔

Marfat.com

معلوم ہوا کہ تبرکات رسول ﷺ فیوض و برکات کا سرچشمہ ہے۔

حدیث شریف:82

حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ اَبِی جُحَيْفَةَ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْهَاجِرَةِ فَصَلّٰى بِالْبَطْحَاءِ الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ رَكْعَتَيْنِ وَنَصَبَ بَيْنَ يَدَيْهِ عَنْزَةً وَّتَوَضَّاَ فَجَعَلَ النَّاسُ يَتَمَسَّحُوْنَ بِوُضُوْئِهٖ۔

(بخاری شریف' عربی' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 501' ص 85' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ دوپہر کے وقت ہمارے پاس تشریف لائے اور آپ ﷺ نے بطحاء مکہ میں ظہر اور عصر کی نماز دو دو رکعت ادا فرمائی اور آپ رضی اللہ عنہ نے یعنی (ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ نے) آپ ﷺ کے آگے نیزہ گاڑ دیا (اور حال یہ تھا) کہ آپ ﷺ نے وضو فرمایا تو لوگوں نے اس کا (غسالہ) لے کر (جسم پر) تبرکاً ملنا شروع کر دیا۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 474' ص 258' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: صحابہ کرام علیہم الرضوان تبرکات رسول ﷺ کو اس قدر نعمت سمجھتے تھے

Marfat.com

کہ اسے جسم پر تبرکاً ملتے تھے۔

حدیث شریف:83

حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا یَعْلٰی وَ اَبُوْ مُعَاوِیَۃَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّۃَ عَنِ اَبِی الْبَخْتَرِیِّ اَنَّ عَلِیًّ قَالَ بَعَثَنِی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَی الْیَمَنِ فَقُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ تَبْعَثُنِیْ وَاَنَا شَابٌّ اَقْضِیْ بَیْنَھُمْ وَلَآ اَدْرِیْ مَا الْقَضَآءُ قَالَ فَضَرَبَ بِیَدِہٖ فِیْ صَدْرِیْ ثُمَّ قَالَ اللّٰھُمَّ اَھْدِ قَلْبَہٗ وَثَبِّتْ لِسَانَہٗ قَالَ فَمَا شَکَکْتُ بَعْدُ فِیْ قَضَآءٍ بَیْنَ اثْنَیْنِ۔

(ابن ماجہ عربی ابواب الاحکام حدیث نمبر 2310 ص 330 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: علی بن محمد یعلےٰ ابومعاویہ اعمش عمرو بن مرہ ابوالبختری حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ نے مجھے یمن بھیجا۔ میں نے عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ میں جوان ہوں اور لوگوں کے درمیان مجھے فیصلے کرنے ہوں گے اور میں تو یہ بھی نہیں جانتا کہ فیصلہ کیسے ہوتا ہے۔ آپ ﷺ نے میرے سینے پر ہاتھ مار کر فرمایا۔ اے اللہ تعالیٰ اس کے دل کو ہدایت عطا فرما اور اس کی زبان کو ثابت رکھ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس کے بعد مجھے دو شخصوں کے درمیان فیصلہ کرنے میں کوئی شک پیدا نہیں ہوگا۔

Marfat.com

(سنن ابن ماجہ عربی اردو جلد دوم ابواب احکام حدیث نمبر 77 ص 40 مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: معلوم ہوا کہ دست پاک رسول ﷺ اگر کسی کے سینے پر لگ جائے تو اس کا سینہ ہدایت اور علم کا خزینہ بن جاتا ہے اور مولیٰ علی رضی اللہ عنہ جو علم کا باب (دروازہ) ہیں۔ یہ دعائے مصطفیٰ ﷺ کا صدقہ ہے۔

حدیث شریف:84

حَدَّثَنَا اَبُوْ مُصْعَبٍ اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَکْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ دِیْنَارٍ عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنْ سَعِیْدِ الْمَقْبُرِیِّ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَنِّیْ اَسْمَعُ مِنْكَ حَدِیْثًا کَثِیْرًا اَنْسَاهُ قَالَ ابْسُطْ رِدَآءَكَ فَبَسَطْتُّه، قَالَفَغَرَفَ بِیَدَیْهِ ثُمَّ قَالَ ضُمَّ فَضَمَمْتُه، فَمَا نَسِیْتُ شَیْئًا بَعْدُ حَدَّثَنَآ اِبْرَاهِیْمُ ابْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ فُدَیْكٍ بِهٰذَا وَقَالَ فَغَرَفَ بِیَدِهٖ فِیْهِ۔

(بخاری شریف عربی کتاب العلم حدیث نمبر 119 ص 26 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میں آپ ﷺ سے بہت ساری باتیں سنتا ہوں لیکن بھول جاتا ہوں فرمایا (اے ابوہریرہ) اپنی چادر بچھا اور میں نے اپنی چادر بچھادی۔ آپ ﷺ

Marfat.com

نے اپنے دونوں ہاتھوں سے کوئی چیز لے کر اس میں رکھ دی۔ (یہ محض اشارہ تھا کوئی معروف چیز نہیں تھی) پھر فرمایا اسے لپیٹ لو اور میں نے اسے لپیٹ لیا اور اس کے بعد میں کوئی بات نہیں بھولا۔

(بخاری شریف، عربی اردو، جلد اول کتاب العلم، حدیث نمبر 119، ص 124، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور، پاکستان)

ف: معلوم ہوا کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان کو کوئی بھی مسئلہ درپیش ہوتا تو طبیب اعظم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوتے تھے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے رسول اکرم نور مجسم ﷺ کے بظاہر خالی ہاتھوں کو اپنی چادر میں لپیٹ کر سینے سے لگا لیا۔ لہٰذا صحابہ کرام علیہم الرضوان کا ایمان تھا کہ حضور ﷺ کے بظاہر خالی ہاتھوں میں کونین کے خزانے ہیں۔

مالک کونین ہیں گو پاس کچھ رکھتے نہیں
دو جہاں کی نعمتیں ہیں ان کے خالی ہاتھ میں

حدیث شریف:85

حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنُ شِهَابٍ عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ عَنْ عُتْبَانَ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَاهُ فِيْ مَنْزِلِهٖ فَقَالَ اَيْنَ تُحِبُّ اَنْ اُصَلِّيَ لَكَ مِنْ بَيْتِكَ قَالَ

Marfat.com

فَاَشَرْتُ لَه' اِلٰی مَکَانٍ فَکَبَّرَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَصَفَفْنَا خَلْفَه' فَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ ۔

(بخاری شریف' عربی' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 424' ص 73' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت عتبان بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں۔ نبی اکرم ﷺ ان کے گھر تشریف لائے اور فرمایا تیرے گھر میں سے تجھے کون سی جگہ پسند ہے تا کہ میں اس جگہ نماز پڑھوں۔ میں نے ایک جگہ کی طرف اشارہ کیا تو نبی اکرم ﷺ نے تکبیر کہی اور ہم نے آپ ﷺ کے پیچھے صف باندھ لی اور آپ ﷺ نے دو رکعت (نماز) ادا فرمائی۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 409' ص 232' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: نماز اللہ تعالیٰ کی عظیم الشان عبادت ہے جو کہ کہیں بھی ادا کی جا سکتی ہے مگر صحابہ کرام علیہم الرضوان کے گھر حضور ﷺ تشریف لاتے اور پوچھتے کہ جہاں تو کہے وہاں نماز پڑھوں مگر ان صحابی نے کوئی اعتراض نہ کیا۔

کیونکہ صحابہ کرام علیہم الرضوان کا ایمان تھا کہ جہاں حضور ﷺ نماز پڑھ لیں وہ جگہ بابرکت ہو جاتی ہے۔

Marfat.com

حدیث شریف:86

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍنَا اَبُوْعَاصِمٍ نَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ نَا عِلْبَآءِ بْنِ اَحْمَرَ نَا زَيْدُ بْنُ اَخْطَبَ قَالَ مَسَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَه' عَلٰى وَجْهِىْ وَدَعَالِىْ قَالَعَزْرَةُ اِنَّهٗ عَاشَ مِائَةً وَعِشْرِيْنَ سَنَةً وَّلَيْسَ فِىْ رَأْسِهٖ اِلَّاشُعَيْرَاتٌ بِيْضٌ۔

(ترمذی' عربی' ابواب المناقب' حدیث نمبر 3629' ص 827' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوزید اخطب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک میرے چہرے پر پھیرا اور میرے لئے دعا فرمائی۔ عزرہ راوی کہتے ہیں ابوزید ایک سو بیس سال زندہ رہے اور ان کے سر میں صرف چند بال سفید تھے۔

(ترمذی' عربی اردو' جلد دوم' ابواب المناقب حدیث شریف 1563' ص 676' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:87

وَحَدَّثَنِىْ اَبُو الرَّبِيْعِ الزَّهْرَانِىُّ وَاَبُو كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنِ الْجَحْدَرِىُّ وَاللَّفْظُ لِاَبِىْ كَامِلٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادٌ وَّهُوَ ابْنُ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِىِّ عَنْ اَبِىْ

Marfat.com

رَافِعٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ امْرَاةً سَوْدَاءَ کَانَتْ تُقُمُّ الْمَسْجِدَ اَوْ شَابًّا فَفَقَدَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَ عَنْهَا اَوْ عَنْهُ فَقَالُوْا مَاتَ قَالَ اَفَلَا کُنْتُمْ اٰذَنْتُمُوْنِیْ قَالَ فَکَاَنَّهُمْ صَغَّرُوْا اَمْرَهَا اَوْ اَمْرَهُ فَقَالَ دُلُّوْنِیْ عَلٰی قَبْرِهٖ فَدَلُّوْهُ فَصَلّٰی عَلَیْهَا ثُمَّ قَالَ اِنَّ هٰذِهِ الْقُبُوْرَ مَمْلُوْئَةٌ ظُلْمَةً عَلٰی اَهْلِهَا وَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ یُنَوِّرُهَا لَهُمْ بِصَلَاتِیْ عَلَیْهِمْ۔

(مسلم شریف' عربی' کتاب الجنائز' حدیث نمبر 2215' ص 385' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک سیام فام عورت مسجد نبوی کی صفائی کرتی تھی۔ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ نے اس کی غیر موجودگی محسوس کی تو اس کے بارے میں دریافت کیا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی' اس کا انتقال ہو چکا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا تم نے مجھے اس کی اطلاع کیوں نہیں دی؟ (راوی کہتے ہیں) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس کے انتقال کو زیادہ اہمیت نہیں دی تھی (نبی اکرم ﷺ نے فرمایا) مجھے اس کی قبر کے پاس لے جاؤ۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ ﷺ کو لے کر گئے تو آپ ﷺ نے اس کی قبر پر نماز (جنازہ) ادا کی۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: یہ قبریں مردوں کے لئے تاریکی سے بھری ہوئی ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ میری ان مرحومین کی نماز جنازہ پڑھنے کی وجہ سے

Marfat.com

ان قبروں کو روشن کر دیتا ہے۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب الجنائز' حدیث نمبر 2110' ص 727' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف:88

حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ مُوْسٰی نَا اِسْمٰعِیْلُ یَعْنِی ابْنَ جَعْفَرٍ عَنْ اِسْرَائِیْلَ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِیْ بُرْدَۃَ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ نَنْطَلِقَ اِلٰی اَرْضِ النَّجَاشِیْ فَذَکَرَ حَدِیْثَہٗ قَالَ النَّجَاشِیْ اَشْھَدُ اَنَّہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہُ الَّذِیْ بَشَّرَبِہٖ عِیْسَی بْنُ مَرْیَمَ وَلَوْلَا مَا اَنَا فِیْہِ مِنَ الْمُلْکِ لَاَتَیْتُہٗ' حَتّٰی اَحْمِلَ نَعْلَیْہِ۔

(ابوداؤد' عربی' کتاب الجنائز' حدیث نمبر 3205' ص 468' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابو بردہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے نجاشی کے ملک میں چلے جانے کا حکم فرمایا۔ پھر مذکورہ حدیث بیان کی۔ نجاشی نے کہا۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد مصطفےٰ ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں جن کی حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نے بشارت دی تھی اگر میں اپنی ملکی ذمہ داری میں پھنسا ہوا نہ ہوتا تو

Marfat.com

بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوکر ان کی نعلین مبارک اٹھانے کی سعادت حاصل کیا کرتا۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد دوم کتاب الجنائز حدیث نمبر 1428 ص 549 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: حبشہ کے بادشاہ نجاشی کا اسلام قبول کرنا مسلمانوں کے لئے بڑی تقویت کا باعث ہوا کہ ایسے نازک وقت میں بعض مسلمانوں کو محفوظ پناہ گاہ مل گئی۔ کتنے مسلمان مرد وعورت حبشہ کی جانب ہجرت کر کے گئے تھے۔ ان کی تعداد میں اختلاف ہے۔ ایک قول کے مطابق ہجرت کرنے والے گیارہ مرد تھے۔ دوسرے قول کے مطابق بارہ مرد اور چار عورتیں تھیں۔ تیسرے قول کے مطابق عورتیں پانچ تھیں۔ بہرحال ان میں سب سے پہلے حضرت عثمان ذی النورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہجرت کی جن کے ساتھ ان کی اہلیہ محترمہ یعنی رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادی حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تھیں۔ فرمان رسالت ہے کہ حضرت لوط علیہ السلام کے بعد عثمان پہلے شخص ہیں جنہوں نے اپنی اہلیہ کے ساتھ ہجرت کی ہے۔ یہ ہجرت اعلان نبوت کے پانچویں سال ماہ رجب میں ہوئی۔ نجاشی اصحمہ نے مہاجرین کی خوب خاطر ومدارات کی اور قریش کا جو وفد مسلمانوں کو اپنی تحویل میں لینے کی غرض سے گیا تھا اسے ناکام ونامراد واپس کیا۔ نجاشی اصحمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حبشہ میں حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بیوہ ہوجانے پر ان کا نبی کریم ﷺ کے ساتھ نکاح کر دیا اور مہر اپنے پاس سے ادا کیا۔ رحمت دوعالم ﷺ کی خدمت میں تحائف

Marfat.com

بھیجے۔ شاہ حبشہ نے عقیدت مندی و جانثاری کا پوری طرح حق ادا کیا تو سرور کون و مکان ﷺ نے نجاشی کے وفات پانے پر صحابہ کرام علیہم الرضوان کو ساتھ لے کر ان کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھی جو ایک طرف آپ ﷺ کے خصائص سے ہے اور دوسری جانب آقائی کی نادر مثال ہے کہ شفقت اور تعلق خاطر کی ایک تاریخی مثال قائم کر دی۔ ان کی نگاہ کرم کا محتاج کون نہیں ہے؟ خدا کرے کہ اس عصیاں شعار پر بھی رحمت دو عالم ﷺ کا خاص لطف و کرم ہو جائے۔ آمین

حدیث شریف:89

حَدَّثَنَا یحیی بن یحیی اخبرنا خالد بن عَبْدِاللّٰهِ عَنْ عَبْدُالْمَلِكِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ مولی اَسْمَاء بنت اَبِیْ بَكْرٍ وَّ كَانَ خَالَ وَلَدِ عَطَاءٍ قَالَ اَرْسَلَتْنِیْ اَسْمَاءُ اِلٰی عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ فَقَالَتْ بَلَغَنِیْ اَنَّكَ تُحَرِّمُ اَشْیَآءَ ثَلَاثَةً الْعَلَمَ فِی الثَّوْبِ وَ مِیْثَرَةَ الْاُرْجُوَانِ وَصَوْمَ رَجَبٍ كُلِّهٖ فَقَالَ لِیْ عَبْدُاللّٰهِ اَمَّا مَا ذَكَرْتَ مِنْ رَجَبٍ فَكَیْفَ بِمَنْ یَصُوْمُ الْاَبَدَ وَاَمَّا مَا ذَكَرْتَ مِنَ الْعَلَمِ فِی الثَّوْبِ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّمَا یَلْبَسُ الْحَرِیْرَ مَنْ لَا

Marfat.com

خَلَاقَ لَـهٗ فَخِفْـتُ اَنْ يَكُوْنَ الْعَلَمُ مِنْهُ وَاَمَّا مِيْثَرَةُ الْاُرْجُوَانِ فَهٰذِهٖ مِيْثَرَةُ عَبْدِاللّٰهِ فَاِذَا هِيَ اُرْجُوَانٌ فَرَجَعْتُ اِلٰى اَسْمَاءَ فَخَبَّرْتُهَا فَقَالَتْ هٰذِهٖ جُبَّةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْرَجَتْ اِلَيَّ جُبَّةً طِيَالِسَةً كِسْرَوَانِيَّةً لَّهَا لِبْنَةُ دِيْبَاجٍ وَّفَرْجَيْهَا مَكْفُوْفَيْنِ بِالدِّيْبَاجِ فَقَالَتْ هٰذِهٖ كَانَتْ عِنْدَ عَائِشَةَ حَتّٰى قُبِضَتْ فَلَمَّا قُبِضَتْ قَبَضْتُهَا وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْبَسُهَا فَنَحْنُ نَغْسِلُهَا لِلْمَرْضٰى يُسْتَشْفٰى بِهَا۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب اللباس، حدیث نمبر 5409، ص 926، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: عبداللہ بیان کرتے ہیں: سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا نے مجھے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا، اس پیغام کے ساتھ، کہ مجھے یہ پتہ چلا ہے آپ ﷺ تین اشیاء کو حرام قرار دیتے ہیں۔ کپڑوں پر بنے ہوئے نقش و نگار، سرخ گدے اور جبکہ پورے مہینے میں روزے رکھنا (راوی کہتے ہیں) حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے مجھے جواب دیا۔ جہاں تک رجب کے روزوں کا تعلق ہے تو جو شخص خود ہمیشہ روزہ رکھتا ہو وہ رجب کے روزوں کو کیسے حرام قرار دے سکتا ہے، جہاں تک کپڑوں پر بنے ہوئے نقش و نگار کا تعلق ہے تو میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہوئے سنا ہے۔ ریشم وہ شخص پہنے گا

Marfat.com

جس کا (آخرت میں) کوئی حصہ نہیں ہوگا اور مجھے یہ اندیشہ ہے کہ وہ نقش نگار ریشم سے بنائے جاتے ہیں۔ جہاں تک سرخ گدوں کا تعلق ہے تو عبداللہ کا (یعنی میرا) یہ گدا بھی سرخ ہی ہے (راوی کہتے ہیں) میں سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا کے پاس واپس گیا انہیں یہ جوابات بتائے تو وہ بولیں۔ یہ نبی اکرم ﷺ کا جبہ ہے۔ انہوں نے ایک "طیالسی کسروانی" جبہ نکالا جس کے گریبان اور آستینوں پر دیباج سے نقش ونگار بنے ہوئے تھے۔ سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا نے بتایا یہ عائشہ کے پاس تھا۔

جب اس کا انتقال ہوگیا تو اسے میں ۔۔ حاصل کرلیا۔ نبی اکرم ﷺ اسے پہنا کرتے تھے اور ہم اسے دھوکر پانی بیماروں کو پلایا کرتے تھے تاکہ وہ شفایاب ہوجائیں۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد سوم کتاب اللباس والزینۃ' حدیث نمبر 5293' ص 85 مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: معلوم ہوا کہ جس جبے کو رسول اکرم نور مجسم ﷺ سے نسبت ہوگئی' صحابہ کرام علیہم الرضوان اسے دھوکر اس کا پانی بیماروں کو پلایا کرتے تھے کیونکہ صحابہ کرام علیہم الرضوان کا یہ ایمان تھا کہ تبرکات رسول ﷺ باعثِ شفا ہیں۔

Marfat.com

اختیارات مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث شریف: 90

حَدَّثَنَا هِشَّامُ بْنُ عَمَّارٍ نَا الْهَقْلُ ابْنُ زِيَادٍ السَّكْسَكِيُّ نَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى ابْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَبِيْعَةَ بْنَ كَعْبٍ الْاَسْلَمِيَّ يَقُوْلُ كُنْتُ اَبِيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰتِيْهِ بِوَضُوْئِهٖ وَبِحَاجَتِهٖ فَقَالَ سَلْنِيْ فَقُلْتُ مُرَافَقَتَكَ فِي الْجَنَّةِ قَالَ اَوْغَيْرُ ذٰلِكَ قُلْتُ هُوَ ذَاكَ قَالَ فَاَعِنِّيْ عَلٰى نَفْسِكَ بِكَثْرَةِ السُّجُوْدِ۔

(ابوداؤد عربی، کتاب الصلوٰۃ، باب وقت قیام النبی من اللیل، حدیث نمبر 1320، ص 197، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ایک رات میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گزاری اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے وضو اور قضائے حاجت کے لئے پانی پیش کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھ سے مانگ لو۔ پس میں عرض گزار ہوا کہ جنت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت فرمایا کہ اس کے سوا اور کچھ؟ عرض کی کہ یہی کافی ہے۔ فرمایا کہ زیادہ سجدے کر کے میری مدد کرتے رہنا۔

Marfat.com

(ابوداؤد عربی اردو جلد اول باب وقت قیام النبی من اللیل حدیث نمبر 1306 ص 491 مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: یہ روایت سنن ابوداؤد کے علاوہ صحیح مسلم، سنن ابن ماجہ اور معجم کبیر طبرانی میں بھی موجود ہے۔ صحیح مسلم میں ہے کہ پروردگار عالم جل جلالہ کے خلیفہ اعظم محبوب اکرم ﷺ کا دریائے کرم جوش میں آیا تو حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا۔ سل سنن ابوداؤد میں سلنی ہے یعنی مجھ سے مانگ لو۔ طبرانی میں ہے۔ سلنی فاعطیک مجھ سے مانگ لو میں عطا کردوں گا۔ موجودہ شرک فروش ٹولے کے بقول تو یہ فرمانا تھا کہ جو کچھ مانگنا ہو خدا سے مانگو اور ہم بھی دعا کریں گے بلکہ اس کے برعکس فرمایا کہ ہم سے مانگو میں عطا فرمادوں گا۔ گویا یہ خلافت عظمیٰ کا اظہار فرمایا جارہا ہے اور یہ بھی نہیں فرمایا کہ جو کچھ ہمارے کاشانہ اقدس میں نظر آئے اس میں سے جو جی چاہے مانگ لو۔ بلکہ فرمایا کہ جو جی میں آئے ہم سے مانگو۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان کا بھی یہی عقیدہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ باری تعالیٰ جل جلالہ کے خلیفہ اعظم اور ماذون ومختار ہیں لہذا دنیا وآخرت کی ہر چیز دے سکتے ہیں۔ اسی لئے حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ نے نہ صرف جنت مانگی بلکہ حضور ﷺ سے جنت میں آپ ﷺ کی رفاقت مانگی۔ اگر حضور ﷺ سے مانگنا شرک ہوتا تو حضور ﷺ خود ایسا کیوں فرماتے؟ حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ کیوں حضور ﷺ سے مانگتے؟ محدثین کرام کیوں ایسی حدیثوں کو کتب احادیث میں درج کرتے؟ کیا حضور ﷺ نے حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ کو شرک کی تعلیم دی۔ کیا

Marfat.com

حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ سے جنت میں رفاقت مانگ کر شرک کیا؟ کیا محدثین کرام نے ایسی حدیثوں کو اپنی کتابوں میں جگہ دے کر شرک کی نشر واشاعت کی ہے؟ نہیں ہرگز نہیں۔ اگر توحید کے نام نہاد علمبرداروں کے نزدیک یہ شرک نہیں ہے تو ان مہربانوں کو بھولے بھالے مسلمانوں پر ترس کھاتے ہوئے توحید اور شرک کی تعریفوں پر نظر ثانی کر لینی چاہئے جبکہ ایسا کرنے سے مسلمانوں کو مشرک ٹھہرا کر ان کے خرمن اتحاد میں آگ لگانے کا ابلیسی منصوبہ دریا برد ہو جائے گا اور بڑی حد تک اتفاق واتحاد کی جانفزا ہوائیں چلنے لگیں گی۔ اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ کے اندر اس حدیث کی شرح لکھتے ہوئے خاتم المحققین شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۵۲ھ/۱۶۴۲ء) نے اہل حق کی ترجمانی کا فریضہ یوں ادا کیا۔

از اطلاق سوال کرد کہ فرمود سل بخواہ تخصیص نکرد بمطلوبے خاص معلوم میشود کہ کار ہمہ بدست ہمت و کرامت اوست صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر چہ خواہد وہر کہ راخواہد باذن پروردگار خود دہد

مطلق سوال کرنے کے لئے فرمانا کہ مانگ لو اور کسی خاص مطلوب چیز کی تخصیص نہ کرنا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام کام نبی کریم ﷺ کی دست مبارک کی ہمت وکرامت سے وابستہ ہیں کہ جو چیز چاہیں اور جس چیز کے لئے چاہیں اپنے پروردگار جل جلالہٗ کے حکم سے عطا فرمائیں۔

Marfat.com

اسی حدیث کی شرح لکھتے ہوئے گیارہویں صدی کے مجدد برحق اور اہلسنت و جماعت کے مایہ ناز محقق و محدث علامہ علی قاری علیہ رحمتہ الباری (۱۰۱۴ھ/۱۶۰۵ء) نے مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں اس حقیقت کے چہرے سے یوں نقاب ہٹائی ہے۔

يُؤْخَذُ مِنْ اِطْلَاقِهٖ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى مَكَّنَهٗ مِنْ اِعْطَآءِ كُلِّ مَا اَرَادَ مِنْ خَزَائِنِ الْحَقِّ۔

نبی کریم ﷺ کے اس مطلق حکم فرمانے سے معلوم ہو رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں مقرر فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے خزانوں سے جس کو جو چیز چاہیں عطا فرمائیں۔

اس لئے شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ نے مسلمانوں کو یوں فہمائش کی ہے۔

اگر خیریت دنیا و عقبی آرزو داری
بدرگاہش بیاد ہر چہ می خواہی تمنا کن

امام محمد بوصیری رحمتہ اللہ علیہ نے قصیدہ بردہ شریف میں اس عقیدے کو یوں نظم فرمایا۔

فَاِنَّ مِنْ جُوْدِكَ الدُّنْيَا وَضَرَّتَهَا

Marfat.com

وَمِنْ عُلُوْمِكَ عِلْمَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ

ماضی قریب کے ایک عاشق صادق نے یہ عقیدہ یوں بیان فرمایا ہے۔

مانگے گئے، مانگے جائیں گے، منہ مانگی پائیں گے
سرکار میں نہ لا ہے نہ حاجت اگر کی ہے

حدیث شریف:91

حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ ثَنَا اَبُو اُسَامَةَ وَعَبْدُاللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِیْ سَعِيْدِ نِ الْمَقْبُرِیِّ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمَّتِیْ لَا مَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ۔

(سنن ابن ماجہ، عربی، باب السواک، حدیث نمبر 287، ص 44، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابوبکر بن ابی شیبہ، ابواسامہ، عبداللہ بن نمیر، عبیداللہ بن عمر، سعید بن ابی سعید المقبری، ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ اگر اُمّت کا مشقت میں پڑنا مجھ پر گراں نہ ہوتا تو انہیں ہر نماز کے وقت مسواک کا حکم دیتا۔

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد اول، باب السواک، حدیث نمبر 304، ص 113، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

Marfat.com

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ کا یہ فرمانا کہ میں مسواک کو ہر نماز کے وقت ضروری قرار دے دیتا اس عقیدے کو ثابت کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کو شریعت کا مختار بنایا ہے۔

حدیث شریف:92

وَحَدَّثَنَا اَبُوبَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ اَخْبَرَنِیْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِیْ رَبِيْعَةُ بْنُ يَزِيْدَ الدِّمَشْقِیُّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ الْيَحْصُبِیِّ قَالَ سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ يَقُوْلُ اِيَّاكُمْ وَاَحَادِيْثَ اِلَّاحَدِيْثًا كَانَ فِیْ عَهْدِ عُمَرَ فَاِنَّ عُمَرَ كَانَ يُخِيْفُ النَّاسَ فِی اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُوْلُ مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِی الدِّيْنِ وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّمَا اَنَا خَازِنٌ فَمَنْ اَعْطَيْتُهٗ عَنْ طِيْبِ نَفْسٍ فَمُبَارَكٌ لَّهٗ فِيْهِ وَمَنْ اَعْطَيْتُهٗ عَنْ مَّسْاَلَةٍ وَ شَرَهٍ كَانَ كَالَّذِیْ يَاْكُلُ وَلَايَشْبَعُ۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب الزکوٰۃ، حدیث نمبر 2379، ص 417، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے

Marfat.com

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ تم صرف وہی احادیث روایت کرو جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں روایت کی جاتی تھی۔ اور دیگر تمام روایات (کو نقل کرنے) سے گریز کرو۔ کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کے معاملے میں لوگوں کو ڈرنے کی تلقین کیا کرتے تھے۔ میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ جس شخص کے لئے بھلائی کا ارادہ کرلے اسے دین کی سمجھ بوجھ عطا کر دیتا ہے اور میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے بھی سنا ہے کہ میں خزانے کا نگران ہوں۔ میں اپنی خوشی سے کسی کو کچھ دیتا ہوں۔ تو اس میں اس شخص کے لئے برکت ڈالی جائے گی۔ اور اگر میں کسی کے مانگنے یا اس کے لالچ کی وجہ سے کسی کو کچھ دیتا ہوں تو اس کی مثال اس شخص کی طرح ہے جو کھانے کے باوجود سیر نہیں ہوتا۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب الزکوٰۃ' حدیث نمبر 2285' ص 784' مطبوعہ شبیر برادرز' لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے اپنے خزانے کا نگران بنایا ہے۔ حضور ﷺ جسے جو چاہیں' جب چاہیں عطا فرما سکتے ہیں۔

کنجی تجھے دی اپنے خزانے کی خدا نے
محبوب کیا مالک و مختار بنایا

Marfat.com

حدیث شریف:93

حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شِیْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ حُمَیْدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَةَ جَآءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ الْاٰخِرَوَقَعَ عَلٰی امْرَاَتِہٖ فِیْ رَمَضَانَ فَقَالَ اَتَجِدُ مَاتُحَرِّرُ رَقَبَةً قَالَ لَاقَالَ فَتَسْتَطِیْعُ اَنْ تَصُوْمَ شَھْرَیْنِ مُتَتَا بِعِیْنَ قَالَ لَاقَالَ اَفَتَجِدُ مَاتُطْعِمُ بِہٖ سِتِّیْنَ مِسْکِیْنًا قَالَ لَا قَالَ فَاُتِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِعَرَقٍ فِیْہِ تَمْرٌ وَّھُوَ الزِّبْیِلُ قَالَ اَطْعِمْ ھٰذَا عَنْکَ قَالَ عَلٰی اَحْوَجَ مِنَّا مَابَیْنَ لَا بَتَیْھَا اَھْلُ بَیْتٍ اَحْوَجُ مِنَّا قَالَ فَاَطْعِمْہُ اَھْلَکَ

(بخاری شریف، عربی، کتاب الصوم، حدیث نمبر 1937، ص 311، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی (سلمان بن صحر بیاض) نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ ذلیل نے رمضان المقدس میں اپنی بیوی سے جماع کرلیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ کیا تمہارے پاس غلام ہے جس کو تم آزاد کرو۔ اس شخص نے عرض کیا نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا مسلسل دو مہینے روزہ رکھنے کی استطاعت ہے۔ اس شخص نے عرض کیا نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا اتنا کھانا رکھتے ہو جو ساٹھ مسکینوں کو کھلا سکو؟۔ اس نے

Marfat.com

عرض کیا نہیں۔ راوی نے کہا نبی ﷺ کے پاس ایک ٹوکرا لایا گیا جس میں کھجوریں تھیں اور عرق بمعنی زنبیل ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا یہ اپنی طرف سے (مسکینوں کو) کھلا دے۔ اس شخص نے عرض کیا جو ہم سے زیادہ محتاج ہو اس پر صدقہ کروں۔ مدینہ طیبہ کے دونوں کناروں (یعنی جانب شرقی اور جانب غربی) کے درمیان کوئی گھرانہ ہم سے زیادہ محتاج نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا اپنے گھر والوں کو کھلا دو۔

(بخاری شریف، عربی اردو، جلد دوم، کتاب الصوم، حدیث نمبر 1809، ص 774، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: شریعت کا قانون ہے کہ اپنی بیوی سے حالت روزہ میں جماع کرنے پر کفارہ ادا کرنا ضروری ہے مگر رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے اپنے رب جل جلالہ کی عطا سے قانون شریعت بدل دیا۔ لہذا معلوم ہوا کہ حضور ﷺ مختار کل ہیں۔

حدیث شریف: 94

حَدَّثَنَا مُوسٰی بْنُ اِسْمٰعِیْلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ حَدَّثَنَا اَبُوْبُرْدَةَ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بُرْدَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْبُرْدَةَ بْنُ اَبِیْ مُوْسٰی عَنْ اَبِیْهِ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا جَآءَهٗ السَّآئِلُ اَوْطُلِبَتْ اِلَیْهِ حَاجَةٌ قَالَ اشْفَعُوْا تُؤْجَرُوْا وَیَقْضِی اللّٰهُ عَلٰی لِسَانِ نَبِیِّهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَاشَآءَ۔

Marfat.com

(بخاری شریف' عربی' کتاب الزکوۃ' حدیث نمبر 1432' ص 231' مطبوعہ دارالسلام' ریاض' سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت ابو بردہ (عامر) بن ابو موسیٰ نے اپنے باپ حضرت ابوموسیٰ اشعری (عبداللہ بن قیس) سے بیان کیا۔ انہوں نے کہا رسول اللہ ﷺ کے پاس کوئی سائل آتا یا آپ ﷺ سے کوئی حاجت طلب کی جاتی تو آپ ﷺ فرماتے (ان کی) سفارش کرو تم کو ثواب دیا جائے گا۔ اور اللہ تعالیٰ اپنے نبی ﷺ کی زبان مبارک پر جو چاہے فیصلہ کرتا ہے۔ (حاجت مند کی حاجت پوری کرنے کے لئے کوشش کرنے والا ماجور ہے۔ اگرچہ وہ اپنی کوشش میں ناکام رہے)

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد اول، کتاب الزکوۃ' حدیث نمبر 1341' ص 585، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: معلوم ہوا کہ زبان رسول ﷺ کی ہوتی ہے اور فیصلہ رحمٰن جل جلالہ کا ہوتا ہے۔

مصطفیٰ ﷺ کلام کریں مصطفیٰ ﷺ کی زبان سے
خدا تعالیٰ بھی کلام کرے تو مصطفیٰ ﷺ کی زبان سے

حدیث شریف: 95

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالْاَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ نَاعُمَرُ بْنُ عَلِّى الْمَقْدَمِيُّ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

Marfat.com

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ يَتَوَكَّلْ لِيْ مَابَيْنَ لَحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ اَتَوَكَّلُ لَهٗ بِالْجَنَّةِ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ

(ترمذی عربی ابواب الزہد حدیث نمبر 2408 ص 548 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو آدمی مجھے اپنی داڑھوں اور ٹانگوں کے درمیان والی چیزوں (زبان اور شرم گاہ) کی ضمانت دے میں اسے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہم سے بھی روایات منقول ہیں۔

(ترمذی عربی اردو جلد اول ابواب الزہد حدیث نمبر 296 ص 129 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: جنت کی ضمانت وہی دے سکتا ہے جسے جنت عطا کرنے کا اختیار ہو۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کو جنت کا بھی مالک بنایا ہے۔

حدیث شریف: 96

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوالنَّضْرِ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ عَنْ بِشْرِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ خَطَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ خَيَّرَ عَبْدًا بَيْنَ الدُّنْيَا وَبَيْنَ

Marfat.com

مَاعِنْدَہ' فَاخْتَارَ مَاعِنْدَ اللّٰہِ فَبَکٰی اَبُوْبَکْرٍ فَقُلْتُ فِیْ نَفْسِیْ مَایُبْکِیْ ھٰذَا الشَّیْخَ اِنْ یَکُنِ اللّٰہُ خَیَّرَ عَبْدًا بَیْنَ الدُّنْیَا وَبَیْنَ مَاعِنْدَہ' فَاخْتَارَ مَاعِنْدَاللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ فَکَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھُوَالْعَبْدُ وَکَانَ اَبُوْبَکْرٍ اَعْلَمَنَا فَقَالَ یَااَبَابَکْرٍ لَّاتَبْکِ اِنَّ اَمَنَّ النَّاسِ عَلَیَّ فِیْ صُحْبَتِہٖ وَمَالِہٖ اَبُوْبَکْرٍ وَّلَوْکُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِیْلًا مِّنْ اُمَّتِیْ لَاتَّخَذْتُ اَبَابَکْرٍ وَّلٰکِنْ اُخُوَّۃَ الْاِسْلَامِ وَمَوَدَّتَہ' لَایُبْقَیَنَّ فِی الْمَسْجِدِ بَابٌ اِلَّاسُدَّ اِلَّا بَابُ اَبِیْ بَکْرٍ

(بخاری شریف' عربی' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 466' ص 80' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ راوی ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے خطبہ ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ایک بندے کو دنیا و آخرت میں (رہنے) کا اختیار عطا فرمایا اور اس بندے نے آخرت کو پسند کرلیا۔ (یہ سن کر) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اشکبار ہوئے (حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں نے اپنے دل میں خیال کیا۔ اس بوڑھے (ابوبکر صدیق) کو کس نے رلایا۔ اگر اللہ تعالیٰ نے بندے کو دنیا و آخرت کا اختیار دیا تو اس بندے نے آخرت کو پسند کرلیا تو (کیا ہوا) (جب ابہام دور ہوا) تو پتہ چلا وہ بندہ (جس کو اختیار دیا گیا ہے) رسول اللہ ﷺ تھے اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہم سے زیادہ جاننے والے تھے۔

Marfat.com

پھر آپ ﷺ نے فرمایا اے ابوبکر رضی اللہ عنہ مت رو‘ تمام لوگوں میں مصاحبت اور مال کے لحاظ سے مجھ پر زیادہ احسانات حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ہیں اور اگر میں اپنی اُمت میں سے کسی کو خلیل بنانا چاہتا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اپنا خلیل بناتا لیکن امت کی اخوت و محبت (خلعت سے بہتر ہے) اور فرمایا مسجد میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دروازے کے علاوہ کسی کا دروازہ نہ رہنے دیا جائے۔

(بخاری شریف‘ عربی اردو‘ جلد اول کتاب الصلوٰۃ‘ حدیث نمبر 449‘ ص 247‘ مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام علیہم السلام کو یہ اختیار عطا فرمایا ہے کہ وہ چاہیں تو اپنے رب سے ملاقات کریں یا دنیا میں جلوہ گر رہیں۔

حدیث شریف: 97

حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ خَلَفٍ ثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ ثَنَا اَبِیْ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنُ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ يَّمُوْتَ بِالْمَدِيْنَةِ فَلْيَفْعَلْ فَاِنِّیْ اَشْهَدُ لِمَنْ مَّاتَ بِهَا

(ابن ماجہ‘ عربی‘ کتاب المناسک‘ حدیث نمبر 3112‘ ص 453‘ مطبوعہ دارالسلام‘ ریاض

Marfat.com

سعودی عرب)

ترجمہ:.....بکر بن خلف' معاذ بن ہشام' ہشام' ایوب' نافع ابن عمر رضی اللہ عنہما کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص تم میں سے مدینہ میں مرنے کی طاقت رکھتا ہو وہ ایسا کرے کیونکہ جو مدینہ میں مرے گا میں اس کی خدا کے سامنے شہادت دوں گا۔

(سنن ابن ماجہ' عربی اردو' جلد دوم باب فضل المدینہ' حدیث نمبر 897' ص 260 مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: علامہ دمیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں چونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سب سے بڑی فضیلت ہے۔ دار قطنی میں ایک حدیث ہے کہ جس نے میری قبر کی زیارت کی اس کی مجھ پر شفاعت واجب ہے۔ نیز ابن ابی الدنیا نے یہ حدیث بھی روایت کی ہے کہ جو میری زیارت کے لئے آیا اور اسے کوئی حاجت نہ لائی تو مجھ پر فرض ہے کہ میں قیامت کے دن اس کی شفاعت کروں تو وہ مقام جہاں ہمہ وقت حضور ﷺ کی زیارت اور حضور ﷺ کا قرب رہتا ہو تو وہ مقام موت کے زیادہ لائق ہے اور مقصد یہ ہے کہ اپنی جانب سے مدینہ چھوڑ کر نہ چلا جائے۔ بلکہ کوشش اسی بات کی کرے کہ مدینہ میں رہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے اے خدا تعالیٰ مجھے شہادت عطا فرما اور مدینہ میں عطا فرما۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے جب لوگوں کو اختلاف ہوا اور ان سے یہ کہا گیا کہ آپ رضی اللہ عنہ دار الخلافہ تبدیل کر دیں تو انہوں نے فرمایا میں رسول اللہ ﷺ کا مدینہ چھوڑ کر نہیں

Marfat.com

جاسکتا۔ نیز ترمذی میں یہ حدیث بھی ہے جو مکہ یا مدینہ میں مرے گا میں قیامت کے دن اس کی شفاعت کروں گا۔ نیز یہ حدیث بھی ہے کہ سب سے پہلے میری قبر شق ہوگی اور پھر میرے ساتھ اہل بقیع اٹھائے جائیں گے اور میں انہیں لے کر مکہ آؤں گا پھر اہل مکہ میرے ساتھ اٹھائے جائیں گے۔

حدیث شریف:98

حَدَّثَنَا اَبُوْ مَرْوَانَ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعُثْمَانِیُّ ثَنَا عَبْدُالْعَزِیْزِ بْنُ اَبِیْ حَازِمٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِیْمِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اِنَّ اِبْرَاهِیْمَ خَلِیْلُكَ وَ نَبِیُّكَ وَاِنَّكَ حَرَّمْتَ مَكَّةَ عَلٰی لِسَانِ اِبْرَاهِیْمَ اَللّٰهُمَّ اَنَا عَبْدُكَ وَنَبِیُّكَ وَ اِنِّیْ اُحَرِّمُ مَابَیْنَ لَابَتَیْهَا قَالَ اَبُوْ مَرْوَانَ لَابَتَیْهَا حَرَّتَیَ الْمَدِیْنَةِ

(ابن ماجہ عربی کتاب المناسک حدیث نمبر 3113 ص 453 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....ابو مروان محمد بن عثمان عبدالعزیز بن ابی حازم علاء بن عبدالرحمٰن عبدالرحمٰن ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا اے اللہ تعالیٰ تیرے دوست اور تیرے نبی ابراہیم علیہ السلام اور تو نے خود مکہ کو ابراہیم علیہ السلام کی زبان سے حرام قرار دیا۔ اے اللہ تعالیٰ میں تیرا

Marfat.com

بندہ اور تیرا نبی مدینہ کو ان دونوں کالی پتھریلی زمینوں کے درمیان حرام قرار دیتا ہوں۔

(سنن ابن ماجہ' عربی اردو' جلد دوم' باب فضل المدینہ' حدیث نمبر 898' مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور)

حدیث شریف:99

وَحَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَّعَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ قَالَ عَبْدٌ اَخْبَرَنَا وَقَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ ابْنِ طَائُوسٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ اُرْسِلَ مَلَكُ اُلمَوْتِ اِلَیٰ مُوْسٰی عَلَیْهِ السَّلَامَ فَلَمَّا جَائَهٗ صَكَّهٗ فَفَقَا عَیْنَهٗ فَرَجَعَ اِلَی رَبِیهِ فَقَالَ اَرْسَلْتَنِیْ اِلَی عَبْدٍ لَایُرِیْدُ اُلَمُوتِ قَالَ فَرَدَّ اللّٰهُ اِلَیْهِ عَیْنَهٗ وَقَالَ ارْجِعْ اِلَیْهِ فَقُلْ لَهٗ یَضَعُ یَدَهٗ عَلٰی مَتْنِ ثَوْرٍ فَلَهٗ بِمَا غَطَّتْ یَدُهٗ بِكُلِّ شَعْرَةٍ سَنَةً قَالَ اَیْ رَبِّ ثُمَّ مَهْ قَالَ ثُمَّ اُلمَوْتُ قَالَ فَالْاٰنَ فَسَاَلَ اللّٰه اَنْ یُدْنِیَهٗ مِنَ الْاَرْضِ اُلمُقَدَّسَةِ رَمْیَةً بِحَجَرٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَوْ كُنْتُ ثَمَّ لَاَرَیْتُكُمْ قَبْرَهٗ اِلَی جَانِبِ الطَّرِیْقِ تَحْتَ الْكَثِیْبِ الْاَحْمَرِ

Marfat.com

(مسلم شریف' عربی' کتاب الفضائل' حدیث نمبر 6148' ص 1042' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ملک الموت کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس بھیجا گیا۔ جب وہ ان کے پاس آیا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اسے مکا مار دیا۔ اس کی آنکھ باہر آ گئی۔ وہ واپس اپنے پروردگار کی بارگاہ میں گیا اور عرض کی تو نے مجھے ایسے شخص کے پاس بھیجا ہے جو مرنا ہی نہیں چاہتا (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی آنکھ واپس کی اور فرمایا۔ اس کے پاس دوبارہ جاؤ اور اس سے کہو کہ وہ اپنا ہاتھ کسی بیل کی پشت پر رکھے۔ اس کے ہاتھ کے نیچے جتنے بال ہوں گے۔ ان میں سے ہر ایک بال کے عوض میں' ایک برس (کی زندگی) اسے عطا کی جائے گی۔ فرشتے نے یہ پیغام حضرت موسیٰ علیہ السلام تک پہنچایا) تو انہوں نے دریافت کیا۔ اے میرے پروردگار! پھر کیا ہوگا! اس نے فرمایا۔ پھر موت ہوگی تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی۔ پھر ابھی (ٹھیک ہے) حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی' کہ اللہ تعالیٰ انہیں ارض مقدس (فلسطین) سے اتنا قریب کر دے (کہ وہاں سے ارض مقدس میں) پتھر پھینکا جا سکے۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں۔ اگر میں وہاں موجود ہوتا تو عام گزرگاہ کے ایک طرف' سرخ ٹیلے کے نیچے ان کی قبر تمہیں دکھاتا۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد سوم' کتاب الفضائل' حدیث نمبر 6025' ص 282' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

Marfat.com

ف: اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام علیہم السلام کو یہ اختیار عطا فرمایا ہے کہ وہ چاہیں تو دنیا میں جلوہ گر رہیں یا اپنے رب جل جلالہ سے ملاقات کریں۔

حدیث شریف:100

حَدَّثَنِیْ یَحْیَی بْنُ بُکَیْرٍ حَدَّثَنَا اللَّیْثُ عَنْ عُقَیْلٍ عَنِ ابْنِ شِّهَابٍ اَخْبَرَنِیْ سَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیِّبِ وَعُرْوَةُ بْنُ الزُّبَیْرَ فِیْ رِجَالٍ مِّنْ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّ عَآئِشَةَ زَوْجَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ وَهُوَ صَحِیْحٌ اِنَّهٗ لَمْ یُقْبَضْ نَبِیٌّ قَطُّ حَتّٰی یَرٰی مَقْعَدَهٗ مِنَ الْجَنَّةِ ثُمَّ یُخَیَّرُ فَلَمَّا نَزَلَ بِهٖ وَرَاْسُهٗ عَلٰی فَخِذِیْ غُشِیَ عَلَیْهِ سَاعَةً ثُمَّ اَفَاقَ فَاَشْخَصَ بَصَرَهٗ اِلَی السَّقْفِ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ الرَّفِیْقَ الْاَعْلٰی قُلْتُ اِذًا لَا یَخْتَارُنَا وَعَرَفْتُ اَنَّهُ الْحَدِیْثُ الَّذِیْ کَانَ یُحَدِّثُنَا بِهٖ قَالَتْ فَکَانَتْ تِلْکَ اٰخِرَ کَلِمَةٍ تَکَلَّمَ بِهَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ الرَّفِیْقَ الْاَعْلٰی

(بخاری شریف، عربی، کتاب الرقاق، حدیث نمبر 6509، ص 1128، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....لیث (بن سعد) نے عقیل (بن خالد ایلی) سے انہوں نے

Marfat.com

ابن شہاب (محمد بن مسلم زہری) سے روایت کی۔ انہوں نے کہا کہ مجھے سعید بن مسیب اور عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ دوسرے اہل علم لوگوں میں سے جنہوں نے اس حدیث کی روایت کی۔ ان میں سے یہ دونوں بھی ہیں کہ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا زوجہ محترمہ نبی اکرم ﷺ نے کہا رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے درآنحالیکہ آپ ﷺ صحیح اور تندرست تھے کہ کسی نبی علیہ السلام کی ہرگز روح قبض نہیں کی جاتی حتی کہ وہ جنت میں اپنی جگہ دیکھ لیتے ہیں۔ پھر انہیں اختیار دیا جاتا ہے (خواہ وہ دنیا میں رہیں یا آخرت پسند کریں) جس وقت حضور اقدس ﷺ کے وصال کا وقت قریب آیا حالانکہ آپ ﷺ کا سر مبارک میرے رانوں پر تھا۔ آپ ﷺ پر کچھ دیر بے ہوشی طاری ہوئی۔ پھر آپ ﷺ کو افاقہ ہوا تو آپ ﷺ نے چھت کی طرف نظر بلند فرمائی۔ پھر فرمایا اے اللہ تعالیٰ میں رفیق اعلیٰ کو اختیار کرتا ہوں۔ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اس وقت (جبکہ آپ ﷺ نے آسمان والوں کی مرافقت اختیار فرمالی ہے) حضور اقدس ﷺ ہماری مرافقت اختیار نہیں کریں گے (یعنی زمین والوں کی مرافقت اختیار نہیں کریں گے) اور میں نے پہچان لیا کہ وہ حدیث جو آپ ﷺ ہم سے بیان فرماتے تھے (کہ کسی نبی علیہ السلام کی روح قبض نہیں کی جاتی حتیٰ کہ اس کو اختیار دیا جاتا ہے) صحیح ہے ام المومنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا "قولہ: اَللّٰھُمَّ الرَّفِیْقَ الْاَعْلٰی" یہ آخری کلمہ تھا جو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔

(بخاری شریف، عربی اردو، جلد سوم، کتاب الرقاق حدیث نمبر 1429، ص 627، مطبوعہ شبیر

Marfat.com

برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف:101

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى قَالَ قَرَاْتُ عَلٰى مَالِكٍ عَنْ اِبْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى فِى الْمَسْجِدِ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَصَلّٰى بِصَلٰوتِهٖ نَاسٌ ثُمَّ صَلّٰى مِنَ الْقَابِلَةِ فَكَثُرَ النَّاسُ ثُمَّ اجْتَمَعُوْا مِنَ الَّيْلَةِ الثَّالِثَةِ اَوِ الرَّابِعَةِ فَلَمْ يَخْرُجْ اِلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اَصْبَحَ قَالَ قَدْ رَاَيْتُ الَّذِىْ صَنَعْتُمْ فَلَمْ يَمْنَعْنِىْ مِنَ الْخُرُوْجِ اِلَيْكُمْ اِلَّا اَنِّىْ خَشِيْتُ اَنْ تُفْرَضَ عَلَيْكُمْ قَالَ وَذٰلِكَ فِىْ رَمَضَانَ

(مسلم شریف' عربی' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 1783' ص 308' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ نے مسجد میں نماز تراویح ادا کی۔ لوگوں نے بھی آپ ﷺ کی اقتداء میں نماز ادا کی۔ اگلی رات نبی اکرم ﷺ نے دوبارہ نماز تراویح ادا کی۔ اس رات پہلی رات کی نسبت لوگ زیادہ تھے۔ تیسری یا چوتھی رات اچھے خاصے لوگ جمع ہو گئے لیکن نبی اکرم ﷺ (نماز تراویح پڑھانے کیلئے) تشریف نہیں لائے۔ اگلی صبح

Marfat.com

آپ ﷺ نے (لوگوں سے) کہا میں نے تمہارا اجتماع دیکھ لیا تھا۔ لیکن میں اس لئے نہیں آیا کیونکہ مجھے یہ اندیشہ تھا کہ کہیں اس نماز کو تم پر فرض نہ کر دیا جائے۔ (سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں) یہ رمضان کے مہینے کی بات ہے)

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب صلوٰۃ المسافرین وقصرہا' حدیث نمبر 1680' ص 590' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی امت پر کتنے شفیق ہیں۔ اس کا اندازہ اس حدیث شریف لگایا جا سکتا ہے۔

حدیث شریف:102

حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيْبٍ نَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مُعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هٰذَا مَاحَدَّثَنَا اَبُوْهُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اُوْتِيْكُمْ مِنْ شَيْءٍ وَّمَا اَمْنَعُكُمُوْهُ اِنْ اَنَا اِلَّاخَازِنٌ اَضَعُ حَيْثُ اُمِرْتُ

ابوداؤد' عربی' کتاب الخراج' باب فیما یلزم الامام' حدیث نمبر 2949' ص 429' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... سلمہ بن شبیب' عبدالرزاق' معمر' ہمام بن منبہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

Marfat.com

فرمایا۔ میں تمہیں جو چیز دیتا ہوں اور جس چیز سے انکار کر دیتا ہوں یونہی نہیں بلکہ میں تو خازن ہوں رکھتا ہوں جہاں کے لئے حکم فرما دیا جاتا ہے۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد دوم کتاب الخراج حدیث نمبر 1175 ص 446 مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث میں نبی کریم ﷺ کے خصائص میں سے ایک خصوصیت کا بیان ہے کہ آپ ﷺ خزائن الٰہیہ کے خازن ہونے کی حیثیت سے مخلوق خدا میں بانٹنے پر مامور ہیں۔ پروردگار عالم جل جلالہٗ کے قبضے میں تو دنیا و آخرت کی ہر خیر و برکت اور کائنات کی ہر چیز ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ نبی کریم ﷺ بھی ہر نعمت الٰہی کے خازن اور تقسیم کرنے والے ہیں۔ اسی لئے تو پروردگار عالم جل جلالہٗ نے فرمایا ہے۔ **وما ارسلناک الا رحمة للعالمین** (۲۱:۱۰۷) اے محبوب ﷺ! ہم نے تمہیں نہیں بھیجا مگر تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر۔ معلوم ہوا کہ اہل جہاں کو جو رحمت و نعمت ملتی ہے وہ رحمت دو عالم ﷺ کے ہاتھوں ملتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے خود فرمایا ہے۔ **واللہ یعطی انا قاسم** (بخاری شریف) اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے اور میں بانٹنے والا ہوں۔ دوسری روایت میں ہے۔

حدیث شریف: 103

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الدِّمَشْقِیُّ اَبُو الْجَمَاهِرِ قَالَ نَا اَبُوْ كَعْبٍ اَيُوْبُ بْنُ مُحَمَّدِ السَّعْدِیُّ حَدَّثَنِیْ

Marfat.com

سُلَیْمَانُ بْنُ حَبِیْبٍ نِ الْمَحَارِبِیُّ عَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَا زَعِیْمٌ بِبَیْتٍ فِیْ رَبَضِ الْجَنَّۃِ لِمَنْ تَرَکَ الْمِرَآءَ وَاِنْ کَانَ مُحِقًّا وَبِبَیْتٍ فِیْ وَسَطِ الْجَنَّۃِ لِمَنْ تَرَکَ الْکَذِبَ وَاِنْ کَانَ مَازِحًا بِبَیْتٍ فِیْ اَعْلَی الْجَنَّۃِ لِمَنْ حَسُنَ خُلُقُہٗ

(سنن ابوداؤد عربی کتاب الادب حدیث نمبر 4800 ص 680 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....سلیمان بن حبیب محاربی نے حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ جو جھگڑنا چھوڑ دے میں اس کے لئے جنت کے اندر ایک مکان کا ضامن ہوں۔ اگرچہ حق پر ہو اور اس کے لئے جنت کے درمیان میں مکان کا، جو جھوٹ کو ترک کردے خواہ وہ ہنسی مذاق میں ہی کہتا ہو اور جنت کے اعلیٰ درجے میں اس کے لئے جو اچھا اخلاق پیش کرے۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد سوم کتاب الادب حدیث نمبر 1373 ص 510 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: جنت یا جنت میں گھر دینے کی ضمانت اس بناء پر ہے کہ آپ پروردگار عالم جل جلالہٗ کے خلیفہ اعظم ہیں۔ خدا تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کو رحمت الٰہیہ کے خزانوں کا تقسیم کرنے والا اور رحمت للعالمین بنایا اور طالب رحمت کو ان کی بارگاہ میں حاضر ہونے کا حکم دیا گیا ہے۔

Marfat.com

حدیث شریف:104

حَدَّثَنَا اَبُوسَعِیْدٍ نَا مَنْصُوْرُ بْنُ وَرَدَانَ عَنْ عَلِیِّ بْنِ عَبْدِالْاَعْلٰی عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِی الْبُخْتَرِیْ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَلِلّٰهِ عَلَی النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَیْهِ سَبِیْلاً قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ فِیْ کُلِّ عَامٍ فَسَکَتَ فَقَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ فِیْ کُلِّ عَامٍ قَالَ لَاوَلَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ

(ترمذی' عربی' کتاب تفسیر القرآن' حدیث نمبر 3055' ص 688' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی "واللہ علی الناس حج البیت" تو صحابہ کرام نے پوچھا یارسول اللہ ﷺ! کیا ہر سال (حج فرض ہے) آپ ﷺ خاموش رہے۔ انہوں نے پھر پوچھا یارسول اللہ ﷺ! کیا ہر سال! آپ ﷺ نے فرمایا۔ اگر میں ہاں کہہ دیتا تو واجب ہو جاتا۔

(ترمذی' عربی اردو' جلد دوم' ابواب تفسیر القرآن' حدیث نمبر 977' ص 401' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہاں فرمادیں تو کام واجب ہو جائے۔ یہ اس بات کی واضح دلیل ہے کہ بارگاہ رب العزت سے آپ ﷺ کو کائنات میں

Marfat.com

مختار بنا کر بھیجا گیا۔ یہی راہ حق ہے اور یہی اسلاف کا مسلک و مشرب ہے (مترجم)

حدیث شریف:105

حَدَّثَنَا اَبُوبَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ وَ عَمْرٌ وَ النَّاقِدُ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ مَا سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا قَطُّ فَقَالَ لَا۔

(مسلم شریف' عربی' کتاب الفضائل' حدیث نمبر 6018' ص 1021' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ سے جب بھی کوئی چیز مانگی گئی' آپ ﷺ نے "نہ" نہیں فرمائی۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد سوم کتاب الفضائل' حدیث نمبر 5896' ص 246' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف:106

وَحَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ التَّيْمِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ مُوْسٰى بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ مَا سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

Marfat.com

عَلَى الْاِسْلَامِ شَيْئًا اِلَّا اَعْطَاهُ قَالَ فَجَائَهٗ رَجُلٌ فَاَعْطَاهُ غَنَمًا بَيْنَ جَبَلَيْنِ فَرَجَعَ اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يَاقَوْمِ اَسْلِمُوْا فَاِنَّ مُحَمَّدًا يُعْطِىْ عَطَاءً لَايَخْشَى الْفَاقَةَ

(مسلم شریف' عربی' کتاب الفضائل' حدیث نمبر 6021' ص 1021' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....موسیٰ بن انس' اپنے والد (حضرت انس رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: اسلام قبول کرنے پر نبی اکرم ﷺ سے جو چیز بھی مانگی جاتی تھی' آپ ﷺ وہ عطا کر دیتے تھے۔ ایک شخص آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا (اس نے اسلام قبول کیا) نبی اکرم ﷺ نے اسے دو پہاڑوں کے درمیان موجود جتنی بکریاں تھیں سب عطا کر دیں۔ وہ اپنی قوم میں واپس گیا اور بولا اے میری قوم! اسلام قبول کر لو! کیونکہ حضرت محمد ﷺ اتنا عطا کر دیتے ہیں کہ اس کے بعد فقر وفاقہ کا اندیشہ نہیں رہتا۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد سوم کتاب الفضائل' حدیث نمبر 5898' ص 246' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 107

حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ

Marfat.com

رَجُلًا سَأَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ غَنَمًا بَیْنَ جَبَلَیْنِ فَاَعْطَاہُ اِیَّاہُ فَاَتٰی قَوْمَہٗ فَقَالَ اَیْ قَوْمِ اَسْلِمُوْا فَوَاللّٰہِ اِنَّ مُحَمَّدًا لَّیُعْطِیْ عَطَاءً مَا یَخَافُ الْفَقْرَ فَقَالَ اَنَسٌ اِنْ کَانَ الرَّجُلُ لَیُسْلِمُ مَا یُرِیْدُ اِلَّا الدُّنْیَا فَمَا یُسْلِمُ حَتّٰی یَکُوْنَ الْاِسْلَامُ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنَ الدُّنْیَا وَمَا عَلَیْھَا

(مسلم شریف، عربی، کتاب الفضائل، حدیث نمبر 6022، ص 1021، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ایک شخص نے دو پہاڑوں کے درمیان موجود ساری بکریاں نبی اکرم ﷺ سے مانگی تو آپ ﷺ نے وہ اسے عطا کر دیں۔ وہ شخص اپنی قوم کے پاس آیا اور بولا اے میری قوم! اسلام قبول کر لو۔ اللہ تعالیٰ کی قسم! حضرت محمد ﷺ اتنا عطا کر دیتے ہیں کہ پھر فقر کا خوف نہیں رہتا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں (بعض اوقات) کوئی شخص دنیاوی لالچ میں اسلام قبول کرتا تھا۔ لیکن پھر اسلام اس کے نزدیک دنیا و مافیہا سے زیادہ محبوب ہو جاتا تھا۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد سوم کتاب الفضائل، حدیث نمبر 5899، ص 246، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: رسول اللہ ﷺ کی یہ شان ہے کہ ان کی بارگاہ سے خالی لوٹنا تو دور کی

Marfat.com

بات آپ ﷺ سے کبھی کسی نے "نہ" سنا ہی نہیں جس نے جو مانگا' عطا کیا۔ یہاں تک کہ حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ نے جنت مانگی تو آپ ﷺ نے جنت بھی عطا کردی۔

واہ کیا جودو کرم ہے شہہ بطحا تیرا
نہیں سنتا ہی نہیں مانگنے والا تیرا

حدیث شریف:108

حَدَّثَنَا نَصْرَ بْنُ عَلِيِّ الْجَهْضَمِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَوْنٍ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ بَكْرَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ لَمَّا كَانَ ذٰلِكَ الْيَوْمُ قَعَدَ عَلٰى بَعِيْرِهٖ وَاَخَذَ اِنْسَانٌ بِخِطَامِهٖ فَقَالَ اَتَدْرُوْنَ اَىَّ يَوْمٍ هٰذَا قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيْهِ سِوَى اسْمِهٖ فَقَالَ اَلَيْسَ بِيَوْمِ النَّحْرِ قُلْنَا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَاَىُّ شَهْرٍ هٰذَا قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ اَلَيْسَ بِذِى الْحِجَّةِ قُلْنَا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَاَىُّ بَلَدٍ هٰذَا قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيْهِ سِوَى اسْمِهٖ قَالَ اَلَيْسَ بِالْبَلَدَةِ

Marfat.com

قُلْنَا بَلٰی یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ فَاِنَّ دِمَائَکُمْ وَاَمْوَالَکُمْ وَاَعْرَاضَکُمْ عَلَیْکُمْ حَرَامٌ کَحُرْمَةِ یَوْمِکُمْ ھٰذَا فِیْ شَھْرِکُمْ ھٰذَا فِیْ بَلَدِکُمْ ھٰذَا فَلْیُبَلِّغِ الشَّاھِدُ الْغَائِبَ قَالَ ثُمَّ انْکَفَاَ اِلٰی کَبْشَیْنِ اَمْلَحَیْنِ فَذَبَحَھُمَا وَاِلٰی جُزَیْعَةٍ مِنَ الْغَنَمِ فَقَسَمَھَا بَیْنَنَا

(مسلم شریف' عربی' کتاب القسامۃ والمحاربین' حدیث نمبر 4384' ص 743' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....عبدالرحمٰن بن ابوبکر رضی اللہ عنہ' اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ اس دن نبی اکرم ﷺ اپنے اونٹ پر بیٹھے ایک صاحب نے اس کی لگام تھام لی۔ آپ ﷺ نے دریافت کیا۔ کیا تم لوگ یہ جانتے ہوں؟..... کہ یہ کون سا دن ہے؟ لوگوں نے عرض کی' اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ زیادہ بہتر جانتے ہیں (راوی کہتے ہیں) ہم یہ سمجھے کہ شاید آپ ﷺ اس کا کوئی دوسرا نام تجویز کریں گے۔ آپ ﷺ نے دریافت کیا۔ کیا یہ قربانی کا دن نہیں ہے؟ ہم نے عرض کی' جی ہاں! یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے دریافت کیا' یہ کون سا مہینہ ہے؟ ہم نے عرض کی' اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کیا یہ ذوالحجہ نہیں ہے؟ ہم نے عرض کی' جی ہاں! یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے دریافت کیا یہ کون سا شہر ہے؟ ہم نے عرض کی' اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ زیادہ بہتر جانتے ہیں (راوی کہتے ہیں) ہم یہ سمجھے کہ شاید آپ ﷺ اس کا کوئی نیا نام

Marfat.com

تجویز کر رہے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہ "البلدۃ" نہیں ہے' ہم نے عرض کی' جی ہاں! یارسول اللہ ﷺ!

آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک تمہارے خون' تمہارے اموال اور تمہاری آبروئیں (ایک دوسرے کے لئے) اسی طرح قابل احترام ہیں' جیسے اس شہر میں اس مہینے میں' یہ دن قابل احترام ہے۔ ہر موجود شخص' غیر موجود تک یہ پیغام پہنچا دے۔

(راوی کہتے ہیں) پھر نبی اکرم ﷺ دو دنبوں کی طرف متوجہ ہوئے۔ آپ ﷺ نے ان دونوں کو ذبح کیا پھر آپ ﷺ بکریوں کے گلے کی طرف متوجہ ہوئے اور انہیں ہمارے درمیان تقسیم کر دیا۔

(مسلم شریف عربی اردو' جلد دوم' کتاب القسامۃ والمحاربین والقصاص والدیات' حدیث نمبر 4271' ص 575' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: صحابہ کرام علیہم الرضوان تمام کے تمام جانتے تھے کہ کون سا مہینہ ہے' کون سا شہر ہے مگر تمام خاموش رہے۔

کیونکہ ان کا ایمان تھا کہ زبان مصطفیٰ ﷺ سے جو بھی نکل جائے گا وہی نام سے قیامت تک پکارا جائے گا۔

حدیث شریف:109

حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ نَاجَرِيْرٌ يَعْنِىْ اِبْنِ حَازِمٍ قَالَ

Marfat.com

حَدَّثَنِیْ یَعْلَی بْنُ حَکِیْمٍ عَنْ سُلَیْمَانَ ابْنِ عَبْدِاللّٰہِ قَالَ رَاَیْتُ سَعْدَ بْنَ اَبِیْ وَقَّاصٍ اَخَذَ رَجُلًا یَصِیْدُ فِیْ حَرَمِ الْمَدِیْنَۃِ الَّذِیْ حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَسَلَبَہٗ ثِیَابَہٗ فَجَآءَ مَوَالِیْہِ فَکَلَّمُوْہُ فِیْہِ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ ھٰذَا الْحَرَمَ وَقَالَ مَنْ وَجَدَ اَحَدًا یَصِیْدُ فِیْہِ فَلْیَسْلِبْہُ ثِیَابَہٗ وَلَااَرُدُّ عَلَیْکُمْ طُعْمَۃً اَطْعَمَنِیْھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلٰکِنْ اِنْ شِئْتُمْ دَفَعْتُ اِلَیْکُمْ ثَمَنَہٗ ۔

(ابوداؤد، عربی، کتاب الحج، باب فی تحریم المدینۃ، حدیث نمبر 2037، ص 295، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....سلیمان عبداللہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا کہ ایک آدمی کو پکڑ رکھا ہے جو مدینہ منورہ کے حرم میں شکار کر رہا تھا جس کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حرام فرمایا ہے۔ پس انہوں نے اس کے کپڑے چھین لئے۔ پس اس کا ایک دوست اگر ان سے جھگڑنے لگا تو فرمایا۔ بے شک رسول اللہ ﷺ نے اس حرم کو حرام کیا ہے اور فرمایا: جو اس میں کسی کو شکار کرتا ہوا پائے تو اس کا سامان چھین لے۔ لہذا میں تمہیں وہ چیز واپس نہیں دوں گا جو رسول اللہ ﷺ نے دلائی ہے۔ اگر تم چاہو تو میں تمہیں اس کی قیمت ادا کر دیتا ہوں۔

Marfat.com

(ابوداؤد عربی اردو جلد دوم کتاب الحج حدیث نمبر 229 ص 107 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

عقیدہ: حضور ﷺ کے کسی قول و فعل و حالت جو بہ نظر حقارت دیکھے کافر ہے۔ (بہار شریعت حصہ اوّل)

عقیدہ: حضور اقدس ﷺ اللہ عزوجل کے نائب مطلق ہیں۔ تمام جہان حضور ﷺ کے تحت تصرف کر دیا گیا جو چاہیں کریں جسے جو چاہیں دیں، جس سے جو چاہیں واپس لیں۔ تمام جہان میں ان کے حکم کا پھیرنے والا کوئی نہیں۔ تمام جہان ان کا محکوم ہے اور وہ اپنے رب جل جلالہٗ کے سوا کسی کے محکوم نہیں۔ تمام آدمیوں کے مالک ہیں جو انہیں اپنا مالک نہ جانے حلاوتِ سنت سے محروم ہے۔ تمام زمین ان کی ملک ہے تمام جنت ان کی جاگیر ہے۔ **ملک السموات والارض** حضور ﷺ کے زیر فرمان جنت و نار کی کنجیاں دست اقدس میں دے دی گئیں۔ رزق و خیر اور ہر قسم کی عطائیں حضور ﷺ ہی کے دربار سے تقسیم ہوتی ہیں۔ دنیا و آخرت حضور ﷺ کی عطا کا ایک حصہ ہے احکام تشریعیہ حضور ﷺ کے قبضہ میں کر دیئے گئے کہ جس پر جو چاہیں حرام فرما دیں اور جس کے لئے جو چاہیں حلال کر دیں اور جو فرض چاہیں معاف فرما دیں (بہار شریعت حصہ اول)

حدیث شریف: 110

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ اَنَّ الْحَكَمَ بْنَ نَافِعٍ حَدَّثَهُمْ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ

Marfat.com

عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ اَنَّ عَمَّهٗ حَدَّثَهٗ وَهُوَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْتَاعَ فَرَسًا مِنْ اَعْرَابِيٍ فَاسْتَتْبَعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَقْضِيَهٗ ثَمَنَ فَرَسِهٖ فَاَسْرَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَشْيَ وَاَبْطَأَ الْاَعْرَابِيُّ فَطَفِقَ رِجَالٌ يَعْتَرِضُوْنَ الْاَعْرَابِيَّ فَيُسَاوِمُوْنَهٗ بِالْفَرَسِ وَلَايَشْعُرُوْنَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْتَاعَهٗ فَنَادَى الْاَعْرَابِيُّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنْ كُنْتَ مُبْتَاعًا هٰذَا الْفَرَسَ وَاِلَّا بِعْتُهٗ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ سَمِعَ نِدَآءَ الْاَعْرَابِيِّ فَقَالَ اَوَلَيْسَ قَدِ ابْتَعْتَهٗ مِنْكَ قَالَ الْاَعْرَابِيُّ لَاوَاللّٰهِ مَابِعْتُكَهٗ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَلٰى قَدِ ابْتَعْتُهٗ مِنْكَ فَطَفِقَ الْاَعْرَابِيُّ يَقُوْلُ هَلُمَّ شَهِيْدًا فَقَالَ خُزَيْمَةُ اَنَا اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَايَعْتَهٗ فَاَقْبَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى خُزَيْمَةَ فَقَالَ بِمَ تَشْهَدُ فَقَالَ بِتَصْدِيْقِكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهَادَةَ خُزَيْمَةَ بِشَهَادَةِ رَجُلَيْنِ۔

(ابوداؤد عربی کتاب القضاء حدیث نمبر 3607 ص 518 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....عمارہ بن خزیمہ نے اپنے چچا جان سے روایت کی ہے جو نبی

Marfat.com

کریم ﷺ کے اصحاب سے تھے کہ نبی کریم ﷺ نے کسی اعرابی سے گھوڑا خریدا۔ پس نبی کریم ﷺ اسے ساتھ لے کر چلے تا کہ گھوڑے کی قیمت اسے ادا کر دی جائے۔ نبی کریم ﷺ جلدی جلدی چل رہے تھے اور اعرابی آہستہ آہستہ۔ پس اعرابی کو چند حضرات ملے جو اس سے گھوڑے کا سودا کرنے لگے اور انہیں معلوم نہیں تھا کہ نبی کریم ﷺ اس کا سودا کر چکے ہیں۔ چنانچہ اعرابی نے رسول اللہ ﷺ کو آواز دیتے ہوئے کہا کہ آپ ﷺ اس گھوڑے کو خریدنا چاہتے ہیں تو خرید لیں ورنہ میں اسے فروخت کرتا ہوں۔ پس اعرابی کی یہ آواز سن کر نبی کریم ﷺ کھڑے ہو گئے اور فرمایا۔ کیا میں نے اسے تم سے خرید نہیں لیا ہے؟ اعرابی نے کہا! خدا کی قسم میں نے تو آپ ﷺ کے ہاتھوں فروخت نہیں کیا... نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ کیوں نہیں میں نے تو تم سے خرید لیا ہے۔ اعرابی نے کہنا شروع کیا۔ اچھا تو گواہ لے آؤ۔ حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ نے کہا۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ ﷺ نے یہ خریدا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا۔ تم کس طرح گواہی دیتے ہو؟ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ کو سچا جانتے ہوئے۔ پس نبی کریم ﷺ نے حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ کی گواہی کو دو آدمیوں کی گواہی کے برابر کر دیا۔

(ابوداؤد عربی اردو کتاب القضاء جلد سوم حدیث نمبر 211 ص 86 مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

(ف) اللہ جل مجدہ نے قرآن مجید میں فرمایا "اور اپنے میں دو ثقہ کو گواہ

Marfat.com

کرلو" (۲:۶۵)

ف: پوری دنیا کے لوگوں کے لئے ایک شخص کی ایک گواہی مگر حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ کے لئے حضور ﷺ نے اس قانون کو بدل دیا اور فرمایا کہ خزیمہ کی گواہی دو آدمیوں کی گواہی کے برابر ہم نے کردی۔ نگاہ پاک مصطفیٰ ﷺ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا دور دیکھ رہی تھیں۔ دور عثمانی میں جب قرآن مجید جمع فرمایا گیا تو ہر آیت کے ساتھ دو گواہ آتے تھے مگر جب یہ آیت لقد جاءکم رسول من انفسکم الخ حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ لے کر آئے تو ان کے ساتھ کوئی دوسرا گواہ نہ تھا لہذا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ خزیمہ کی گواہی بفرمان رسول اللہ ﷺ دو کے برابر ہے لہذا اس آیت کو شامل کرلیا جائے۔

حدیث شریف: 111

حَدَّثَنَا اَبُوالْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ وَقَتَادَةُ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ عَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ وَالزُّبَيْرَ شَكَوَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِى الْقَمْلَ فَارْخَصَ لَهُمَا فِى الْحَرِيْرِ فَرَاَيْتُه' عَلَيْهِمَا فِىْ غَزَاةٍ۔

(بخاری عربی کتاب الجہاد والسیر حدیث نمبر 2920 ص 483 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

Marfat.com

ترجمہ:.....حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہما نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں جوؤں کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے ان دونوں کو ریشم پہننے کی اجازت دے دی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے ایک جنگ میں ان دونوں پر ریشمی لباس دیکھا۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد دوم' کتاب الجہاد والسیر' حدیث نمبر 180' ص 114' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف:112

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ شُعْبَةَ اَخْبَرَنِىْ قَتَادَةُ اَنَّ اَنَسًا حَدَّثَهُمْ قَالَ رَخَّصَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَالزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ فِىْ حَرِيْرٍ۔

(بخاری' عربی' کتاب الجہاد والسیر' حدیث نمبر 2921' ص 483' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا نبی اکرم ﷺ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہم کو ریشمی لباس پہننے کی رخصت دی۔

Marfat.com

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد دوم' کتاب الجہاد والسیر' حدیث نمبر 181' ص 114 مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: ریشم کا لباس مرد کے لئے زیب تن کرنا حرام ہے مگر رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت زبیر علیہم الرضوان کو ریشمی لباس پہننے کی اجازت مرحمت فرمائی جو کہ اس بات کو ثابت کرتی ہے کہ حضور ﷺ ایسے مختار کل ہیں کہ آپ ﷺ جس کے لئے چاہیں حرام چیز کو حلال فرما دیں۔

•

حدیث شریف:113

حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الضَّبُّ لَسْتُ اٰكُلُهٗ وَلَا اُحَرِّمُهٗ

(بخاری' عربی' کتاب الذبائح والصید' حدیث نمبر 5536' ص 984' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....عبدالعزیز بن مسلم نے کہا ہم سے عبداللہ بن دینار نے یہ بیان کیا۔ انہوں نے کہا میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو کہتے ہوئے سنا نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ میں گوہ نہیں کھاتا ہوں اور نہ ہی اسے حرام کرتا ہوں۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد سوم' کتاب الذبائح' حدیث نمبر 497' ص 257' مطبوعہ شبیر

Marfat.com

برادرز لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ جس چیز کو چاہیں اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ اختیار سے حلال قرار دے سکتے ہیں اور جسے چاہیں حرام فرما سکتے ہیں۔

حدیث شریف:114

حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ ثَنَا عُمَرُبْنُ ذَرٍّ نَا مُجَاهِدٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ اَهْلُ الصُّفَّةِ اَضْيَافَ اَهْلِ الْاِسْلَامِ لَا يَاْدُوْنَ عَلٰى اَهْلٍ يَاوُوْنَ وَلَامَالٍ وَاللّٰهِ الَّذِىْ لَآاِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِنْ كُنْتُ لَاَعْتَمِدُ بِكَبِدِىْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْجُوْعِ وَاَشَدُّ الْحَجَرِ عَلٰى بَطْنِىْ مِنَ الْجُوْعِ وَلَقَدْ قَعَدْتُّ يَوْمًا عَلٰى طَرِيْقِهِمُ الَّذِىْ يَخْرُجُوْنَ فِيْهِ فَمَرَّبِىْ اَبُوْبَكْرٍ فَسَاَلْتُه' عَنْ اٰيَةٍ مِّنْ كِتَابِ اللّٰهِ مَاسَاَلْتُه' اِلَّا لِيَسْتَتْبَعَنِىْ فَمَرَّ وَلَمْ يَفْعَلْ ثُمَّ مَرَّعُمَرُ فَسَاَلْتُه' عَنْ اٰيَةٍ مِّنْ كِتَابِ اللّٰهِ مَا سَاَلْتُه' اِلَّا لِيَسْتَتْبِعَنِىْ فَمَرَّ وَلَمْ يَفْعَلْ ثُمَّ مَرَّاَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَبَسَّمَ حِيْنَ رَاٰنِىْ وَقَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ قُلْتُ لَبَّيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِلْحَقْ وَمَضٰى فَاَتْبَعْتُه' وَدَخَلَ مَنْزِلَه' فَاسْتَاْذَنْتُ فَاَذِنَ لِىْ فَوَجَدَ قَدَحًا مِنَ اللَّبَنِ قَالَ مِنْ اَيْنَ هٰذَا اللَّبَنُ لَكُمْ

Marfat.com

قِيْلَ اَهْدَاهُ لَنَا فُلَانٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ اَبَاهُرَيْرَةَ قُلْتُ لَبَّيْكَ قَالَ اِلْحَقْ اِلٰى اَهْلِ الصُّفَّةِ
فَادْعُهُمْ وَهُمْ اَضْيَافُ اَهْلِ الْاِسْلَامِ لَا يَاْوُوْنَ عَلٰى اَهْلٍ
وَلَا مَالٍ اِذَا اَتَتْهُ الصَّدَقَةُ بَعَثَ بِهَا اِلَيْهِمْ وَلَمْ يَتَنَاوَلْ مِنْهَا
شَيْئًا وَاِذَا اَتَتْهُ هَدِيَّةٌ اَرْسَلَ اِلَيْهِمْ فَاَصَابَ مِنْهَا وَاَشْرَكَهُمْ
فِيْهَا فَسَآءَنِىْ ذٰلِكَ وَقُلْتُ مَاهٰذَا الْقَدَحُ بَيْنَ لَهْلِ الصُّفَّةِ
وَاَنَا رَسُوْلُه' اِلَيْهِمْ فَسَيَاْمُرُنِىْ اَنْ اُدِيْرَهُ عَلَيْهِمْ فَمَا عَسٰى
اَنْ يُصِيْبَنِىْ مِنْهُ وَقَدْ كُنْتُ اَرْجُوْا اَنْ اُصِيْبَ مِنْهُ
مَايُغْنِيْنِىْ وَلَمْ يَكُ بُدٌّ مِنْ طَاعَةِ اللّٰهِ وَطَاعَةِ رَسُوْلِهٖ
فَاَتَيْتُهُمْ فَدَعَوْتُهُمْ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَاَخَذُوْا مَجَالِسَهُمْ
قَالَ اَبَاهُرَيْرَةَ خُذِ الْقَدَحَ فَاَعْطِهِمْ فَاَخَذْتُ الْقَدَحَ
فَجَعَلْتُ اُنَاوِلُه' الرَّجُلَ فَيَشْرَبُ حَتّٰى يَرْوٰى ثُمَّ يَرُدُّه'
فَاُنَاوِلُهُ الْاٰخَرَ حَتّٰى انْتَهَيْتُ بِهٖ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْرَوِىَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَدَحَ فَوَضَعَهٗ عَلٰى يَدِهٖ ثُمَّ رَفَعَ
رَاْسَه' فَتَبَسَّمَ وَقَالَ اَبَاهُرَيْرَةَ اَشْرَبْ فَشَرِبْتُ ثُمَّ قَالَ
اشْرَبْ فَلَمْ اَزَلْ اَشْرَبُ وَيَقُوْلُ اِشْرَبْ ثُمَّ قُلْتُ وَالَّذِىْ

Marfat.com

بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا اَجِدُ لَه' مَسْلَكًا فَاَخَذَ الْقَدَحَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَسَمّٰى وَشَرِبَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ

(ترمذی' عربی' ابواب صفۃ القیامۃ' حدیث نمبر 2377' ص 564' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اصحاب صفہ مسلمانوں کے مہمان تھے نہ ان کے گھر تھے اور نہ ہی وہ مال رکھتے تھے جن میں وہ پناہ لیتے۔ مجھے اس اللہ کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں بھوک کی وجہ سے اپنا جگر زمین پر ٹیک دیتا اور پیٹ پر پتھر باندھتا' ایک دن میں راستہ میں آ بیٹھا جہاں سے لوگوں کا گزر ہوتا تھا۔ اتنے میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے۔ میں نے ان سے قرآن کی ایک آیت کے بارے میں پوچھا۔ میرا مقصد محض یہ تھا کہ وہ مجھے ساتھ لے جائیں گے مگر وہ چلے گئے اور ایسا نہ ہوا۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا گزر ہوا۔ میں نے ان سے بھی قرآن پاک کی آیت پوچھی اور مقصد یہی تھا کہ آپ مجھے ساتھ لے جائیں گے لیکن آپ بھی چلے گئے اور ایسا نہ ہوسکا۔ پھر نبی کریم ﷺ ادھر سے گزرے۔ مجھے دیکھ کر مسکرائے اور فرمایا: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ! میں نے عرض کیا حاضر ہوں یارسول اللہ ﷺ' آپ ﷺ نے فرمایا میرے ساتھ چلو۔ پس آپ ﷺ کے پیچھے چل پڑا اور آپ خانہ اقدس میں داخل ہوگئے تو میں نے بھی اجازت طلب کی۔ آپ ﷺ نے اجازت مرحمت فرمائی۔ (میں اندر داخل ہوا) نبی کریم ﷺ نے دودھ کا پیالہ دیکھا تو فرمایا یہ کہاں سے آیا؟

Marfat.com

عرض کیا گیا فلاں نے تحفہ بھیجا ہے۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا اے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! حاضر ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا جاؤ اور اہل صفہ کو بلا لاؤ۔ یہ مسلمانوں کے مہمان ہیں' نہ ان کے گھر ہیں اور نہ مال جس کی طرف وہ پناہ گیر ہوں۔ جب آپ ﷺ کے پاس کوئی صدقہ آتا تو آپ ﷺ ان کی طرف بھیج دیتے اور خود اس میں سے کچھ بھی نہ تناول فرماتے۔ اور اگر آپ ﷺ کے ہاں کوئی ہدیہ آتا تو کچھ رکھ کر باقی ان کی طرف بھیج دیتے اور (اس طرح) انہیں شریک فرما لیتے (جب حضور ﷺ نے مجھے ان کو بلانے کے لئے بھیجا تو مجھے یہ بات ناگوار گزری اور میں نے سوچا اہل صفہ کے درمیان اس ایک پیالے کی کیا حیثیت ہے اور چونکہ حضور ﷺ نے مجھے ہی بلانے کے لئے بھیجا ہے لہذا مجھے ہی فرمائیں گے کہ ان کو دودھ پلاؤ لہذا مجھے اس سے ملنے کی کوئی امید نہیں حالانکہ مجھے اتنا مل جانے کی امید تھی جس سے میرا پیٹ بھر جاتا ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت لازمی تھی۔ اس لئے میں ان کے پاس آیا اور ان کو بلا کر لے گیا۔ جب وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں پہنچے اور اپنی اپنی جگہوں پر بیٹھ گئے تو آپ ﷺ نے فرمایا اے ابوہریرہ! یہ پیالہ پکڑو اور ان کو دیتے جاؤ۔ فرماتے ہیں۔ میں نے پیالہ لے کر ایک کو دیا۔ انہوں نے سیر ہو کر دوسرے کو دیا۔ یہاں تک کہ میں حضور اکرم ﷺ کے پاس پہنچ گیا۔ حالانکہ تمام افراد سیر ہو چکے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے پیالہ دست مبارک میں رکھا پھر سر اقدس اٹھا کر مسکرائے اور

Marfat.com

فرمایا۔ابو ہریرہ! پیو میں نے پیا پھر فرمایا' پیو' میں مسلسل پیتا رہا اور آپ ﷺ فرماتے رہے پیو۔ پھر میں نے عرض کیا۔اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو دین حق کے ساتھ بھیجا اب کوئی گنجائش باقی نہیں رہی۔ پھر حضور اکرم ﷺ نے پیالہ پکڑا اور اللہ کی حمد وثناء اور بسم اللہ پڑھ کر باقی دودھ پی لیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

(ترمذی' عربی اردو' جلد دوم' ابواب صفۃ القیلمۃ' حدیث نمبر 368' ص 157' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: نبی کریم ﷺ کا بار بار حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو پینے کی ترغیب دینا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کے بتانے سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی قلبی کیفیت پر مطلع ہو چکے تھے۔ نیز ایک پیالہ دودھ جملہ اصحاب صفہ (غالباً ستر تھے) نے سیر ہو کر پیا اور پھر بھی بچ گیا۔ یہ جناب رسول اکرم ﷺ کے دست اقدس کی برکت تھی۔ امام احمد رضا خاں بریلوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔

کیوں جنابِ ابوہریرہ کیسا تھا وہ جام شیر
جس سے ستر صاحبوں کا دودھ سے منہ بھر گیا

حدیث شریف:115

حَدَّثَنَا اَبُوالْاَشْعَثِ اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ نَامُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الطُّفَاوِیُّ نَاهِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ

Marfat.com

عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاصَفِيَّةُ بِنْتَ عَبْدِالْمُطَّلِبِ يَافَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ يَابَنِيْ عَبْدِالْمُطَّلِبِ اِنِّيْ لَااَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا سَلُوْنِيْ مِنْ مَالِيْ مَاشِئْتُمْ۔

(ترمذی عربی ابواب الزہد حدیث نمبر 2310 ص 529 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں۔ جب آیت کریمہ **وانذر عشیرتك الاقربین الایه** (اور اپنے قریب والے رشتہ داروں کو ڈرائیں) نازل ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "اے صفیہ بنت عبدالمطلب اے فاطمہ بنت محمد مجھے تمہارے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی اختیار نہیں۔ میرے مال سے جو تم چاہو مانگو۔

(ترمذی عربی اردو جلد دوم ابواب زہد حدیث نمبر 191 ص 94 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: حدیث مذکورہ بالا سے نبی پاک ﷺ کے اختیارات کی نفی نہیں بلکہ مراد یہ ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کے اذن کے بغیر مالک نہیں۔ نیز آپ ﷺ نے یہ کہا اور ان کو ڈراتے ہوئے فرمایا ورنہ آیات واحادیث کثیرہ سے اختیارات مصطفےٰ ﷺ کا ثبوت ہے۔

Marfat.com

حدیث شریف:116

حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ حَدَّثَنَا عَبْشَرٌ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ عَنْ جَابِرِ ابْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ وُلِدَ لِرَجُلٍ مِّنَّا غُلَامٌ فَسَمَّاهُ مُحَمَّداً فَقُلْنَا لَانَكْنِيْكَ بِرَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى تَسْتَاْمِرَهٗ قَالَ فَاَتَاهُ فَقَالَ اِنَّهٗ وُلِدَ لِیْ غُلَامٌ فَسَمَّيْتُهٗ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ وَاِنَّ قَوْمِیْ اَبَوْا اَنْ يَكْنُوْنِیْ بِهٖ حَتّٰى تَسْتَاْذِنَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ تَسَمَّوْا بِاسْمِیْ وَلَاتَكَتَّنُوْا بِكُنْيَتِیْ فَاِنَّمَا بُعِثْتُ قَاسِمًا اَقْسِمُ بَيْنَكُمْ۔

(مسلم شریف' عربی' کتاب الادب' حدیث نمبر 5589' ص 952' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم میں سے ایک شخص کے ہاں لڑکا پیدا ہوا تو اس نے اس کا نام ''محمد'' رکھا۔ ہم نے اس سے کہا: ہم تمہیں اس وقت تک نبی اکرم ﷺ کے نام جیسا نام نہیں رکھنے دیں گے' جب تک تم نبی اکرم ﷺ سے اس کی اجازت نہ لے لو۔ وہ شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں آیا اور عرض کی۔ میرے ہاں لڑکا ہوا ہے اور میں نے اس کا نام اللہ کے رسول کے نام جیسا رکھا ہے اور میری قوم اس وقت تک مجھے یہ نام رکھنے دے گی جب تک مجھے نبی اکرم ﷺ سے اس کی اجازت نہ مل جائے (راوی کہتے ہیں) تو

Marfat.com

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ''میرے نام جیسا نام رکھ لو لیکن میری کنیت اختیار نہ کرو۔ کیونکہ مجھے قاسم بنا کر بھیجا گیا ہے اور میں تمہارے درمیان تقسیم کرتا ہوں''

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد سوم کتاب الادب' حدیث نمبر 5472' ص 126' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف:117

حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنِ الْاَعْمَشِ وَحَدَّثَنِیْ اَبُوْ سَعِيْدِ الْاَشَجُّ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسَمَّوْا بِاسْمِیْ وَلَاتَكَنَّوْا بِكُنْيَتِیْ فَاِنِّیْ اَنَا اَبُو الْقَاسِمِ اَقْسِمُ بَيْنَكُمْ وَفِیْ رِوَايَةِ اَبِیْ بَكْرٍ وَلَاتَكْتَنُوْا۔

(مسلم شریف' عربی' کتاب الادب' حدیث نمبر 5591' ص 952' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔ میرے نام جیسا نام رکھو لیکن میری کنیت جیسی کنیت نہ رکھو کیونکہ میں ابوالقاسم ہوں اور تمہارے درمیان تقسیم کرتا ہوں۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد سوم کتاب الادب' حدیث نمبر 5474' ص 126' مطبوعہ شبیر برادرز

Marfat.com

لاہور پاکستان)

ف: فرمانِ محبوبِ خدا ﷺ کہ میں تقسیم کرنے والا ہوں۔ اس بات کو ثابت کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو حضور ﷺ تقسیم فرماتے ہیں۔

رب ہے موتی یہ ہیں قاسم
رزق اس کا ہے کھلاتے یہ ہیں

اللہ جل جلالہ کے خزانوں کے مالک ہیں نبی سرور ﷺ
یہ سچ ہے نیازی ہم سرکار ﷺ کا کھاتے ہیں

بے مثل رسول صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث شریف:118

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنِیْ یَحْیٰی عَنْ شُعْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِیْ قَتَادَةُ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَاتُوَاصِلُوْا قَالُوْا اِنَّكَ تُوَاصِلُ قَالَ لَسْتُ كَاَحَدٍ مِّنْكُمْ اِنِّیْ اُطْعَمُ وَاُسْقٰی اَوْ اِنِّیْ اَبِیْتُ اُطْعَمُ وَاُسْقٰی

(بخاری شریف، عربی، کتاب الصوم، حدیث نمبر 1961، ص 315، مطبوعہ دارالسلام، ریاض

Marfat.com

سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ سے روایت کی آپ ﷺ نے فرمایا متواتر روزے نہ رکھو۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا آپ ﷺ تو روزہ وصال رکھتے ہیں؟۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ میں تم میں سے کسی کی مثل نہیں ہوں۔ میں کھلایا جاتا ہوں اور پلایا جاتا ہوں یا آپ ﷺ نے فرمایا میں اللہ تعالیٰ کے حضور رات اس حال میں گزارتا ہوں کہ مجھے کھلایا اور پلایا جاتا ہے۔

(بخاری شریف' عربی اردو' کتاب الصوم' حدیث نمبر 1833' ص 784' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور)

حدیث شریف:119

حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ حَدَّثَنِىْ اِبْنُ الْهَادِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنُ خُبَابٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ اَنَّه' سَمِعَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَاتُوَا صِلُوْا فَاَيُّكُمْ اِذَا اَرَادَ اَنْ يُّوَاصِلَ فَلْيُوَاصِلْ حَتّٰى السَّحَرِ قَالُوْا فَاِنَّكَ تُوَاصِلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنِّىْ لَسْتُ كَهَيْئَتِكُمْ اِنِّىْ اَبِيْتُ لِىْ مُطْعِمٌ يُّطْعِمُنِىْ وَسَاقٍ يَسْقِيْنِ

(بخاری شریف' عربی' کتاب الصوم' حدیث نمبر 1963' ص 315' مطبوعہ دارالسلام' ریاض

Marfat.com

سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ پے در پے متواتر روزے نہ رکھو اور تم میں سے جب کوئی متواتر روزے رکھنا چاہے تو سحری تک رکھ سکتا ہے۔ لوگوں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ آپ ﷺ تو متواتر روزے رکھتے ہیں؟۔ آپ ﷺ نے فرمایا میں تمہاری مثل نہیں ہوں۔ میں رات گزارتا ہوں۔ مجھے کھلانے والا کھلاتا ہے اور پلانے والا پلاتا ہے۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب الصوم' حدیث نمبر 1835' ص 784' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کو بے مثل و بے مثال بنایا ہے۔ معلوم ہوا کہ حضور ﷺ کو اپنی طرح سمجھنا انتہائی درجے کی جہالت ہے لہذا ماننا پڑے گا کہ میرے مولیٰ ﷺ جیسا کوئی دوسرا نہیں۔

کوئی مثلِ مصطفیٰ ﷺ کا نہ ہوا' نہ ہے' نہ ہوگا
کسی اور کا یہ رتبہ نہ ہوا' نہ ہے' نہ ہوگا

حدیث شریف:120

حَدَّثَنَا مُوْسٰی بْنُ اِسْمٰعِیْلَ نَامَهْدِیُ نَا ابْنُ اَبِیْ یَعْقُوْبَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ مَوْلَی الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ عَنْ

Marfat.com

عَبْدِاللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ اَرْدَفَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَلْفَهٗ ذَاتَ یَوْمٍ فَاَسَرَّ اِلَیَّ حَدِیْثًا لَااُحَدِّثُ بِهٖ اَحَدًا مِنَ النَّاسِ وَکَانَ اَحَبُّ مَا اسْتَتَرَبِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَتِهٖ هَدْفًا اَوْحَآئِشَ نَخْلٍ قَالَ فَدَخَلَ حَآئِطًا لِرَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ فَاِذَا جَمَلٌ فَلَمَّا رَأَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَنَّ وَذَرَفَتْ عَیْنَاهُ فَاَتَاهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَمَسَحَ ذَفْرَاهُ فَسَکَتَ فَقَالَ مَنْ رَبُّ هٰذَا الْجَمَلِ لِمَنْ هٰذَا الْجَمَلُ فَجَآءَ فَتًی مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ لِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ اَفَلَا تَتَّقِی اللّٰهَ فِیْ هٰذِهِ الْبَهِیْمَةِ الَّتِیْ مَلَّکَکَ اللّٰهُ اِیَّاهَا فَاِنَّهٗ شَکَا اِلَیَّ اَنَّکَ تُجِیْعُهٗ وَتُدْئِبُهٗ

(ابوداؤد' عربی' کتاب الجہاد' باب مایومر بہ من القیام' حدیث نمبر 2549' ص 370' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....سعد مولیٰ حسن بن علی سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے اپنے پیچھے سواری پر بٹھایا اور آہستہ سے مجھ سے ایک بات کہی اور فرمایا کہ لوگوں میں سے یہ کسی کو نہ بتانا۔ اور رسول اللہ ﷺ کو قضائے حاجت کے وقت پردے کی غرض سے دو قسم کی جگہیں پسند تھیں۔ اونچی جگہ کی آڑ یا درختوں کا جھنڈ۔ ان کا یہ

Marfat.com

بیان ہے کہ آپ ﷺ ایک انصاری کے باغ میں داخل ہوئے تو وہاں ایک اونٹ تھا۔ جب اس نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا تو رویا اور اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے۔ نبی کریم ﷺ اس کے پاس تشریف لے گئے اور اس کے سر پر دست مبارک پھیرا تو وہ خاموش ہوگیا۔ فرمایا اس اونٹ کا مالک کون ہے اور یہ کس کا ہے؟ پس انصار میں سے ایک نوجوان آ کر عرض گزار ہوا۔ یارسول اللہ ﷺ میرا ہے۔ فرمایا کہ تم اس بے زبان جانور کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے نہیں ڈرتے جس کا خدا تعالیٰ نے تمہیں مالک بنایا ہے؟ اس نے مجھ سے شکایت کی ہے کہ تم اسے بھوکا رکھتے اور بہت زیادہ کام لیتے ہو۔

(ابوداؤد عربی اردو، جلد دوم، کتاب الجہاد حدیث نمبر 777، ص 295، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ جانوروں کے بھی رسول ہیں اور جانور بھی آپ ﷺ کو مشکل کشا سمجھتے ہیں۔ اسی لئے آپ ﷺ سے اپنی مشکل بیان کی۔ پیارے مصطفیٰ ﷺ نے جانور کی زبان کو بھی سمجھ لیا اور اس کے مالک کو بلا کر اس جانور کی مشکل کشائی فرمائی۔

حدیث شریف: 121

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ یَقُوْلُ اِنَّ ثُمَامَةَ بْنَ اُثَالٍ الْحَنَفِیَّ انْطَلَقَ اِلَی نَخْلٍ قَرِیْبٍ مِّنَ الْمَسْجِدِ فَاغْتَسَلَ

Marfat.com

ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَقَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَّااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ يَامُحَمَّدُ وَاللّٰهِ مَاكَانَ عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ وَجْهٌ اَبْغَضَ اِلَيَّ مِنْ وَّجْهِكَ فَقَدْ اَصْبَحَ وَجْهُكَ اَحَبَّ الْوُجُوْهِ كُلِّهَا اِلَيَّ وَاَنَّ خَيْلَكَ اَخَذَتْنِيْ وَاَنَا اُرِيْدُ الْعُمْرَةَ فَمَاذَا تَرٰى فَبَشَّرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَمَرَهٗ اَنْ يَّعْتَمِرَ مُخْتَصِرٌ

(سنن نسائی، عربی، کتاب الطہارۃ، باب تقدیم غسل الکافر اذا اراد ان یغسل، حدیث نمبر 189، ص 26، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جناب ثمامہ بن اثال حنفی مسجد نبوی ﷺ کے قریب ایک کھجور کے درخت کے نیچے گئے۔ اور غسل فرمایا۔ پھر آپ مسجد میں تشریف لائے اور فرمایا۔ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ عبادت کے لائق اللہ کے سوا کوئی نہیں اور بلاشبہ حضور ﷺ کے عبد اور اس کے رسول ہیں۔ یارسول اللہ ﷺ! قسم بخدا اس سے قبل ساری روئے زمین پر کوئی چہرہ آپ ﷺ کے چہرہ مبارک سے بڑھ کر مجھے ناپسند نہ تھا۔ اور اب آپ ﷺ کا چہرہ انور باقی چہروں کی نسبت مجھے سب سے زیادہ پسند ہے۔ آپ ﷺ کے سواروں نے مجھے پکڑ لیا۔ میں نے عمرہ کرنے کا ارادہ کیا تھا تو اب آپ ﷺ اس کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟ حضور نبی کریم ﷺ نے جناب ثمامہ بن اثال رضی اللہ عنہ کو خوشخبری دی اور عمرہ ادا فرمانے کا حکم صادر فرمایا۔

Marfat.com

(سنن نسائی' عربی اردو' جلد اول' باب تقدیم غسل الکافر اذا اراد ان یغسل' حدیث نمبر 191' ص 61' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: صحابہ کرام علیہم الرضوان کا یہ ایمان تھا کہ ہمارے مولیٰ ﷺ کے چہرہ نور جیسا کسی اور کا چہرہ نہیں کیونکہ ذات پاک مصطفیٰ ﷺ بے مثل و بے مثال ہے۔

حدیث شریف:122

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانُ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ طَلْحَةَ حَدَّثَنِیْ عُثْمَانُ بْنُ اَبِی الْعَاصِ الثَّقَفِیُّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى للّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ اُمَّ قَوْمَكَ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ للّٰهِ اِنِّیْ اَجِدُ فِیْ نَفْسِیْ شَيْئًا قَالَ ادْنُهٗ فَجَلَّسَنِیْ بَيْنَ يَدَيْهِ ثُمَّ وَضَعَ كَفَّهٗ فِیْ صَدْرِیْ بَيْنَ ثَدْيَیَّ ثُمَّ قَالَ تَحَوَّلْ فَوَضَعَهَا فِیْ ظَهْرِیْ بَيْنَ كَتِفَیَّ ثُمَّ قَالَ اُمَّ قَوْمَكَ فَمَنْ اَمَّ قَوْمًا فَلْيُخَفِّفْ فَاِنَّ فِيْهِمُ الْكَبِيْرَ وَاِنَّ فِيْهِمُ الْمَرِيْضَ وَاِنَّ فِيْهِمُ الضَّعِيْفَ وَاِنَّ فِيْهِمْ ذَا الْحَاجَةِ وَاِذَاصَلّٰى اَحَدُكُمْ وَحْدَهٗ فَلْيُصَلِّ كَيْفَ شَآءَ

(مسلم شریف' عربی' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 1050' ص 195' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

Marfat.com

ترجمہ:.....حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ان سے کہا تم اپنی قوم کے افراد کو نماز پڑھایا کرو۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ میں نے عرض کی، یارسول اللہ ﷺ مجھے جھجک محسوس ہوتی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا میرے قریب آ جاؤ۔ پھر آپ ﷺ نے مجھے اپنے سامنے بٹھا کر اپنا ہاتھ میرے سینے پر رکھا۔ پھر ہدایت کی مڑ جاؤ' پھر آپ نے اپنا ہاتھ میرے کندھوں کے درمیان میری کمر پر رکھا' پھر فرمایا: اپنی قوم کی امامت کرو اور جو بھی شخص امامت کرے۔ اسے مختصر نماز پڑھانی چاہئے کیونکہ ان (مقتدیوں) میں عمر رسیدہ لوگ ہو سکتے ہیں۔ ان میں بیمار ہوں گے۔ ان میں کمزور ہوں گے' ان میں حاجت مند ہوں گے' البتہ جب تنہا نماز ادا کرنا ہو' تو جیسے چاہے کرو۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 953' ص 383' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ کی جھجک کو دور کرنے کے لئے میرے مولیٰ ﷺ کوئی وظیفہ بھی عنایت فرما سکتے تھے لیکن جس کے دست حق پرست میں کونین کے خزانوں کی کنجیاں ہوں۔ ان ہاتھوں کی یہی شان ہونی چاہئے کہ آپ نے دستِ مبارک حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے سینے اور کمر پر رکھا اور فرمایا اپنی قوم کی امامت کرو۔ یقیناً دست پاک مصطفیٰ ﷺ کی برکت سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی جھجک دور ہو گئی۔

Marfat.com

حدیث شریف:123

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيّ عَنْ ابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ خَدَمْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ سَلَّمَ عَشَرَ سِنِيْنَ فَمَا قَالَ لِيْ اُفٍّ قَطُّ وَمَا قَالَ لِشَيْءٍ سَنَعْتُهُ لِمَ صَنَعْتَهُ وَلَا لِشَيْءٍ تَرَكْتُهُ لِمَ تَرَكْتَهُ وَكَانَ رَسُوْلُ لّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَحْسَنِ النَّاسِ خُلُقًا وَمَا مَسِسْتُ خَزًّا قَطُّ وَلَا حَرِيْرًا وَلَا شَيْئًا كَانَ اَلْيَنَ مِنْ كَفِّ سُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا شَمَمْتُ مِسْكاً قَطُّ لَا عِطْرًا كَانَ اَطْيَبَ مِنْ عَرَقِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ لَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِى الْبَابِ عَنْ عَآئِشَةَ وَالْبَرَآءِ هٰذَا حَدِيْثٌ سَنٌ صَحِيْحٌ۔

(ترمذی عربی کتاب البر والصلۃ حدیث نمبر 2015 ص 464 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ میں نے دس سال حضرت ﷺ کی خدمت کی۔ آپ ﷺ نے مجھے کبھی اف تک بھی نہیں کہا۔ کسی ام کرنے پر یہ نہیں فرمایا کہ کیوں کیا اور نہ کرنے پر یہ نہیں فرمایا کہ کیوں نہیں کیا۔ نحضرت ﷺ لوگوں میں سب سے زیادہ خوش خلق تھے۔ میں نے اون اور ریشم سے مخلوط اور محض ریشمی کپڑے کو بھی آنحضرت ﷺ کے دست مبارک سے زیادہ

Marfat.com

نرم نہیں پایا۔ میں نے مشک اور عطر کو بھی آنحضرت ﷺ کے پسینہ مبارک سے زیادہ خوشبودار نہیں پایا۔ اس باب میں حضرت عائشہ اور براء رضی اللہ عنہما سے بھی روایات مذکور ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

(ترمذی شریف' عربی اردو' جلد اول' ابواب البر والصلۃ' حدیث نمبر 2083' ص 932' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: جس طرح میرے مولیٰ ﷺ کا چہرہ بے مثل و بے مثال ہے۔ اسی طرح آپ ﷺ کا کردار بھی بے مثل ہے۔ آپ ﷺ کے دست مبارک بھی بے مثل ہیں۔ آپ ﷺ کا مبارک پسینہ بھی بے مثل ہے۔ الغرض کہ پورا وجود مصطفیٰ ﷺ بے مثل و بے مثال ہے۔

حدیث شریف: 124

حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ كَثِيْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ عَنْ اَنَس قَالَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ لَيْسَ لَه' خَادِمٌ فَاَخَذَ اَبُوْطَلْحَةَ بِيَدِىْ فَانْطَلَقَ بِىْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَنَسًا غُلَامٌ كَيِّسٌ فَلْيَخْدُمْكَ قَالَ فَخَدَمْتُه' فِى السَّفَرِ وَالْحَضَرِ مَاقَالَ لِى لِشَىْءٍ صَنَعْتُه' لِمَ صَنَعْتَ هٰذَا هٰكَذَا وَلَا لِشَىْءٍ لَمْ اَصْنَعْهُ

Marfat.com

لِمَ لَمْ تَصْنَعْ هٰذَا هٰكَذَا

(بخاری شریف' عربی' کتاب الوصایا' حدیث نمبر 2768' ص 485' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو آپ ﷺ کے پاس خادم نہیں تھا۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے میرا ہاتھ پکڑا اور رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں لے گئے اور عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ انس رضی اللہ عنہ ایک ذہین بچہ ہے اور یہ آپ ﷺ کی خدمت کرے گا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا۔ میں نے آپ ﷺ کی سفر و حضر میں خدمت کی لیکن جو کام میں نے کیا۔ اس کے متعلق آپ ﷺ نے کبھی نہیں فرمایا کہ تم نے یہ کام اس طرح کیوں کیا۔ اور ایسے ہی جو کام میں نے نہیں کیا۔ اس کے متعلق آپ ﷺ نے نہیں فرمایا کہ تو نے یہ اس طرح کیوں کیا۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد دوم' کتاب الوصایا' حدیث نمبر 39' ص 59' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: انسان کی یہ فطرت ہوتی ہے کہ اگر کوئی کام کرے تو کہتا ہے کہ یہ کام اس طرح کیوں نہیں کیا یا کام نہ کیا تو کہتا ہے کہ یہ کام تم نے کیوں نہیں کیا مگر میرے مولیٰ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے بے عیب ذات بنایا اور جو ذات بے عیب ہو اس میں یہ عیب بھی کیسے ہو سکتا ہے۔

Marfat.com

حدیث شریف:125

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ خِذَامٍ ثَنَا صَفْوَانُ ابْنُ عِيْسٰى اَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ قَالَ لَمَّا غُسِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَهَبَ يَلْتَمِسُ مِنْهُ مَايَلْتَمِسُ مِنَ الْمَيِّتِ فَلَمْ يَجِدْهُ فَقَالَ بِاَبِى الطَّيِّبُ طِبْتَ حَيًّا وَ طِبْتَ مَيِّتًا۔

(ابن ماجہ عربی کتاب الجنائز حدیث نمبر 1467 ص 210 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... یحیی بن خذام صفوان بن عیسے معمر زہری ابن المسیب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کو جب غسل دیا گیا تو لوگوں نے آپ ﷺ کی نجاست نکالنی چاہی لیکن کوئی نجاست نظر نہ آئی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان آپ زندگی اور اور وصال دونوں میں پاک رہے۔

(سنن ابی ماجہ عربی اردو جلد اول باب ماجاء فی غسل النبی حدیث نمبر 1528 ص 421 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:126

حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا بْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ قَيْسٍ عَنْ جَرِيْرٍ رَضِىَ اللّٰهُ

Marfat.com

عَنْهُ قَالَ مَا حَجَبَنِی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ اَسْلَمْتُ وَلَا رَاٰنِیْ اِلَّا تَبَسَّمَ فِیْ وَجْهِیْ وَلَقَدْ شَکَوْتُ اِلَیْهِ اِنِّیْ لَااَثْبُتُ عَلَی الْخَیْلِ فَضَرَبَ بِیَدِهٖ فِی صَدْرِهٖ وَقَالَ اللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِیًا مَّهْدِیًّا۔

(بخاری شریف' عربی' کتاب الجہاد والسیر' حدیث نمبر 3035' ص 501' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت جریر بن (عبداللہ) رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب سے میں دائرہ اسلام میں داخل ہوا ہوں۔ جو چیز میں نے آپ ﷺ سے طلب کی' آپ ﷺ نے مجھے منع نہیں فرمایا (یا گھر میں داخل ہونے سے منع نہیں فرمایا) اور جب بھی مجھے دیکھتے تو آپ کے چہرہ انور پر تبسم ہوتا اور میں نے شکایت کی (یارسول اللہ ﷺ) میں گھوڑے پر نہیں ٹھہر سکتا تو آپ ﷺ نے اپنا دست مبارک میرے سینہ پر مارا اور فرمایا۔ اے اللہ تعالیٰ اس کو ثابت قدم رکھ اور اس کو ہدایت دینے والا اور ہدایت یافتہ بنادے۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد دوم' کتاب الجہاد والسیر' حدیث نمبر 284' ص 155' مطبوعہ شبیر برادز لاہور پاکستان)

ف: صحابہ کرام علیہم الرضوان اپنے مولیٰ ﷺ کو مشکل کشا مانتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ اپنی ہر مشکل اپنے مولیٰ ﷺ سے بیان کیا کرتے تھے اور آپ ﷺ اسے اللہ تعالیٰ کی عطا کی ہوئی طاقت سے حل فرماتے تھے۔

Marfat.com

حدیث شریف:127

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدُوْرُ عَلٰى نِسَآئِهٖ فِی السَّاعَةِ الْوَاحِدَةِ مِنَ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُنَّ اِحْدٰى عَشْرَةَ قَالَ قُلْتُ لِاَنَسٍ اَوَكَانَ يُطِيْقُهٗ قَالَ كُنَّا نَتَحَدَّثُ اَنَّهٗ اُعْطِیَ قُوَّةَ ثَلَاثِيْنَ وَقَالَ سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ اَنَّ اَنَسًا حَدَّثَهُمْ تِسْعَ نِسْوَةٍ

(بخاری شریف عربی کتاب الغسل حدیث نمبر 268 ص 48 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ ازواج مطہرات کے پاس رات اور دن میں ایک ہی وقت کے اندر دور لیتے تھے اور آپ ﷺ کی ازواج کی تعداد گیارہ تھی (قتادۃ الاکمہ دوسی اس حدیث کے ایک راوی) کہتے ہیں۔ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا کیا آپ ﷺ کے اندر اتنی طاقت تھی؟۔ انہوں نے کہا (ہاں) آپ ﷺ کو تیس مردوں کی قوت عطا کی گئی تھی۔ سعید بن ابی عروبہ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے فرماتے ہیں ہم بیان کرتے تھے کہ ہم کو حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے نو بیویوں کا ذکر کیا۔

(بخاری شریف عربی اردو جلد اول کتاب الغسل حدیث نمبر 263 ص 174 مطبوعہ فرید

Marfat.com

بک لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ کا طاقت میں بھی کوئی مثل نہیں ہے۔ آپ ﷺ کائنات میں سب سے زیادہ طاقت وقوت رکھتے تھے۔

حدیث شریف:128

حَدَّثَنِیْ زُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ یَسَافٍ عَنْ اَبِیْ یَحْیَی عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ حُدِّثْتُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صَلٰوةُ الرَّجُلِ قَاعِدًا نِصْفُ الصَّلٰوةِ قَالَ فَاَتَیْتُهٗ فَوَجَدْتُهٗ یُصَلِّیْ جَالِسًا فَوَضَعْتُ یَدِیْ عَلٰی رَأْسِهٖ فَقَالَ مَالَكَ یَا عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو قُلْتُ حُدِّثْتُ یَارَسُوْلَ اَللّٰهِ اِنَّكَ قُلْتَ صَلٰوةُ الرَّجُلِ قَاعِدًا عَلٰی نِصْفِ الصَّلٰوةِ وَاَنْتَ تُصَلِّیْ قَاعِدًا قَالَ اَجَلْ وَلٰكِنِّیْ لَسْتُ كَاَحَدٍ مِّنْكُمْ۔

(مسلم شریف عربی کتاب صلوٰۃ المسافرین وقصرہا حدیث نمبر 1715 ص 298 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ مجھے یہ بات بتائی گئی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔ بیٹھ کر نماز پڑھنے والے کو

Marfat.com

(کھڑے ہو کر پڑھنے والے کی بہ نسبت) آدھا ثواب ملتا ہے۔ میں نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو میں نے آپ ﷺ کو بیٹھ کر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔ میں نے اپنا ہاتھ آپ ﷺ کے سر اقدس پر رکھا تو آپ ﷺ نے دریافت کیا۔ اے عبداللہ بن عمرو! کیا بات ہے؟ میں نے عرض کی' یارسول اللہ ﷺ! مجھے یہ بتایا گیا ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔ بیٹھ کر نماز پڑھنے والے کو نصف ثواب ملتا ہے جبکہ آپ ﷺ خود بیٹھ کر نماز پڑھ رہے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا (یہ بات) ٹھیک ہے لیکن میں تمہاری طرح نہیں ہوں (یعنی اجر وثواب کے عام اصولوں کا اطلاق میری ذات پر نہیں ہوتا)۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب صلوٰۃ المسافرین وقصرہا' حدیث نمبر 1612' ص 571' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: آپ ﷺ کا واضح ارشاد کہ میں تمہاری طرح نہیں ہوں۔ نبی کو اپنی طرح سمجھنے والوں کی خود ساختہ توحید پر کالا دھبہ ہے لہذا وہ اگر اپنی خود ساختہ توحید کو حقیقی توحید میں بدلنا چاہتے ہیں تو نبی کریم ﷺ کو اپنی طرح کہنا اور سمجھنا چھوڑ دیں۔

عقیدہ: انبیائے کرام علیہم السلام تمام مخلوق یہاں تک کہ رسل ملائکہ سے افضل ہیں۔ ولی کتنا ہی بڑے مرتبہ والا ہو کسی نبی کے برابر نہیں ہوسکتا۔ جو کسی غیر نبی کو کسی نبی سے افضل یا برابر بتائے' کافر ہے۔

عقیدہ: نبی کی تعظیم فرض عین بلکہ اصل تمام فرائض ہے۔ کسی نبی کی ادنیٰ

Marfat.com

توہین یا تکذیب کفر ہے۔

حدیث کی اہمیت

حدیث شریف:129

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ جَابِرِ اللَّخَمِيِّ عَنْ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْكَرَبَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَاهَلْ عَسٰى رَجُلٌ يَبْلُغُهُ الْحَدِيْثُ عَنِّىْ وَهُوَ مُتَّكِئٌ عَلٰى اَرِيْكَتِهٖ فَيَقُوْلُ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ كِتَابُ اللّٰهِ فَمَا وَجَدْنَا فِيْهِ حَلَالًا اسْتَحْلَلْنَاهُ وَمَا وَجَدْنَاهُ فِيْهِ حَرَامًا حَرَّمْنَاهُ وَاِنَّ مُحَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا حَرَّمَ اللّٰهُ ۔

(ترمذی عربی ابواب علم حدیث نمبر 2664 ص 604 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا۔ سن لو! عنقریب ایک آدمی کے پاس میری حدیث پہنچے گی اور وہ اپنی مسہری پر تکیہ لگائے بیٹھا ہوا کہے گا۔ ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ تعالیٰ کی کتاب (کافی ہے) ہم جو چیز اس میں حلال پائیں گے اسے حلال سمجھیں

Marfat.com

گے اور اسے حرام سمجھیں گے جسے اس میں حرام پائیں گے جبکہ رسول اکرم ﷺ نے بھی اسی طرح حرام کیا ہے جس طرح اللہ تعالیٰ نے حرام کیا۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم، ابواب علم، حدیث نمبر 560، ص 235، مطبوعہ فرید بک اسٹال، لاہور پاکستان)

حدیث شریف:130

حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ كَتَازَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ حَدَّثَنِیْ اَلْحَسَنُ بْنُ جَابِرٍ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْكَرِبَ الْكِنْدِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُوْشِكُ الرَّجُلُ مُتَّكِئًا عَلٰى اَرِيْكَتِهٖ يُحَدِّثُ بِحَدِيْثٍ مِنْ حَدِيْثِیْ فَيَقُوْلُ بَيْنَنَا وَ بَيْنَكُمْ كِتَابُ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ فَمَا وَجَدْنَا فِيْهِ مِنْ حَلَالٍ اسْتَحْلَلْنَاهُ وَمَا وَجَدْنَا فِيْهِ مِنْ حَرَامٍ حَرَّمْنَاهُ اَلَا وَاِنَّ مَاحَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلُ مَاحَرَّمَ اللّٰه

(سنن ابن ماجہ، عربی، باب تعظیم حدیث رسول، حدیث نمبر 12 ص 2، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....ابوبکر بن ابی شیبہ، زید بن الحباب معاویۃ بن صالح، حسن بن جابر مقدام بن معدیکرب الکندی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ نبی کریم ﷺ نے

Marfat.com

ارشاد فرمایا۔ بہت جلد ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی اپنے تخت پر تکیہ لگائے بیٹھا ہوگا اور اس کے سامنے میری حدیث بیان کی جائے گی تو جواب میں کہے گا۔ ہمارے اور تمہارے درمیان فیصلہ کرنے والی اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے جو کچھ ہم اس میں حلال پائیں گے' اسے حلال جانیں گے اور جو کچھ حرام پائیں گے اسے حرام سمجھیں گے۔ آگاہ ہو جو کچھ رسول اللہ ﷺ نے حرام فرمایا وہ بھی ویسا ہی حرام ہے جیسے اللہ نے حرام فرمایا۔

(سنن ابن ماجہ' عربی اردو' جلد اول' باب تعظیم حدیث رسول والتغلیظ علی من عارضہ' حدیث نمبر 12' ص 4' مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: رسول کریم ﷺ نے اطلاع خداوندی سے ،فتنہ' انکار حدیث کی خبر دی اور سنت کی تشریعی حیثیت واضح کرتے ہوئے اُمّت مسلمہ کو اس سے بچنے کی تلقین فرمائی۔ خود قرآن پاک جسے منکرین ماننے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ ببانگ دہل اعلان فرمایا کہ ''جو کچھ تمہیں نبی کریم ﷺ عطا فرمائیں' اسے لے لو اور جس سے روکیں رک جاؤ'' (سورہ حشر پ ۲۸) حجیت حدیث کے بارے میں علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمہ کی تصنیف لطیف ''حجیت حدیث'' کا مطالعہ لازمی ہے۔ (مترجم)

حدیث شریف:131

حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ نَا اَبُوْ عَمْرِو بْنُ كَثِيْرِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ

Marfat.com

بُنِ اَبِیْ عَوْفٍ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِیْکَرَبَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ اَلَا اِنِّی اُوْتِیْتُ الْکِتَابَ وَمِثْلَہٗ مَعَہٗ اَلَا یُوْشِکُ رَجُلٌ شَبْعَانٌ عَلٰی اَرِیْکَتِہٖ یَقُوْلُ عَلَیْکُمْ بِھٰذَا الْقُرْاٰنِ فَمَا وَجَدْتُّمْ فِیْہِ مِنْ حَلَالٍ فَاَحِلُّوْہُ وَمَا وَجَدْتُمْ فِیْہِ مِنْ حَرَامٍ فَحَرِّمُوْہُ اَلَا لَا یَحِلُّ لَکُمُ الْحِمَارُ الْاَھْلِیُّ وَلَا کُلُّ ذِیْ نَابٍ مِنَ السَّبُعِ وَلَا لُقَطَۃُ مُعَاھِدٍ اِلَّا اَنْ یَسْتَغْنِیَ عَنْھَا صَاحِبُھَا وَمَنْ نَزَلَ بِقَوْمٍ فَعَلَیْھِمْ اَنْ یَّقْرُوْہُ فَاِنْ لَّمْ یَقْرُوْہُ فَلَہٗ اَنْ یَعْقِبَھُمْ بِمِثْلِ قِرَاہُ۔

(سنن ابوداؤد عربی کتاب السنت حدیث نمبر 4604 ص 651 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.... حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آگاہ رہو کہ مجھے کتاب دی گئی ہے اور اس کے ساتھ اور بھی اس جیسی خبردار ہو جاؤ۔ قریب ہے کہ ایک پیٹ بھرا آدمی اپنی مسند سے ٹیک لگائے ہوئے کہے گا کہ تمہارے لئے صرف قرآن مجید ہے لہذا جو اس میں حلال پاؤ اسے حلال سمجھو اور جو اس میں حرام پاؤ اسے حرام سمجھو۔ آگاہ رہو میں تمہارے لئے گھریلو گدھے کو حلال قرار نہیں دیتا اور نہ درندوں میں سے کسی کو اور نہ ذمی کے

Marfat.com

پڑے ہوئے مال کو مگر جبکہ مالک اس کی ضرورت نہ سمجھے اور جو کسی قوم کے پاس اترے تو اس کی مہمانی کرنا ان لوگوں پر لازم ہے اگر وہ اس کی مہمان نوازی نہ کریں تو اپنی مہمانی کے برابر ان سے لینے کا اسے حق حاصل ہے۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد سوم کتاب السنت حدیث نمبر 1180 ص 432 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: قرآن مجید پر ایمان لانے کا دعویٰ کرنا اور احادیث کی اہمیت کا انکار کرنا بھی بہت بڑی بدعت اور گمراہی ہے۔ احادیث سے منہ موڑ کر قرآن مجید پر عمل کیا ہی نہیں جا سکتا۔ اگر حدیث کی ضرورت نہ ہوتی تو صحابہ کرام ان آیتوں کو لکھتے رہتے جن کا نزول ہوتا تھا اور ان کے مطابق عمل کرتے رہتے۔ ہر معاملے میں جو بارگاہ رسالت کی طرف رجوع کرتے تھے۔ اس کی چنداں ضرورت ہی محسوس نہ کرتے۔ وہ جانتے تھے کہ نزول قرآن مجید سے چالیس سال پہلے انہیں اسی لئے دنیا میں بھیجا گیا تھا کہ ہر پہلو سے انہیں دیکھ لیں اور ان سے قرآن کریم پر عمل کرنا سیکھیں۔ انکار حدیث کا فتنہ بہت بڑی بدعت و گمراہی ہے جو ترک تقلید کے فتنے کی بدولت معرض وجود میں آئی ہے۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ہر قسم کے فتنوں سے بچائے اور ہم سب کا خاتمہ ایمان پر کرے۔ آمین

حدیث شریف:132

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنِ الْخَلِيْلِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ

Marfat.com

يَحْيَى بْنِ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَجُلاً مِّنَ الْاَنْصَارِ يَجْلِسُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَسْمَعُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَدِيْثَ فَيُعْجِبُهٗ، وَلَا يَحْفَظُهٗ، فَشَكَى ذٰلِكَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ لَاَسْمَعُ مِنْكَ الْحَدِيْثَ فَيُعْجِبُنِىْ وَلَا اَحْفَظُهٗ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعِنْ بِيَمِيْنِكَ وَاَوْمَأَ بِيَدِهِ الْخَطَّ

(ترمذی، عربی، ابواب علم، حدیث نمبر 2666، ص 605، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک انصاری، نبی کریم ﷺ کی خدمت میں بیٹھتے اور آپ ﷺ سے حدیث سنتے، اسے پسند کرتے لیکن یاد نہ رکھ سکتے تو انہوں نے نبی کریم ﷺ سے اس بات کی شکایت کرتے ہوئے عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ! میں آپ ﷺ سے احادیث سنتا ہوں مجھے وہ اچھی لگتی ہیں لیکن میں یاد نہیں رکھ سکتا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا "اپنے داہنے ہاتھ سے مدد لو" اور آپ نے لکھنے کا اشارہ فرمایا۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم، ابواب علم، حدیث نمبر 562، ص 236، مطبوعہ فرید بک اسٹال، لاہور پاکستان)

ف: معلوم ہوا کہ دور رسالت مآب ﷺ میں احادیث لکھنے کا رواج تھا اور سرکار ﷺ صحابہ کرام علیہم الرضوان کو لکھنے کا حکم دیا کرتے تھے۔

Marfat.com

حدیث شریف:133

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَاَبُوبَكْرِ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ قَالَا نَا یَحْیٰی عَنْ عُبَیْدِاللّٰهِ بْنِ الْاَخْنَسِ عَنِ الْوَلِیْدِ بْنِ اَبِیْ مُغِیْثٍ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ یُوْسُفَ ابْنِ مَاهَكَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَقَالَ كُنْتُ اَكْتُبُ كُلَّ شَیْءٍ اَسْمَعُهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُرِیْدُ حِفْظَهٗ فَنَهَتْنِیْ قُرَیْشٌ وَقَالُوْا اَتَكْتُبُ كُلَّ شَیْءٍ تَسْمَعُهٗ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَشَرٌ یَتَكَلَّمُ فِی الْغَضَبِ وَالرِّضَا فَاَمْسَكْتُ عَنِ الْكِتَابِ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ فَاَوْمَا بِاَصْبَعِهٖ اِلٰی فِیْهِ فَقَالَ اُكْتُبْ فَوَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ مَایَخْرُجُ مِنْهُ اِلَّا حَقٌّ۔

(ابوداؤد عربی کتاب العلم باب کتابۃ العلم حدیث نمبر 3646 ص 523 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... یوسف بن مالک سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں یاد کرنے کے ارادے سے ہر اس بات کو لکھ لیا کرتا جو رسول اللہ ﷺ سے سنتا۔ پس لوگوں نے مجھے منع کیا اور کہا کہ آپ ہر اس بات کو لکھ لیتے ہیں جو کہ سنتے ہیں حالانکہ رسول اللہ ﷺ بھی بشر ہیں جو ناراضگی

Marfat.com

اور رضامندی میں بھی کلام فرماتے ہیں۔ چنانچہ میں لکھنے سے رک گیا اور رسول اللہ ﷺ سے اس بات کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے انگشت مبارک سے دہن اقدس کی جانب اشارہ کرتے ہوئے فرمایا لکھتے رہو کیونکہ قسم ہے اس کی جس کے قبضے میں میری جان ہے اس (زبان) سے کوئی بات نہیں نکلتی مگر حق۔

(سنن ابوداؤد عربی اردو جلد سوم باب کتابتہ العلم حدیث نمبر 250 ص 101 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث سے پہلی بات یہ ثابت ہوئی کہ دور رسالت مآب ﷺ میں بھی احادیث لکھنے کا رواج تھا اور دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ قول رسول ﷺ ہر حال میں پتھر کی لکیر ہے یعنی جو بات دہن مصطفیٰ ﷺ سے نکل جائے تو حق اور سچ اس بات کے قدم چومتا ہے اور یاد رہے حضور ﷺ اپنی طرف سے کچھ نہیں بولتے۔ آپ کی ہر بات وحی الٰہی ہوتی ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

القرآن: وما ینطق عن الھوی ○ ان ھو الا وحی یوحی ○

ترجمہ: اور وہ کوئی بات اپنی خواہش سے نہیں کرتے مگر وحی جو انہیں کی جاتی ہے (وحی الٰہی ان کا کلام ہوتی ہے) (سورہ والنجم آیت ۴۔۳)

میں نثار تیرے کلام پر ملی یوں تو کس کو زبان نہیں
وہ سخن ہے جس میں سخن نہ ہو وہ بیاں ہے جس کا بیاں نہیں

Marfat.com

حدیث شریف:134

حَدَّثَنَا مُوْسٰی بْنُ اِسْمٰعِیْلَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ یَقُوْلُوْنَ اِنَّ اَبَاهُرَیْرَةَ یُکْثِرُ الْحَدِیْثَ وَاللّٰهُ الْمَوْعِدُ وَ یَقُوْلُوْنَ مَالِلْمُهَا جِرِیْنَ وَالْاَنصَارِ لَایُحَدِّثُوْنَ مِثْلَ اَحَادِیْثِهٖ وَاِنَّ اِخْوَتِیْ مِنَ الْمُهَاجِرِیْنَ کَانَ یَشْغَلُهُمُ الصَّفْقُ بِالْاَسْوَاقِ وَ اِنَّ اِخْوَتِیْ مِنَ الْاَ نْصَارِ کَانَ یَشْغَلُهُمْ عَمَلُ اَمْوَالِهِمْ وَکُنْتُ امْرَاً مِسْکِیْنًا اَلْزَمُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی مِلْءِ بَطْنِیْ فَاَحْضُرُ حِیْنَ یَغِیْبُوْنَ وَاَعِیْ حِیْنَ یَنْسَوْنَ وَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمًا لَّنْ یَّبْسُطَ اَحَدٌ مِّنْکُمْ ثَوْبَه‘ حَتّٰی اَقْضِیَ مَقَالَتِیْ هٰذِهٖ ثُمَّ یَجْمَعَه‘ اِلٰی صَدْرِهٖ فَیَنْسٰی مِنْ مَّقَالَتِیْ شَیْئًا اَبَدًا فَبَسَطْتُ نَمِرَةً لَیْسَ عَلَیَّ ثَوْبٌ غَیْرُهَا حَتّٰی قَضَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَقَالَتَه‘ ثُمَّ جَمَعْتُهَا اِلٰی صَدْرِیْ فَوَالَّذِیْ بَعَثَه‘ بِالْحَقِّ مَانَسِیْتُ مِنْ مَقَالَتِهٖ تِلْکَ اِلٰی یَوْمِیْ هٰذَا وَاللّٰهِ لَوْلَآ اٰیَتَانِ فِیْ کِتَابِ اللّٰهِ مَاحَدَّثْتُکُمْ شَیْئًا اَبَدًا ﴿اِنَّ الَّذِیْنَ یَکْتُمُوْنَ مَااَنْزَلْنَا مِنَ

Marfat.com

الْبَيِّنَاتِ وَالْهُدٰى﴾ اِلٰى قَوْلِهِ ﴿الرَّحِيْم﴾

(بخاری شریف' عربی' کتاب الحرث والمزارعۃ' حدیث نمبر 2350' ص 376' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ کہتے ہیں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بہت حدیثیں بیان کرتے ہیں حالانکہ اس نے اللہ تعالیٰ کے پاس حاضر ہونا ہے (اس سے مراد یہ ہے کہ اگر میں جھوٹ بولتا ہوں اللہ تعالیٰ میرا محاسبہ فرمائے گا اور جو میرے ساتھ سوءِ ظن رکھتے ہیں ان کا بھی محاسبہ فرمائے گا) لوگ کہتے ہیں مہاجرین وانصار کو کیا ہو گیا۔ وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ جیسی احادیث بیان نہیں کرتے (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا) میرے مہاجرین بھائی وہ ہیں جن کو بازاروں میں تجارت مشغول رکھتی تھی اور میرے انصار بھائیوں کو کاشتکاری وغیرہ سے فراغت نہیں ملتی تھی۔ میں ایک مسکین آدمی تھا۔ اپنا پیٹ بھر جاتا تو ہر وقت نبی کریم ﷺ کے ساتھ رہتا جس وقت وہ غائب رہتے میں آپ کی خدمت میں حاضر رہتا اور جس وقت وہ بھول جاتے میں یاد رکھتا۔ نبی کریم ﷺ نے ایک دن فرمایا تم میں سے کوئی بھی جو اپنا کپڑا بچھائے رکھے یہاں تک کہ میں اپنا کلام پورا کرلوں پھر وہ اس کپڑے کو اپنے سینے سے ملالے تو وہ اس کلام سے کبھی بھولنے نہ پائے گا (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں نے اپنی چادر بچھادی اور اس کے سوا میرے پاس اور کوئی کپڑا نہ تھا حتی کہ نبی کریم ﷺ نے اپنا کلام مبارک پورا کرلیا تو میں نے اس کو لپیٹ کر اپنے

Marfat.com

سینے سے لگالیا۔ مجھے اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا۔ میں آج تک آپ کی کوئی بات نہیں بھولا ہوں۔ اللہ کی قسم! اگر کتاب اللہ میں یہ دو آیتیں نہ ہوتیں تو میں کبھی تم کو حدیث بیان نہ کرتا (اور وہ دو آیتیں یہ ہیں) (بخاری شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب المساقات' حدیث نمبر 2189' ص 924' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ترجمہ: ''بے شک وہ ہماری اتاری ہوئی روشن باتوں اور ہدایت کو چھپاتے ہیں اور اس لئے کہ لوگوں کے لئے ہم اسے کتاب میں واضح فرما چکے ان پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے اور لعنت کرنے والوں کی لعنت، مگر وہ جو توبہ کریں اور سنواریں اور ظاہر کریں تو میں ان کی توبہ قبول فرماؤں گا اور میں ہی ہوں بڑا توبہ قبول فرمانے والا مہربان۔ (سورہ بقرہ آیت: ۱۵۹، ۱۶۰)

ف: بعض لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ خلفائے راشدین سے بھی اتنی احادیث روایت نہیں ہیں جتنی کثرت سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کی ہیں۔

اس اعتراض کا جواب اس حدیث شریف میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے خود دیا ہے کہ دست پاک مصطفیٰ ﷺ کی برکت ہے کہ جس چادر پر حضور ﷺ نے اپنے دست پاک کے اشارے سے حکمت و معرفت کے خزانے عطا فرمائے' وہ چادر میں نے اپنے سینے سے لگالی پھر کوئی حدیث نہ بھولا۔

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ زمانہ رسالت مآب ﷺ میں بھی صحابہ کرام

Marfat.com

علیہم الرضوان احادیث رسول بیان کرتے تھے۔

اجتہاد و تقلید

حدیث شریف:135

حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِیْ عَوْنٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَمْرٍ وابْنِ اَخِی الْمُغِیْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنْ اَنَاسٍ مِنْ اَهْلِ حِمْصَ مِنْ اَصْحَابِ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اَرَادَ اَنْ یَبْعَثَ مُعَاذًا اِلَی الْیَمَنِ قَالَ کَیْفَ تَقْضِیْ اِذَا عَرَضَ لَكَ قَضَآءٌ قَالَ اَقْضِیْ بِکِتَابِ اللّٰهِ قَالَ فَاِنْ لَمْ تَجِدْ فِیْ کِتَابِ اللّٰهِ قَالَ فَبِسُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَاِنْ لَمْ تَجِدْ فِیْ سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا فِی کِتَابِ اللّٰهِ قَالَ اَجْتَهِدُ بِرَأْیِیْ وَلَا اٰلُوْ فَضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَدْرَهٗ فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ وَفَّقَ رَسُوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِمَا یَرْضٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ۔

(سنن ابوداؤد عربی، کتاب القضاء، باب اجتہاد الرأی فی القضاء، حدیث نمبر 3592، ص 516)

Marfat.com

مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت مغیرہ بن شعبہ کے بھتیجے حارث بن عمرو نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے حمص والے کئی اصحاب سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جب حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یمن کی طرف بھیجنے کا ارادہ فرمایا تو ارشاد ہوا۔ جب تمہارے سامنے مقدمہ پیش ہوگا تو کیسے فیصلہ کروگے؟ عرض گزار ہوئے کہ اللہ کی کتاب سے فیصلہ کروں گا۔ فرمایا کہ اگر تم اللہ کی کتاب میں نہ پاؤ؟ عرض گزار ہوئے کہ رسول اللہ ﷺ کی سنت کے ساتھ۔ فرمایا کہ اگر تم رسول اللہ ﷺ کی سنت میں نہ پاؤ اور اللہ کی کتاب میں تب؟ عرض کی کہ میں اپنی رائے سے اجتہاد کروں گا اور حقیقت تک پہنچنے میں کوتاہی نہ کروں گا۔ پس رسول اللہ ﷺ نے ان کے سینے کو تھپکا اور فرمایا۔ خدا تعالیٰ کا شکر ہے کہ جس نے رسول اللہ ﷺ کے بھیجے ہوئے شخص کو اس چیز کی توفیق بخشی جو اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کو خوش کرے۔

(سنن ابوداؤد عربی اردو جلد سوم باب اجتہاد الرای فی القضاء حدیث نمبر 196 ص 78
مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث سے اولا اولہ ثلاثہ کی ترتیب معلوم ہوئی کہ سب سے مقدم کلام الٰہی جل جلالہٗ ہے۔ پھر سنت رسول ﷺ اور اس کے بعد اجماع و قیاس کی باری ہے۔ ثانیا یہ بھی معلوم ہوا کہ تمام مسائل کی تصریح ہمیں قرآن مجید میں نہیں مل سکے گی۔ ثالثا یہ بھی معلوم ہوا کہ سنت رسول اگرچہ کلام الٰہی کی شرح ہے

Marfat.com

لیکن تمام مسائل تصریحا یہاں بھی نہیں مل سکیں گے بلکہ بعض عنوانات پر احادیث آپس میں ٹکراتی ہوئی بھی ملیں گی۔ ایسے مواقع پر اجماع صحابہ کی روشنی میں دیکھا جائے گا جو باتیں کتاب وسنت میں تصریحا نہ ملیں ان میں آئمہ مجتہدین کی تقلید کی جائے گی کیونکہ آیات واحادیث اور اجماع صحابہ کی روشنی میں جو فیصلے مجتہدین عظام نے فرمائے وہ آج تک کوئی دوسرا کر نہیں سکا اور نہ یہ ممکن ہے کہ میدان اجتہاد میں کوئی ان بزرگوں کی ہمسری کر سکے۔ اس امت میں ان حضرات کا وجود نبی کریم ﷺ کا علمی معجزہ ہے۔ آئمہ مجتہدین صرف چار ہیں جن کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

(۱) امام اعظم ابوحنیفہ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ (المتوفی ۱۵۰ھ/ ۷۶۷ء)

(۲) امام مالک بن انس رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ (المتوفی ۱۷۹ھ/ ۷۹۵ء)

(۳) امام محمد بن ادریس شافعی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ (المتوفی ۲۰۴ھ/ ۸۱۹ء)

(۴) امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ (المتوفی ۲۴۱ھ/ ۸۵۵ء)

اہل حق کے یہی آئمہ مجتہدین ہیں جن کے اجتہادی مذاہب مدون ومنضبط ہیں۔ لہذا اجتہادی مسائل میں ان چاروں میں سے کسی ایک کی تقلید کرنا ضروری ہے۔ جو ان چاروں میں سے کسی کی تقلید نہ کرے بلکہ محقق بن کر اجتہادی مسائل کو قرآن وحدیث سے خود حل کرے، وہ گمراہ، بدمذہب، بے دین اور اجماع

Marfat.com

اُمّت کا مخالف ہے کیونکہ اہل حق کا راستہ وہی تقلید آئمہ مجتہدین والا ہے جیسا کہ پروردگار عالم جل جلالہٗ نے فرمایا ہے۔

القران: **وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ ۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا** (۴:۱۱۵)

ترجمہ: اور جو رسول کا خلاف کرے بعد اس کے کہ حق راستہ اس پر کھل چکا اور مسلمانوں کی راہ سے جدا راستے پر چلے تو ہم اسے اس کے حال پر چھوڑ دیں گے اور اسے دوزخ میں داخل کریں گے جو بری جگہ ہے پلٹنے کی۔

رسول ﷺ کی مخالفت سے ان مسائل میں خلاف مراد ہے جو قرآن و حدیث میں تصریحاً موجود ہیں اور مسلمانوں کے راستے کو چھوڑنے سے مراد اجتہادی مسائل میں آئمہ مجتہدین کی تقلید سے انحراف کرنا ہے۔ جائے غور ہے کہ ان بزرگوں کے بعد بھی اُمّت محمدیہ میں ہزاروں ایسی ہستیاں ہوئی ہیں جن میں سے ہر ایک علم و عرفاں کا بحر بیکراں تھا۔ اس کے باوجود وہ حضرات بھی آئمہ مجتہدین کی تقلید سے بے نیاز نہ رہ سکے تو آج کل کے محقق بننے والے اور آئمہ مجتہدین کے منہ آنے والے مدعیان خام کس گنتی شمار میں ہیں؟ بعض گمراہ گر اس پرفتن دور میں اجتہاد و تحقیق کے بڑے اونچے دعوے جماتے ہیں لیکن ہم برادران اسلام کو ان دعاوی کا طول و عرض دکھاتے ہیں۔ غیر مقلد حضرات کے شیخ میاں نذیر حسین

Marfat.com

صاحب دہلوی (المتوفی ۱۳۲۰ھ/۱۹۰۲ء) نے معیار الحق نامی اپنی کتاب میں جمع بین الصلوا تین کے مسئلے پر دل کھول کر اپنی شان اجتہاد و تحقیق اور حدیث دانی دکھائی تو چودھویں صدی کے مجدد برحق نے اپنے رسالہ حاجز البحرین میں ان کی علمیت کے فلک بوس محل کو منہدم کر دیا۔

حدیث شریف:136

حَدَّثَنَا عَبَیْدُاللّٰہِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَیْسَرَۃَ قَالَ نَاعَبْدُالْعَزِیْزِ یَعْنِی ابْنَ مُحَمَّدٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ یَزِیْدُ بْنُ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ الْھَادِ مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاھِیْمَ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ اَبِیْ قَیْسٍ مَوْلٰی عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ عَنْ عَمْرِو ابْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا حَکَمَ الْحَاکِمُ فَاجْتَھَدَ فَاَصَابَ فَلَہٗ اَجْرَانِ وَاِذَا حَکَمَ فَاجْتَھَدَ فَاَخْطَأَ فَلَہٗ اَجْرٌ۔

(ابوداؤد عربی کتاب القضاء باب فی القاضی یخطی حدیث نمبر 3574 ص 512 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....عبیداللہ بن عمر بن میسرہ عبدالعزیز بن محمد یزید بن عبداللہ بن ہاد محمد بن ابراہیم بسر بن سعید ابوقیس مولیٰ عمرو بن العاص نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کسی

Marfat.com

حاکم نے فیصلہ کیا اور بساط بھر سوچ سمجھ کر فیصلہ کیا۔ اگر فیصلہ درست ہوا تو اس کے لئے دوگنا اجر ہے اور جب خوب اجتہاد کر کے فیصلہ کیا لیکن غلط واقع ہوا تو اس کیلئے ایک گنا اجر ہے۔

(سنن ابوداؤد' عربی اردو' جلد سوم' کتاب القضاء' حدیث نمبر 178' ص 72' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: اجتہادی مسائل میں آئمہ مجتہدین نے جو آیات محکمہ' سنت قائمہ اور فریضہ عادلہ کی روشنی میں مسائل حل فرمائے نہیں بہر صورت بعض مسائل میں دوہرا اور بعض میں اکہرا ثواب ملا۔ اور آج تک جتنے حضرات ان کے فیصلوں پر یقین کر کے عمل کرتے آرہے ہیں' ان سب کے لئے مجموعی ثواب کے برابر بھی ان بزرگوں کو ثواب ملتا آرہا ہے۔ دریں حالات ان حضرات کے اجر و ثواب کا بھلا کون اندازہ کر سکتا ہے؟ اس کے برعکس جن گمراہ گروں اور نام نہاد محققین نے مجتہدین حضرات کے خلاف فیصلے کئے' اس پر انہیں سزا ملے گی اور آج تک جتنے ان کی نام نہاد تحقیق پر عمل کرتے آرہے ہیں' ان کے مجموعی گناہوں کے برابر بھی ان محققین کے نامہ اعمال میں گناہ درج ہو رہے ہوں گے۔ دریں حالات' ابن سباء' ابن حزم ظاہری المذہب' ابن تیمیہ حرانی' ابن قیم الجوزی' محمد بن عبدالوہاب نجدی' مولوی محمد اسمٰعیل دہلوی اور انگریزوں کے خود کاشتہ پودے مرزا غلام احمد قادیانی جیسے حضرات کے اعمال ناموں کے مندرجات کا اندازہ بھی بھلا کس سے ہو سکتا ہے؟ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو سچی ہدایت اور دین متین پر استقامت عطا فرمائے۔ آمین

Marfat.com

حدیث شریف:137

حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا وَكِيْعٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِیْ عَوْنٍ عَنِ الْحَارِثِ ابْنِ عَمْرٍ وَ عَنْ رِجَالٍ مِنْ اَصْحَابِ مُعَاذٍ عَنْ مُعَاذٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مُعَاذًا اِلَى الْيَمَنِ فَقَالَ كَيْفَ تَقْضِی فَقَالَ اَقْضِی بِمَا فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ قَالَ فَاِنْ لَمْ يَكُنْ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ قَالَ فَبِسُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنْ لَمْ يَكُنْ فِیْ سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اجْتَهِدُ رَائِیْ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ وَفَّقَ رَسُوْلَ اللّٰهِ

(ترمذی عربی ابواب احکام حدیث نمبر 1327 ص 321 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے انہیں یمن کی طرف (حاکم بنا کر) بھیجا اور فرمایا کیسے فیصلہ کرو گے؟ عرض کیا جو کچھ اللہ تعالیٰ کی کتاب میں ہے اس کے مطابق فیصلہ کروں گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اگر وہ اللہ کی کتاب میں نہ ہو (یعنی تم نہ پاؤ) عرض کیا رسول اللہ ﷺ کی سنت کے مطابق فیصلہ کروں گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اگر سنت میں بھی نہ ہو تو عرض کیا اپنی رائے سے (کتاب وسنت کے مطابق) اجتہاد کروں گا۔ اس پر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کے لئے ستائش ہے جس نے اپنے رسول ﷺ کے قاصد کو یہ توفیق

Marfat.com

دی۔

(ترمذی عربی اردو جلد اول ابواب احکام حدیث نمبر 1338 ص 669 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

تہتر فرقے اور مسلک حق

حدیث شریف:138

حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ عَنْ خَالِدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فُتَرَقَتِ الْيَهُوْدُ اِحْدٰى اَوْثِنْتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً وَ تَفَرَّقَتِ النَّصَارٰى عَلٰى اِحْدٰى اَوْثِنْتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً وَتَفْتَرِقُ اُمَّتِیْ عَلٰى ثَلَاثٍ وَ سَبْعِيْنَ فِرْقَةً۔

(سنن ابوداؤد عربی کتاب السنۃ حدیث نمبر 4596 ص 650 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....وہب بن بقیہ خالد محمد بن عمرو ابوسلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہودی ۷۱ یا ۷۲ فرقوں میں بٹے تھے اور انصاری بھی اکہتر یا بہتر فرقوں میں تقسیم ہو گئے تھے لیکن

Marfat.com

میری اُمت تہتر فرقوں میں بٹ جائے گی۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد سوم کتاب السنت حدیث نمبر 1172 ص 427 مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: یہ سنن ابوداؤد کی کتاب السنۃ ہے اور اس کا پہلا باب امام ابوداؤد رحمتہ اللہ علیہ (المتوفی ۲۷۵ھ/ ۸۸۸ء) نے سنت کی تشریح میں باندھا ہے اور اس باب میں سب سے پہلی حدیث انہوں نے اُمت محمدیہ کے تہتر فرقے ہوجانے کے متعلق پیش کی ہے۔ معلوم ہوا کہ سنت سے مراد طریقہ رسول ہے یعنی اُمت محمدیہ کی صرف ایک ہی جماعت طریقہ رسول پر رہے گی جو سوادِ اعظم ہے اور اس کے علاوہ باقی ۷۲ فرقے رسول اللہ ﷺ کے طریقے سے ہٹے ہوئے، بدعتی، گمراہ، بدمذہب اور جہنمی ہوں گے۔ جیسا کہ متعدد احادیث مطہرہ میں وارد ہوا ہے۔ چنانچہ غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ (المتوفی ۵۶۱ھ/۱۱۶۴ء) نے اس سلسلے میں یوں تصریح فرمائی ہے۔

ترجمہ:..... پس ۷۳ فرقوں کی اصل دس فرقے ہیں یعنی اہلسنت، خوارج، شیعہ، معتزلہ، مرجیہ، مشبہ، جہمیہ، ضراریہ، نجاریہ اور کلابیہ۔ چنانچہ اہلسنت و جماعت کا ایک ہی فرقہ ہے جبکہ خوارج کے پندرہ فرقے ہیں۔ معتزلہ کے چھ فرقے مرجیہ کے ۱۲ فرقے، شیعہ کے ۳۲ فرقے، جہمیہ، بخاریہ، ضراریہ اور کلابیہ میں سے ہر ایک فرقے کا ایک ہی فرقہ ہے اور مشبہ کے تین فرقے ہیں تو یہ سب مل کر ۷۳ فرقے ہوگئے جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے اس کی خبر دی اور ان میں سے نجات پانے والا فرقہ

Marfat.com

اہلسنت وجماعت ہے۔

(غنیۃ الطالبین، جلد اول، مطبوعہ کراچی ص ۳۰۹)

معلوم ہوا کہ علیحدہ فرقہ بنانا اور حضور ﷺ کی بنائی ہوئی جماعت سے جدا ہوکر اپنا علیحدہ فرقہ بنانا گویا اپنے آپ کو جہنم میں لے جانا ہے۔ یہ زندہ حقیقت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی تیار کردہ جماعت وہی ہے جو مختلف فرقہ باطلہ کے ظہور میں آنے پر اہلسنت وجماعت کے نام سے موسوم ہوئی تا کہ وہ گمراہ فرقوں سے ممتاز رہے۔ اس جماعت سے نکلنا قرآن وحدیث کی رو سے مخالفت رسول ہے جیسا کہ پروردگار عالم نے اس بارے میں تصریحا فرمایا ہے۔

القران: وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ م بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ وَسَآءَ تْ مَصِيْرًا (۱۱۵:۴)

ترجمہ: اور جو رسول کا خلاف کرے اس کے بعد کہ ہدایت اس کے لئے ظاہر ہو چکی اور مسلمانوں کے راستے کے سوا کسی اور راستے پر چلے تو ہم اسے ادھر ہی پھرنے دیں گے جدھر وہ پھرا ہے اور جہنم میں ڈالیں گے جو پلٹنے کی بری جگہ ہے۔

حدیث شریف: 139

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَ مُحَمَّدِ ابْنِ يَحْيٰى قَالَا

Marfat.com

نَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ نَاصَفْوَانُ وَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنِىْ صَفْوَانُ نَحْوَهُ حَدَّثَنِىْ اَزْهَرُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الْحَرَازِىُّ عَنْ اَبِىْ عَامِرٍ الْهَوْذَنِىِّ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِىْ سُفْيَانَ اَنَّهُ قَامَ فَقَالَ اَلَا اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِيْنَا فَقَالَ اَلَا اِنَّ مَنْ قَبْلَكُمْ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ افْتَرَقُوْا عَلٰى ثِنْتَيْنِ وَ سَبْعِيْنَ مِلَّةً وَاِنَّ هٰذِهِ الْمِلَّةَ سَتَفْتَرِقُ عَلٰى ثَلَاثٍ وَ سَبْعِيْنَ ثِنْتَانِ وَ سَبْعُوْنَ فِى النَّارِ وَ وَاحِدَةٌ فِى الْجَنَّةِ وَهِىَ الْجَمَاعَةُ زَادَ بْنُ يَحْيٰى وَ عَمْرٌ وَفِىْ حَدِيْثِهِمَا فَاِنَّهُ سَيَخْرُجُ فِىْ اُمَّتِىْ اَقْوَامٌ تَجَارٰى بِهِمْ تِلْكَ الْاَهْوَآءُ كَمَا يَتَجَارَى الْكَلْبُ لِصَاحِبِهٖ وَ قَالَ عَمْرٌو الْكَلْبُ بِصَاحِبِهٖ لَايَبْقٰى مِنْهُ عِرْقٌ وَلَا مِفْصَلٌ اِلَّا دَخَلَهٗ۔

(سنن ابوداؤد عربی، کتاب السنت، حدیث نمبر 4597، ص 650، مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....احمد بن حنبل اور محمد بن یحییٰ، ابوالمغیرہ، صفوان، عمرو بن عثمان، بقیہ، صفوان، ازہر بن عبداللہ حرازی، ابوعامر ہوذنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کھڑے ہوکر فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے درمیان کھڑے ہوئے اور فرمایا: خبردار ہوجاؤ کہ تم سے پہلے اہل

Marfat.com

کتاب ۷۲ فرقوں میں بٹ گئے تھے اور عنقریب یہ اُمّت ۷۳ فرقوں میں بٹ جائے گی۔ ۷۲ فرقے تو جہنم میں جائیں گے اور ایک ہی فرقہ جنت میں جائے گا۔ وہی سب سے بڑی جماعت ہے۔ ابن یحیی اور عمرو بن عثمان نے اپنی اپنی حدیثوں میں یہ بھی کہا: عنقریب میری اُمّت میں ایسے لوگ نکلیں گے کہ گمراہی ان میں پوری سرایت کر جائے گی جیسے باؤلے کتے کے کاٹے ہوئے کے جسم میں زہر سرایت کر جاتا ہے۔ عمرو بن عثمان نے کہا جیسے سگ گزیدہ کے جسم میں زہر داخل ہو جاتا ہے کہ کوئی رگ اور کوئی جوڑ اس سے نہیں بچتا۔

(سنن ابوداؤد عربی اردو' کتاب السنّت' حدیث نمبر 1173' ص 428' مطبوعہ فرید بک اسٹال' لاہور پاکستان)

ف: سنت یہی ہے کہ ایک مسلمان کہلانے والا اسی جماعت میں رہے جو رسول اللہ ﷺ نے تیار کی تھی اور فرقۂ باطلہ کے منظر عام پر آنے کے وقت اس نے اپنے آپ کو اہلسنت و جماعت کے نام سے موسوم و مشتہر کیا۔ اس جماعت سے نکلنا اور اپنا علیحدہ فرقہ قائم کرنا یا اس طرح قائم ہونے والے کسی بھی گمراہ فرقے میں شامل ہونا بہت بڑی بدعت ہے۔ اہلسنت و جماعت کے سوا جتنے بھی فرقے بنے وہ سب بدعتی' گمراہ اور بدمذہب ہیں۔ مسلمانوں کے پاس جتنا دینی' علمی اور قلمی سرمایہ ہے' وہ سارے کا سارا اہلسنت و جماعت کے بزرگوں کا ہے۔ دوسری جماعتوں کے پاس خاک دھول کے سوا کچھ بھی نہیں ہے۔ قرآن و حدیث اور ان سے متعلقہ تمام علمی سرمائے کو یہی حضرات چودہ سو سال سے یہاں تک لے آئے

Marfat.com

ہیں۔ دیگر فرقوں میں سے اکثر مرکھپ گئے بعض نئے جو پیدا ہوئے وہ بھی یکے بعد دیگرے مٹتے چلے جائیں گے۔ قیامت تک جانے والا وہی گروہ ہے جو مسلمانوں کا سوادِ اعظم اور ناجی (جنتی) گروہ ہے۔ سرزمین پاک و ہند میں اہلسنت و جماعت کے سوا بعض جن فرقوں کی چہل پہل اور چلت پھرت نظر آ رہی ہے اور بعض بظاہر بڑے خوشنما رنگوں میں عوام الناس کو اپنے پیچھے لگانے میں کوشاں نظر آ رہے ہیں تو اس ملک پر انگریزوں کی حکومت قائم ہونے سے پہلے ان تمام فرقوں کا روئے زمین پر کہیں نام ونشان بھی نہیں تھا۔ یہ برٹش گورنمنٹ نے اپنی اسلام دشمنی کے تحت ملت اسلامیہ کو تحفے میں دیئے ہیں جو معلوم نہیں کب تک لوگوں کے دین وایمان پر دن دہاڑے ڈاکے ڈالتے رہیں گے۔ اہلسنت و جماعت کی حقانیت کے بارے میں خاتم المحققین، شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۵۲ھ/۱۰۴۲ء نے لکھا ہے)

ترجمہ:.....اگر کہیں کہ یہ کیسے معلوم ہوا کہ ناجی گروہ اہلسنت و جماعت کا ہے۔ یہی راہ راست اور خدا کی طرف جانے کا راستہ ہے اور دوسرے تمام راستے جہنم کے راستے ہیں حالانکہ ہر فرقہ دعویٰ کرتا ہے کہ وہ راہِ راست پر ہے اور اس کا مذہب برحق ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ تو کوئی بات نہیں ہوئی کیونکہ خالی دعویٰ کافی نہیں ہوتا۔ دلیل چاہیئے جبکہ اہلسنت و جماعت کے برحق ہونے کی دلیل یہ ہے کہ ان کا دین اسلام نقل ہوتا آیا ہے جبکہ یہاں صرف عقل کافی نہیں ہوتی اور

Marfat.com

متواتر خبروں سے معلوم ہوا نیز احادیث وآثار کی چھان بین سے یقین آیا کہ سلف صالحین میں سے صحابہ وتابعین اور ان کے بعد والے تمام بزرگ اسی عقیدے اور طریقے پر تھے۔ مذہب اور ارشادات اکابر میں بدعت اور من مانی کارروائی کی ملاوٹ صدیٔ اول کے بعد واقع ہوئی۔ صحابہ اور پہلے بزرگوں میں سے کوئی بھی ان کے طریقوں پر نہ تھا اور وہ ان راستوں سے بری تھے۔ جاری ہونے کے بعد ان فرقوں نے ان بزرگوں سے صحبت ومحبت کا رشتہ توڑ لیا اور رد کیا۔ صحاح ستہ والے محدثین اور دوسری مشہور و قابل اعتماد کتابوں والے کو جن پر اسلامی احکام کا دارومدار ہے اور مذاہب اربعہ کے آئمہ مجتہدین اسی جماعت سے ہیں اور جتنے فقہاء ان کے طبقے میں ہیں۔ سب اسی مذہب پر تھے اور اشاعرہ ماتریدیہ کہ اصول وکلام کے امام ہیں۔ انہوں نے بھی سلف کے مذہب کی تائید کی اور عقلی دلائل سے اسے ثابت کیا اور رسول اللہ ﷺ کی سنت اور سلف کے اجماع سے ثابت ہے اسے موکد کیا۔ اسی لئے تو اس جماعت کا نام اہلسنت و جماعت ہوا۔ اگرچہ یہ نام بعد میں رکھا گیا لیکن ان کا مذہب اور عقیدہ وہی قدیم ہے اور ان حضرات کا طریقہ یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کی احادیث اور اسلاف کے ارشادات کی پیروی کرتے ہوئے اور نصوص کو ان کے ظاہری معانی پر محمول کرتے ہیں۔ (اشعۃ اللمعات' جلد اول' ص ۱۴۰۔۱۴۱)

اپنے دور میں سرمایہ ملت کے عدیم المثال نگہبان ثابت ہونے والے

Marfat.com

بزرگ یعنی امام ربانی، غوث صمدانی حضرت مجدد الف ثانی سرہندی رحمتہ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۳۴ھ/۱۶۲۴ء) نے مسلمانوں کے ۷۳ میں سے ایک ناجی گروہ کی نشاندہی کرتے ہوئے فرمایا ہے۔

طریق النجاة متابعة اهل السنة والجماعة كثرهم الله سبحانه فی الاقوال والافعال وفی الاصول والفروع فانه الفرقة الناجية وما سواهم من الفرق فهم فی معرض الزوال وشرف الهلاك علمه اليوم احدا اولم يعلم اما فی الغد فيعلمه كل احدوه ينفع

(مکتوبات، دفتر اول، مکتوب ۴۹)

ترجمہ:.....نجات کا راستہ اہل سنت و جماعت کی پیروی میں ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے اقوال و افعال اور اصول و فروع میں برکت مرحمت فرمائے کیونکہ نجات پانے والی جماعت یہی ہے اور اس کے سوا باقی سب فرقے خرابی اور ہلاکت میں پڑے ہوئے ہیں۔ آج خواہ کسی کو اس بات کا علم نہ ہو لیکن کل ہر ایک جان لے گا جبکہ وہ جاننا فائدہ نہ دے گا۔

اسی حدیث شریف کے علاوہ آج ہر گمراہ کے اندر گمراہی اس درجہ رچی بسی ہوئی ہے کہ دیوانہ وار ہر ایک اہلسنت و جماعت کو صفحہ ہستی سے مٹانے، اس کے

Marfat.com

بھولے بھالے عوام کو اپنے پیچھے لگانے اور حق کو مٹا کر باطل کا سکہ بٹھانے میں شب و روز کوشاں ہے۔ گریبانوں میں جھانک کر دیکھنے کی ذرا زحمت نہیں اٹھاتے کہ جس راستے پر وہ گامزن ہیں، کہیں وہ جہنم میں تو نہیں پہنچاتا۔ اللہ تعالیٰ ہر مدعی اسلام کو عقل سلیم اور سچی ہدایت دے۔ آمین

حدیث شریف:140

حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَشِيْرِ بْنِ ذَكْوَانَ الدِّمَشْقِيُّ ثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ ثَنَا عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ الْعَلَاءِ يَعْنِى ابْنَ زَبْرٍ حَدَّثَنِىْ يَحْيَى بْنُ اَبِى الْمُطَاعِ قَالَ سَمِعْتُ الْعِرْبَاضَ بْنَ سَارِيَةَ يَقُوْلُ قَامَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَوَعَظَنَا مَوْعِظَةً بَلِيْغَةً وَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوْبُ وَذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُوْنُ فَقِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَعَظْتَ مَوْعِظَةَ مُوَدِّعٍ فَاعْهَدْ اِلَيْنَا بِعَهْدٍ فَقَالَ عَلَيْكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَاِنْ عَبْدًا حَبَشِيًا وَسَتَرَوْنَ مِنْ بَعْدِى اخْتِلَافًا شَدِيْدًا فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِى وَسِنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ عَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ وَاِيَّاكُمْ وَالْاُمُوْرِ الْمُحْدَثَاتِ فَاِنَّ كُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ

(سنن ابن ماجہ عربی، باب اتباع سنت الخلفاء الراشدین، حدیث نمبر 42، ص 6، مطبوعہ

Marfat.com

دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....عبداللہ بن احمد بن بشیر بن ذکوان الدمشقی' ولید بن مسلم عبداللہ بن العلاء بن زبر' یحیی بن ابی المطاع' عرباض بن ساریہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ ایک دن خطبہ دینے کھڑے ہوئے اور ہمیں بہت عمدہ نصیحت فرمائی۔ جس سے لوگوں کے دل لرز اٹھے اور آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔ لوگوں نے کہا یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے تو ہمیں ایسی نصیحت فرمائی ہے جیسے کوئی کسی کو رخصت کر رہا ہو۔ آپ ﷺ ہم سے کوئی عہد و پیمان لے لیجئے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ تم اللہ تعالیٰ کا خوف' امیر کا حکم سننے اور اطاعت کرنے کو اپنے اوپر لازم سمجھ لو' چاہے تمہارا امیر ایک حبشی غلام کیوں نہ ہو۔ تم میرے بعد بہت اختلاف دیکھو گے۔ تم میری سنت اور خلفائے راشدین المہدیین کی سنت کو لازم پکڑ لینا اور ان کے طریقہ کو مضبوطی کے ساتھ دانتوں سے پکڑ لینا اور بدعات سے گریز کرنا کیونکہ ہر بدعت گمراہی ہے۔

(سنن ابن ماجہ' عربی اردو' جلد اول' باب اتباع سنت الخلفاء الراشدین' حدیث نمبر 44' ص 43' مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 141

حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ يَحْيَى ابْنِ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ ثَنَا اَبِىْ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ

Marfat.com

عَنْ اَبِیْ الزَّعْرَاءَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اقْتَدُوْا بِالَّذِیْنِ مِنْ بَعْدِیْ مِنْ اَصْحَابِیْ اَبِیْ بَکْرٍ وَّعُمَرَ وَاهْتَدُوْا بِهَدْیِ عَمَّارٍ وَتَمَسَّکُوْا بِعَهْدِ ابْنُ مَسْعُوْدٍ

(ترمذی' عربی' ابواب المناقب' حدیث نمبر 3805' ص 863' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ میرے بعد میرے صحابہ کرام علیہم الرضوان حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کی پیروی کرنا' حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کا طریقہ اختیار کرنا اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے عہد کو لازم پکڑنا۔

(ترمذی' عربی اردو' جلد اول' ابواب المناقب' حدیث نمبر 1739' ص 743' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: بعض لوگ اس اُمّت میں ایسے بھی ہیں جو یہ کہتے پھرتے ہیں کہ اطاعت صرف رسول اللہ ﷺ کی ہونی چاہئے۔ اس حدیث شریف میں ایسے لوگوں کے نظریات کو باطل قرار دیا گیا ہے بلکہ خود میرے مولیٰ ﷺ نے اپنے بعد خلفائے راشدین اور دیگر اولوالعزم صحابہ کرام علیہم الرضوان کی اطاعت کا حکم دیا ہے۔ ان کی پیروی اور عہد کو لازم پکڑنے کا حکم دیا ہے۔

Marfat.com

منافقین کی علامات

حدیث شریف:142

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحِ بْنِ الْمُهَاجِرِ اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ اَتٰى رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجِعْرَانَةِ مُنْصَرَفَهٗ مِنْ حُنَيْنٍ وَّ فِىْ ثَوْبِ بِلَالٍ فِضَّةٌ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْبِضُ مِنْهَا يُعْطِى النَّاسَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اعْدِلْ قَالَ وَيْلَكَ وَمَنْ يَّعْدِلُ اِذَا لَمْ اَكُنْ اَعْدِلُ لَقَدْ خِبْتُ وَ خَسِرْتُ اِنْ لَّمْ اَكُنْ اَعْدِلُ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ دَعْنِىْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَقْتُلَ هٰذَا الْمُنَافِقَ فَقَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ يَتَحَدَّثَ النَّاسُ اَنِّىْ اَقْتُلُ اَصْحَابِىْ اِنَّ هٰذَا وَاَصْحَابَهٗ يَقْرَئُوْنَ الْقُرْاٰنَ لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنْهُ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ۔

(مسلم شریف عربی کتاب الزکوٰۃ حدیث نمبر 2449 ص 429 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ''حنین''

Marfat.com

سے واپسی پر ''جعرانہ'' کے مقام پر نبی اکرم ﷺ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے کپڑے میں سے چاندی نکال کر لوگوں میں تقسیم کر رہے تھے۔ اسی دوران ایک شخص وہاں آیا اور بولا! اے محمد ﷺ! عدل کیجئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا' تمہارا ستیاناس ہو اگر میں عدل نہیں کروں گا تو پھر کون عدل کرے گا۔ اگر میں عدل سے کام نہ لیتا تو ناکام اور خسارے کا شکار ہو جاتا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ آپ ﷺ مجھے اجازت دیجئے تا کہ میں اس منافق کو قتل کر دوں تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: معاذ اللہ! لوگ یہ کہیں گے کہ میں اپنے ساتھیوں کو قتل کروا دیتا ہوں۔ یہ (اور اس کے بعد آنے والے اس کے ہم عقیدہ) ساتھی قرآن پڑھیں گے لیکن وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔ اور یہ (دین سے) اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر (کمان) نشانے سے نکل جاتا ہے)

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب الزکوٰۃ' حدیث نمبر 2345' ص 805' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 143

حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِیْ نُعْمٍ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ بَعَثَ عَلِيٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ بِالْيَمَنِ بِذَهَبَةٍ فِیْ تُرْبَتِهَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَسَمَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَرْبَعَةِ نَفَرٍ اَلْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ الْحَنَظَلِيُّ وَعُيَيْنَةُ بْنُ بَدْرٍ الْفَزَارِيُّ وَعَلْقَمَةُ بْنُ عُلَاثَةَ الْعَامِرِيُّ ثُمَّ اَحَدُ بَنِيْ كِلَابٍ وَّ زَيْدُ الْخَيْرِ الطَّائِيُّ ثُمَّ اَحَدُ بَنِيْ نَبْهَانَ قَالَ فَغَضِبَتْ قُرَيْشٌ فَقَالُوْا اَيُعْطِيْ صَنَادِيْدَ نَجْدٍ وَيَدَعُنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ اِنَّمَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ لِاَتَالَّفَهُمْ فَجَآءَ رَجُلٌ كَثُّ اللِّحْيَةِ مُشْرِفُ الْوَجْنَتَيْنِ غَائِرُ الْعَيْنَيْنِ نَاتِئُ الْجَبِيْنِ مَحْلُوْقُ الرَّاْسِ فَقَالَ اتَّقِ اللّٰهَ يَا مُحَمَّدُ قَالَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ اِنْ عَصَيْتُهٗ اَيَاْمَنُنِيْ عَلٰى اَهْلِ الْاَرْضِ وَلَا تَاْمَنُوْنِيْ قَالَ ثُمَّ اَدْبَرَ الرَّجُلُ فَاسْتَاْذَنَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ فِيْ قَتْلِهٖ يَرَوْنَ اَنَّهٗ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ ضِئْضِئِ هٰذَا قَوْمًا يَّقْرَئُوْنَ الْقُرْاٰنَ لَايُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ يَقْتُلُوْنَ اَهْلَ الْاِسْلَامِ وَيَدَعُوْنَ اَهْلَ الْاَوْثَانِ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الْاِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ لَئِنْ اَدْرَكْتُهُمْ لَاَقْتُلَنَّهُمْ قَتْلَ عَادٍ۔

(مسلم شریف' عربی' کتاب الزکوٰۃ' حدیث نمبر 2451' ص 429' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

Marfat.com

ترجمہ:.....حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن (کے گورنر کے فرائض سرانجام دے رہے تھے) تو انہوں نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں کچھ سونا بھیجا' نبی اکرم ﷺ نے اسے چار لوگوں میں تقسیم کر دیا۔ اقرع بن حابس حنظلی' عیینہ بن بدر فزاری' علقمہ بن علاثہ عامری' جس کا تعلق بنو کلاب سے تھا۔ اور زید الخیر طائی جس کا تعلق بنو نبہان سے تھا۔ قریش اس بات سے ناراض ہو گئے اور کہنے لگے۔ نبی اکرم ﷺ نے نجد کے سرداروں کو عطا کر دیا ہے اور ہمیں چھوڑ دیا ہے تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں نے ان کی تالیف قلب کے لئے ایسا کیا ہے۔ پھر ایک شخص آیا جو گھنی داڑھی کا مالک تھا۔ اس کے گال ابھرے ہوئے تھے' آنکھیں دھنسی ہوئی تھی' پیشانی اونچی تھی اور اس نے سر منڈوایا ہوا تھا۔ وہ بولا: اے محمد ﷺ اللہ سے ڈریئے گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کروں گا تو اس کی اطاعت کون کرے گا۔ کیا ایسا ہے کہ اس نے مجھے اہل زمین کے لئے امین بنا کر بھیجا ہے اور تم مجھے امین تسلیم نہیں کرتے پھر وہ شخص چلا گیا۔ حاضرین میں سے ایک صاحب نے اسے قتل کرنے کی اجازت مانگی۔ لوگوں نے دیکھا کہ وہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اس شخص کی نسل سے ایک ایسی قوم پیدا ہو گی جو قرآن پڑھیں گے لیکن وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں جائے گا۔ یہ اہل اسلام کے ساتھ جنگ کریں گے اور بت پرستوں کو چھوڑ دیں گے۔ وہ لوگ اسلام سے اسی طرح نکل جائیں

Marfat.com

گے جیسے کوئی تیر نشانے سے نکل جاتا ہے۔ اگر میں ان لوگوں کو پالیتا تو انہیں ضرور قتل کر دیتا جیسے قوم عاد کو قتل کیا گیا۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد اول کتاب الزکوۃ' حدیث نمبر 2347' ص 806 مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: مذکورہ احادیث میں منافقین کی جن نشانیوں کا ذکر ہے وہ یہ ہیں:

۱۔ رسول اکرم نور مجسم ﷺ کی تعظیم و ادب ان میں نہیں ہوگا۔

۲۔ منافقین اور ان کے ساتھی قرآن مجید بہت اچھا پڑھیں گے مگر ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔

۳۔ نماز ایسی پڑھیں گے کہ مومن ان کی نمازوں کو دیکھ کر اپنی نمازوں کو حقیر جانیں گے۔

۴۔ جس منافق نے حضور ﷺ کی بے ادبی کی اس کی داڑھی گھنی تھی' اس کے گال ابھرے ہوئے تھے' آنکھیں دھنسی ہوئی تھیں' پیشانی اونچی تھی' سر منڈا ہوا تھا' حضور ﷺ نے فرمایا۔ یہ ایمان سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے۔

۵۔ اس منافق کی نسل سے ایک قوم پیدا ہوگی جن میں یہ نشانیاں ہوں گی۔

معلوم ہوا کہ کلمہ طیبہ پڑھنے' اچھا قرآن مجید اور لمبی نمازیں پڑھنے' گھنی داڑھی رکھنے اور تبلیغیں کرنے کے باوجود بندہ مومن نہیں بن سکتا کیونکہ ایمان کی

Marfat.com

بنیاد اور اساس اعمال نہیں بلکہ حضور ﷺ کی تعظیم اور ادب ہے۔ اعمال اچھے ہوں تعظیم و ادب نہ ہو تو سب کچھ بیکار ہے۔

نماز اچھی، زکوٰۃ اچھی، حج اچھا مگر میں باوجود اس کے مسلماں ہو نہیں سکتا
نہ جب تک کٹ مروں خواجہ بطحا کی عزت پر خدا شاہد ہے کامل میرا ایمان ہو نہیں سکتا

حدیث شریف:144

حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ بَعْدِىْ مِنْ اُمَّتِىْ اَوْ سَيَكُوْنُ بَعْدِىْ مِنْ اُمَّتِىْ قَوْمٌ يَّقْرَئُوْنَ الْقُرْاٰنَ لَايُجَاوِزُ حَلَاقِيْمَهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَخْرُجُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ ثُمَّ لَا يَعُوْدُوْنَ فِيْهِ هُمْ شَرُّ الْخَلْقِ وَالْخَلِيْقَةِ فَقَالَ ابْنُ الصَّامِتِ فَلَقِيْتُ رَافِعَ بْنَ عَمْرٍو الْغِفَارِىَّ اَخَا الْحَكَمِ الْغَفَارِىِّ قُلْتُ مَا حَدِيْثٌ سَمِعْتُهٗ مِنْ اَبِىْ ذَرٍّ كَذَا وَ كَذَا فَذَكَرْتُ لَهٗ هٰذَا الْحَدِيْثَ فَقَالَ وَاَنَا سَمِعْتُهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب الزکوٰۃ، حدیث نمبر 2469، ص 434، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

Marfat.com

ترجمہ:.....حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔ میرے بعد میری اُمّت میں ایسا فرقہ پیدا ہوگا جو قرآن پڑھے گا لیکن وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں جائے گا۔ وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر نشانے سے نکل جاتا ہے اور پھر واپس دین میں نہیں آئیں گے۔ وہ مخلوق کی بدترین قسم ہوں گے۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب الزکوٰۃ' حدیث نمبر 2365' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

(راوی) عبداللہ کہتے ہیں۔ پھر میری ملاقات حضرت حکم غفاری رضی اللہ عنہ کے بھائی حضرت رافع غفاری رضی اللہ عنہ سے ہوئی۔ میں نے انہیں بتایا کہ میں نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کی زبانی نبی اکرم ﷺ کی یہ حدیث سنی ہے تو انہوں نے فرمایا: میں نے بھی نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

حدیث شریف:145

حَدَّثَنَا اَبُوبَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنِ الشَّيْبَانِىِّ عَنْ يُسَيْرِ بْنِ عَمْرٍوَ قَالَ سَاَلْتُ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ هَلْ سَمِعْتَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

Marfat.com

يَذْكُرُ الْخَوَارِجَ فَقَالَ سَمِعْتُهٗ وَاَشَارَ بِيَدِهٖ نَحْوَ الْمَشْرِقِ قَوْمٌ يَّقْرَئُوْنَ الْقُرْاٰنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ لَايَعْدُوْ تَرَاقِيَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ۔

(مسلم شریف' عربی' کتاب الزکوٰۃ' حدیث نمبر 2470' ص 434' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....یسیر بن عمرو بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ آپ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کی زبانی کوئی ایسی حدیث سنی ہے جس میں آپ ﷺ نے خوارج کا تذکرہ کیا ہو۔ تو انہوں نے فرمایا: میں نے ایسی حدیث سنی ہے۔ آپ ﷺ نے مشرق کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ وہاں ایک قوم ظاہر ہوگی جو زبان کے ذریعے قرآن پڑھیں گے لیکن وہ ان کے حلق سے آگے نہیں جائے گا۔ وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر نشانے سے نکل جاتا ہے۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب الزکوٰۃ' حدیث نمبر 2366' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور' پاکستان)

حدیث شریف:146

حَدَّثَنَا اَبُوْكُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا اَبُوْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زَرٍّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

Marfat.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ فِىْ اٰخِرِالزَّمَانِ قَوْمٌ اَحْدَاثُ الْاِسْنَانِ سُفَهَآءُ الْاَحْلَامِ يَقْرَءُ وْنَ الْقُرْاٰنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَقُوْلُوْنَ مِنْ نَوْلِ خَيْرِالْبَرِيَّةِ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ وَفِى الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَاَبِىْ سَعِيْدٍ وَاَبِىْ ذَرٍّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرُوِىَ فِىْ غَيْرِ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصْفُ هٰؤُلَاءِ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُ وْنَ الْقُرْاٰنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ اِنَّمَا هُمُ الْخَوَارِجُ الْحَرُوْرِيَّةُ وَغَيْرَهُمْ مِنَ الْخَوَارِجِ۔

(ترمذی عربی ابواب الفتن حدیث نمبر 2188 ص 503 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا آخری زمانے میں ایک قوم پیدا ہوگی جن کی عمریں کم ہوں گی بے عقل ہوں گے۔ قرآن پاک پڑھیں گے لیکن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔ احادیث رسول پیش کریں گے دین سے ایسے نکلیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے۔ اس باب میں حضرت علی ابوسعید اور ابوذر رضی اللہ عنہم سے بھی روایات مذکور ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کے علاوہ بھی حضور ﷺ سے ان لوگوں (خارجیوں) کے اوصاف منقول ہیں۔ وہ یہ کہ وہ لوگ قرآن پڑھیں گے

Marfat.com

لیکن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے۔ ان لوگوں سے حروری اور دیگر خوارج مراد ہیں۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم، ابواب الفتن، حدیث نمبر 65، ص 43، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

نوٹ: خوارج کا ظہور ہر دور میں ہوا۔ وہ مختلف ناموں سے ظاہر ہوئے اور تا قیامت ہوتے رہیں گے جس طرح مشکوٰۃ شریف ص ۳۰۹ میں اسی مضمون کی حدیث ہے اور اس میں "لایزالون یخرجون" (وہ ہمیشہ ظاہر ہوتے رہیں گے) کے الفاظ ہیں۔ اس دور کے خوارج کے بارے میں علامہ سید محمد امین المعروف ابن عابدین شامی، ردالمحتار شرح درمختار میں فرماتے ہیں "جیسا کہ ہمارے زمانے میں عبدالوہاب (نجدی) کے متبعین جو نجد سے نکلے اور حرمین شریفین پر حملہ آور ہوئے کہ وہ حنبلی کہلاتے ہیں لیکن ان کے خیال میں صرف وہی مسلمان ہیں اور باقی تمام لوگ مشرک ہیں۔ چنانچہ انہوں نے اس بہانے اہل سنت کا قتل مباح قرار دیا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی شوکت کو توڑا اور ۱۲۳۳ھ میں مسلمانوں کے لشکر کو ان پر کامیابی عطا فرمائی۔ (ردالمحتار علی الدر مختار جلد ۳ ص ۳۰۹)

خوارج کی ایک علامت مشکوٰۃ شریف میں سر منڈانا بھی بیان کی گئی ہے۔ اس پر مشہور مورخ علامہ زینی دحلان مکی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ یہ علامت صراحتاً اس نجدی گروہ میں پائی جاتی ہے اور اس سے پہلے کے خارجیوں میں نہیں تھی (الفتوحات الاسلامیہ جلد ۲ ص ۲۶۸)

Marfat.com

حدیث شریف:147

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ اَبِىْ نَعْمٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ بَعَثَ عَلِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذُهَيْبَةٍ فِىْ تُرْبَتِهَا فَقَسَّمَهَا بَيْنَ اَرْبَعَةٍ بَيْنَ الْاَقْرَعِ بْنِ حَابِسِ نِ الْحَنْظَلِيِّ ثُمَّ الْمُجَاشِعِيِّ وَ بَيْنَ عُيَيْنَةَ بْنِ بَدْرِ نِ الْفَزَارِيِّ وَ بَيْنَ زَيْدِ الْخَيْلِ الطَّائِىْ ثُمَّ اَحَدِ بَنِىْ نَبْهَانَ وَبَيْنَ عَلْقَمَةَ بْنِ عُلَاثَةَ الْعَامِرِيِّ ثُمَّ اَحَدِ بَنِىْ كِلَابٍ قَالَ فَغَضِبَتْ قُرَيْشٌ وَالْاَنْصَارُ وَقَالَتْ يُعْطِىْ صَنَادِيْدَ اَهْلِ نَجْدٍ وَيَدَ عُنَا فَقَالَ اِنَّمَا اَتَالَّفُهُمْ قَالَ فَاَقْبَلَ رَجُلٌ غَائِرُا الْعَيْنَيْنِ مُشْرِفُ الْوَجْنَتَيْنِ بَاقِى الْجَبِيْنِ كَثا اللِّحْيَةِ مَحْلُوْقٌ قَالَ اتَّقِ اللّٰهَ يَامُحَمَّدُ فَقَالَ مَنْ يُطِعِ اللّٰهَ اِذَا عَصَيْتُهٗ اَيَاْمَنُنِىَ اللّٰهُ عَلٰى اَهْلِ الْاَرْضِ وَلَا تَاْمَنُوْنِىْ قَالَ فَسَاَلَ رَجُلٌ قَتْلَهٗ اَحْسَبُهٗ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ قَالَ فَمَنَعَهٗ قَالَ فَلَمَّا وَلّٰى قَالَ اِنَّ مِنْ ضِئْضِئِى هٰذَا اَوْفِى عَقِبِ هٰذَا قَوْمٌ يَقْرَؤُنَ الْقُرْاٰنَ لَايُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الْاِسْلَامِ مُرُوْقَ

Marfat.com

السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ يَقْتُلُوْنَ اَهْلَ الْاِسْلَامَ وَيَدَعُوْنَ اَهْلَ الْاَوْثَانِ لَئِنْ اَنَا وَاللّٰهِ اَدْرَكْتُهُمْ لَاَقْتُلَنَّهُمْ قَتْلَ عَادٍ۔

(سنن ابوداؤد عربی کتاب السنت حدیث نمبر 4764 ص 674 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....ابن ابی نعم سے روایت ہے کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں کچھ خام سونا مٹی میں لگا ہوا بھیجا تو آپ نے وہ چار آدمیوں میں تقسیم فرما دیا (یعنی اقرع بن حابس حنظلی مجاشعی' عیینہ بن بدر الفزاری' زید الخیل طائی اور علقمہ بن علاثہ عامری کے درمیان۔ قریش اور انصار اس پر ناراض ہوئے اور کہا کہ نجد کے رئیسوں کو مال عطا فرما دیا اور ہمیں نظر انداز کر دیا گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں ان کے دلوں میں اسلام کی الفت ڈالتا ہوں۔ پس ایک آدمی آگے بڑھا جس کی آنکھیں دھنسی ہوئی تھیں' گالے پھولے ہوئے تھے' پیشانی ابھری ہوئی تھی اور داڑھی گھنی تھی۔ اس نے کہا: اے محمد ﷺ اللہ تعالیٰ سے ڈر! آپ ﷺ نے فرمایا! اللہ تعالیٰ کی اطاعت کون کرے گا اگر میں ان کی نافرمانی کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے تو مجھے زمین والوں پر امانتدار شمار فرمایا ہے لیکن کیا تم مجھے امانتدار نہیں سمجھتے؟ پس ایک آدمی نے اسے قتل کرنے کا سوال کیا۔ میرے خیال میں وہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ تھے۔ آپ ﷺ نے منع فرمایا۔ جب وہ لوٹ گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا اس کی نسل یا پیٹھ سے ایسے لوگ ہوں گے جو قرآن مجید پڑھیں گے لیکن ان کے حلق سے نیچے

Marfat.com

نہیں اترے گا۔ وہ اسلام سے نکلے ہوئے ہوں گے جیسے کمان سے تیر نکل جاتا ہے۔ وہ اہل اسلام کو قتل کریں گے اور بت پرستوں کو چھوڑ دیا کریں گے۔ اگر میں انہیں پاؤں تو قوم عاد کی طرح مٹا کر رکھ دوں۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد سوم کتاب السنت حدیث نمبر 1337 ص 497 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: خوارج کا ذکر مختلف احادیث میں آیا ہے۔ یہ ہر دور میں مختلف رنگوں کے اندر موجود رہیں گے اور اپنے ظاہری اعمال وافعال اور عبادت گزاری کے لحاظ سے راسخ العقیدہ مسلمانوں سے ممتاز نظر آئیں گے۔ مسلمانوں کے دلی بدخواہ اور بت پرستوں کے خیر خواہ ثابت ہوں گے۔ ان کا آخری گروہ دجال کے ساتھ ہوگا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک یہ ساری مخلوق سے بدترین ہیں۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے انہیں نہروان کے مقام پر تہہ تیغ کر کے ان کی طاقت توڑ دی تھی۔ رحمت دو عالم ﷺ نے ان کی مضرت کے پیش نظر فرمایا کہ اگر میں انہیں پاتا تو قوم عاد کی طرح ہلاک کر کے رکھ دیتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

حدیث شریف: 148

حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ اٰدَمَ بْنِ ابْنَةَ اَزْهَرَ السَّمَّانَ ثُنِیْ جَدِیْ اَزْهَرَالسَّمَّانَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ

Marfat.com

بَارِكْ لَنَا فِىْ شَامِنَا اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِىْ يَمَنِنَا قَالُوا وَفِىْ نَجْدِنَا فَقَالَ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِىْ شَامِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِىْ يَمَنِنَا قَالُوْا وَفِىْ نَجْدِنَا قَالَ هُنَالِكَ الزَّلَازِلُ وَالْفِتَنُ وَبِهَا اَوْقَالَ مِنْهَا يَخْرُجُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ

(ترمذی' عربی' ابواب المناقب' حدیث نمبر 3953' ص 888' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے رسول اکرم ﷺ نے دعا مانگی۔ یا اللہ تعالیٰ! ہمارے لئے ہمارے شام میں برکت عطا فرما۔ اے اللہ تعالیٰ! ہمارے لئے ہمارے یمن کو بابرکت بنادے (کچھ) لوگوں (نجدیوں) نے کہا اور ہمارے نجد میں بھی حضور ﷺ نے پھر وہی دعا فرمائی۔ یا اللہ تعالیٰ! ہمارے شام میں برکت نازل فرما الٰہی جل جلالہٗ! ہمارے یمن کو بابرکت بنادے۔ ان لوگوں نے (پھر) کہا "اور ہمارے نجد میں بھی" حضور ﷺ نے فرمایا وہاں زلزلے اور فتنے ہوں گے اور وہاں سے شیطان کا سینگ نکلے گا۔

(ترمذی' عربی اردو' جلد دوم ابواب المناقب' حدیث نمبر 1888' ص 791' مطبوعہ فرید بک۔ لاہور پاکستان)

ف: مخبر صادق ﷺ کی پیش گوئی کے مطابق تیرہویں صدی کی ابتداء میں سرزمین نجد سے محمد ابن عبدالوہاب نجدی کا ظہور ہوا۔ یہ شخص خیالات باطلہ اور عقائد فاسدہ کا حامل تھا۔ اس لئے اس نے اہل سنت و جماعت سے قتل و قتال کیا اور کتاب التوحید کے نام سے ایک کتاب لکھ کر ملت اسلامیہ کے ہر اس شخص کو تکفیر کا نشانہ بنایا

Marfat.com

جو اس کا ہم خیال نہ تھا۔ بدقسمتی سے سرزمین ہندو پاک میں مولوی اسماعیل دہلوی نے اس کا حق نیابت ادا کرتے ہوئے ''تقویۃ الایمان'' اور ''صراط مستقیم'' نام کی دو کتابیں لکھ کر مسلمانوں پر شرک و بدعت کا فتویٰ تھوپا اور اس طرح سرزمین نجد سے اٹھنے والے فتنہ نے ملت اسلامیہ کا شیرازہ بکھیر دیا (نعوذ باللہ من شرورہم) (مترجم)

حدیث شریف:149

حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ حَاسُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ الْمُغِيْرَةِ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ نَضْرِ بْنِ عَاصِمٍ اللَّيْثِيِّ قَالَ اَتَيْنَا الْيَشْكُرِيَّ فِيْ رَهْطٍ مِنْ بَنِي لَيْثٍ فَقَالَ مِنَ الْقَوْمُ فَقُلْنَا بَنُوا اللَّيْثِ اَتَيْنَاكَ نَسْأَلُكَ عَنْ حَدِيْثِ حُذَيْفَةَ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ قَالَ فِتْنَةٌ وَشَرٌّ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ بَعْدَ هٰذَا الشَّرِّ خَيْرٌ قَالَ يَاحُذَيْفَةُ تَعَلَّمَ كِتَابَ اللّٰهِ وَاتَّبِعْ مَافِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ بَعْدَ هٰذَا الشَّرِّ خَيْرٌ قَالَ هُدْنَةٌ عَلٰى دَخَنٍ وَجَمَاعَةٌ عَلٰى اَقْذَآءٍ فِيْهَا اَوْفِيْهِمْ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ الْهُدْنَةُ عَلَى الدَّخَنِ مَاهِيَ قَالَ لَاتَرْجِعُ قُلُوْبُ اَقْوَامٍ عَلَى الَّذِيْ

Marfat.com

كَانَتْ عَلَيْهِ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ قَالَ فِتْنَةٌ عَمْيَآءُ صَمَّآءُ عَلَيْهَا دُعَاةٌ عَلٰى اَبْوَابِ النَّارِ فَاِنْ تَمُتْ يَاحُذَيْفَةُ وَاَنْتَ عَاضٌّ عَلٰى جَذَلٍ خَيْرٌ لَكَ مِنْ اَنْ تَتَّبِعَ اَحَدًا مِنْهُمْ۔

(ابوداؤد عربی' کتاب الفتن' حدیث نمبر 4236' ص 595' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....نصر بن عاصم لیثی کا بیان ہے کہ بنی لیث کی ایک جماعت کے ساتھ ہم لشکری کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ لوگوں نے کہا کہ کس قوم سے ہو؟ ہم نے کہا کہ بنولیث سے ہیں اور حدیث حذیفہ آپ سے پوچھتے آئے ہیں۔ پس حدیث بیان کرتے ہوئے کہا میں (حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ) عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ ﷺ! کیا اس غیر کے بعد شر ہے! فرمایا کہ اے حذیفہ رضی اللہ عنہ! اللہ تعالیٰ کی کتاب کا علم حاصل کرو اور جو اس میں ہے اس کے مطابق عمل کرو۔ میں عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ ﷺ! کیا اس شر کے بعد خیر ہے؟ فرمایا کہ **ھدنة علی دخن وجماعة علی اقذاء فیها اوفیهم** 'میں عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ ﷺ! الھدنۃ علی الدخن کیا ہے؟ فرمایا کہ لوگوں کے دل جس بات پر جمے ہوں گے اس سے نہیں پھریں گے۔ میں عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ ﷺ! کیا اس خیر کے بعد شر ہے؟ فرمایا کہ اندھا بہرہ فتنہ ہوگا۔ تبلیغ کرنے والے جہنم کے دروازے کی طرف بلا رہے ہوں گے۔ اے حذیفہ اگر تم جنگل کے کسی درخت کی جڑ کو چباتے ہوئے مر جاؤ تو یہ تمہارے لئے اس بات سے بہتر ہوگا

Marfat.com

کہ ان میں سے کسی کی پیروی کرو۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد سوم کتاب الفتن حدیث نمبر 844 ص 286 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے اندھے بہرہ فتنہ کی خبر دیتے ہوئے فرمایا کہ وہ تبلیغ کرنے والے جہنم کے دروازے کی طرف بلا رہے ہوں گے۔ معلوم ہوا کہ ہر تبلیغ کرنے والا صراط مستقیم پر نہ ہوگا بلکہ بعض تبلیغ کرنے والے جہنم کے دروازے کی طرف بلا رہے ہوں گے لہٰذا ہر تبلیغ کرنے والے گروہ پر بھروسہ نہیں کرنا چاہیے۔

حدیث شریف: 150

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ هِشَامِ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ سَمِعْتَ عَبْدَاللّٰه اُبنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰه لَايَقْبِضُ الْعِلْمَ انْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهُ مِنَ النَّاسِ وَلٰكِنْ يَقْبِضُ الْعِلْمَ بِقَبْضِ الْعُلَمَاءِ حَتّٰى اِذَا لَمْ يَتْرُكْ عَالِمًا اتَّخَذَ النَّاسُ رُئُوْسًا جُهَّالًا فَسُئِلُوْا فَاَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ فَضَلُّوْا وَاَضَلُّوْا۔

(مسلم شریف عربی کتاب العلم حدیث نمبر 6796 ص 1164 مطبوعہ دارالسلام ریاض

Marfat.com

سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ اللہ تعالیٰ علم کو اس طرح قبض نہیں کرے گا کہ اسے لوگوں سے چھین لیا بلکہ علماء کو قبض کر کے علم کو قبض کرے گا۔ یہاں تک جب وہ کسی ایک عالم کو بھی باقی نہیں رہنے دے گا تو لوگ جاہلوں کو پیشوا بنالیں گے ان سے مسائل دریافت کئے جائیں گے۔ وہ علم نہ ہونے کے باوجود فتویٰ دیں گے۔ خود بھی گمراہ ہوں گے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے۔ (مسلم شریف' عربی اردو' جلد سوم' کتاب العلم' حدیث نمبر 6670' ص 498' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: موجودہ دور میں یہی حال ہے میڈیا پر روزانہ ایسے چہرے نمودار ہوتے ہیں جو نہ عالم ہیں' نہ فتویٰ دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں مگر اس کے باوجود کوئی نہ کوئی ایسا مسئلہ ضرور بتاتے ہیں جو اسلامی عقائد کے خلاف ہوتا ہے اور لوگ ان کی باتوں کو سن کر اس پر عمل کرتے ہیں۔ ایسے ماڈرن مولوی خود بھی گمراہ ہیں اور دوسروں کو بھی گمراہیت کی طرف دھکیل رہے ہیں۔ ہمارے مولیٰ ﷺ نے چودہ سو سال قبل ایسے لوگوں سے بچنے کا حکم ارشاد فرمایا۔

Marfat.com

حیات انبیاء علیہم السلام

حدیث شریف:151

حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ نَاحُسَيْنُ ابْنُ عَلِيٍّ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ عَنْ اَبِى الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَفْضَلِ اَيَّامِكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فِيْهِ خُلِقَ اٰدَمُ وَفِيْهِ قُبِضَ وَفِيْهِ النَّفْخَتُ وَفِيْهِ الصَّعْقَةُ فَاَكْثِرُوْا عَلَىَّ مِنَ الصَّلٰوةِ فِيْهِ فَاِنَّ صَلٰوتَكُمْ مَعْرُوْضَةٌ عَلَىَّ قَالَ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ تُعْرَضُ صَلَاتُنَا عَلَيْكَ وَقَدْ اَرِمْتَ قَالَ يَقُوْلُوْنَ بَلِيْتَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ اَجْسَادَ الْاَنْبِيَآءِ۔

(ابوداؤد عربی کتاب الصلوٰۃ باب فضل یوم الجمعۃ حدیث نمبر 1047 ص 159 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....ابوالاشعث صنعانی نے حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تمہارے تمام دنوں میں جمعہ کا روز سب سے افضل ہے کہ اسی میں حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا گیا اور اسی میں ان کی روح قبض کی گئی اور اسی میں صور پھونکا جائے گا اور اسی میں سب بے ہوش ہوں گے۔ پس

Marfat.com

اس روز مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو کیونکہ تمہارا درود پڑھنا مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ ﷺ! اس وقت بھلا ہمارا درود پڑھنا کس طرح پیش ہوگا جبکہ آپ ﷺ گل چکے ہوں گے؟ یعنی مٹی ہوگئے ہوں گے۔ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے انبیائے کرام کے جسم کو زمین پر حرام فرمادیا ہے۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد اول' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 1034' ص 399' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: نبی کریم ﷺ اپنی قبر مبارک میں دنیاوی حیات کی طرح زندہ ہیں اور اسی طرح تمام انبیائے کرام علیہم السلام بھی ہمیشہ سے اہل حق کا یہی عقیدہ رہا ہے اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی ایمان افروز تصنیف جذب القلوب میں اسے تصریحاً بیان فرمایا اور اشعتہ اللمعات جلد اول میں بھی حیات انبیاء کی تصریح فرمائی ہے۔ ان حضرات کے اجسام مبارکہ دنیاوی زندگی کی طرح بالکل سالم رہتے ہیں۔ ان کے کسی حصے کو گلانا اور اپنے اندر جذب کرنا پروردگار عالم جل جلالہٗ نے زمین پر حرام فرمادیا ہے بلکہ ان کے طفیل ان حضرات کے خدام ذوالکرام کے اجسام مبارکہ بھی گلنے سڑنے سے محفوظ رہتے ہیں۔ ذالک فضل اللہ یؤتیہ

حدیث شریف:152

حَدَّثَنَا اَبُوسَعِيْدِ الْاَشَجُّ نَا اَبُوْخَالِدِ الْاَحْمَرُنَا رَزَيْنٌ قَالَ حَدَّثَتْنِىْ سَلْمٰى قَالَتْ دَخَلْتُ عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ

Marfat.com

وَهِیَ تَبْکِیْ فَقُلْتُ مَایُبْکِیْكِ قَالَتْ رَأَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَعْنِیْ فِی الْمَنَامِ وَعَلٰی رَاْسِهٖ وَلِحْیَتِهٖ التُّرَابُ فَقُلْتُ مَالَكَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ شَهِدْتُّ قَتْلَ الْحُسَیْنِ اٰنِفًا۔

(ترمذی عربی ابواب المناقب حدیث نمبر 3771 ص 856 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت سلمٰی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں میں حضرت ام سلمٰی رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئی وہ رو رہی تھیں۔ میں نے پوچھا آپ کیوں رو رہی ہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ نبی اکرم ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ آپ ﷺ کی داڑھی مبارک اور سر انور گرد آلود تھے۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! کیا بات ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا میں ابھی حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت میں شریک ہوا ہوں۔

(ترمذی عربی اردو جلد دوم ابواب المناقب حدیث نمبر 1706 ص 731 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ کا یہ فرمانا کہ میں ابھی حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت میں شریک ہوا ہوں۔ اس بات کی طرف دلالت کرتا ہے کہ بعد از وصال ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کے لئے حیات کی ضرورت ہوتی ہے لہذا میرے مولیٰ ﷺ وصال کے بعد بھی حیات ہیں۔

دوسری بات یہ ثابت ہوئی کہ حضور ﷺ وصال کے بعد بھی اپنے رب

Marfat.com

جل جلالہ کی عطا ہوئی طاقت سے جب چاہیں جہاں چاہیں تشریف لے جاسکتے ہیں۔

اہل حق یعنی اہل سنت و جماعت کا عقیدہ ہے کہ تمام انبیائے کرام آج بھی دنیاوی حیات کی طرح زندہ ہیں۔ ان کی دنیاوی اور موجودہ زندگی میں یہی فرق ہے کہ ذمہ داری کا دور ختم ہوگیا تو وہ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہوگئے اور دنیا والوں کی نگاہوں سے پوشیدہ ہیں۔ مسلمانوں کا ہمیشہ سے یہی اجماعی عقیدہ رہا ہے جس میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ ہاں جو حضرات خارجیت کی بیماری کے باعث مقام نبوت کی عظمت کو سرے سے تسلیم ہی نہیں کرتے تو انبیائے کرام علیہم السلام کے علم کی بات ہو یا اختیار کی ہر فضیلت کا انکار کر بیٹھے انہوں نے اپنا شعار بنا رکھا ہے۔ وہ اگر حیات انبیاء علیہم السلام کا انکار کریں تو اس سے انبیائے کرام علیہم السلام کی حیات اور مسلمانوں کے اجماعی عقیدے پر کیا اثر پڑتا ہے؟ اللہ تعالیٰ ہر مدعی اسلام کو قبول حق کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

حدیث شریف:153

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ نَا الْمُقْرِئُ نَاحَيْوَةُ عَنْ اَبِیْ صَخْرٍ حُمَيْدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ يَزِيْدَ ابْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ قُسَيْطٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

Marfat.com

وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ اَحَدٍ يُسَلِّمُ عَلَيَّ اِلَّارَدَّ اللّٰهُ عَلَيَّ رُوْحِيْ حَتّٰى اَرُدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ۔

(ابوداؤد عربی' کتاب الحج' حدیث نمبر 2041' ص 295' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....عبداللہ بن قسیط نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کوئی ایسا نہیں جو مجھے سلام کرے مگر اللہ تعالیٰ میری روح کو واپس لوٹا دیتا ہے تا کہ میں اس کے سلام کا جواب دوں۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد دوم' کتاب الحج'' حدیث نمبر 273' ص 108' مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: اگر یہ سمجھا جائے کہ نبی کریم ﷺ کی روح مبارک آپ ﷺ کے جسم اطہر سے جدا ہے اور جب کوئی سلام عرض کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کی روح کو جسم انور میں واپس لوٹا دیتا ہے کہ آپ ﷺ سلام کا جواب دے سکیں۔ اگر صورت حال یہی ہوتی تو غور کرنا چاہئے کہ ستر ہزار فرشتے تو ہر ساعت اور ہر لمحہ اس بارگاہ بیکس پناہ میں حاضر ہو کر صلوٰۃ وسلام کا نذرانہ پیش کرتے رہتے ہیں اور کروڑوں انسان دنیا کے ہر گوشے سے ہمہ وقت صلوٰۃ وسلام کے پھول نچھاور کرتے رہتے ہیں۔ اگر سلام کا جواب دینے روحِ اطہر جسمِ انور میں آتی اور فارغ ہو کر جاتی رہے تو روزانہ کم از کم کتنی دفعہ آنا اور جانا ہوگا۔ کیا روح پاک کی یہ ہمہ وقتی دوڑ نہ ہوگی جو دیکھنے والوں کی عزت افزائی کی جگہ ایک گونہ عذاب ہی نظر آئے گا۔ لہذا یہ مفہوم

Marfat.com

نہیں ہوسکتا بلکہ بات وہی ہے جو شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمائی کہ آپ ﷺ ہمہ وقت پروردگار عالم کی جانب متوجہ رہتے ہیں۔ بوقت سلام اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کی توجہ کو مخلوق کی جانب پھیر دیتا ہے تا کہ آپ ﷺ سلام کا جواب دے سکیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

حدیث شریف:154

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَرَأْتُ عَلٰی عَبْدِاللّٰهِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ اَخْبَرَنِیَ ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنْ سَعِیْدِنِ الْمَقْبُرِیِّ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَاتَجْعَلُوْا بُیُوْتَکُمْ قُبُوْرًا وَلَاتَجْعَلُوْا قَبْرِیْ عِیْدًا وَ صَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّ صَلٰوتَکُمْ تَبْلُغُنِیْ حَیْثُ کُنْتُمْ۔

(ابوداؤد عربی' کتاب الحج' حدیث نمبر 2042' ص 296' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....احمد بن صالح' عبداللہ بن نافع' ابن ابی ذئب' سعید مقبری نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ اپنے گھروں کو قبریں نہ بناؤ اور میری قبر کو عید کی طرح نہ بنالینا اور مجھ پر درود بھیجتے رہنا کیونکہ تمہارا درود مجھ تک پہنچا دیا جاتا ہے خواہ تم کسی جگہ ہو۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد دوم' کتاب الحج' حدیث نمبر 274' ص 109' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

Marfat.com

ف: "ولاتجعلو قبری عیدا" سے مراد یہ ہے کہ میری قبر پر عید کی طرح سال میں صرف ایک دو ہی مرتبہ آنے کی کوشش نہ کرنا بلکہ اکثر و بیشتر آتے رہنا کیونکہ مخلوق میں مجھ سے بڑھ کر تمہارا خیر خواہ کون ہے۔ میرے پاس آتے رہو گے تو تمہارے شکستہ اور غمگین دلوں کو مسرت و شادمانی کی دولت ملتی رہے گی۔ نیز میری قبر کو عید کی طرح اظہار مسرت کی جگہ نہ بنالینا کیونکہ میں جس جگہ جلوہ افروز ہوتا ہوں وہ تماشا گاہ نہیں بلکہ عرش آستاں اور قبلہ دین و ایمان بن جاتی ہے۔ پوری کائنات کی نگاہیں ادھر اٹھنے لگتی ہیں بلکہ خود رب کائنات بھی ادھر متوجہ ہو جاتا ہے۔ لہذا میری قبر کو عید کی طرح نہ بنالینا۔ واللہ اعلم

حدیث شریف:155

حَدَّثَنَا اَبُوبَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِیْ بُكَيْرٍ ثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ ابْنِ عُقَيْلٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدِ الْاَنْصَارِیِّ عَنْ اَبِیْ لُبَابَةَ بْنِ عَبْدِالْمُنْذِرِ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ سَيِّدُ الْاَيَّامِ وَاَعْظَمُهَا عِنْدَاللّٰهِ وَهُوَ اَعْظَمُ عِنْدَاللّٰهِ مِنْ يَوْمِ الْاَضْحٰى وَيَوْمِ الْفِطْرِ فِيْهِ خَمْسُ خِلَالٍ خَلَقَ اللّٰهُ فِيْهِ اٰدَمَ وَاَهْبَطَ اللّٰهُ فِيْهِ اٰدَمَ

Marfat.com

اِلَی الْاَرْضِ وَفِیْہِ تُوَفِّی اللّٰہ اٰدَمَ وَفِیْہِ سَاعَۃٌ لَایَسْاَلُ اللّٰہُ فِیْھَا الْعَبْدُ شَیْئًا اِلَّا اَعْطَاہُ مَالَمْ یَسْاَلُ حَرَامًا وَفِیْہِ تَقُوْمُ السَّاعَۃُ مَامِنْ مَلَکٍ مُقَرَّبٍ بَیْنَ سَمَآءٍ وَالْاَرْضِ وَلَارِیَاحٍ وَلَاجِبَالٍ وَلَابَحْرٍا اِلَّا وَھُنَّ یَشْفِقْنَ مِنْ یَوْمِ الْجُمُعَۃِ۔

(سنن ابن ماجہ عربی کتاب الصلوٰۃ حدیث نمبر 1084 ص 152 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....ابوبکر بن ابی شیبہ یحییٰ بن ابی بکیر زہیر بن محمد عبداللہ بن محمد بن عقیل عبدالرحمٰن بن یزید انصاری ابولبابہ بن عبدالمنذر کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ جمعہ تمام ایام کا سردار اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمام ایام سے زیادہ شرف و مدح کا حامل ہے۔ اس کا درجہ اللہ کے نزدیک عید اور بقرعید سے بڑھ کر ہے۔ اس میں خاص پانچ باتیں یہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا۔ اسی دن اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو زمین پر اتارا اور اسی دن اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو وفات دی۔ اسی دن میں ایک ایسی گھڑی ہے کہ اس میں بندہ اللہ سے جو بھی مانگتا ہے اللہ تعالیٰ اسے عطا فرماتا ہے بشرطیکہ حرام کا سوال نہ ہو اور اسی روز قیامت قائم ہوگی۔ ہر مقرب فرشتہ زمین و آسمان ہوائیں پہاڑ اور دریا یہ سب چیزیں قیامت کے خوف سے جمعہ کے دن سراسیمہ ہوتی ہیں۔

(سنن ابنِ ماجہ، عربی اردو جلد اول باب فی فضل الجمعہ حدیث نمبر 1132 ص 313، مطبوعہ

Marfat.com

فرید بک لاہور، پاکستان)

حدیث شریف:156

حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ ثَنَا الْحُسَيْنُ ابْنُ عَلِيٍّ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ عَنْ اَبِی الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِیْ عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَفْضَلِ اَيَّامِكُمْ يَوْمُ الْجُمُعَةِ فِيْهِ خُلِقَ اٰدَمُ وَفِيْهِ النَّفْخَةُ وَفِيْهِ الصَّعْقَةُ فَاَكْثِرُوْا عَلَیَّ مِنَ الصَّلٰوةِ فِيْهِ فَاِنَّ صَلٰوتَكُمْ مَعْرُوْضَةٌ عَلَیَّ فَقَالَ رَجُلٌ يَارَسُوْلَ اللّٰه كَيْفَ تُعْرَضُ صَلٰوتُنَا عَلَيْكَ وَقَدْ اَرَمْتَ يَعْنِیْ بَلِيْتَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰه قَدْ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ اَنْ تَاْكُلَ اَجْسَادُ الْاَنْبِيَآءِ.

(سنن ابن ماجہ، عربی، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 1085، ص 153، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابوبکر بن ابی شیبہ، حسن بن علی، عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر، ابو الاشعث الصنعانی، شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ تمہارے دنوں میں سب سے افضل جمعہ کا دن ہے اسی میں آدم علیہ السلام کو پیکر تخلیق سے سرفراز کیا۔ اسی میں پہلا اور دوسرا صور ہوگا۔ اس دن مجھ پر

Marfat.com

درود زیادہ بھیجا کرو کیونکہ وہ اس دن میرے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ ایک شخص نے عرض کیا یارسول اللہ! ﷺ ہمارا درود آپ ﷺ پر کیسے پیش کیا جائے گا حالانکہ آپ ﷺ تو مٹی ہو چکے ہوں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء کے اجسام مقدس کا کھانا حرام فرما دیا ہے۔

(ابن ماجہ' عربی اردو' جلد اول' باب فی فضل الجمعۃ' حدیث نمبر 1133' ص 314' مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: مذکورہ احادیث سے جمعہ کا دن عیدین سے بھی بڑھ کر ثابت ہوا۔ جمعہ عیدین سے افضل اس لئے ہوا کہ اس دن حضرت آدم علیہ السلام کی ولادت ہوئی تو جس دن حضور ﷺ کی ولادت ہوئی وہ دن عید کیونکر نہ ہو؟ درود وسلام روزانہ پڑھنے کا حکم ہے مگر جمعہ کے دن زیادہ پڑھنے کا حکم ہے لہذا اہلسنت اپنے مولیٰ ﷺ پر جمعہ کے دن خاص طور پر باادب کھڑے ہو کر صلوٰۃ وسلام پیش کرتے ہیں۔

حدیث شریف: 157

وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ اَخْبَرَنَا عِيْسٰى يَعْنِىْ ابْنَ يُوْنُسَ وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ كِلَاهُمَا عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَنَسٍ وَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ سُفْيَانِ عَنْ

Marfat.com

سُلَیْمَانَ التَّیْمِیِّ سَمِعْتُ اَنَسًا یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَرَرْتُ عَلٰی مُوْسٰی وَھُوَ یُصَلِّیْ فِیْ قَبْرِہٖ وَزَادَ فِیْ حَدِیْثِ عِیْسٰی مَرَرْتُ لَیْلَۃَ اُسْرِیَ بِیْ۔

(مسلم شریف' عربی' کتاب الفضائل' حدیث نمبر 6158' ص 1044' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گزرا' وہ قبر میں کھڑے نماز پڑھ رہے تھے۔ ایک روایت میں یہ الفاظ زائد ہیں "اسی رات مجھے معراج کروائی گئی"

(مسلم' عربی اردو' جلد سوم' کتاب الفضائل' حدیث نمبر 6035' ص 286' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

عقیدہ: انبیاء علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں اسی طرح حیات یعنی حقیقی زندہ ہیں جیسے دنیا میں تھے کھاتے پیتے ہیں' جہاں چاہیں آتے جاتے ہیں۔ تصدیق وعدہ الٰہیہ کے لئے ایک آن کو ان پر موت طاری ہوئی پھر بدستور زندہ ہو گئے۔ ان کی حیات حیات شہداء سے بہت ارفع و اعلیٰ ہے۔ فلہٰذا شہید کا ترکہ تقسیم ہوگا۔ اس کی بی بی بعد عدت نکاح کر سکتی ہے۔ بخلاف انبیاء کے کہ وہاں یہ جائز نہیں یہاں تک جو عقائد بیان ہوئے ان میں تمام انبیاء علیہم السلام شریک ہیں' اب بعض وہ

Marfat.com

امور جو نبی ﷺ کے خصائص میں سے ہیں' بیان کئے جاتے ہیں۔ (بہار شریعت)

نماز میں تصوّرِ رسول ﷺ

حدیث شریف:158

حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْن يُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ اَبِىْ حَازِمِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدِ السَّاعِدِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَهَبَ اِلٰى بَنِىْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمْ فَحَانَتِ الصَّلٰوةُ فَجَآءَ الْمُؤَذِّنُ اِلٰى اَبِىْ بَكْرٍ فَقَالَ اَتُصَلِّى النَّاسَ فَاُقِيْمَ قَالَ نَعَمْ فَصَلّٰى اَبُوْبَكْرٍ فَجَآءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ فِىْ الصَّلٰوةِ فَتَخَلَّصَ حَتّٰى وَقَفَ فِى الصَّفِّ فَصَفَّقَ النَّاسُ وَكَانَ اَبُوْبَكْرٍ لَّايَلْتَفِتُ فِىْ صَلٰوتِهٖ فَلَمَّا اَكْثَرَ النَّاسُ التَّصْفِيْقَ الْتَفَتَ فَرَاٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَشَارَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنِ امْكُثْ مَكَانَكَ فَرَفَعَ اَبُوْبَكْرٍ يَّدَيْهِ فَحَمِدَ اللّٰهَ عَلٰى مَآ اَمَرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ ذٰلِكَ ثُمَّ اسْتَاْخَرَ اَبُوْبَكْرٍ حَتّٰى اسْتَوٰى فِى الصَّفِّ وَّتَقَدَّمَ رَسُوْلُ

Marfat.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ يَا اَبَابَكْرٍ مَّامَنَعَكَ اَنْ تَثْبُتَ اِذْ اَمَرْتُكَ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ مَّاكَانَ لِابْنِ اَبِىْ قُحَافَةَ اَنْ يُّصَلِّىَ بَيْنَ يَدَىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَالِىْ رَاَيْتُكُمْ اَكْثَرْتُمُ التَّصْفِيْقَ مَنْ رَّابَه' شَىْءٌ فِىْ صَلٰوتِهٖ فَلْيُسَبِّحْ فَاِنَّه' اِذَا سَبَّحَ الْتُفِتَ اِلَيْهِ وَاِنَّمَا التَّصْفِيْقُ لِلنِّسَآءِ

(بخاری' عربی' کتاب الاذان' حدیث نمبر 684' ص 111' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ بنی عمرو بن عوف (یہ مالک بن اوس کی اولاد میں سے تھے اور قباء میں رہتے تھے) کی طرف تشریف لے گئے تا کہ ان کے درمیان صلح کرائیں۔ نماز (عصر) کا وقت قریب ہوا تو موذن (حضرت بلال) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور عرض کیا' کیا آپ لوگوں کو نماز پڑھائیں گے۔ اگر میں اقامت کہوں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ ہاں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نماز پڑھانے لگے تو رسول اللہ ﷺ تشریف لے آئے حالانکہ لوگ نماز میں تھے اور آپ صفوں میں گزرتے ہوئے (چیرتے ہوئے) پہلی صف میں آ کر کھڑے ہو گئے اور لوگوں نے تالیاں بجائیں (تا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ متوجہ ہوں) لیکن حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نماز میں ادھر ادھر نہیں دیکھتے تھے اور جب لوگوں نے

Marfat.com

بہت زیادہ تالیاں بجانا شروع کر دیں تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ متوجہ ہوئے اور رسول اللہ ﷺ کو دیکھ لیا اور آپ ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو ارشاد فرمایا کہ اپنی جگہ ٹھہرے رہیں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے اور اس پر اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کی جو رسول اللہ ﷺ نے ان کو حکم دیا۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پیچھے ہٹے یہاں تک کہ کم صف میں آ کر سیدھے کھڑے ہو گئے اور رسول اللہ ﷺ (مصلّٰی پر) آگے آئے اور نماز پڑھائی۔ پھر جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا اے ابوبکر جب میں نے تم کو حکم دیا کہ اپنی جگہ پر ٹھہرے رہو تو تم کو ثابت قدم رہنے سے کس نے منع کیا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے (دست بستہ) عرض کیا۔ ابن ابو قحافہ میں اتنی ہمت نہیں کہ وہ رسول ﷺ کے آگے نماز پڑھائے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ میں نے تم کو دیکھا ہے کہ تم نے تالیاں بہت زیادہ بجائی ہیں (فرمایا) کہ نماز میں کوئی بات پیش آجائے تو وہ تسبیح کہے یعنی (سبحان اللہ) کیونکہ جب وہ سبحان اللہ کہے تو اس کی طرف توجہ ہوگی اور تالیاں بجانا صرف عورتوں کے لئے ہے۔

(بخاری' عربی اردو' جلد اول' کتاب الاذان' حدیث نمبر 648' ص 316' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور' پاکستان)

حدیث شریف:159

حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ

Marfat.com

الزُّهرِیِّ قَالَ اَخبَرَنِیْ اَنَسُ بنُ مَالِكِ الْاَنصَارِیُّ وَكَانَ تَبِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَخَدَمَه، وَصَحِبَه، اَنَّ اَبَابَكْرٍ كَانَ یُصَلِّیْ بِهِمْ فِیْ وَجْعِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الَّذِیْ تُوُفِّیَ فِیْهِ حَتّٰی اِذَا كَانَ یَوْمُ الْاِثْنَیْنِ وَهُمْ صُفُوْفٌ فِی الصَّلٰوةِ فَكَشَفَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سِتْرَ الْحُجْرَةِ یَنْظُرُ اِلَیْنَا وَهُوَ قَائِمٌ كَاَنَّ وَجْهَه، وَرَقَةُ مُصْحَفٍ ثُمَّ تَبَسَّمَ یَضْحَكُ فَهَمَمْنَا اَنْ نَّفْتَتِنَ مِنَ الْفَرَحِ بِرُؤْیَةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَنَكَصَ اَبُوْبَكْرٍ عَلٰی عَقِبَیْهِ لِیَصِلَ الصَّفَّ وَظَنَّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَارِجٌ اِلَی الصَّلٰوةِ فَاَشَارَ اِلَیْنَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَتِمُّوْا صَلٰوتَكُمْ وَاَرْخَی السِّتْرَ فَتُوُفِّیَ مِنْ یَوْمِه۔

(بخاری، عربی، کتاب الاذان، حدیث نمبر 680، ص 111، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ جو نبی اکرم ﷺ کے اطاعت گزار، خادم اور صحابی تھے، روایت کرتے ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کی مرض الموت میں لوگوں کو نماز پڑھاتے رہے، یہاں تک کہ جب سوموار کا دن تھا لوگ نماز کے لئے صف بستہ کھڑے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے حجرے کا پردہ اٹھایا اور کھڑے کھڑے ہماری طرف دیکھنے لگے گویا کہ آپ ﷺ کا

Marfat.com

چہرہ مبارک مصحف کا ایک ورق تھا۔ پھر آپ ﷺ خوشی سے مسکرائے' دیدار نبی اکرم ﷺ کے سبب خوشی سے ہم نے فتنہ میں پڑ جانے کا قصد کیا اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ایڑیوں کے بل پیچھے آئے تا کہ صف تک پہنچیں اور گمان کیا کہ نبی اکرم ﷺ نماز کے لئے تشریف لانے والے ہیں تو نبی اکرم ﷺ نے اشارہ فرمایا کہ اپنی نماز پوری کرو اور آپ نے پردہ نیچے گرا دیا اور اس دن آپ ﷺ نے وفات پائی۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب الاذان' حدیث نمبر 644' ص 314' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف:160

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ بَيْنَمَا الْمُسْلِمُوْنَ فِى صَلٰوةِ الْفَجْرِ لَمْ يَفْجَأْهُمْ اِلَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَشَفَ سِتْرَ حُجْرَةِ عَآئِشَةَ فَنَظَرَ اِلَيْهِمْ وَهُمْ صُفُوْفٌ فَتَبَسَّمَ يَضْحَكُ وَنَكَصَ اَبُوْبَكْرٍ عَلٰى عَقِبَيْهِ لِيَصِلَ لَهُ الصَّفَّ فَظَنَّ اَنَّه' يُرِيْدُ الْخُرُوْجَ وَهَمَّ الْمُسْلِمُوْنَ اَنْ يَّفْتَتِنُوْا فِىْ صَلٰوتِهِمْ فَاَشَارَ اِلَيْهِمْ اَتِمُّوْا صَلٰوتَكُمْ وَاَرْخَى السِّتْرَ وَتُوُفِّىَ مِنْ اٰخِرِ ذٰلِكَ الْيَوْمِ۔

Marfat.com

(بخاری' عربی' کتاب الاذان' حدیث نمبر 754' ص 122' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ ہم مسلمان نماز فجر میں تھے۔ اچانک رسول اللہ ﷺ سامنے تشریف لائے۔ اس حال میں کہ آپ ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے کا پردہ اٹھایا۔ صحابہ کو دیکھا کہ وہ صفوں میں تھے۔ آپ ﷺ خوشی سے مسکرانے لگے اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ایڑیوں کے بل واپس پلٹے تا کہ آپ ﷺ صف کی طرف پہنچ جائیں اور گمان کیا' نبی اکرم ﷺ باہر نکلنا چاہتے ہیں اور مسلمانوں نے قصد کیا کہ وہ اپنی نماز کے فساد میں (بوجہ رویت نبی ﷺ اور آپ کے تندرست ہونے کی خوشی میں) فتنہ میں پڑ جائیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ان کی طرف اشارہ فرمایا کہ اپنی نماز پوری کرو اور پردہ نیچے گرا دیا اور آپ ﷺ نے اس دن کے آخر میں وفات پائی۔

(بخاری شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب الاذان' حدیث نمبر 715' ص 340' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: مذکورہ احادیث سے مندرجہ ذیل باتیں سامنے آئیں۔

1: صحابہ کرام علیہم الرضوان نے حالت نماز میں بھی تعظیم رسول ﷺ کو فراموش نہیں کیا۔

2۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے دیدار مصطفیٰ ﷺ کی پیاس کو حالت نماز میں بجھایا جبکہ چہرہ مصطفیٰ ﷺ تکنے کے لئے حالت نماز میں ان کے چہرے کعبۃ

Marfat.com

3۔ حالت امامت میں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو حضور ﷺ کی آمد کی خوشبو محسوس ہوئی تو آپ رضی اللہ عنہ حالتِ نماز میں پیچھے آنے لگے جب حضور ﷺ نے اشارہ فرمایا تو رک گئے۔ حضور ﷺ کے دریافت کرنے پر عرض کی کہ ابوقحافہ کا بیٹا آپ ﷺ سے آگے کیسے امامت کرا سکتا ہے؟۔

پوری نماز صحابہ کرام علیہم الرضوان نے حضور ﷺ کے پاکیزہ تصور میں ادا کی' ان کی نماز پر خود رسول کریم ﷺ نے بھی کوئی اعتراض نہ فرمایا۔

شارح مشکوٰۃ حضرت مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمہ مذکورہ حدیث کی شرح کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ان نمازوں میں تمام صحابہ خصوصا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا چہرہ کعبہ کی طرف تھا اور دل حضور ﷺ کی طرف۔ زبان قرآن میں مصروف تھی اور کان حضور ﷺ کی طرف۔ اس سے ان کی نماز زیادہ کامل ہوئی' ورنہ نماز کے خشوع میں کسی کی آہٹ کیسے سنی جا سکتی ہے۔ دوسرے یہ کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ عین نماز میں خصوصا حضور ﷺ کا ادب کرتے تھے کہ ادبا پیچھے ہٹ کر مقتدی بننے لگے کہ یہ ادب شرک نہ تھا بلکہ کمال توحید (مراۃ المناجیح جلد دوم ص ۱۹۶)

حدیث شریف:161

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْمٍ

Marfat.com

اَلْاَنْطَاكِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْ اِسْحٰقَ الْفَزَارِيُّ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ يَزِيْدَ يَقُوْلُ عَلَى الْمِنْبَرِ حَدَّثَنَا الْبَرَآءُ اَنَّهُمْ كَانُوْا يُصَلُّوْنَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا رَكَعَ رَكَعُوْا وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ الرُّكُوْعِ فَقَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ لَمْ نَزَلْ قِيَامًا حَتّٰى نَرَاهُ قَدْ وَضَعَ وَجْهَهٗ فِي الْاَرْضِ ثُمَّ نَتْبَعُهٗ۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 1064، ص 197، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ وہ لوگ (صحابہ کرام) نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں نماز ادا کرتے تھے، جب نبی اکرم ﷺ رکوع میں چلے جاتے تو پھر یہ حضرات رکوع میں جاتے (حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) جب نبی اکرم ﷺ رکوع سر اٹھانے کے بعد سمع اللہ لمن حمدہ کہتے تو ہم اس وقت تک کھڑے رہتے جب تک ہم یہ نہ دیکھ لیتے کہ آپ ﷺ نے اپنی مبارک پیشانی زمین پر رکھ لی ہے۔ اس کے بعد ہم آپ ﷺ کی پیروی کرتے (ہوئے سجدے میں چلے جاتے)۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد اول، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 967، ص 387، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

Marfat.com

حدیث شریف:162

حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَّابْنُ نُمَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنَا اَبَانُ وَغَيْرُهٗ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ لَيْلٰى عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَايَحْنُوْ اَحَدٌمِّنَّا ظَهْرَهٗ حَتّٰى نَرَاهُ قَدْ سَجَدَ فَقَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْكُوْفِيُّوْنَ اَبَانُ وَغَيْرُهٗ قَالَ حَتّٰى نَرَاهُ يَسْجُدُ۔

ترجمہ:.....حضرت براہ بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ جب ہم نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں نماز پڑھتے تو ہم میں سے کوئی بھی شخص اس وقت تک (سجدے میں جانے کے لئے) اپنی کمر نہ جھکاتا' جب تک ہم یہ نہ دیکھ لیتے کہ نبی اکرم ﷺ سجدے میں جا چکے ہیں۔ (اور ایک روایت کے مطابق یہ الفاظ ہیں) جب تک ہم آپ ﷺ کو سجدہ کرتے ہوئے نہ دیکھ لیتے۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 968' ص 387' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف:163

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى ثَنَا ابْنُ اَبِىْ عَدِيٍّ عَنْ

Marfat.com

حُمَيْدٍ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ حَمْزَةَ ابْنِ الْمُغِيْرَةَ بْنِ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ تَخَلَّفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْتَهَيْنَا اِلَى الْقَوْمِ وَقَدْ صَلّٰى بِهِمْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ رَكْعَةً فَلَمَّا اَحَسَّ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَهَبَ يَتَاَخَّرُ فَاَوْمٰى اِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّتِمَّ الصَّلٰوةَ قَالَ وَقَدْ اَحْسَنْتَ كَذٰلِكَ فَافْعَلْ۔

(سنن ابن ماجہ عربی کتاب الصلوٰۃ حدیث نمبر 1236 ص 174 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... محمد بن المثنیٰ ابن ابی عدی حمید بکر بن عبداللہ، حمزۃ بن المغیرہ مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ نبی کریم ﷺ پیچھے رہ گئے۔ جب ہم قوم کے پاس پہنچے تو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ انہیں ایک رکعت پڑھا چکے تھے جب انہوں نے حضور ﷺ کی تشریف آوری کو محسوس کیا تو پیچھے ہٹنے لگے۔ حضور ﷺ نے انہیں نماز پوری کرنے کا اشارہ فرمایا اور فرمایا تم نے بہت اچھا کیا۔

(سنن ابن ماجہ عربی اردو جلد اول باب ماجاء فی صلوٰۃ رسول اللہ خلف رجل من امتہ حدیث نمبر 1289 ص 354 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

Marfat.com

حدیث شریف: 164

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُالْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ اَبِیْ مَعْمَرٍ قَالَ قُلْنَا لِخَبَّابٍ هَلْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِی الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ قَالَ نَعَمْ قُلْنَا بِمَ كُنْتُمْ تَعْرِفُوْنَ ذٰلِكَ؟ قَالَ بِاضْطِرَابِ لِحْيَتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

(ابوداؤد عربی' کتاب الصلوٰۃ' باب القراءۃ فی الظہر' حدیث نمبر 801' ص 124 مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....ابو معمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض گزار ہوئے کہ کیا ظہر اور عصر میں رسول اللہ ﷺ قرآن مجید پڑھا کرتے تھے؟ فرمایا ہاں ہم عرض گزار ہوئے کہ آپ حضرات کو اس کا کیسے پتہ لگتا تھا؟ فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کی ریش مبارک ہلنے سے۔

(ابوداؤد عربی اردو' جلد اول' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 792' ص 319' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 165

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ ثَنِیْ يَعْلَى بْنُ عَطَآءٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ صَلَّيْتُ

Marfat.com

خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ اِذَا انْصَرَفَ انْحَرَفَ۔

(ابوداؤد عربی کتاب الصلوٰۃ باب الامام ینحرف بعد التسلیم حدیث نمبر 614 ص 100 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... جابر بن یزید بن اسود سے حضرت یزید بن اسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھی۔ جب آپ ﷺ فارغ ہوئے تو قبلہ کی جانب پھر گئے۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد اول کتاب الصلوٰۃ حدیث نمبر 610 ص 266 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:166

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ ثَنَا اَبُوْ اَحْمَدُ الزُّبَيْرِيُّ نَا مِسْعَرٌ عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ عُبَيْدِ ابْنِ الْبَرَآءِ عَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ كُنَّا اِذَا صَلَّيْنَا خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْبَبْنَآ اَنْ نَكُوْنَ عَنْ يَمِيْنِهٖ فَيُقْبِلُ عَلَيْنَا بِوَجْهِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

(ابوداؤد عربی کتاب الصلوٰۃ باب الامام ینحرف بعد التسلیم حدیث نمبر 615 ص 100 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

Marfat.com

ترجمہ:.....عبید بن براء سے حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم جب رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھتے تو ہم آپ ﷺ کے دائیں جانب ہونا پسند کرتے تا کہ نبی کریم ﷺ کا پرنور چہرہ ہماری جانب ہو۔

(ابوداؤد' عربی اردو' جلد اول' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 611' ص 266' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:167

حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنْتُ اَرٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِيْنِهٖ وَعَنْ يَسَارِهٖ حَتّٰى اَرٰى بَيَاضَ خَدِّهٖ۔

(مسلم شریف' عربی' کتاب المساجد مواضع الصلوٰۃ' حدیث نمبر 1315' ص 236' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....عامر بن سعد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ میں نبی اکرم ﷺ کو دائیں اور بائیں جانب سلام پھیرتے ہوئے دیکھتا تھا۔ یہاں تک کہ میں آپ ﷺ کے مبارک رخساروں کی سفیدی بھی دیکھا کرتا تھا۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب المساجد و مواضع الصلوٰۃ' حدیث نمبر 1216' ص 458 مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

Marfat.com

ف: نماز میں حکم یہ ہے کہ قیام کے وقت سجدہ گاہ پر نظر ہو۔ رکوع میں پیروں پر اور قعدہ میں اپنی گود پر لیکن صحابہ کرام علیہم الرضوان جب رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نماز میں کھڑے ہوتے تو ان کی نگاہیں صرف اور صرف آپ ﷺ ہی کی طرف ہوتی تھیں کیونکہ نماز کے آداب اپنی جگہ پر لیکن حضور ﷺ کے رخ زیبا کو دیکھنا وہ عبادت ہے کہ کائنات میں کسی عبادت کا یہ مرتبہ اور مقام نہیں ہے۔ حضرت ابن مسعود اور حضرت سعد رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ سلام پھیرتے وقت ہم رسول اللہ ﷺ کے رخ زیبا کی سفیدی دیکھتے تھے۔ حضرت خباب رضی اللہ عنہ سے ابو معمر نے پوچھا۔ کیا حضور ﷺ ظہر اور عصر میں قرأت کرتے تھے۔ فرمایا ہاں! کہا کیسے پتہ چلا؟ کہا آپ ﷺ کی داڑھی مبارک ہلتے ہوئے دیکھنے سے۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا صحابہ کرام علیہم الرضوان حالت نماز میں رسول اللہ ﷺ کے چہرہ انور کو دیکھتے تھے۔ معلوم ہوا کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان کے نزدیک تعظیم رسول ﷺ حالت نماز میں بھی واجب تھی۔

امام الانبیا ﷺ کی نماز کا بیان

امام کی قرأت مقتدی کی قرأت ہے

حدیث شریف:168

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰه

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهٖ فَاِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا وَاِذَا قَرَأَ فَانْصِتُوْا وَاِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ فَقُوْلُوْا اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ۔

(سنن نسائی' عربی' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 922' ص 128' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... سیدنا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سرکار دو عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ امام اس لئے ہے تا کہ اس کی پیروی کی جائے۔ جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب وہ قرأت کرے تو تم خاموش رہو اور جب امام سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو تم ربنا لک الحمد کہو۔

(سنن نسائی' عربی اردو' جلد اول' حدیث نمبر 934' ص 290' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 169

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهٖ فَاِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا وَاِذَا قَرَأَ فَانْصِتُوْا۔

(سنن نسائی' عربی' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 923' ص 128' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... سیدنا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سرور کائنات ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ امام اس لئے ہے کہ اس کی پیروی کی جائے۔ جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب وہ قرأت کرے تو تم خاموش رہو۔

Marfat.com

(سنن نسائی' کتاب الصلوٰۃ' عربی اردو' جلد اول' حدیث نمبر 935' مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

حدیث شریف:170

عَنْ اَبِی الدَّرْدَآءِ یَقُوْلُ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَفِیْ کُلِّ صَلٰوۃٍ قِرَآءَۃٌ قَالَ نَعَمْ قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ وَجَبَتْ ھٰذِہٖ فَالْتَفَتُ اِلَیَّ وَکُنْتُ اَقْرَبَ الْقَوْمِ مِنْہُ فَقَالَ مَا اَرٰی الْاِمَامَ اِذَا اَمَّ الْقَوْمَ اِلَّا قَدْ کَفَاھُمْ۔

(سنن نسائی' عربی' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 924' ص 128' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....سیدنا حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سرورکائنات ﷺ سے پوچھا گیا کیا ہر نماز میں قرأت ہے؟۔ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں۔ ایک انصاری شخص نے عرض کی یہ بات واجب ہوگئی۔ آپ ﷺ نے میری طرف دیکھ کر ارشاد فرمایا۔ میں سب لوگوں سے زیادہ آپ ﷺ کے نزدیک تر تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا' مجھے معلوم ہے۔ جب امام لوگوں کو امامت کرائے تو اس کی قرأت ان کو کافی ہے۔

(سنن نسائی' عربی اردو' جلد اول' حدیث نمبر 936' ص 290' مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

Marfat.com

ف: مذکورہ احادیث سے ثابت ہوا کہ امام کی قرأت مقتدی کی قرأت ہے لہذا جب امام قرأت کرے چاہے وہ جہری نماز ہو یا سری نماز ہو دونوں نمازوں میں متقدی کو خاموش رہنے کا حکم ہے۔ سورہ فاتحہ بھی قرأت ہے لہذا مقتدی بھی سورۂ فاتحہ نہ پڑھے بلکہ خاموش رہے۔

امام کے پیچھے قرأت قرآن کا چھیننا ہے

حدیث شریف:171

حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِیُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ ابْنِ اُكَيْمَةَ اللَّيْثِيِّ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْصَرَفَ مِنْ صَلٰوةٍ جَهَرَ فِيْهَا بِالْقِرَآءَةِ فَقَالَ هَلْ قَرَآءَ مَعِیَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ اٰنِفاً فَقَالَ رَجُلٌ نَعَمْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنِّیْ اَقُوْلُ مَالِیْ اُنَازَعُ الْقُرْاٰنَ قَالَ فَانْتَهَى النَّاسُ عَنِ الْقِرَآءَةِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْمَا جَهَرَ فِيْهِ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْقِرَآءَةِ مِنَ الصَّلٰوةِ حِيْنَ سَمِعُوْا ذٰلِكَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

(ابوداؤد عربی، کتاب الصلوٰۃ، باب من رای القراءۃ اذا لم یجہر، حدیث نمبر 826، ص 127،

Marfat.com

مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ اس نماز سے فارغ ہوئے جس میں جہر سے قرات پڑھی جاتی ہے تو فرمایا کہ کیا تم میں سے کوئی ابھی میرے ساتھ قرأت کر رہا تھا۔ ایک شخص عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ ﷺ ہاں۔ فرمایا میں کہتا تھا کہ مجھے کیا ہوا جو مجھ سے قرآن مجید چھینا جا رہا ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ لوگ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ قرأت سے رک گئے جس نماز میں نبی کریم ﷺ جہر سے قرأت پڑھتے جبکہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ بات سن لی۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد اول کتاب الصلوٰۃ حدیث نمبر 817 ص 327 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: جب رسول اللہ ﷺ نے امام کے پیچھے مقتدی کو قرأت سے خود منع فرما دیا اور اسے امام سے قرآن مجید چھیننا قرار دیا تو سورۂ فاتحہ بھی قرآن کریم کا ایک حصہ ہے اور اس کا پڑھنا بھی تو قرأت ہے لہذا اس روایت سے امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ نہ پڑھنے کا حکم ثابت ہوتا ہے۔

حدیث شریف: 172

حَدَّثَنَا اَبُوبَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ ثَنَا اَبُوْ خَالِدُ الْاَحْمَرُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ

Marfat.com

اَبِیْ ھُرِیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِیُؤْتَمَّ بِہٖ فَاِذَا کَبَّرَ فَکَبِّرُوْا وَاِذَا قَرَأَ فَاَنْصِتُوْا وَاِذَا قَالَ غَیْرَ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ فَقُوْلُوْا اٰمِیْنَ وَاِذَا رَکَعَ فَارْکَعُوْا وَاِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ فَقُوْلُوا اللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ وَاِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا وَاِذَا صَلّٰی جَالِسًا فَصَلُّوْا جُلُوْسًا اَجْمَعِیْنَ۔

(سنن ابن ماجہ عربی ابواب الصلوٰۃ حدیث نمبر 846 ص 120 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....ابوبکر بن ابی شیبہ ابو خالد الاحمر ابن عجلان زید بن اسلم ابو صالح ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ امام اس لئے ہوتا ہے کہ اس کی اقتداء کی جائے۔ جب وہ اللہ اکبر کہے تم اللہ اکبر کہو جب وہ قرأت کرلے تو خاموش رہو۔ جب وہ "ولا الضالین" کہے تو تم آمین کہو۔ جب وہ رکوع کرے تم رکوع کرو جب وہ "سمع اللہ لمن حمدہ" کہے تو تم "اللھم ربنا ولک الحمد" کہو جب وہ سجدہ کرے تو تم سجدہ کرو اور جب وہ بیٹھ کر نماز پڑھائے تو تم سب بیٹھ کر نماز پڑھو۔

(ابن ماجہ عربی اردو جلد اول باب اذا قرا الامام فانصتوا حدیث نمبر 892 ص 255 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: معلوم ہوا کہ امام کی قرأت مقتدی کی قرأت ہے۔ مطلب یہ کہ جب

Marfat.com

امام سورۂ فاتحہ پڑھے تو مقتدی خاموش رہے۔

صرف تکبیرِ تحریمہ کے وقت ہاتھوں کو اٹھایا جائے

حدیث شریف:173

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّهٗ قَالَ اَلَا اُصَلِّیْ بِکُمْ صَلٰوةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰی فَلَمْ یَرْفَعْ یَدَیْهِ اِلَّامَرَّةً وَاحِدَةً

(سنن نسائی' عربی' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 1059' ص 146' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....سیدنا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ میں تمہاری موجودگی میں حضور سرور کونین ﷺ کی طرح نماز پڑھتا ہوں۔ پھر جب آپ ﷺ نے نماز پڑھی تو ہاتھ صرف ایک بار اٹھائے۔

(سنن نسائی' عربی اردو' جلد اول' باب الرخصۃ فی ترک ذلک' حدیث نمبر 1061' ص 326' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

نوٹ: احناف اہل سنت کے نزدیک رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت دونوں ہاتھ اٹھانا خلاف سنت اور ممنوع ہے۔ ہمارے اس دعویٰ کی تائید میں بے شمار احادیث اور قیاس مجتہدین وارد ہیں۔ نیز عقل کا بھی تقاضا ہے کہ

Marfat.com

رکوع میں رفع یدین نہ ہو کیونکہ تمام ائمہ کرام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ تکبیر تحریمہ میں رفع یدین ہو اور سجدہ وقعدہ کی تکبیروں میں رفع یدین نہ ہو۔ امام اوزاعی محدث رحمۃ اللہ علیہ کی مکہ معظمہ میں امام ابوحنیفہ علیہ الرحمہ سے ملاقات ہوگئی تو ان بزرگوں کی آپس میں حسب ذیل گفتگو ہوئی۔ یہ مناظرہ فتح القدیر اور مرقات میں بھی مذکور ہے۔

امام اوزاعی: آپ لوگ رکوع میں جاتے اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع یدین کیوں نہیں کرتے۔

امام ابوحنیفہ: کیونکہ اس بارے میں کوئی صحیح حدیث نہیں۔

امام اوزاعی: آپ نے یہ کیا فرمایا' میں آپ کو رفع یدین کی صحیح حدیث سناتا ہوں:

حدثنی الزھری عن سالم عن ابیه عن رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ' انه کان یرفع یدیه۔

ترجمہ:..... مجھے زہری نے حدیث پاک بیان فرمائی۔ انہوں نے سالم سے اور سالم نے اپنے والد سے' انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ جب نماز شروع کرتے تو ہاتھ اٹھاتے اور رکوع کے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت۔

امام اعظم: میرے پاس اس سے قوی تر حدیث اس کے خلاف موجود

Marfat.com

ہے۔

امام اوزاعی: اچھا فوراً پیش فرمایئے۔

امام اعظم: لیجئے سنیئے۔

ترجمہ: ہم سے حضرت حماد رضی اللہ عنہ سے حدیث بیان کی۔ انہوں نے حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ عنہ سے' انہوں نے حضرت علقمہ اور اسود علیہم الرضوان سے' انہوں نے حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہ حضور علیہ السلام صرف نماز کی ابتداء میں ہاتھ اٹھاتے۔ اس کے بعد کبھی اپنے ہاتھ مبارک نہ اٹھاتے تھے۔

امام اوزاعی: آپ کی پیش کردہ حدیث کو میری پیش کردہ حدیث پر کیا فوقیت ہے جسکی وجہ سے آپ نے اسے قبول فرمایا اور میری حدیث چھوڑ دی۔

امام اعظم: اس لئے کہ حماد زہری سے زیادہ عالم اور فقیہ ہیں اور حضرت ابراہیم نخعی' سالم سے بڑھ کر عالم وفقیہ ہیں۔ علقمہ سالم کے والد عبداللہ ابن عمر سے علم میں کم نہیں۔ اسود بہت بڑے متقی' فقیہ وافضل ہیں۔ عبداللہ ابن مسعود بہت بڑے فقیہ ہیں۔ قرأت میں حضور ﷺ کی صحبت میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہیں بڑھ چڑھ کر ہیں کہ بچپن سے حضور ﷺ کے ساتھ رہے چونکہ ہماری حدیث کے راوی تمہاری حدیث کے راویوں سے علم وفضل میں زیادہ ہیں لہذا ہماری پیش کردہ حدیث بہت قوی اور قابل قبول ہے۔

امام اوزاعی خاموش ہو گئے۔

Marfat.com

تکبیرِ تحریمہ کہتے وقت انگوٹھے کانوں کی لو تک

حدیث شریف:174

حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ نَاعَبْدُالرَّحِیْمِ ابْنُ سُلَیْمَانَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَیْدِاللّٰهِ النَّخْعِیِّ عَنْ عَبْدِالْجَبَّارِ بْنِ وَآئِلٍ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّهٗ اَبْصَرَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حِیْنَ قَامَ اِلَی الصَّلٰوةِ رَفَعَ یَدَیْهِ حَتّٰی کَانَتَا بِحِیَالِ مَنْکِبَیْهِ وَحَاذٰی بِاِبْهَامَیْهِ اُذُنَیْهِ ثُمَّ کَبَّرَ۔

(ابوداؤد عربی' کتاب الصلوٰۃ' باب رفع الیدین فی الصلوٰۃ' حدیث نمبر 724' ص 114' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....عبدالجبار بن وائل نے اپنے والد محترم حضرت وائل بن حجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا۔ جب نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھاتے۔ یہاں تک کہ وہ کندھوں کے برابر ہوتے اور انگوٹھے کانوں سے لگ جاتے تو تکبیر کہا کرتے۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد اول' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 720' ص 294' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: نماز شروع کرتے وقت تکبیر تحریمہ کہتے ہوئے ہاتھوں کے دونوں

Marfat.com

انگوٹھوں کو کانوں کی لو تک لگانا سنت ہے۔

حدیث شریف: 175

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِصَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَقَامَ فَرَفَعَ يَدَيْهِ اَوَّلَ مَرَّةٍ ثُمَّ لَمْ يُعِدْ۔

(سنن نسائی عربی کتاب الصلوٰۃ باب رفع الیدین للرکوع حذو المنکبین حدیث نمبر 1027 ص 142 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... سیدنا حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ کیا میں تمہیں حضور سرور کائنات ﷺ کی نماز نہ بتاؤں؟ پھر آپ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور پہلی دفعہ جب نماز شروع کی تو دست مبارک اٹھائے اور پھر نہ اٹھائے۔

(سنن نسائی عربی اردو جلد اول باب ترک ذالک حدیث نمبر 1029 ص 318 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: نماز شروع کرتے وقت تکبیر تحریمہ کہتے ہوئے صرف ایک مرتبہ دونوں ہاتھوں کو اٹھانا سنت ہے پھر کسی بھی رکن میں ہاتھوں کو نہ اٹھایا جائے۔ یہی امام اعظم ابوحنیفہ علیہ الرحمہ اور احناف کا مذہب ہے۔

Marfat.com

حدیث شریف:176

حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ نَا وَکِیْعٌ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ عَاصِمٍ یَعْنِیْ ابْنَ کُلَیْبٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَلْقَمَۃَ قَالَ قَالَ عَبْدُاللّٰہِ بْنُ مَسْعُوْدٍ اَلَا اُصَلِّیْ بِکُمْ صَلٰوۃَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ فَصَلّٰی فَلَمْ یَرْفَعْ یَدَیْہِ اِلَّامَرَّۃً۔

(ابوداؤد عربی کتاب الصلوٰۃ باب فی لم یذکر الرفع عندالرکوع حدیث نمبر748 ص117 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....عثمان بن ابوشیبہ وکیع سفیان عاصم بن کلیب عبدالرحمٰن بن اسود علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ کیا میں تمہیں رسول اللہ ﷺ والی نماز نہ پڑھاؤں؟ راوی کا بیان ہے کہ انہوں نے نماز پڑھائی اور ایک دفعہ کے سوا اپنے ہاتھ نہ اٹھائے۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد اول کتاب الصلوٰۃ حدیث نمبر743 ص303 مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز میں ہاتھ صرف تکبیر تحریمہ کے وقت ہی اٹھائے جائیں اور احناف کا اسی پر عمل ہے کیونکہ رفع یدین کی ایک بھی روایت ایسی نہیں ہے جس سے یہ ثابت ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رفع یدین کرتے رہے اور نہ کسی حدیث میں مدت ہی مذکور ہے۔ دریں حالات دو

Marfat.com

صورتیں ممکن ہیں۔ پہلی صورت یہ کہ شروع میں رفع یدین کیا جاتا ہوگا پھر چھوڑ دیا گیا لہذا رفع یدین اس صورت میں منسوخ شمار ہوگا۔ دوسری صورت یہ کہ کبھی کیا جاتا ہوگا اور کبھی ترک کر دیا جاتا ہوگا۔

رفع یدین منسوخ ہو گیا

حدیث شریف: 177

حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ نِ النُّفَيْلِيُّ نَازُهَيْرُنَا الْاَعْمَشُ عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ تَمِيْمِ نِ الطَّائِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ دَخَلَ عَلَيْنَارَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ رَافِعُوْآ اَيْدِيْهِمْ قَالَ زُهَيْرٌ اُرَاهُ قَالَ فِى الصَّلٰوةِ فَقَالَ مَالِىْ اُرَاكُمْ رَافِعِىْ اَيْدِيْكُمْ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ اُسْكُنُوْا فِى الصَّلٰوة۔

(ابوداؤد عربی' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 1000' ص 152' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....رافع بن تمیم طائی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور لوگوں نے اپنے ہاتھ اٹھائے ہوئے تھے۔ راوی کا بیان ہے کہ زہیر نے فرمایا۔ میرے خیال میں نماز کے اندر' حضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ میں کیا دیکھ رہا ہوں

Marfat.com

کہ اپنے ہاتھ ایسے اٹھائے ہوئے ہو جیسے شریر گھوڑوں کی دُمیں' نماز میں سکون اختیار کیا کرو۔

(ابوداؤد عربی اردو' جلد اول' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 987' ص 384' مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 178

حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَاصِمِ ابْنِ كُلَيْبٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ اَلَااُصَلِّیْ بِكُمْ صَلٰوةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى فَلَمْ يَرْفَعَ يَدَيْهِ اِلَّا فِیْ اَوَّلِ مَرَّةٍ قَالَ وَفِی الْبَابِ عَنِ الْبَرَآءِ ابْنِ عَازِبٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ بْنِ مَسْعُوْدٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَ بِهٖ يَقُوْلُ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالتَّابِعِيْنَ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ وَاَهْلِ الْكُوْفَةِ۔

(ترمذی' عربی' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 257' ص 71' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ کیا تمہیں رسول اللہ ﷺ کی نماز پڑھ کر نہ دکھاؤں؟ پھر آپ نے نماز پڑھی اور صرف تکبیر اولیٰ میں ہاتھ اٹھائے۔ اس باب

Marfat.com

میں حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ امام ترمذی فرماتے ہیں۔ حضرت ابن مسعود کی حدیث حسن ہے۔ کئی صحابہ کرام اور تابعین اسی بات کے قائل ہیں۔ سفیان ثوری اور اہل کوفہ (امام اعظم اور آپ کے متبعین) کا بھی یہی مسلک ہے۔

(ترمذی، عربی اردو، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 244، ص 192، مطبوعہ فرید بک اسٹال، لاہور پاکستان)

ف: ابتدائے اسلام میں تکبیر اولیٰ کے علاوہ بھی ہاتھ اٹھائے جاتے تھے لیکن بعد میں نبی اکرم ﷺ نے منع فرمایا۔ اور فرمایا "کیا وجہ ہے کہ میں تمہیں رفع یدین کرتے ہوئے دیکھتا ہوں گویا کہ وہ سرکش گھوڑوں کی دم ہیں۔ نماز میں آرام کیا کرو"

ف: رفع یدین (نماز کے دوران بار بار اپنے ہاتھوں کو اٹھانا) ابتدائے اسلام میں تھا۔ بعد میں منسوخ ہو گیا۔ یہی امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ اور احناف کا موقف ہے جس کی دلیل مذکورہ احادیث ہیں۔

حدیث شریف: 179

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ دَاوٗدَ عَنْ فِطْرٍ عَنْ عَبْدِالْجَبَّارِ بْنِ وَآئِلٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَأَيْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْفَعُ اِبْهَامَيْهِ فِى الصَّلٰوةِ

Marfat.com

اِلٰی شَحْمَةِ اُذُنَیْهِ۔

(ابوداؤد عربی' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 737' ص 116' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....عبدالجبار بن وائل کے والد ماجد نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ نماز میں اپنے دونوں انگوٹھے کانوں کی لو تک اٹھایا کرتے تھے۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد اول' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 732' ص 300' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

نماز میں ہاتھ ناف کے نیچے باندھنا سنت ہے

حدیث شریف:180

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَحْبُوْبٍ ثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ اِسْحٰقَ عَنْ زِيَادِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَبِیْ جُحَيْفَةَ اَنَّ عَلِيًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَلسُّنَّةُ وَضَعَ الْكَفِّ عَلَى الْكَفِّ فِی الصَّلٰوةِ تَحْتَ السُّرَّةِ۔

(ابوداؤد عربی' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 756' ص 118' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....ابوجحیفہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔نماز میں ایک ہتھیلی کا دوسری پر ناف کے نیچے رکھنا سنت ہے۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد اول' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 751' ص 305' مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

Marfat.com

ف: اس حدیث شریف سے یہ ثابت ہوا کہ نماز میں ایک ہتھیلی کا دوسری پرناف کے نیچے رکھنا سنت ہے۔

اس حدیث شریف کو حدیث رسول ﷺ کے بدخواہوں نے ابو داؤد مطبوعہ بیروت کے اصل نسخے سے نکال دیا ہے تا کہ سو سال گزرنے کے بعد وہ اُمّت کو گمراہ کر سکیں اور اپنا جھوٹا موقف کہ ناف کے نیچے ہاتھ باندھنے والی کوئی حدیث صحاح ستہ میں نہیں ہے، سچ ثابت کروا سکیں۔

حنفی التحیات کا ثبوت

حدیث شریف: 181

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنِ الْاَعْمَشِ حَدَّثَنِىْ شَفِيْقٌ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ كُنَّا اِذَا كُنَّا مَعَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الصَّلٰوةِ قُلْنَا السَّلَامُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ عِبَادِهِ السَّلَامُ عَلٰى فُلَانٍ وَّفُلَانٍ فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاتَقُوْلُوْا السَّلَامُ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّلَامُ وَلٰكِنْ قُوْلُوا التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِىُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ فَاِنَّكُمْ اِذَا قُلْتُمْ اَصَابَ

Marfat.com

كُلُّ عَبْدٍ فِى السَّمَآءِ اَوْبَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ لِيَتَخَيَّرَ مِنَ الدُّعَاءِ اَعْجَبَهٗ اِلَيْهِ فَيَدْعُوْ۔

(بخاری شریف' عربی' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 835' ص 135' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... شفیق بن سلمہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا جب نبی اکرم ﷺ کے ساتھ نماز میں ہوتے تو (سلام پھیرنے سے قبل) یہ کہتے تھے۔ اللہ تعالیٰ کے بندوں کی طرف سے اللہ تعالیٰ پر سلام فلاں اور فلاں پر سلام تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ عزوجل پر سلام نہ کہو۔ اس لئے کہ وہ بذات خود ہی سلام ہے۔ لیکن یہ کہو (اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ) اور جب تم نے یہ (وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ) کہا تو یہ دعا ہر بندہ خواہ آسمان میں ہو یا آسمان اور زمین کے درمیان ہوگا' اس کو پہنچ جائے گی۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اور اس کے بعد جو دعا تجھے اچھی لگے' وہ پڑھ لے۔

(بخاری' عربی' اردو' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 793' ص 369' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور' پاکستان)

Marfat.com

ف: حنفی نماز میں التحیات کے جو الفاظ ہیں' وہ اس حدیث شریف سے ثابت ہیں۔

حدیث شریف:182

وَحَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا قَعَدَ فِى التَّشَهُّدِ وَضَعَ يَدَهُ الْيُسْرٰى عَلٰى رُكْبَتِهِ الْيُسْرٰى وَوَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلٰى رُكْبَتِهِ الْيُمْنٰى وَعَقَدَ ثَلَاثَةً وَخَمْسِيْنَ وَاَشَارَ بِالسَّبَّابَةِ۔

(مسلم شریف' عربی' کتاب المساجد و مواضع الصلوٰۃ' حدیث نمبر 1310' ص 235' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ جب نبی اکرم ﷺ تشہد میں تشریف فرما ہوتے تو اپنا بایاں ہاتھ بائیں گھٹنے پر رکھ لیتے اور دائیں ہاتھ دائیں گھٹنے پر رکھ لیتے۔ (انگلیوں کو موڑ کر) پچاس اور تیس کا زاویہ بناتے ہوئے شہادت کی انگلی کے ذریعے اشارہ کرتے۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب المساجد و مواضع الصلوٰۃ' حدیث نمبر 1211' ص 457' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

Marfat.com

شہادت کی انگلی اٹھا کر اسے ہلایا نہ جائے

حدیث شریف:183

عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُشِيْرُ بِاِصْبَعِهٖ اِذَا دَعَا وَلَايُحَرِّكُهَا قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ وَزَادَ عُمَرُ وقَالَ اَخْبَرَنِيْ عَامِرُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ رَأَى النبی يَدْعُوْا كَذٰلِكَ وَيَتَحَامَلُ بِيَدِهِ الْيُسْرَىٰ۔ علٰى رِجْلِهِ الْيُسْرَىٰ

(سنن نسائی' عربی' کتاب الصلوٰۃ' باب بسط الیسریٰ علی الرکبۃ' حدیث نمبر 1271' ص 177' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....سیدنا حضرت عبداللہ بن عامر عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ جب دعا فرماتے تو آپ ﷺ اپنی انگلی سے اشارہ فرماتے لیکن آپ ﷺ اس کو حرکت نہ دیتے۔ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے مروی دوسری روایت یہ ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کو دیکھا آپ اسی طرح نماز میں دعا فرماتے اور اپنا بایاں ہاتھ بائیں پاؤں پر رکھتے۔

(سنن نسائی' عربی اردو' جلد اول' باب بسط الیسری علی الرکبۃ' حدیث نمبر 1273' ص 389' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: مذکورہ احادیث سے ثابت ہوا کہ حضور ﷺ حالت تشہد میں شہادت

Marfat.com

کی انگلی سے اشارہ فرماتے مگر اس کو حرکت نہ دیتے۔ بعض لوگ جو شہادت کی انگلی اٹھا کر سلام پھیرنے تک گھماتے رہتے ہیں' یہ طریقہ خلاف سنت ہے۔

نماز کے بعد دعا مانگنا سنت ہے

حدیث شریف:184

حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ وَرَّادٍ مَوْلَى الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ كَتَبَ الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ اِلٰى مُعَاوِيَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا فَرَغَ مِنَ الصَّلٰوةِ وَسَلَّمَ قَالَ لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ اَللّٰهُمَّ لَامَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ۔

(مسلم شریف' عربی' کتاب المساجد وتواضع الصلوٰۃ' حدیث نمبر 1338' ص 239' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام وراد بیان کرتے ہیں' حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو

Marfat.com

خط میں لکھا۔ نبی اکرم ﷺ نماز سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا مانگا کرتے تھے۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد اول' کتاب المساجد و تواضع الصلوٰۃ' حدیث نمبر 1239' ص 464' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

لَااِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَـرِيْكَ لَـهُ الْمُلْكُ وَلَـهُ الْـحَـمْـدُ وَهُـوَ عَـلٰى كُلِ شَىْءٍ قَدِيْرٌ۔ اَللّٰهُمَّ لَامَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِىَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِ مِنْكَ الْجَدِ۔

ف: نماز سے فارغ ہونے کے بعد دعا مانگنا رسول اکرم نور مجسم ﷺ کی سنت مبارکہ ہے۔

ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا اور اپنے ہاتھوں کو چہرہ پر ملنا سنت ہے

حدیث شریف:185

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَاابْنُ اَبِىْ فُدَيْكَ حَدَّثَنِىْ مُوْسَى بْنُ يَعْقُوْبَ عَنِ ابْنِ عُثْمَانَ قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ وَهُوَ يَحْيَى بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ اَشْعَثَ بْنِ اِسْحٰقَ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ نُرِيْدُ الْمَدِيْنَةَ فَلَمَّا كُنَّا قَرِيْبًا مِنْ عَزْوَرَآءِ نَزَلَ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ

Marfat.com

فَدَعَا اللّٰه سَاعَةً ثُمَّ خَرَّ سَاجِدًا فَمَكَثَ طَوِيْلًا ثُمَّ قَامَ فَرَفَعَ يَدَهُ فَدَعَا اللّٰه تَعَالٰى سَاعَةً ثُمَّ خَرَّ سَاجِدًا فَمَكَثَ طَوِيْلًا ثُمَّ قَامَ خَرَفَعَ يَدَيْهِ سَاعَةً ثُمَّ خَرَّ سَاجِدًا ذَكَرَهُ اَحْمَدُ ثَلَاثًا قَالَ اِنِّىْ سَاَلْتُ رَبِّىْ وَشَفَعْتُ لِاُمَّتِىْ فَاَعْطَانِىْ ثُلُثَ اُمَّتِىْ فَخَرَرْتُ سَاجِدًا شُكْرًا لِرَبِّىْ ثُمَّ رَفَعْتُ رَاْسِىْ فَسَاَلْتُ رَبِّىْ لِاُمَّتِىْ فَاَعْطَانِىَ الثُّلُثَ اُمَّتِىْ فَخَرَرْتُ سَاجِدًا لِرَبِّىْ شُكْراً ثُمَّ رَفَعْتُ رَاْسِىْ فَسَاَلْتُ رَبِّىْ لِاُمَّتِىْ فَاَعْطَانِىْ الثُّلُثَ الْاٰخَرَ فَخَرَرْتُ سَاجِدًا لِرَبِّىْ۔

(ابوداؤد عربی کتاب الجہاد حدیث نمبر 2775 ص 404 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... اشعث بن اسحاق بن سعد نے عامر بن سعد سے روایت کی ہے کہ ان کے والد ماجد حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کے لئے نکلے۔ جب ہم عزوراء کے قریب تھے کہ آپ ﷺ اتر گئے۔ پھر آپ دونوں ہاتھ اٹھا کر ایک ساعت تک اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے رہے۔ پھر کافی دیر سجدہ ریز رہے۔ پھر کھڑے ہوئے تو ایک ساعت تک اپنے ہاتھ اٹھائے رکھے۔ پھر سجدہ ریز ہو گئے۔ احمد بن صالح نے تین دفعہ کا ذکر کیا۔ فرمایا کہ میں نے اپنے رب سے سوال کیا اور اپنی امت کی شفاعت کی تو اس نے تہائی امت میرے سپرد کر دی۔ پس میں اپنے رب کا شکر ادا

Marfat.com

کرنے کی غرض سے سجدے میں گیا۔ پھر میں نے سر اٹھایا اور اپنے رب جل جلالہٗ سے اپنی اُمّت کا سوال کیا تو مزید تہائی امت مجھے عطا فرما دی۔ پس میں نے شکر ادا کرتے ہوئے اپنے رب جل جلالہٗ کے لئے سجدہ کیا۔ پھر میں نے سر اٹھا کر اپنے رب جل جلالہٗ سے اپنی اُمّت کا سوال کیا تو باقی تہائی امت بھی میرے سپرد فرما دی۔ چنانچہ میں اپنے رب جل جلالہٗ کے حضور سجدہ ریز ہو گیا۔

(ابوداؤدؒ عربی اردوؒ جلد دوم' کتاب الجہادؒ حدیث نمبر 1006' ص 385' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دعا کے وقت دونوں ہاتھوں کو اٹھانا اور مانگنے کی طرح دراز کرنا سنت اور آداب دعا سے ہے۔ بہتر یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کو نہ ملائے بلکہ ان کے درمیان تھوڑا سا فاصلہ رکھے۔

حدیث شریف: 186

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ حَفْصِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ عُقْبَةَ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ عَنِ السَّآئِبِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا دَعَا فَرَفَعَ يَدَيْهِ مَسَحَ وَجْهَهٗ بِيَدَيْهِ۔

(ابوداؤدؒ عربیؒ کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 1492' ص 221' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... قتیبہ بن سعید' ابن لہیعہ' حفص بن ہاشم بن عقبہ بن ابی وقاص

Marfat.com

سائب بن یزید رضی اللہ عنہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ جب دعا کرتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھاتے اور اپنے چہرۂ انور پر مل لیتے۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد اول کتاب الصلوٰۃ باب الدعاء حدیث نمبر 1478 ص 550 مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: دعا کے لئے اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھانا اور دعا کے اختتام پر اپنے ہاتھوں کو چہرے پر ملنا سنت ہے۔

سنن ونوافل کا ثبوت

سنت مؤکدہ کا ثبوت

حدیث شریف: 187

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى نَا ابْنُ عُلَيَّةَ نَا دَاوٗدُ بْنُ اَبِىْ هِنْدٍ حَدَّثَنِىَ النُّعْمَانُ بْنُ سَالِمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ اَبِىْ سُفْيَانَ عَنْ اُمِّ حَبِيْبَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى فِىْ يَوْمٍ ثِنْتَىْ عَشَرَةَ رَكْعَةً تَطَوُّعًا بُنِىَ لَهٗ بِهِنَّ بَيْتٌ فِى الْجَنَّةِ۔

(ابوداؤد عربی کتاب التطوع حدیث نمبر 1250 ص 188 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

Marfat.com

ترجمہ:.....عنبسہ بن ابوسفیان نے حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو روزانہ بارہ رکعت نوافل پڑھا کرے تو ان کے باعث اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں گھر بنائے گا۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد اول باب تفریع ابواب التطوع ورکعات السنۃ حدیث 1236 ص 467 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: ان بارہ رکعتوں کی تفصیل یوں ہے۔ دو رکعت فجر کے فرضوں سے پہلے چار رکعت ظہر کے فرضوں سے پہلے اور دو رکعت ظہر کے فرضوں کے بعد۔ دو رکعت مغرب کے فرضوں کے بعد اور دو رکعت عشاء کے فرضوں کے بعد۔ یہ موکدہ سنتوں کی تعداد بارہ ہے۔ اگر عصر کے فرضوں سے پہلے چار رکعت اور عشاء کے فرضوں سے پہلے چار رکعت غیر موکدہ سنتوں کو بھی ساتھ ملا لیا جائے تو روزانہ موکدہ اور غیر موکدہ سنتیں بیس پڑھی جائیں گی جو بیس فرائض و واجبات کی تکمیل کے لئے ہیں جنہیں روزانہ ادا کیا جاتا ہے یعنی دو فرض فجر کے، چار ظہر کے، چار عصر کے، تین مغرب کے اور چار عشاء کے مجموعہ ۱۷ ہے اور روزانہ تین وتر، یوں روزانہ فرائض واجبات کی تعداد ۲۰ ہے۔ جن کی کمی پوری کرنے کے لئے روزانہ ۲۰ موکدہ و غیر موکدہ سنتیں پڑھی جاتی ہیں اور اگر اب بھی کمی رہی تو رمضان المبارک میں ہر سال روزانہ ۲۰ رکعت تراویح پڑھی جاتی ہیں۔ یہ سنتوں کا روزانہ اور سالانہ پروگرام حقیقت میں رحمت دو عالم ﷺ نے فرائض و واجبات کی تکمیل کروانے اور اپنی اُمت کو بخشوانے کی غرض سے طے فرمایا ہے۔ ورنہ بارگاہ خداوندی میں حساب

Marfat.com

تو صرف فرائض وواجبات کا دینا ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

حدیث شریف:188

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ نَا اِسْحٰقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ نَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ زِيَادٍ عَنْ عَطَآءٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ ثَابَرَ عَلٰى ثِنْتَىْ عَشَرَةَ رَكْعَةً مِنَ السُّنَّةِ بَنَى اللّٰهُ لَهٗ بَيْتًا فِى الْجَنَّةِ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ قَبْلَ الظُّهْرِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَهَا وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَالْمَغْرِبِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَآءِ وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ

(ترمذی عربی ابواب الصلوٰۃ حدیث نمبر 414 ص 112 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے بارہ سنتوں کی پابندی کی اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں مکان بنائے گا (تفصیل یہ ہے) چار رکعتیں ظہر سے پہلے اور بعد میں دو رکعتیں اس کے بعد دو رکعتیں مغرب کے بعد دو رکعتیں عشاء کے بعد اور دو رکعتیں فجر سے پہلے۔

(ترمذی عربی اردو جلد اول ابواب الصلوٰۃ حدیث نمبر 397 ص 265 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

Marfat.com

حدیث شریف:189

حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا مَؤَمَّلٌ نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ اَبِىْ سُفْيَانَ عَنْ اُمِّ حَبِيْبَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى فِىْ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ ثِنْتَىْ عَشَرَةَ رَكْعَةً بُنِىَ لَهٗ بَيْتٌ فِى الْجَنَّةِ اَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَهَا وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَآءِ وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ صَلٰوةِ الْغَدَاةِ۔

(ترمذی' عربی' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 415' ص 112' مطبوعہ دا السلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ :.....حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا۔ جو شخص دن رات میں بارہ رکعتیں (سنت) ادا کرے اس کے لئے جنت میں ایک مکان بنایا جائے گا۔ چار رکعتیں ظہر سے پہلے اور دو بعد' دو رکعتیں مغرب کے بعد' دو رکعتیں عشاء کے بعد اور دو رکعتیں آئندہ صبح کی نماز سے پہلے۔

(ترمذی' عربی اردو' جلد اول' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 398' ص 265' مطبوعہ فرید بک لاہور' پاکستان)

حدیث شریف:190

حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ

Marfat.com

قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ رَكْعَتَا الْفَجْرِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا۔

(ترمذی عربی ابواب الصلوٰۃ حدیث نمبر 416 ص 112 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: صبح کی دو رکعتیں دنیا اور جو کچھ اس میں ہے سے بہتر ہے۔

(ترمذی عربی اردو جلد اول ابواب الصلوٰۃ حدیث نمبر 399 ص 265 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 191

حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا اَبُوعَامِرٍ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يُصَلِّىْ قَبْلَ الظُّهْرِ اَرْبَعًا وَبَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ وَفِى الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ وَاُمِّ حَبِيْبَةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ عَلِيٍّ حَدِيْثٌ حَسَنٌ حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرٍ الْعَطَّارُ قَالَ قَالَ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ كُنَّا نَعْرِفُ فَضْلَ حَدِيْثِ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ عَلٰى حَدِيْثِ الْحَارِثِ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا

Marfat.com

عِنْدَاَکْثَرِ اَھْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَمَنْ بَعْدَھُمْ یَخْتَارُوْنَ اَنْ یُّصَلِّیَ الرَّجُلُ قَبْلَ الظُّھْرِ اَرْبَعَ رَکْعَاتٍ وَھُوَ قَوْلُ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَابْنِ الْمُبَارَکِ وَاِسْحٰقَ وَقَالَ بَعْضُ اَھْلِ الْعِلْمِ صَلٰوۃُ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ مَثْنٰی مَثْنٰی یَرَوْنَ الْفَصْلَ بَیْنَ کُلِّ رَکْعَتَیْنِ وَبِہٖ یَقُوْلُ الشَّافِعِیُّ وَاَحْمَدُ۔

(ترمذی' عربی' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 424' ص 115' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ظہر سے پہلے چار اور بعد میں دو رکعتیں (سنت) پڑھا کرتے تھے اس باب میں حضرت عائشہ اور ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے بھی روایات منقول ہیں۔ امام ترمذی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔ حدیث علی حسن ہے۔ سفیان فرماتے ہیں ہم حارث کی حدیث سے پھر عاصم بن ضمرہ کی حدیث کی فضیلت جانا کرتے تھے۔ اکثر صحابہ کرام اور تابعین کا اسی پر عمل ہے۔ وہ اسے پسند کرتے ہیں کہ آدمی ظہر سے پہلے چار رکعت پڑھے۔ سفیان ثوری' ابن مبارک اور اسحٰق کا یہی قول ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں۔ ہر دو رکعت کے درمیان فصل ہے۔ امام شافعی اور امام احمد رحمہم اللہ اسی کے قائل ہیں۔

(ترمذی' عربی اردو' جلد اول ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 407' ص 270' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

Marfat.com

حدیث شریف:192

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُنِيْعٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الظُّهْرِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَهَا۔

(ترمذی' عربی' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 425' ص 115' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ :..... حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے آنحضرت ﷺ کے ہمراہ دو رکعتیں (نفل) ظہر سے پہلے اور دو سنتیں بعد میں پڑھیں۔

(ترمذی شریف' عربی اردو' جلد اول' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 408' ص 270' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:193

حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَارِثِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعَتَكِيُّ الْمَرْوَزِيُّ نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ خَالِدِ الْحَذَآءِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا لَمْ يُصَلِّ اَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ صَلَّاهُنَّ

Marfat.com

بَعْدَھا۔

(ترمذی' عربی' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 426' ص 115' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ جب کبھی ظہر سے پہلے چار سنتیں نہ پڑھتے تو انہیں بعد میں پڑھ لیتے۔

(ترمذی شریف' عربی اردو' جلد اول' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 409' ص 270' مطبوعہ فرید بک لاہور' پاکستان)

ظہر کی دو سنت اور دو نفل کی فضیلت

حدیث شریف: 194

حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ ھَارُوْنَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ الشُّعَیْبِیِّ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ عَنْبَسَۃَ بْنِ اَبِیْ سُفْیَانَ عَنْ اُمِّ حَبِیْبَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی قَبْلَ الظُّھْرِ اَرْبَعًا وَّبَعْدَھَا اَرْبَعًا حَرَّمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَی النَّارِ۔

(ترمذی' عربی' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 427' ص 115' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے چار رکعتیں ظہر سے پہلے اور چار رکعتیں (دو سنت دو نفل) اس کے بعد پڑھیں اللہ تعالیٰ اسے آگ پر حرام کر دے گا۔

Marfat.com

(ترمذی شریف' عربی اردو' جلد اول' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 410' ص 270' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:195

حَدَّثَنَا اَبُوبَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ الْبَغْدَادِیُّ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفُ التِّنِسِيُّ الشَّامِیُّ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ اَخْبَرَنِی الْعَلَاءُ بْنُ الْحَارِثِ عَنِ الْقَاسِمِ اَبِی عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْبَسَةَ بْنِ اَبِیْ سُفْيَانَ قَالَ سَمِعْتُ اُخْتِیْ اُمَّ حَبِيْبَةَ زَوْجَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ حَافَظَ عَلٰى اَرْبَعِ رَكَعَاتٍ قَبْلَ الظُّهْرِ وَاَرْبَعٍ بَعْدَهَا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ۔

(ترمذی' عربی' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 428' ص 115' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... عنبسہ بن سفیان کہتے ہیں میں نے اپنی ہمشیرہ ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے سنا۔ آپ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے ظہر سے پہلے چار اور بعد میں چار رکعت کی حفاظت کی اس پر جہنم کی آگ کو حرام کیا گیا۔

(ترمذی شریف' عربی اردو' جلد اول' ابواب الصلوٰۃ' رقم الحدیث ۴۱۱ ص ۲۷۰' مطبوعہ فرید بک لاہور)

Marfat.com

حدیث شریف: 196

حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا اَبُو عَامِرٍ نَا سُفْيَانَ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يُصَلِّیْ قَبْلَ الْعَصْرِ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ يَفْصِلُ بَيْنَهُنَّ بِالتَّسْلِيْمِ عَلَى الْمَلَاَ ئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَمَنْ تَبِعَهُمْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُؤْمِنِيْنَ۔

(ترمذی' عربی' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 429' ص 115' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ عصر سے پہلے چار رکعتیں ادا فرماتے تھے اور ان میں ایک سلام کے ذریعے فصل کیا کرتے تھے۔ یہ سلام مقربین فرشتوں اور ان کے متبعین مسلمانوں اور مومنوں کے لئے ہوتا۔

(ترمذی' عربی اردو' جلد اول' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 412' ص 272' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

عصر سے پہلے چار سنت غیر موکدہ کا ثبوت

حدیث شریف: 197

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى وَاَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَ

Marfat.com

مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ وَغَيْرَ وَاحِدٍ قَالُوْا اَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ الطَّيَالِسِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ مِهْرَانَ سَمِعَ جَدَّهٗ عَنْ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ رَحِمَ اللّٰهُ امْرَأً صَلّٰى قَبْلَ الْعَصْرِ اَرْبَعًا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ۔

(ترمذی' عربی' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 430' ص 116' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ عصر سے پہلے چار سنتیں پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ رحم فرمائے' امام ترمذی فرماتے ہیں۔ یہ حدیث غریب حسن ہے۔

(ترمذی شریف' عربی اردو' جلد اول' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 413' ص 272' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

مغرب کے بعد اور فجر سے پہلے سنتوں کا ثبوت

حدیث شریف: 198

حَدَّثَنَا مُحَمَّدِ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا بَدَلُ بْنُ الْمُحَبَّرِ نَا عَبْدُالْمَلِكِ بْنُ مَغْدَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهٗ قَالَ مَا اُحْصِيْ

Marfat.com

مَاسَمِعْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِى الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ وَفِى الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ بِقُلْ يَآاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔

(ترمذی' عربی' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 431' ص 116' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ میں نے بارہا آنحضرت ﷺ کو مغرب کے بعد کی دو رکعتوں اور صبح کی سنتوں میں ''سورہ کافرون'' اور ''سورہ اخلاص'' پڑھتے ہوئے سنا۔

(ترمذی' عربی اردو' جلد اول' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 414' ص 273' مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور' پاکستان)

حدیث شریف: 199

حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ يَعْنِىْ مُحَمَّدَ بْنَ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِىُّ الْكُوْفِىُّ نَازَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ نَا عَمْرُ بْنُ اَبِىْ خَثْعَمَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى بَعْدَ الْمَغْرِبِ سِتَّ رَكَعَاتٍ لَمْ يَتَكَلَّمْ فِيْمَا بَيْنَهُنَّ بِسُوْءٍ عُدِلْنَ لَهٗ بِعِبَادَةِ ثِنْتَىْ عَشْرَةَ سَنَةً قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَقَدْرُوِىَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَلّٰى بَعْدَ الْمَغْرِبِ عِشْرِيْنَ رَكْعَةً بَنَى

Marfat.com

اللّٰہ لَہٗ بَیْتًا فِی الْجَنَّۃِ۔

(ترمذی' عربی' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 435' ص 117' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص مغرب کے بعد چھ نفل اس طرح پڑھے کہ ان کے درمیان کوئی بری بات نہ کرے' اس کے لئے یہ نوافل بارہ سال کی عبادت کے برابر شمار ہوں گے۔ امام ترمذی فرماتے ہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس نے مغرب کے بعد بیس رکعات پڑھیں' اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں گھر بنائے گا۔

(ترمذی' عربی اردو' جلد اول' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 418' ص 274' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:200

حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَۃَ یَحْیَی بْنُ خَلَفٍ نَا بِشْرُبْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّآءِ عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ شَقِیْقٍ قَالَ سَاَلْتُ عَائِشَۃَ عَنْ صَلٰوۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ کَانَ یُصَلِّیْ قَبْلَ الظُّھْرِ رَکْعَتَیْنِ وَبَعْدَھَا رَکْعَتَیْنِ وَبَعْدَ الْمَغْرِبِ ثِنْتَیْنِ وَبَعْدَ الْعِشَآءِ رَکْعَتَیْنِ وَقَبْلَ الْفَجْرِ ثِنْتَیْنِ۔

Marfat.com

(ترمذی' عربی' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 436' ص 117' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....عبداللہ بن شقیق فرماتے ہیں میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے آنحضرت ﷺ کی نماز کے بارے میں پوچھا۔ انہوں نے فرمایا: آپ ﷺ ظہر سے پہلے اور بعد دو دو رکعتیں مغرب کے بعد دو' عشاء کے بعد دو رکعت اور فجر سے پہلے دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے۔

(ترمذی' عربی اردو' جلد اول' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 419' ص 274' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

نماز اَوَّابین کا بیان

حدیث شریف: 201

حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدٍ وَ اَبُوْ عَمْرٍ حَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَا ثَنَا زَیْدُ بْنُ الْحُبَابِ حَدَّثَنِیْ عَمْرُ بْنُ اَبِیْ خَثْعَمَ الْیَمَامِیُّ عَنْ یَحْیَی بْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی سِتَّ رَکَعَاتٍ بَعْدَ الْمَغْرِبِ لَمْ یَتَکَلَّمْ بَیْنَهُنَّ بِسُوْءٍ عُدِلَتْ لَهٗ عِبَادَةُ اثْنَتَیْ عَشَرَةَ سَنَةً۔

(ابن ماجہ' عربی' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 1374' ص 195' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....علی بن محمد' ابوعمرو حفص بن عمر' زید بن الحباب' عمر بن ابی خثعم

Marfat.com

الیمامی' یحییٰ بن ابی کثیر' ابوسلمہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ جس نے مغرب کے بعد چھ رکعت نماز پڑھی اور ان کے درمیان کوئی گفتگو نہ کی تو وہ بارہ سال کی عبادت کے برابر تصور ہوں گی۔

(سنن ابن ماجہ' عربی اردو' جلد اول' باب ماجاء فی الصلوٰۃ بین المغرب والعشاء' حدیث نمبر 1431' ص 393 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث شریف سے اَوّابین کی چھ رکعتوں کا ثبوت ملتا ہے۔

نوافل کی اہمیت

حدیث شریف: 202

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَوَّلَ مَایُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ صَلٰوتُهٗ فَاِنْ وُجِدَتْ تَامَّةً کُتِبَتْ تَامَّةً وَّاِنْ کَانَ انْتَقَصَ مِنْهَا شَیْءٌ قَالَ انْظُرُوْا هَلْ تَجِدُوْنَ لَهٗ مِنْ تَطَوُّعٍ یُکَمَّلُ لَهٗ مَاضَیَّعَ مِنْ فَرِیْضَتِهٖ مِنْ تَطَوُّعِهٖ ثُمَّ سَائِرُ الْاَعْمَالِ تَجْرِیْ عَلٰی حَسْبِ ذٰلِكَ۔

(سنن نسائی' عربی' کتاب الصلوٰۃ' باب المحاسبۃ علی الصلوٰۃ' حدیث نمبر 467' ص 64' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

Marfat.com

ترجمہ:.....سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور پرنور ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ قیامت کے روز سب سے پہلے نماز کا حساب لیا جائے گا اگر وہ پوری نکلی تو پوری اور مکمل لکھی جائے گی اور اگر ادھوری نکلی تو کہا جائے گا دیکھو کیا اس کے پاس نفل نماز ہے؟ اس میں سے فرض نماز کا نقصان پورا کیا جائے گا پھر باقی اعمال کا بدلہ بھی اسی طرح ہوگا

(سنن نسائی' عربی اردو' جلد اول' کتاب الصلوٰۃ' باب المحاسبۃ علی الصلوات' حدیث نمبر 469' ص 147 فرید بک لاہور' پاکستان)

حدیث شریف:203

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَوَّلُ مَا یُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ صَلٰوتُهٗ فَاِنْ کَانَ اَکْمَلَهَا وَاِلَّا قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ اُنْظُرُ اِلَی عَبْدِیْ مِنْ تَطَوُّعٍ فَاِنْ وُجِدَلَهٗ تَطَوُّعٌ قَالَ اَکْمِلُوْا بِهَا الْفَرِیْضَةَ۔

(سنن نسائی' عربی' کتاب الطہارۃ' باب المحاسبۃ علی الصلوٰۃ' حدیث نمبر 468' ص 64' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ سب سے پہلے بندے کو نماز کا حساب دینا ہوگا اگر وہ پوری ہو تو بہتر وگرنہ اللہ رب العزت ارشاد فرمائے گا۔ کیا میرے بندے کے پاس

Marfat.com

کچھ نفل نماز ہے؟ اگر نفل نماز ہوئی تو اس سے فرض کی کمی کو پورا کیا جائے گا۔

(سنن نسائی جلد اول باب المحاسبۃ علی الصلوات، رقم الحدیث ۴۷۰، ص ۱۴۷ فرید بک، لاہور پاکستان)

ف: مذکورہ احادیث سے نوافل کی اہمیت واضح ہے کہ اگر قیامت کے دن فرض کی کمی نفل نمازوں کے ذریعے پوری کی جائے گی جو لوگ نوافل کو اہمیت نہیں دیتے، وہ ان احادیث سے ہدایت حاصل کریں۔

•

تین وتر کا ثبوت

حدیث شریف: 204

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْتِرُ بِثَلَاثٍ يَقْرَأُ فِي الْاُوْلٰى بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى وَفِي الثَّانِيَةِ بِقُلْ يٰاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ وَفِي الثَّالِثَةِ بِقُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَدٌ وَقَفَةً زُهَيْرٌ۔

(سنن نسائی عربی، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 1703، ص 243، مطبوعہ دار السلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... سیدنا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سرور کونین ﷺ وتر کی تین رکعتیں ادا فرماتے۔ آپ ﷺ پہلی رکعت میں سبح

Marfat.com

اسم ربك الاعلیٰ دوسری میں **قل یاایھا الکافرون** اور تیسری میں **قل ھوا اللہ احد** پڑھتے۔زہیر نے اسے موقوفاً روایت کی۔

(سنن نسائی' عربی اردو' جلد اول' حدیث نمبر 1705' ص 541' مطبوعہ فرید بک لاہور' پاکستان)

حدیث شریف: 205

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہ عَنْہُ اَنَّہٗ کَانَ یُوْتِرُ بِثَلَاثٍ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰی وَقُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ وَ قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَدٌ۔

(سنن نسائی' عربی' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 1704' ص 243' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....سیدنا حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ' وتر کی تین رکعتوں میں تین سورتیں تلاوت فرماتے۔**سبح اسم ربك الاعلیٰ اور قل یاایھا الکافرون اور قل ھو اللہ احد۔**

(سنن نسائی' عربی اردو' جلد اول' حدیث 1706' ص 541' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:206

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ وَاَبُوْیُوْسُفَ الرَّقِیُّ

Marfat.com

مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بِ الصَّيْدَلَا نِيُّ قَالَا نَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ خُصَيْفٍ عَنْ عَبْدِالْعَزِيْزِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ سَاَلْنَا عَائِشَةَ بِاَيِّ شَيْءٍ كَانَ يُوْتِرُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ يَقْرَأُ فِى الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى وَفِى الثَّانِيَةِ قُلْ يَآاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ وَفِى الثَّالِثَةِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ وَ الْمُعَوَّذَتَيْنِ۔

(ابن ماجہ عربی کتاب الصلوٰۃ حدیث نمبر 1173 ص 164 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... محمد بن الصباح ابو یوسف الرقی محمد بن احمد الصید لانی محمد بن سلمہ خفیف عبدالعزیز بن جریج کہتے ہیں: ہم نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دریافت کیا کہ رسول اللہ ﷺ وتروں میں کیا پڑھتے تھے تو انہوں نے فرمایا پہلی رکعت میں **سبح اسم ربك الاعلیٰ**، دوسری میں **قل یاایها الکافرون** اور تیسری میں **قل هوا الله احد** پڑھتے تھے۔

(سنن ابن ماجہ عربی اردو جلد اول باب ماجاء فیما یقرا فی الوتر حدیث نمبر 1224 ص 336 فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 207

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ شُعَيْبٍ نَامُحَمَّدُ ابْنُ سَلَمَةَ نَاخُصَيْفٌ عَنْ عَبْدِالْعَزِيْزِ بْنِ جُرَيْجٍ قَالَ سَاَلْتُ عَآئِشَةَ اُمَّ

Marfat.com

الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَيِّ شَيْءٍ كَانَ يُوْتِرُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مَعْنَاهُ قَالَ وَفِي الثَّالِثَةِ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ وَ الْمُعَوِّذَتَيْنِ۔

(ابوداؤد عربی کتاب الصلوٰۃ مایقرأ فی الوتر حدیث نمبر 1424 ص 212 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....عبدالعزیز بن جریج نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دریافت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کون سی سورتوں کے ساتھ وتر پڑھا کرتے تھے؟ پس معناً مذکورہ حدیث کی طرح بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ تیسری میں سورہ اخلاص، سورہ الفلق اور سورہ الناس پڑھا کرتے تھے۔

(سنن ابوداؤد عربی اردو جلد اول کتاب الصلوٰۃ مایقرأ فی الوتر حدیث نمبر 1410 ص 529 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: مذکورہ احادیث سے احناف کے مذہب کی واضح تائید ہو رہی ہے کہ نماز وتر کی تین رکعتیں ہیں کیونکہ چاروں احادیث میں تین تین سورتیں پڑھنا وارد ہوا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

استخارہ کا بیان

حدیث شریف:208

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ السُّلَمِيُّ ثَنَا خَالِدُ بْنُ

Marfat.com

مَخْلَدٍ ثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِی الْمَوَالِی قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ الْمُنْكَدِرِ يُحَدِّثُ عَنْ جَابِرِ ابْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا الْاِسْتِخَارَةَ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْاٰنِ يَقُوْلُ اِذَاهَمَّ اَحَدُكُمْ بِالْاَمْرِ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ مِنْ غَيْرِ الْفَرِيْضَةِ ثُمَّ لِيَقُلْ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُوَ لَا اَقْدِرُوَ تَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ هٰذَا الْاَمْرَ فَيُسَمِّيْهِ مَاكَانَ مِنْ شَیْءٍ خَيْرًالِّیْ فِیْ دِيْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ اَوْخَيْرًا لِّیْ فِیْ عَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِهٖ فَاقْدِرْهُ لِیْ وَيَسِّرْهُ لِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ يَقُوْلُ مِثْلَ مَاقَالَ فِیْ الْمَرَّةِ الْاُوْلٰى وَاِنْ كَانَ شَرًّالِّیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدُرْلِیَ الْخَيْرَ حَيْثُ مَا كَانَ ثُمَّ رِضِنِیْ بِهٖ۔

(سنن ابن ماجہ عربی کتاب الصلوٰۃ حدیث نمبر 1383 ص 196 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... احمد بن یوسف السلمی خالد بن مخلد عبدالرحمٰن بن ابی الموال محمد بن المنکدر جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ ہمیں

Marfat.com

استخارہ ایسے ہی سکھاتے جیسے قرآن کی سورت اور فرماتے جب تم میں سے کسی کو کوئی اہم کام پیش آ جائے تو فرضوں کے علاوہ دو رکعت نماز پڑھے اور کہے **اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَاَسْاَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُوَلَا اَقْدِرُوَ تَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ ھٰذَا الْاَمْرَ۔**

(سنن ابن ماجہ عربی اردو جلد اول باب ماجاء فی الاستخارہ حدیث نمبر 1441 ص 395 مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

پھر اس کا نام لے کر **خَیْرًالِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمُعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ اَوْخَیْرًا لِّیْ فِیْ عَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِہٖ فَاقْدِرْہُ لِیْ وَیَسِّرْہُ لِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ** یہاں وہی الفاظ کہے جو پہلے کہے تھے۔ **وَاِنْ کَانَ شَرًّالِّیْ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْہُ وَاقْدِرْلِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ مَا کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِہٖ۔**

ف: اس حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ استخارہ کرنا سنت ہے۔ استخارہ کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ سرکار ﷺ استخارہ ایسے سکھاتے جیسے قرآن مجید کی سورت سکھاتے۔

Marfat.com

وسیلہ کا بیان

حدیث شریف:209

حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ اَنَّ رَجُلًا ضَرِيْرَ الْبَصَرِ اَتَى النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يُعَافِيَنِیْ قَالَ اِنْ شِئْتَ دَعَوْتُ وَاِنْ شِئْتَ صَبَرْتَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ قَالَ فَادْعُهُ، قَالَ فَاَمَرَهٗ، اَنْ يَتَوَضَّأَ فَيُحْسِنَ وُضُوْءَهٗ، وَيَدْعُوْ بِهٰذَاالدُّعَآءِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ، اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ اِنِّیْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰى رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰى لِیْ اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِیَّ

(ترمذی، عربی، کتاب الدعوات، حدیث نمبر 3578، ص 816، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ ایک نابینا شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ مجھے شفاء عطا فرمائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا چاہو تو دعا مانگوں اور اگر چاہو تو صبر کرو۔ یہ تمہارے لئے بہتر ہے۔ راوی فرماتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے حکم دیا کہ اچھی طرح سے وضو کر کے یہ دعا مانگو "**اللّٰھم انی اسالك اتوجه**

Marfat.com

الیك.....الخ "یا اللہ جل جلالہٗ! میں تیرے نبی رحمت حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کے وسیلہ جلیلہ سے تیری طرف توجہ کرتا ہوں یارسول اللہ ﷺ! میں آپ ﷺ کے وسیلہ سے اپنے رب جل جلالہٗ کی طرف اپنی اس حاجت کے بارے میں متوجہ ہوں تاکہ وہ پوری ہوجائے۔ یا اللہ جل جلالہٗ! تو میرے بارے میں حضور ﷺ کی شفاعت قبول فرما۔

(ترمذی' عربی اردو' جلد اول' ابواب الدعوات' حدیث نمبر 1504' ص 653' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ کے وسیلے سے دعا مانگنا جائز بلکہ صحابہ کرام علیہم الرضوان کی سنت ہے۔ اور اس کا حکم خود رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے دیا ہے۔

حدیث تریف:210

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا اَبُوْشِهَابٍ عَنْ عَوْفٍ اَبِى الْمِنْهَالَ قَالَ لَمَّا كَانَ اِبْنُ زِيَادٍ وَّمَرْوَانُ بِالشَّامِ وَوَثَبَ اِبْنُ الزُّبَيْرِ بِمَكَّةَ وَوَثَبَ الْقُرَآءُ بِالْبَصْرَةِ فَانْطَلَقْتُ مَعَ اَبِىْ اِلٰى اَبِىْ بَرْزَةَ اَلْاَسْلَمِيِّ حَتّٰى دَخَلْنَا عَلَيْهِ فِىْ دَارِهٖ وَهُوَ جَالِسٌ فِىْ ظِلِّ عَلِيَّةٍ لَّه' مِنْ قَصَبٍ فَجَلَسْنَا اِلَيْهِ فَاَنْشَاَ اَبِىْ يَسْتَطْعِمُهُ الْحَدِيْثَ فَقَالَ

Marfat.com

يَااَبَابُرزَةَ اَلَا تَرٰى مَاوَقَعَ فِيْهِ النَّاسُ فَاَوَّلُ شَيْءٍ سَمِعْتُه، تَكَلَّمَ بِهٖ اَنِّىْ اِحْتَسَبْتُ عِنْدَاللّٰهِ اِنِّىْ اَصْبَحْتُ سَاخِطًا عَلٰى اَحْيَآءِ قُرَيْشٍ اِنَّكُمْ يَامَعْشَرَ الْعَرَبِ كُنْتُمْ عَلَى الْحَالِ الَّذِىْ عَلِمْتُمْ مِّنَ الذِّلَّةِ وَالْقِلَّةِ وَالضَّلَالَةِ وَاِنَّ اللّٰهَ اَنْقَذَكُمْ بِالْاِسْلَامِ وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَلَغَ بِكُمْ مَاتَرَوْنَ وَهٰذِهِ الدُّنْيَا الَّتِىْ اَفْسَدَتْ بَيْنَكُمْ اِنَّ ذَاكَ الَّذِىْ بِالشَّامِ وَاللّٰهِ اِنْ يُّقَاتِلُ اِلَّا عَلَى الدُّنْيَا وَاِنَّ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ بَيْنَ اَظْهُرِكُمْ وَاللّٰهِ اِنْ يُّقَاتِلُوْنَ اِلَّا عَلَى الدُّنْيَا وَاِنَّ ذَاكَ الَّذِىْ بِمَكَّةَ وَاللّٰهِ اِنْ يُّقَاتِلُ اِلَّا عَلَى الدُّنْيَا۔

(بخاری، عربی، کتاب الفتن، حدیث نمبر 7112، ص 1225، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....ابوشہاب (عبدربہ بن نافع حناط) نے عوف (اعرابی) سے انہوں نے ابوالمنہال (سیار بن سلامہ) سے روایت کی۔ انہوں نے کہا جب ابن زیاد (عبداللہ بن زیاد بن ابوسفیان اموی) اور مروان (بن حاکم بن ابوالعاص حضرت عثمان کے چچا کا بیٹا) شام کے حاکم تھے (یعنی پہلے ابن زیاد تھا، جب ان کو بصرہ سے نکالا گیا تو مروان شام کا حاکم بنا) اور ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے مکہ مکرمہ کا اور قراء (خوارج) بصرہ کے حاکم بنے تو میں (ابوالمنہال) اپنے باپ (سلامہ ریاحی) کے ساتھ حضرت ابوبرزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کے پاس گیا۔ حتی کہ ان کے گھر

Marfat.com

میں ان کے پاس پہنچے حالانکہ وہ اپنے بالا خانہ کے بانس کے سایہ میں بیٹھے ہوئے تھے۔ہم بھی ان کے پاس بیٹھ گئے۔میرے والد نے ان سے بات کرنا شروع کی اوراس سے وہ حدیث طلب کرتے تھےتو میرے والد(ابوسلام ریاحی) نے کہااے ابو برزہ (اسلمی رضی اللہ عنہ) کیا تم نہیں دیکھتے۔لوگ کس چیز میں واقع ہوگئے ہیں۔تو پہلی چیز جو میں نے ان سے سنی جوانہوں نے کلام کیا کہ میں اللہ عزوجل کے نزدیک ثواب کا طالب ہوں۔ میں صبح کے وقت قریش کے قبائل پر سخت غضبناک تھا۔اے قریش کے گروہ تم ثلت اور قلت اور گمراہی کے جس حال پر تھے' وہ تمہیں معلوم ہے۔اللہ عزوجل نے اسلام اور محمد ﷺ کے وسیلہ سے اس سے نجات دلائی۔حتی کہ تم (عزت' کثرت مال اور ہدایت کے) اس مقام پر پہنچے جو تم دیکھ رہے ہو۔اور یہ دنیا جس نے تمہارے درمیان فساد برپا کیا۔بے شک یہ جو شام میں ہے (یعنی مروان بن حکم) بخدا یہ صرف دنیا پر لڑ رہا ہے اور یہ لوگ جو تمہارے سامنے ہیں (ایک روایت میں جو تمہارے اردگرد ہیں' وہ گمان کرتے ہیں کہ وہ تمہارے قراء ہیں) بخدا یہ صرف دنیا پر لڑ رہے ہیں اور یہ جو مکہ مکرمہ میں ہے (حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ) یہ بھی صرف دنیا پر لڑ رہا ہے (یہ حدیث دلالت کرتی ہے کہ حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ فتنہ میں دور رہنا ہی پسند خیال کرتے تھے اور مسلمانوں کے قتال میں ترک وقول بھی پسند کرتے تھے خاص کر جبکہ یہ طلب ملک کے لئے ہو)

(بخاری' عربی اردو' جلد سوم' کتاب الفتن' حدیث نمبر 1984' ص 888' مطبوعہ شبیر

Marfat.com

برادرز لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان کا یہ ایمان تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اسلام اور رسول اکرم نور مجسم ﷺ کے وسیلے سے ہمیں ذلت، قلت اور گمراہی سے نجات عطا کی۔

حدیث شریف:211

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ ثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ حَدَّثَنِىْ زَيْدُ بْنُ اَرْطَاةَ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ اَبِى الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَبْغُوْنِىْ فِىْ ضُعَفَائِكُمْ فَاِنَّمَا تُرْزَقُوْنَ وَتُنْصَرُوْنَ بِضُعَفَائِكُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ

(ترمذی، عربی، ابواب جہاد، حدیث نمبر 1702، ص 407، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ میں نے نبی اکرم ﷺ کو فرماتے سنا، مجھے اپنے کمزور لوگوں میں تلاش کرو، کیونکہ تمہیں کمزور (اور غریب) لوگوں کے سبب رزق دیا جاتا ہے اور تمہاری مدد کی جاتی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد اول، ابواب جہاد، حدیث نمبر 1756، ص 826، مطبوعہ فرید بک

Marfat.com

لاہور پاکستان)

حدیث شریف:212

حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ الْفَضْلِ الْحَرَّانِیُّ نَا الْوَلِیْدُ نَا ابْنُ جَابِرٍ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْطَاةَ الْفَزَارِیِّ عَنْ جُبَیْرِ بْنِ نُفَیْرِ نِ الْحَضْرَمِیِّ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا الدَّرْدَآءِ یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم یَقُوْلُ اُبْغُوْنِیَ الضُّعَفَآءَ فَاِنَّمَا تُرْزَقُوْنَ وَ تُنْصَرُوْنَ بِضُعَفَائِکُمْ قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ زَیْدُ بْنُ اَرْطَاةَ اَخُوْعَدِیِّ بْنِ اَرْطَاةَ۔

(ابوداؤد عربی کتاب الجہاد باب فی الانتصار برذل الخیل والضعفۃ حدیث نمبر 2594 ص 375 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....جبیر بن نفیر حضرمی نے سنا کہ حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میرے لئے ضعیف لوگوں کو تلاش کرو کیونکہ تم روزی دیئے جاتے اور مدد فرمائے جاتے ہو تو ضعیف لوگوں کی وجہ سے۔ امام ابوداؤد علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ زید بن ارطاۃ بھائی ہیں عدی بن ارطاۃ کے۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد دوم کتاب الجہاد حدیث نمبر 307 ص 307 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: ضعیفی کمزوری محتاجی اور مجبوری چونکہ اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے

Marfat.com

ہے۔اسی لئے وہ اپنے ضعیف' کمزور محتاج اور مجبور بندوں کے ساتھ رہتا ہے اور ان کی فریادیں جلدی سنتا ہے۔اسی لئے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ تمہیں ایسے ہی کمزور لوگوں کے باعث روزی دی جاتی ہے اور ان بے کسوں کے سبب ہی تمہاری مدد کی جاتی ہے۔ بلکہ یہ بھی فرمایا کہ میرے لئے کمزوروں اور ضعیفوں کو تلاش کرو۔ بے کسوں اور محتاجوں سے محبت کرنا رسول اللہ ﷺ کی سنت ہے۔ان سے میل جول رکھنا اور ان کی خیر خواہی میں کوشاں رہنا رحمت دو عالم ﷺ کے معمولات میں شامل تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

حدیث شریف:213

عَنْ عَبْدُاللّٰہِ بْنِ عَمْرٍ وَیَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِذَا سَمِعْتُمُ الْمُؤَذِّنَ فَقُوْلُوْا مِثْلَ مَایَقُوْلُ وَصَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّہٗ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا ثُمَّ سَلُوا اللّٰہَ لِیَ الْوَسِیْلَۃَ فَاِنَّھَا مَنْزِلَۃٌ فِی الْجَنَّۃِ لَا تَنْبَغِیْ اِلَّا لِعَبْدٍ مِّنْ عِبَادِ اللّٰہِ اَرْجُوْا اَنْ اَکُوْنَ اَنَا ھُوَ فَمَنْ سَاَلَ لِیَ الْوَسِیْلَۃَ حَلَّتْ لَہُ الشَّفَاعَۃُ۔

(سنن نسائی' عربی' کتاب الصلوٰۃ' باب صلوٰۃ علی النبی' حدیث نمبر 679' ص 93' مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

Marfat.com

ترجمہ:.....سیدنا حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ فرمارہے تھے کہ میں نے حضور نبی کریم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے سنا۔ جب تم اذان سنو تو جو کچھ موذن کہے تم بھی وہ کہو اور مجھ پر درود بھیجو کیونکہ جو شخص مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجے گا' اللہ رب العزت اس پر دس دفعہ رحمت بھیجے گا۔ پھر اللہ تعالیٰ سے میرے لئے وسیلہ طلب کرو کیونکہ وسیلہ جنت کا درجہ ہے جو کہ اللہ تعالیٰ کے خاص بندوں میں سے ایک بندہ کے سوا کسی کے لائق نہیں۔ مجھے امید ہے کہ اس کے لائق میں ہی ہوں گا جو شخص میرے لئے وسیلہ طلب کرے گا اس کے لئے میری شفاعت لازمی ہو جائے گی۔

(سنن نسائی' عربی اردو' جلد اول' الصلوٰۃ علی النبی بعد الاذان' حدیث نمبر 381' ص 206' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:214

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنِ ابْنِ لَهِيْعَةَ وَحَيْوَةَ وَسَعِيْدِ بْنِ اَبِیْ اَيُّوْبَ عَنْ كَعْبِ بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم يَقُوْلُ اِذَا سَمِعْتُمُ الْمُؤَذِّنَ فَقُوْلُوْا مِثْلَ مَايَقُوْلُ ثُمَّ صَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّهٗ مَنْ صَلّٰى عَلَیَّ صَلٰوةً صَلَّى اللّٰهُ بِهَا عَشْرًا ثُمَّ سَلُوا اللّٰهَ

Marfat.com

لِیَ الْوَسِیْلَةَ فَاِنَّهَا مَنْزِلَةٌ فِی الْجَنَّةِ لَایَنْبَغِیْ اِلَّا لِعَبْدٍ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ وَاَرْجُوَاَنْ اَکُوْنَ اَنَا هُوَ فَمَنْ سَاَلَ اللّٰه لِی الْوَسِیْلَةَ حَلَّتْ عَلَیْهِ الشَّفَاعَةُ

(ابوداؤد عربی کتاب الصلوٰۃ باب مایقول اذا سمع الموذن حدیث نمبر 523 ص 88 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....عبدالرحمٰن بن جبیر سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب تم موذن کی آواز سنو تو وہی کہو جو وہ کہتا ہے۔ پھر مجھ پر درود بھیجو کیونکہ جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے پھر اللہ تعالیٰ سے میرے لئے وسیلہ کا سوال کرو کیونکہ وہ جنت میں ایک اعلیٰ مقام ہے جو اللہ تعالیٰ کے بندوں سے ایک ہی بندے کے لائق ہے اور مجھے امید ہے کہ وہ میں ہوں۔ پس جو میرے لئے وسیلہ مانگے گا اس کے لئے میری شفاعت حلال ہوگئی۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد اول کتاب الصلوٰۃ حدیث نمبر 520 ص 237 مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

حدیث شریف:215

حَدَّثَنَا یُوْسُفُ بْنُ حَمَّادِ الْمَعْنِیُّ ثَنَا عَبْدُالْوَارِثِ بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ عَبْدِالْعَزِیْزِ بْنِ صُهَیْبٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

Marfat.com

عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم قَالَ مَامِنْ مُّسْلِمِیْنَ یَتَوَفّٰی لَھُمَا ثَلَاثَۃٌ مِّنَ الْوَلَدِ لَمْ یَبْلُغُوا الْحِنْثَ اِلَّا اَدْخَلَھُمُ اللّٰہُ الْجَنَّۃَ بِفَضْلِ رَحْمَۃِ اللّٰہِ اِیَّاھُمْ۔

(ابن ماجہ عربی کتاب الجنائز حدیث نمبر 1605 ص 228 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... یوسف بن حماد المعنی عبدالوارث عبدالعزیز (رباعی) انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس مسلمان کے تین بچے نابالغی کی حالت میں فوت ہوجائیں اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ان کے صدقے سے اسے جنت میں داخل فرمائے گا۔

(سنن ابن ماجہ عربی اردو جلد اول باب ماجاء فی ثواب من اصیب بولدہ حدیث نمبر 1668 ص 455 مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: جب نابالغی کی حالت میں فوت شدہ بچوں کے صدقے سے جنت مل سکتی ہے تو رسول اکرم نور مجسم ﷺ کے صدقے سے جنت کیوں کر نہیں مل سکتی۔

حدیث شریف:216

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْیَانُ عَنْ بُرَیْدَ ابْنِ اَبِیْ بُرْدَۃَ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اشْفَعُوْا اِلَیَّ لِتُؤْجَرُوْا وَلْیَقْضِ اللّٰہُ عَلٰی لِسَانِ نَبِیِّہٖ مَاشَآءَ۔

Marfat.com

(ابوداؤد' عربی' کتاب الادب' حدیث نمبر 5131' ص 721' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے پاس سفارش کرو تا کہ تمہیں ثواب ملے اور اللہ تعالیٰ جو چاہے اپنے نبی کی زبان سے فیصلہ کرواتا ہے۔

(ابوداؤد' عربی اردو' جلد سوم' باب فی الشفاعۃ' حدیث نمبر 1692' ص 612' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ کی کوئی بات اللہ تعالیٰ نہیں ٹالتا۔ اللہ تعالیٰ جو چاہے اپنے حبیب ﷺ سے فیصلہ کرواتا ہے۔

وہ زباں جس کو سب کن کی کنجی کہیں
اس کی نافذ حکومت پہ لاکھوں سلام

حدیث شریف: 217

حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ صَبَّاحٍ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ سَمِعْتُ عَوْفًا اَنَّ اَبَاالْمِنْهَالِ حَدَّثَه' اَنَّه' سَمِعَ اَبَابَرْزَةَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يُغْنِيْكُمْ اَوَنَعَشَكُمْ بِالْاِسْلَامِ وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْ عَبْدِاللّٰهِ وَقَعَ هَاهُنَا يُغْنِيْكُمْ وَاِنَّمَا هُوَ نَعَشَكُمْ يُنْظَرُ فِيْ۔

(بخاری، عربی، کتاب الاعتصام، حدیث نمبر 7271، صفحہ نمبر 1251، مطبوعہ دارالسلام ریاض،

Marfat.com

سعودی عرب)

ترجمہ:.....عبداللہ بن صباح نے کہا کہ ہم سے معتمر (بن سلیمان بن طرخان) نے بیان کیا۔ انہوں نے کہا میں نے عوف (اعرابی) سے سنا کہ ابوالمنہال (سیار بن سلامہ) نے ان سے بیان کیا کہ انہوں نے حضرت ابو برزہ (اسلمی) رضی اللہ عنہ کو کہتے ہوئے سنا کہ اللہ عزوجل نے تمہیں اسلام اور محمد ﷺ کے ذریعہ غنی کر دیا اور بلند کر دیا۔ ابوعبداللہ (امام بخاری رضی اللہ عنہ) نے کہا۔

(بخاری، عربی اردو، جلد سوم، کتاب الاعتصام، حدیث نمبر 2133، ص 955 مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: صحابہ کرام علیہم الرضوان کا یہ ایمان تھا کہ ہمیں اللہ تعالیٰ نے اسلام اور اپنے حبیب ﷺ کے وسیلہ جلیلہ سے غنیٰ کر دیا اور بلندی عطا کی۔

حدیث نمبر:218

حَدَّثَنَا عَمْرو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ قُتَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَيَتَمَثَّلُ بِشِعْرِاَبِىْ طَالِبٍ

وَاَبْيَضُ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهٖ
ثِمَالُ الْيَتٰمٰى عِصْمَةٌ لِّلاَرَامِلِ

Marfat.com

وَقَالَ عُمَرُ بْنُ حَمْزَةَ حَدَّثَنَا سَالِمٌ عَنْ اَبِيْهِ وَرُبَّمَا ذَكَرْتُ قَوْلَ الشَّاعِرِ وَاَنَا اَنْظُرُ اِلٰى وَجْهِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَسْقِىْ فَمَا يَنْزِلُ حَتّٰى يَجِيْشَ كُلُّ مِيْزَابٍ وَّاَبْيَضُ يُسْتَسْقٰى الْغَمَامُ بِوَجْهِهٖ ثِمَالُ الْيَتٰمٰى عِصْمَةٌ لِّلْاَرَامِلِ وَهُوَ قَوْلُ اَبِىْ طَالِبٍ

(بخاری، عربی، کتاب الاستسقاء حدیث نمبر 1008، صفحہ نمبر 162، مطبوعہ دارالسلام، ریاض ● سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت عبداللہ بن دینار رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو ابو طالب کے اس شعر کے ساتھ مثال دیتے ہوئے سنا۔ وہ شعر یہ ہے۔

وَاَبْيَضُ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهٖ
ثِمَالُ الْيَتٰمٰى عِصْمَةٌ لِّلْاَرَامِلِ

روشن اور سفید چہرے والے جس کے رخ انور کے وسیلہ سے باران رحمت مانگی جاتی ہے جو یتیموں کے فریادی ہیں اور بیواؤں کو پناہ دینے والے ہیں۔ عمر بن حمزہ نے کہا ہم کو سالم بن عبداللہ نے اپنے باپ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے بتایا۔ میں جب کبھی شاعر کا یہ شعر یاد کرتا اور میں چہرۂ اقدس نبی اکرم ﷺ کو دیکھتا (کہ آپ ﷺ منبر شریف پر جلوہ افروز ہوتے) باران رحمت کے لئے دعا کرتے اور آپ ﷺ منبر شریف سے نیچے نہیں اترتے تھے یہاں تک کہ پرنالے

Marfat.com

خوب اچھی طرح پہنچ لگتے اور مذکورہ بالا شعر ابو طالب کا ہے۔

(بخاری، عربی اردو، جلد اول، کتاب الاستسقاء حدیث نمبر 952 ص نمبر 425 مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف:219

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الْاَنْصَارِیُّ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْمُثَنّٰی عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ اِذَا قَحَطُوْا اسْتَسْقٰی بِالْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِالْمُطَّلِبِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اِنَّا كُنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَیْكَ بِنَبِیِّنَا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَتَسْقِیْنَا وَ اِنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَیْكَ بِعَمِّ نَبِیِّنَا فَاسْقِنَا قَالَ فَیُسْقَوْنَ

(بخاری، عربی، کتاب الاستسقاء، حدیث نمبر 1009، ص 162، مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں جب لوگ قحط سالی میں مبتلا ہوتے تو حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ (حضور ﷺ کے چچا) کے وسیلہ سے بارش کی دعا کرتے اور کہتے اے اللہ تعالیٰ! تیری بارگاہ میں ہم اپنے نبی ﷺ کا

Marfat.com

وسیلہ پیش کیا کرتے تھے تو تو ہم پر رحمت کی بارش برسا دیا کرتا تھا اور اب ہم تیری بارگاہ میں اپنے نبی اکرم ﷺ کے چچا جان کا وسیلہ لے کر آئے ہیں ہم پر باران رحمت نازل فرما' فرماتے ہیں ان پر بارش برس پڑتی۔

(بخاری، عربی اردو، جلد اول' کتاب الاستسقاء' حدیث نمبر 953 ص 425 مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

فوائد و مسائل

بخاری شریف کی یہ حدیث کھلی ہوئی دلیل ہے کہ خدا تعالیٰ سے دعا مانگتے وقت حضرات انبیاء و اولیاء اور دوسرے صلحاءِ امت کا وسیلہ پکڑنا۔ اور ان کے وسیلوں سے اپنی مرادوں کو بارگاہ الٰہی جل جلالہ سے طلب کرنا یہ ایک ایسا مسئلہ ہے کہ اس پر تمام صحابہ کرام علیہم الرضوان کا اجماع و اتفاق ہے۔ کیونکہ ظاہر ہے کہ نماز استسقاء میں حضور امیر المؤمنین فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہزاروں صحابہ دعا میں شریک ہوتے رہے ہوں گے اور اس دعا کو سنتے رہے ہوں گے۔ اگر خدانخواستہ وسیلوں کے ساتھ دعا مانگنا شرک یا گناہ ہوتا تو نہ حضرت امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ عنہ اس طرح دعا مانگتے' نہ صحابہ اس دعا کو پسند کرتے۔ اگر بال برابر بھی یہ دعا خلاف شریعت ہوتی تو ہزاروں صحابہ ہرگز ہرگز اس کو برداشت نہیں کر سکتے تھے۔ بلکہ ضرور حضرت فاروق اعظم کو ٹوک دیتے۔ مگر جب حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اس طرح دعا مانگی اور تمام صحابہ کرام نے اس دعا کو پسند کر کے اس پر آمین

Marfat.com

کہا تو یہ اجماع ہو گیا کہ بلاشبہ اس طرح دعا مانگنا جائز بلکہ مستحب ہے۔

۴۔ حضرت علامہ عینی علیہ الرحمہ نے تحریر فرمایا کہ ابو صالح کی روایت کردہ حدیث میں یہ بھی آیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنے ساتھ منبر پر کھڑا کیا اور پہلے خود اس طرح دعا مانگی کہ:

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَتَوَجَّھُنَا اِلَیْکَ بِعَمِّ نَبِیِّکَ فَاسْقِنَا الْغَیْثَ وَلَا تَجْعَلَنَا مِنَ الْقَانِطِیْنَ۔

یا اللہ! ہم سب تیرے نبی کے چچا کے وسیلہ سے تیری طرف متوجہ ہوتے ہیں لہذا تو ہم لوگوں کو بارش سے سیراب فرما دے اور ہم کو ناامید نہ فرما۔

اس کے بعد حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اے ابوالفضل! تم بھی دعا مانگو تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اس طرح دعا مانگی کہ

اَللّٰھُمَّ لَمْ یُنْزَلْ بَلَاءٌ اِلَّا بِذَنْبٍ وَلَمْ یُکْشَفْ اِلَّا بِتَوْبَۃٍ وَقَدْ تَوَجَّہَ بِیَ الْقَوْمُ اِلَیْکَ بِمَکَانِیْ مِنْ نَبِیِّکَ وَھٰذِہٖ اَیْدِیْنَا اِلَیْکَ بِالذُّنُوْبِ وَنَوَاصِیْنَا بِالتَّوْبَۃِ فَاسْقِنَا۔

یا اللہ جل جلالہٗ! ہر بلا گناہوں کے باعث ہی اتاری جاتی ہے اور بغیر توبہ کے کوئی بلا دفع نہیں کی جاتی۔ ساری قوم میرے وسیلہ سے تیری طرف متوجہ ہوئی ہے کیونکہ مجھ کو تیرے نبی ﷺ سے ایک خاص تعلق ہے۔ یہ ہمارے گناہ گار ہاتھ اور

Marfat.com

ہماری توبہ کرنے والی پیشانیاں تیرے حضور میں حاضر ہیں لہذا تو ہم لوگوں کو سیراب فرمادے۔

راوی کا بیان ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی دعا کے بعد پہاڑوں کی طرح بدلیاں ہر چار طرف سے آ گئیں اور خوب بارش ہوئی۔ یہاں تک کہ زمین سیراب ہو کر سرسبز و شاداب ہو گئیں (حاشیہ بخاری ص ۱۳۷)

۳۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اپنی دعا میں یہ تصریح فرمادی کہ پہلے ہم تیرے نبی ﷺ کو وسیلہ بنا کر دعا مانگا کرتے تھے اور اب ہم تیرے نبی کے چچا کو وسیلہ بنا کر دعا مانگتے ہیں۔

اس سے ثابت ہو گیا کہ نبی اور غیر نبی، زندوں اور وفات پا جانے والوں سب کو دعاؤں میں وسیلہ بنانا جائز ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

صحابہ کرام علیہم الرضوان کا ادب رسول ﷺ

حدیث شریف:220

وَحَدَّثَنِیْ حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ وَاَحْمَدُ بْنُ سَعِیْدِ بْنِ صَخْرٍ وَّاللَّفْظُ مِنْهُمَا قَرِیْبٌ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ فِیْ رِوَایَةِ حَجَّاجِ بْنِ یَزِیْدَ اَبُوْ زَیْدٍ الْاَحْوَلُ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ

Marfat.com

اَفْلَحَ مَوْلٰی اَبِیْ اَیُّوْبَ عَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَزَلَ عَلَیْہِ فَنَزَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی السُّفْلِ وَاَبُوْ اَیُّوْبَ فِی الْعُلْوِا قَالَ فَانْتَبَہَ اَبُوْ اَیُّوْبَ لَیْلَۃً فَقَالَ نَمْشِی فَوْقَ رَاْسِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَتَنَحَّوْا فَبَاتُوْا فِیْ جَانِبٍ ثُمَّ قَالَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ السُّفْلُ اَرْفَقُ فَقَالَ لَا اَعْلُوْ سَقِیْفَۃً اَنْتَ تَحْتَہَا فَتَحَوَّلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْعُلْوِا وَاَبُوْ اَیُّوْبَ فِی السُّفْلِ فَکَانَ یَصْنَعُ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ طَعَامًا فَاِذَا جِیْءَ بِہٖ اِلَیْہِ سَاَلَ عَنْ مَّوْضِعِ اَصَابِعِہٖ فَیَتَتَبَّعُ مَوْضِعَ اَصَابِعِہٖ فَصَنَعَ لَہٗ طَعَامًا فِیْہِ کُوْمٌ فَلَمَّا رُدَّ اِلَیْہِ سَاَلَ عَنْ مَّوْضِعِ اَصَابِعِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقِیْلَ لَہٗ لَمْ یَاْکُلْ فَفَزِعَ وَصَعِدَ اِلَیْہِ فَقَالَ اَحَرَامٌ ھُوَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا وَلٰکِنِّیْ اَکْرَھُہٗ قَالَ فَاِنِّیْ اَکْرَہُ مَاتَکْرَہُ اَوْ مَا کَرِھْتَ قَالَ وَکَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُؤْتٰی بِالْوَحْیِ۔

(مسلم شریف، عرب، کتاب الاشربۃ، حدیث 5358، ص 916، مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں

Marfat.com

(ہجرت کے بعد) نبی اکرم ﷺ ان کے ہاں قیام پذیر ہوئے۔ نبی اکرم ﷺ نیچے والے حصے میں قیام پذیر ہوئے اور حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ اوپر کی منزل میں ٹھہر گئے۔ رات کے وقت حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کی آنکھ کھلی تو انہیں خیال آیا کہ ہم تو نبی اکرم ﷺ کے اوپر چل رہے ہیں تو وہ ایک کونے میں ہو گئے اور اسی کونے میں انہوں نے رات بسر کر لی (اگلے دن) انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے اس بات کا تذکرہ کیا تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: نیچے والی منزل میں زیادہ سہولت ہے۔ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے عرض کی۔ میں اس چھت کے اوپر نہیں رہ سکتا جس کے نیچے آپ ﷺ موجود ہوں تو نبی اکرم ﷺ اوپر کی منزل میں منتقل ہو گئے اور حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نیچے والی منزل میں آ گئے۔ حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کے لئے کھانا تیار کیا کرتے تھے اور جب وہ باقی ماندہ کھانا حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کے پاس واپس آتا تو وہ دریافت کرتے نبی اکرم ﷺ نے کس جگہ انگلیاں رکھی تھیں پھر حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ اسی جگہ انگلیاں رکھتے۔ ایک مرتبہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے لئے کھانا تیار کیا جس میں لہسن بھی تھا۔ جب باقی ماندہ کھانا واپس آیا تو حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کے انگلیاں رکھنے کے مقام پر دریافت کیا' انہیں بتایا گیا کہ آپ ﷺ نے کھانا نہیں کھایا وہ خوفزدہ ہو گئے۔ اوپر گئے اور عرض کی کیا یہ حرام ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا' نہیں! البتہ میں اسے ناپسند کرتا ہوں تو حضرت ابوایوب

Marfat.com

رضی اللہ عنہ نے عرض کی' جس چیز کو آپ ناپسند کرتے ہوں' اسے میں بھی ناپسند کرتا ہوں (راوی کہتے ہیں) نبی اکرم ﷺ (لہسن کی بو کو اس لئے ناپسند کرتے تھے) کیونکہ آپ ﷺ کے پاس وحی آتی تھی۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد سوم کتاب الاشربۃ' حدیث 5242 ص 670 مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: صحابہ کرام علیہم الرضوان کے دلوں میں رسول اکرم نور مجسم ﷺ کا بے انتہا ادب تھا۔ جس کی مثال حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے عمل سے واضح ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کے ادب میں اوپر والی منزل پر ٹھہرنا بھی گوارا نہ کیا بلکہ جب آپ رضی اللہ عنہ کی توجہ اس طرف گئی تو ایک کونے میں تکلیف برداشت کرتے ہوئے رات گزارنا گوارا کیا' مگر بے ادبی نہ ہونے دی۔

حدیث شریف: 221

حَدَّثَنِیْ عُبَیْدُاللّٰہِ بْنُ مُعَاذِ اُلعَنْبَرِیُّ حَدَثَنَا اَبِیْ حَدَثَنَا شُعْبَۃُ عَنْ اَبِیْ اِسحٰق قَالَ سَمِعْتُ اُلبَرَاءَ بْنُ عَازِبٍ یَّقُوْلُ کَتَبَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبِ الصُّلْحَ بَیْنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَ بَیْنَ الْمُشْرِکِیْنَ یَوْمَ الْحُدَیْبِیَّۃِ فَکَتَبَ ھٰذَا مَا کَاتَبَ عَلَیْہِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰہِ فَقَالُوْا لَا تَکْتُبْ رَسُوْلُ اللّٰہِ فَلَوْ نَعْلَمُ اَنَّکَ رَسُوْلُ اللّٰہِ

Marfat.com

لَمْ نُقَاتِلْكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ امْحُهُ فَقَالَ مَا اَنَا بِالَّذِيْ اَمْحَاهُ فَمَحَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ قَالَ وَكَانَ فِيْمَا اشْتَرَطُوْا اَنْ يَّدْخُلُوْا مَكَّةَ فَيُقِيْمُوْا بِهَا ثَلَاثًا وَّلَا يَدْخُلُهَا بِسِلَاحٍ اِلَّا جُلُبَّانَ السِّلَاحِ قُلْتُ لِاَبِيْ اِسْحٰقَ وَمَا جُلُبَّانُ السِّلَاحِ قَالَ الْقِرَابُ وَمَا فِيْهِ۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب الجہاد والسیر، حدیث نمبر 4629، ص 790، مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ حدیبیہ کے دن، حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ اور مشرکین کے درمیان صلح کا معاہدہ تحریر کیا اور اس میں یہ لکھا۔ یہ معاہدہ حضرت محمد ﷺ کر رہے ہیں جو اللہ کے رسول ہیں۔ قریش نے اعتراض کیا۔ آپ ﷺ ''اللہ کے رسول ﷺ'' نہ لکھیں کیونکہ اگر ہم یہ اعتراف کرلیں کہ آپ ﷺ اللہ کے رسول ﷺ ہیں تو ہم آپ ﷺ کے ساتھ جنگ ہی نہ کریں۔ نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حکم دیا اسے مٹادو۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی، میں اسے نہیں مٹا سکتا تو نبی اکرم ﷺ نے اپنے دست اقدس کے ذریعہ اسے مٹادیا۔ (راوی کہتے ہیں) قریش نے جو شرائط مقرر کی تھیں ان میں یہ شرط بھی تھی کہ مسلمان مکہ میں داخل ہونے کے بعد صرف تین دن وہاں قیام کریں گے اور ہتھیار لے کر

Marfat.com

مکہ میں داخل نہیں ہوں گے۔ البتہ ہتھیار میدان میں ڈال کر آ سکتے ہیں۔
(مسلم شریف، عربی اردو، جلد دوم' کتاب الجہاد والسیر' حدیث 4514، ص 669' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ادب رسول ﷺ کو ملحوظ رکھتے ہوئے لفظ "رسول اللہ" نہیں مٹایا۔

اس پرفتن دور میں بعض ایسے بے ادب اور مقام رسالت ﷺ سے ناآشنا لوگ جہاں کہیں "یا رسول اللہ ﷺ" لکھا دیکھتے ہیں تو "یا" کے چکر میں لفظ "رسول اللہ ﷺ" کو بھی مٹا دیتے ہیں ان لوگوں کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے عمل سے ہدایت حاصل کرنی چاہیے۔

عقیدہ: حضور اقدس ﷺ کی تعظیم یعنی اعتقاد عظمت جزو ایمان و رکن ایمان ہے اور فعل تعظیم بعد ایمان ہر فرض سے مقدم ہے۔ اس کی اہمیت کا پتہ اس حدیث سے چلتا ہے کہ غزوۂ خیبر سے واپسی میں منزل صہبا پر نبی ﷺ نے نماز عصر پڑھ کر مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ کے زانو پر سر مبارک رکھ کر آرام فرمایا۔ مولیٰ علی رضی اللہ عنہ نے نماز عصر نہ پڑھی تھی' آنکھ سے دیکھ رہے تھے کہ وقت جا رہا ہے مگر اس خیال سے کہ زانو سرکاؤں تو شاید خواب مبارک میں خلل آئے۔ زانو نہ ہٹایا' یہاں تک کہ آفتاب غروب ہو گیا جب چشم اقدس کھلی مولیٰ علی رضی اللہ عنہ نے اپنی نماز کا حال عرض کیا۔ حضور ﷺ نے حکم دیا ڈوبا ہوا آفتاب پلٹ آیا۔ مولیٰ علی رضی اللہ عنہ نے نماز ادا کی پھر ڈوب گیا۔ اس سے ثابت ہوا کہ افضل العبادات نماز اور وہ بھی

Marfat.com

صلوٰۃ وسطی نماز عصر مولیٰ علی رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کی نیند پر قربان کر دی کہ عبادتیں بھی حضور ﷺ ہی کے صدقہ میں ملیں۔ دوسری حدیث اس کی تائید میں یہ ہے کہ غار ثور میں پہلے صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ گئے اپنے کپڑے پھاڑ پھاڑ کر اس کے سوراخ بند کر دیئے ایک سوراخ باقی رہ گیا۔ اس میں پاؤں کا انگوٹھا رکھ دیا پھر حضور اقدس ﷺ کو بلایا تشریف لے گئے اور ان کے زانو پر سر اقدس رکھ کر آرام فرمایا۔ اس غار میں ایک سانپ مشتاق زیارت رہتا تھا۔ اس نے اپنا سر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے پاؤں پر ملا۔ انہوں نے اس خیال سے کہ حضور ﷺ کی نیند میں فرق نہ آئے پاؤں نہ ہٹایا۔ آخر اس نے پاؤں میں کاٹ لیا۔ جب صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے آنسو چہرہ انور پر گرے۔ چشم مبارک کھلی۔ عرض حال کیا حضور ﷺ نے لعاب دہن لگایا۔ فوراً آرام ہو گیا۔ ہر سال وہ زہر عود کرتا بارہ برس بعد اسی سے شہادت پائی۔ ثابت ہوا کہ جملہ فرائض فروع ہیں۔ اصل الاصول بندگی اس تاجور کی ہے (بہار شریعت حصہ اول)۔

عقیدہ: حضور ﷺ کی تعظیم و توقیر جس طرح اس وقت تھی کہ حضور ﷺ اس عالم میں ظاہری نگاہوں کے سامنے تشریف فرما تھے اب بھی اسی طرح فرض اعظم ہے جب حضور ﷺ کا ذکر آئے تو بکمال خشوع و خضوع و انکسار با ادب سنے اور نام پاک سنتے ہی درود شریف پڑھنا واجب ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ مَعْدِنِ

Marfat.com

اَلْجُوْدِ وَالْكَرَمُ وَاٰلِهِ الْكِرَامِ وَ صَحْبِهِ الْعِظَامِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اور حضور ﷺ سے محبت کی علامت یہ ہے کہ بکثرت ذکر کرے اور درود شریف کی کثرت کرے اور نام پاک لکھے تو اس کے بعد ﷺ لکھے۔ بعض لوگ براہ اختصار صلعم یا لکھتے ہیں۔ یہ محض ناجائز و حرام ہے اور محبت کی یہ بھی علامت ہے کہ آل و اصحاب مہاجرین و انصار و جمیع متعلقین و متوسلین سے محبت رکھے اور حضور ﷺ کے دشمنوں سے عداوت رکھے۔ اگرچہ وہ اپنا باپ یا بیٹا یا بھائی یا کنبہ کے کیوں نہ ہوں اور جو ایسا نہ کرے وہ اس دعویٰ میں جھوٹا ہے کیا تم کو نہیں معلوم کہ صحابہ کرام نے حضور ﷺ کی محبت میں اپنے سب عزیزوں قریبوں باپ بھائیوں اور وطن کو چھوڑا اور یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ اللہ و رسول ﷺ سے بھی محبت ہو اور ان کے دشمنوں سے بھی الفت۔ ایک کو اختیار کر کہ ضدین جمع نہیں ہوسکتیں، چاہے جنت کی راہ چل یا جہنم کو جا۔ نیز علامت محبت یہ ہے کہ شان اقدس میں جو الفاظ استعمال کئے جائیں ادب میں ڈوبے ہوئے ہوں۔ کوئی ایسا لفظ جس میں کم تعظیمی کی بو بھی ہو، کبھی زبان پر نہ لائے اگر حضور ﷺ کو پکارے تو نام پاک کے ساتھ ندا نہ کرے کہ جائز نہیں بلکہ یوں کہے یا نبی ﷺ اللہ یا رسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ اگر مدینہ طیبہ کی حاضری نصیب ہو تو روضہ شریف کے سامنے چار ہاتھ کے فاصلے سے دست بستہ جیسے نماز میں کھڑا ہوتا ہے، کھڑا ہو کر سر جھکائے ہوئے صلوٰۃ و سلام عرض

Marfat.com

کرے۔ بہت قریب نہ جائے۔ نہ ادھر ادھر دیکھے اور خبردار خبردار! آواز کبھی بلند نہ کرنا کہ عمر بھر کا سارا کیا دھرا اکارت جائے اور محبت کی یہ نشانی بھی ہے کہ حضور ﷺ کے اقوال وافعال واحوال لوگوں سے دریافت کرے اور ان کی پیروی کرے (بہار شریعت حصہ اول)

حدیث شریف:222

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ الْعَبْدِیُّ نَاوَهْبُ بْنُ جَرِیْرٍنَا اَبِیْ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ یُحَدِّثُ عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ قَیْسِ بْنِ مَخْرَمَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ وُلِدْتُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفِیْلِ قَالَ وَسَاَلَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَانٍ قُبَاثَ بْنَ اُشَیْمٍ اَخَابَنِیْ یَعْمُرَ بْنِ لَیْثٍ اَنْتَ اَکْبَرُ اَمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَکْبَرُ مِنِّیْ وَاَنَا اَقْدَمُ مِنْهُ فِی الْمِیْلَادِ قَالَ وَرَاَیْتُ خَذَقَ الطَّیْرِ اَخْضَرَ مُجِیْلًا۔

(ترمذی، عربی، کتاب المناقب، باب ماجاء فی میلاد النبی ﷺ، حدیث نمبر 3619، ص 825، مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی)

ترجمہ:..... مطلب بواسطہ والد اپنے دادا قیس بن مخرمہ رضی اللہ عنہ سے

Marfat.com

روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں۔ میں اور رسول اللہ ﷺ عام الفیل میں پیدا ہوئے۔ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے بھی یعمر بن لیث کے بھائی قباث بن اشیم سے پوچھا تمہاری عمر زیادہ ہے یا رسول اللہ ﷺ کی؟ انہوں نے فرمایا رسول اللہ ﷺ مجھ سے بڑے ہیں اور میری ولادت پہلے ہے اور میں نے (ابرہہ کے) ہاتھی کی لید سبز رنگ میں بدلی ہوئی دیکھی ہے۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد اول' ابواب المناقب' حدیث نمبر 1553 ص 761، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: صحابی رسول حضرت قباث بن اشیم رضی اللہ عنہ کے جواب پر قربان جائیے کہ یہ نہ کہا میری عمر رسول اکرم نور مجسم ﷺ سے زیادہ ہے بلکہ ادب رسول ﷺ کو ملحوظ رکھتے ہوئے کہا کہ مصطفیٰ جان رحمت ﷺ مجھ سے بڑے ہیں اور میری ولادت پہلے ہے۔

اس حدیث کے لئے امام ترمذی علیہ الرحمہ نے باب میلاد النبی باندھا لہذا معلوم ہوا کہ لفظ میلاد النبی اکابر محدثین نے نکالا ہے۔ آج کل کا نکالا ہوا نہیں ہے۔

حدیث شریف:223

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ وَعَبْدُالرَّزَّاقِ عَنِ ابْنِ خُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عُثْمَانُ ابْنُ

Marfat.com

السَّآئِبِ اَخبَرَنِیْ اَبِیْ وَاُمُّ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ اَبِیْ مَحْذُوْرَةَ عَنْ اَبِیْ مَحْذُوْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا الْخَبَرِ وَ فِیْهِ اَلصَّلٰوةُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ اَلصَّلٰوةَ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ فِی الْاَوَّلِ مِنَ الصُّبْحِ قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ وَ حَدِیْثُ مُسَدَّدٍ اَبْیَنُ قَالَ فِیْهِ وَ عَلَّمَنِیَ الْاِقَامَةَ مَرَّتَیْنِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوةِ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوةِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ وَقَالَ عَبْدُالرَّزَّاقِ وَاِذَا اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ فَقُلْهَا مَرَّتَیْنِ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ اَسَمِعْتَ قَالَ فَكَانَ اَبُوْ مَحْذُوْرَةَ لَایُجُزُّنَاصِیَتَهٗ وَلَا یُفَرِقُهَا لِاَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَیْهَا۔

(ابوداؤد، عربی، کتاب الصلوۃ، باب بدء الاذان، حدیث نمبر 501، ص 83، مطبوعہ دار السلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... عبدالمالک بن ابومحذورہ نے اپنی والدہ ماجدہ اور اپنے والد ماجد اور حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے انہیں مذکورہ طریقہ بتایا اس روایت میں ہے کہ نماز نیند سے بہتر ہے' نماز نیند سے بہتر

Marfat.com

ہے۔ یہ فجر کی پہلی اذان میں ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا۔ کہ مسدد کی حدیث زیادہ واضح ہے اس میں فرمایا کہ مجھے اقامت دو مرتبہ سکھائی۔ اللہ بہت بڑا ہے' اللہ بہت بڑا ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ' میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ' میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کے رسول ہیں' میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کے رسول ہیں۔ آؤ نماز کی طرف' آؤ نماز کی طرف' آؤ نجات کی طرف' آؤ نجات کی طرف' اللہ بہت بڑا ہے' اللہ بہت بڑا ہے۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ عبدالرزاق نے کہا جب تم نماز کی اقامت کہو تو دو مرتبہ کہا کرو۔ یقیناً نماز کھڑی ہوگئی۔ یقیناً نماز کھڑی' کیا تم نے سنا؟ نیز فرمایا کہ حضرت ابومحذورہ نہ کبھی اپنی پیشانی کے بال کتراتے اور نہ منڈاتے کیونکہ نبی کریم ﷺ نے ان پر اپنا دست مبارک پھیرا تھا۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد اول' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 499، ص 228' مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث شریف سے دو باتیں سامنے آئیں۔

اوّل یہ کہ اقامت کے کلمات دو دو مرتبہ ادا کرنے کا رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے حکم دیا ارشاد فرمایا ہے۔

دوم یہ کہ حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ کے سر پر حضور ﷺ نے اپنا دست نور پھیرا۔ آپ رضی اللہ عنہ ادباً و تعظیماً اپنی پیشانی کے بال کتراتے نہ منڈاتے۔

Marfat.com

حدیث شریف:224

وَحَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِیْ اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّهٗ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ يَقُوْلُ صَلّٰى بِنَا النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ النَّحْرِ بِالْمَدِيْنَةِ فَتَقَدَّمَ رِجَالٌ فَنَحَرُوْا وَظَنُّوْا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نَحَرَ فَاَمَرَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ نَحَرَ قَبْلَهٗ اَنْ يُعِيْدَ بِنَحْرٍ اٰخَرَ وَلَا يَنْحَرُوْا حَتّٰى يَنْحَرَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

ترجمہ:..... حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے قربانی کے دن مدینہ منورہ میں' ہمیں (عید کی) نماز پڑھائی۔ کچھ لوگوں نے (نماز سے) پہلے ہی قربانی کر لی۔ وہ یہ سمجھے تھے کہ شاید نبی اکرم ﷺ بھی قربانی کر چکے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے حکم دیا' جس نے قربانی کر لی ہو وہ دوبارہ قربانی کرے اور لوگ اس وقت تک قربانی نہ کریں جب تک نبی اکرم ﷺ قربانی نہ کر لیں۔

(مسلم شریف' عربی اردو' جلد دوم کتاب الاضاحی' حدیث 4968' ص 812 مطبوعہ شبیر برادرز لاہور' پاکستان)

ف: قربانی اللہ تعالیٰ کی عبادت ہے۔ مگر اس عبادت کو بجا لانے میں بھی اللہ تعالیٰ کے حبیب ﷺ سے پہل نہیں کرنی چاہئے' ادب و تعظیم رسول ﷺ کا تقاضا

Marfat.com

یہی ہے کہ پہلے حضور ﷺ کی قربانی ہو پھر پیچھے پیچھے تمام لوگوں کی قربانیاں ہونی چاہئے۔

حدیث شریف:225

حَدَّثَنَا ابْنُ مُعَاذٍنَا اَبِیْ نَاشُعْبَةُ عَنْ سَعْدٍ سَمِعَ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلَّی الظُّهْرَ فَسَلَّمَ فِی الرَّکْعَتَیْنِ فَقِیْلَ لَهٗ نَقَصَتِ الصَّلٰوةُ فَصَلَّی الرَّکْعَتَیْنِ ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَیْنِ۔

(ابوداؤد عربی' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 1014' ص 4ۃ' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ظہر کی نماز پڑھائی تو دو رکعتوں پر سلام پھیر دیا۔ آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کی گئی کہ کیا نماز کم ہوگئی ہے؟ پھر آپ ﷺ نے مزید دو رکعتیں پڑھیں پھر دو سجدے کئے۔

(ابوداؤد عربی اردو جلد اول' کتاب الصلوٰۃ حدیث نمبر 1001' ص 389' مطبوعہ فرید بک لاہور' پاکستان)

ف: اس حدیث شریف میں صحابہ کرام علیہم الرضوان نے جو ادب کے ساتھ الفاظ استعمال کئے ہیں اس پر پوری اُمت قربان ہو جائے۔

Marfat.com

عشق خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث شریف:226

حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ اِلٰى لِزْقِ جِذْعٍ وَّاتَّخَذُوا لَه' مِنْبَرًا فَخَطَبَ عَلَيْهِ فَحَنَّ الْجِذْعُ حَنِيْنَ النَّاقَةِ فَنَزَلَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَسَّه' فَسَكَتَ۔

(ترمذی' عربی' ابواب المناقب' حدیث نمبر 3627' ص 827' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھجور کے ایک تنے کے ساتھ کھڑے ہو کر خطبہ ارشاد فرمایا کرتے تھے۔ پھر صحابہ کرام نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے منبر بنوایا۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر تشریف فرما ہو کر خطبہ دیا تو وہ تنہ اس طرح رونے لگا جس طرح اونٹنی اپنے بچے کے پیچھے روتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نیچے اترے اور اس پر ہاتھ پھیرا تو وہ خاموش ہو گیا۔

(ترمذی' عربی اردو' جلد دوم' ابواب المناقب' حدیث نمبر 1561' ص 675' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: کھجور کے خشک تنہ جب جسم مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے مس ہو جائے تو اس میں

Marfat.com

بھی حیات پیدا ہو جاتی ہے اور وہ خشک تنہ فراق رسول ﷺ میں رونا شروع کر دیتا ہے۔ جب میرے مولیٰ ﷺ اپنا دست شفقت اس پر پھیرتے ہیں تو وہ خاموش ہو جاتا ہے۔

یاد نبی پاک ﷺ میں روئے جو عمر بھر
مولیٰ جل جلالہ ہمیں تلاش اسی چشم تر کی ہے

حدیث شریف: 227

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِیْدٍ نَا شَرِیْكٌ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ اَبِیْ ظَبْیَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ جَآءَ اَعْرَابِیٌّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بِمَه اَعْرِفُ اَنَّكَ نَبِیٌّ قَالَ اِنْ دَعَوْتُ هٰذَا الْعِذْقَ مِنْ هٰذِهِ تَشْهَدُ اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَجَعَلَ یَنْزِلُ مِنَ النَّخْلَةِ حَتّٰی سَقَطَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ ارْجِعْ فَعَادَ فَاَسْلَمَ الْاَعْرَابِیُّ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ صَحِیْحٌ

(ترمذی عربی ابواب المناقب حدیث نمبر 3628 ص 827 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک اعرابی

Marfat.com

نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا کہ مجھے کیسے معلوم ہو کہ آپ نبی ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا۔ اگر میں کھجور کے اس درخت کے اس گھچے کو بلاؤں تو وہ گواہی دے گا کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں پھر آپ ﷺ نے اُسے بلایا تو وہ درخت سے اترنے لگا۔ یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ کے پاس آ گرا پھر آپ ﷺ نے فرمایا واپس ہو جا۔ وہ واپس ہو گیا اور اس اعرابی نے اسلام قبول کر لیا۔

(ترمذی' عربی اردو' جلد اول' ابواب المناقب' حدیث نمبر 1562' ص 675' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ رسول اکرم نور مجسم ﷺ شجر و حجر کے بھی رسول ہیں اور آپ ﷺ کی حکومت انسانوں کے علاوہ شجر و حجر پر بھی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ درخت کو حکم دیا اور وہ حاضر ہو گیا۔

حدیث شریف:228

حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ ثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحَبَابِ ثَنَا مُوْسَى بْنُ عُبَيْدَةَ حَدَّثَنِیْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِیْ سَعِيْدٍ عَنِ الْاَدْرَعِ السُّلَمِیِّ قَالَ جِئْتُ لَيْلَةً اَحْرُسُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا رَجُلٌ قِرَآءَ تُهٗ عَالِيَةٌ فَخَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا اُمَرَاءِ قَالَ فَمَاتَ بِالْمَدِيْنَةِ فَفَرَغُوْا مِنْ جِهَازِهٖ فَحَمَلُوْا نَعْشَهٗ

Marfat.com

فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُرْفِقُوْا بِہٖ رَفَّقَ اللّٰہُ بِہٖ اِنَّہٗ کَانَ یُحِبُّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ قَالَ وَحَفَرَ حُفْرَتَہٗ فَقَالَ اَوْسِعُوْا لَہٗ اَوْسَعَ اللّٰہُ عَلَیْہِ فَقَالَ بَعْضُ اَصْحَابِہٖ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ لَقَدْ حَزِنْتَ عَلَیْہِ فَقَالَ اَجَلْ اِنَّہٗ کَانَ یُحِبُّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ۔

(ابن ماجہ عربی کتاب الجنائز حدیث نمبر 1559 ص 222 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....ابن ابی شیبہ زید بن الحباب موسیٰ بن عبیدہ سعید بن ابی سعید ادرع السلمی کہتے ہیں۔ میں ایک رات حضور ﷺ کی نگہبانی کے لئے آیا تو ایک شخص بلند آواز سے قرآن پڑھ رہا تھا۔ اتنے میں حضور ﷺ باہر تشریف لے آئے میں نے عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ یہ ریاکار معلوم ہوتا ہے۔ اس کے چند روز بعد اس کا انتقال ہوگیا۔ جب اس کا جنازہ تیار ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا اپنے بھائی کے ساتھ نرمی کرنا اللہ تعالیٰ بھی اس کے ساتھ نرمی کرے گا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ اور رسول ﷺ سے محبت رکھتا ہے۔ لوگوں نے اس کی قبر کھودی۔ آپ ﷺ نے فرمایا قبر کشادہ کرو۔ اللہ تعالیٰ اس پر کشادگی کرے گا۔ صحابہ کرام نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ آپ ﷺ کو اس کا بہت غم ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا یہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت رکھتا ہے۔

(سنن ابن ماجہ عربی اردو جلد اول باب ماجاء فی حفر القبر حدیث نمبر 1620 ص 443 مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

Marfat.com

ف: جو شخص اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہے۔ آپ ﷺ بھی اسی سے محبت فرماتے ہیں اور نرمی کرنے کا حکم ارشاد فرماتے ہیں اور بشارت عطا فرماتے ہیں کہ اس پر میری محبت کی وجہ سے رب کریم بھی نرمی فرمائے گا۔

عشق سرکا ﷺ کی اک شمع جلا لو دل میں
بعد مرنے کے لحد میں بھی اجالا ہوگا

حدیث شریف:229

حَدَّثَنَا اَبُوالْیَمَانِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوالزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ فَوَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَایُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ وَّالِدِہٖ وَوَلَدِہٖ۔

(بخاری عربی کتاب الایمان حدیث نمبر 14 ص 6 مطبوعہ دارالسلام ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ مجھے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے تم میں سے کوئی بھی اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک میں اسے اس کے والدین اور اس کی اولاد سے محبوب تر نہ ہوں۔

Marfat.com

(بخاری' عربی اردو' جلد اول' کتاب الایمان' حدیث نمبر 13 ص 82' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: مومن وہی شخص ہوسکتا ہے جو اپنے پیارے مولیٰ ﷺ کو کائنات میں سب سے زیادہ محبوب رکھتا ہو۔ صرف زبانی محبت نہیں بلکہ اپنے کردار سے بھی ثابت کرے۔ محبت ایسی نام نہاد نہ ہو کہ اپنے فرقے کے مولویوں کے لئے تو بڑے بڑے القابات لگائے جائیں اور ان کی تعریفیں کرتے ہوئے زمین و آسمان ایک کردیئے جائیں مگر جب شان رسول ﷺ کی بات آئے تو یہ کہا جائے کہ حضور ﷺ کی اتنی تعریف مت کرو کہ اللہ تعالیٰ سے بھی بڑھا دو ایسی محبت زبانی جمع خرچ ہے۔ حقیقت سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔

حدیث شریف:230

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثٌ مَّنْ كُنَّ فِيْهِ وَجَدَ حَلَاوَةَ الْاِيْمَانِ اَنْ يَّكُوْنَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُه' اَحَبَّ اِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا وَاَنْ يُّحِبَّ الْمَرءَ لَايُحِبُّه' اِلَّا لِلّٰهِ وَاَنْ يَّكْرَهَ اَنْ يَّعُوْدَ فِى الْكُفْرِ كَمَا يَكْرَهُ اَنْ يُّقْذَفَ فِى النَّارِ

Marfat.com

(بخاری' عربی' کتاب الایمان' حدیث نمبر 15' ص 6' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت انس رضی اللہ عنہ راوی ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس میں بھی یہ تین باتیں ہوں گی وہ لذت ایمان سے لطف اندوز ہوگا۔ یہ کہ اللہ اور اس کا رسول اس کو سب دنیا سے محبوب ہوں۔ دوسرے یہ کہ کسی شخص سے محبت محض اللہ کے لئے ہو۔ تیسرے یہ کہ کفر میں دوبارہ لوٹ کر آنا ایسے ہی ناپسند ہو جیسے آگ میں ڈالا جانا۔

(بخاری' عربی اردو' جلد اول' کتاب الایمان' حدیث نمبر 15' ص 83' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 231

حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ حَمِیْدٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّهٗ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَتٰی قِیَامُ السَّاعَةِ فَقَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم اِلَی الصَّلٰوةِ فَلَمَّا قَضٰی صَلَاتَهٗ قَالَ اَیْنَ السَّائِلُ عَنْ قِیَامِ السَّاعَةِ فَقَالَ الرَّجُلُ اَنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَا اَعْدَدْتَ لَهَا قَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَعْدَدْتُّ لَهَا کَبِیْرَ صَلٰوةٍ وَلَا صَوْمٍ اِلَّا اَنِّیْ اُحِبُّ اللّٰه وَرَسُوْلَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

Marfat.com

وَسَلَّم اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ وَاَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ فَمَا رَأَيْتُ فَرِحَ الْمُسْلِمُوْنَ بَعْدَ الْاِسْلَامِ فَرْحَهُمْ بِهَا هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ

(ترمذی' عربی' ابواب الزہد' حدیث نمبر 2385' ص 544' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ ایک شخص نے بارگاہ رسالت ﷺ میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ! قیامت کب ہوگی؟ رسول اللہ ﷺ نماز سے اٹھ کھڑے ہوئے جب نماز پڑھ چکے تو فرمایا۔ قیامت کے بارے میں سوال کرنے والا کہاں ہے؟ اس شخص نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! میں ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا تو نے اس کے لئے کیا تیاری کر رکھی ہے؟ عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میں نے اس کے لئے نہ تو بہت نمازیں پڑھی ہیں اور نہ ہی زیادہ روزے رکھے ہیں۔ البتہ میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت رکھتا ہوں۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا۔ قیامت کے دن آدمی اپنے محبوب کے ساتھ ہوگا اور تو بھی اپنے محبوب کے ساتھ ہوگا (حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) اسلام لانے کے بعد میں نے مسلمانوں کو کسی اور بات سے اتنا خوش ہوتے نہیں دیکھا جتنا وہ اس بات سے خوش ہوئے' یہ حدیث صحیح ہے۔

(ترمذی' عربی اردو' جلد دوم' ابواب الزہد' حدیث نمبر 269' ص 121' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

Marfat.com

حدیث شریف:232

حَدَّثَنَا عَبْدَانَ اَخْبَرَنَا اَبِیْ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم مَتَی السَّاعَةُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ مَااَعْدَدْتَّ لَهَا قَالَ مَا اَعْدَدْتُّ لَهَا مِنْ كَثِیْرِ صَلٰوةٍ وَلَا صَوْمٍ وَلَا صَدَقَةٍ وَّلٰكِنِّیْ اُحِبُّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَهٗ قَالَ اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ

(بخاری' عربی' کتاب الادب' حدیث نمبر 6171' ص 1075' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: شعبہ (بن حجاج) نے عمرہ بن مرہ سے انہوں نے سالم بن الجعد سے انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ ایک شخص نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میں نے اس کی تیاری میں نہ تو زیادہ نمازیں پڑھیں ہیں اور نہ ہی روزے رکھے ہیں اور نہ ہی صدقہ کیا ہے' لیکن میں اللہ عزوجل اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا جن سے تو محبت کرتا ہوگا اس کے ساتھ ہوگا۔

(بخاری' عربی اردو' جلد سوم' کتاب الادب' حدیث نمبر 1102' ص 486' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: صحابہ کرام علیہم الرضوان کو نماز' روزہ اور نہ ہی صدقات پر ناز تھا بلکہ ناز تھا تو فقط محبت رسول اکرم نور مجسم ﷺ پر تھا۔ ان کا ایمان تھا کہ محبت رسول ﷺ

Marfat.com

ہی نجات کا وسیلہ ہے۔اعمال کی قبولیت کی کوئی گارنٹی نہیں۔

ساتھ نمازیں بھی' روزے بھی' زکوٰۃ و حج بھی
کام نہ آیا کوئی محشر میں ان کی محبت کے سوا

حدیث شریف:233

حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ وَعَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا نَا عُبَيْدُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ شُعْبَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ خُمَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ سُلَيْمَ بْنَ عَامِرٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَوْسَطِ الْبَجَلِيِّ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَابَكْرٍ حِيْنَ قُبِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَقَامِيْ هٰذَا عَامَ الْاَوَّلِ ثُمَّ بَكٰى اَبُوْبَكْرٍ ثُمَّ قَالَ عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ فَاِنَّهٗ مَعَ الْبِرِّ وَهُمَافِي الْجَنَّةِ وَاِيَّاكُمْ وَالْكِذْبَ فَاِنَّهٗ مَعَ الْفُجُوْرِ وَ هُمَا فِي النَّارِ وَ سَلُوااللّٰهَ الْمُعَافَاةَ فَاِنَّهٗ لَمْ يُؤْتَ اَحَدٌ بَعْدَ الْيَقِيْنِ خَيْراً مِّنَ الْمُعَافَاةِ وَلَا تَحَاسَدُوْا وَلَا تَبَاغَضُوْا وَلَا تَقَاطَعُوْا وَلَا تَدَابَرُوْا وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ اِخْوَانًا

(ابن ماجہ، عربی، کتاب الدعاء، حدیث نمبر 3849 ص 550، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابوبکر' علی بن محمد' عبید بن سعید' شعبہ' یزید بن خمیر' سلیم بن عامر' اوسط البجلی نے فرمایا کہ جب نبی کریم ﷺ کی وفات ہوئی تو اس کے ایک سال بعد ایک

Marfat.com

بار ابوبکر رضی اللہ عنہ خطبہ دینے کھڑے ہوئے اور فرمایا۔ پچھلے سال میرے اس مقام پر نبی کریم ﷺ کھڑے تھے۔ پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ رونے لگے پھر فرمایا تم سچائی کو اپنے لئے لازم کرلو۔ کیونکہ اس کے ہمراہ نیکی بھی ہے اور یہ دونوں جنت میں ہیں۔ جھوٹ سے پرہیز کرو کیونکہ اس کے ساتھ برائی ہے۔ یہ دونوں دوزخ میں ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے تندرستی اور عافیت طلب کرو کیونکہ ایمان کے بعد صحت سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں۔ آپس میں ایک دوسرے سے حسد اور بغض نہ کرو۔ قطع رحمی اور قطع تعلقات سے بچو اور ایک دوسرے سے منہ موڑ کر پیٹھ نہ پھیرو۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کے بندوں آپس میں بھائی بھائی بن کر رہو۔

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد دوم، باب الدعا بالعفو والعافیۃ، حدیث 1664، ص 440، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: فراق رسول ﷺ میں رونا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی سنت ہے۔

غم فراق نبی ﷺ میں جو آنکھ سے نکلے
خدا ہی جانتا ہے ان اشکوں کا مرتبہ کیا ہے

حدیث شریف: 234

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ قَالَ
حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ عَنْ

Marfat.com

زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّ رَجُلًا عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم كَانَ اسْمُهٗ عَبْدَاللّٰهِ وَ كَانَ يُلَقَّبُ حِمَارًا وَّ كَانَ يَضْحِكُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ جَلَدَهٗ فِى الشَّرَابِ فَاُتِىَ بِهٖ يَوْمًا فَاَمَرَ بِهٖ فَجُلِدَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ اللّٰهُمَّ الْعَنْهُ مَا اَكْثَرَ مَا يُؤْتٰى بِهٖ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلْعَنُوْهُ فَوَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ اَنَّهٗ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

(بخاری، عربی، کتاب الحدود، حدیث نمبر 6780، ص 1169، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: لیث (بن سعد) نے کہا مجھ سے خالد بن یزید نے سعید بن ابی ہلال سے انہوں نے زید بن اسلم سے انہوں نے اپنے باپ (اسلم حبشی آزاد کردہ غلام حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ) سے انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے بیان کیا کہ نبی اکرم ﷺ کے عہد مبارک میں ایک شخص تھا جس کا نام عبداللہ جس کو گدھے کا لقب دیا گیا تھا۔ وہ نبی اکرم ﷺ کو (آپ ﷺ کے حضور ہنسنے والے کی فعل یا قول سے) ہنسایا کرتا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے بسبب شراب نوشی کے اس کو کوڑے مارنے کا حکم دیا تھا۔ ایک دن اس کو لایا گیا (وہ شراب میں دھت تھا اور یہ غزوہ خیبر کا واقعہ ہے) تو آپ ﷺ نے اس کو کوڑے مارنے کا حکم دیا تو اس کو کوڑے لگائے گئے تو لوگوں میں سے ایک شخص (حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ)

Marfat.com

نے کہا! اے اللہ تعالیٰ اس پر لعنت کر بکثرت (شراب نوشی کی وجہ سے) اس کو لایا جاتا ہے تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اس پر لعنت نہ کرو اللہ تعالیٰ کی قسم مجھے یہی معلوم ہے کہ وہ اللہ عزوجل اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہے۔

(بخاری، عربی اردو، جلد سوم، کتاب الحدود، رقم حدیث نمبر 1684، ص 737، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: حضور ﷺ سے محبت کرنے والا اگر گناہگار بھی ہو تو رسول اکرم نور مجسم ﷺ اس سے محبت فرماتے ہیں اور اس پر لعنت کرنے سے منع فرماتے ہیں۔

حدیث شریف:235

حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ ثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا كَانَتْ تَقُوْلُ اَمَا تَسْتَحْىِ الْمَرْاَةُ اَنْ تَهِبَ نَفْسَهَا لِلنَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَنْزَلَ اللّٰهُ تُرْجِىْ مَنْ تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِىْ اِلَيْكَ مَنْ تَشَاءُ قَالَتْ فَقُلْتُ اِنَّ رَبَّكَ لَيُسَارِعُ فِىْ هَوَاكَ

(ابن ماجہ، عربی، کتاب النکاح، حدیث نمبر 2000، ص 286، مطبوعہ دار السلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابن ابی شیبہ، عبدہ، ہشام، عروہ، عائشہ رضی اللہ عنہا فرمایا کرتی تھیں: اس عورت کو شرم نہیں آتی جو اپنے آپ کو حضور ﷺ کے لئے ہبہ کر دیتی ہے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ "ترجی من تشاء منهن و تووی الیک من

Marfat.com

تشـــاء" آپ اپنی ازواج میں سے جس کو جی چاہے (اسے) جدا کر دیں اور جسے چاہیں اپنے پاس رکھیں۔ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کی خواہش پوری کرنے میں آپ ﷺ سے بھی سبقت کرتا ہے۔

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد اول باب التی وہبت نفسہا للنبی، حدیث نمبر 2071، ص 557، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

حدیث شریف:236

حَدَّثَنَا اَبُوبِشْرٍ بَكْرُ بْنِ خَلْفٍ وَمُحَمَّدُبْنُ بَشَّارٍ قَالَا ثَنَا مَرْحُوْمُ بْنُ عَبْدِالْعَزِيْزِ ثَنَا ثَابِتٌ قَالَ كُنَّا جُلُوْسًا مَعَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَّعِنْدَهٗ اِبْنَةٌ لَهٗ فَقَالَ اَنَسٌ جَآئَتِ امْرَاَةٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَرَضَتْ نَفْسَهَا عَلَيْهِ فَقَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ لَكَ فِيَّ حَاجَةٌ فَقَالَتْ اِبْنَتَهٗ مَا اَقَلَّ حَيَآءَ هَا فَقَالَ هِيَ خَيْرٌ مِّنْكِ رَغِبَتْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَرَضَتْ نَفْسَهَا عَلَيْهِ

(ابن ماجہ، عربی، کتاب النکاح، حدیث نمبر 2001، ص 286، مطبوعہ دار السلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابو بشر' بکر بن خلف' محمد بن بشار' مرحوم بن عبدالعزیز (رباعی) ثابت کہتے ہیں ہم حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے تھے۔ ان کے

Marfat.com

پاس ان کی ایک بیٹی بیٹھی تھی۔ انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا حضور ﷺ کی خدمت میں ایک عورت آئی۔ اس نے اپنے آپ کو حضور ﷺ کے لئے پیش کیا اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ کیا آپ ﷺ کو میری ذات سے کچھ حاجت ہے۔ انس رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی بولیں وہ بڑی بے شرم تھی۔ انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ وہ تجھ سے افضل تھی کہ حضور ﷺ کی محبت میں اپنے آپ کو بھی پیش کر دیا۔

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد اول، باب التی وہبت نفسہا للنبی، حدیث نمبر 2072، ص 557، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

عشاقان رسول ﷺ کے لئے آزمائش

حدیث شریف: 237

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ نَبْهَانَ بْنِ صَفْوَانِ الثَّقَفِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا رَوْحُ بْنُ اَسْلَمَ نَا شَدَّادٌ اَبُوْ طَلْحَةَ الرَّاسَبِيُّ عَنْ اَبِي الْوَازِعِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا رَسُوْلَ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاُحِبُّكَ فَقَالَ اُنْظُرْ مَا تَقُوْلُ قَالَ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاُحِبُّكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَ اِنْ كُنْتَ تُحِبُّنِيْ فَاَعِدَّ لِلْفَقْرِ تِجْفَافاً فَاِنَّ الْفَقْرَ اَسْرَعُ اِلٰى مَنْ يُحِبُّنِيْ مِنَ السَّيْلِ اِلٰى مُنْتَهَاهُ

Marfat.com

(ترمذی، عربی، ابواب الزھد، حدیث نمبر 2350، ص 537، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ ایک شخص نے بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! میں آپ ﷺ سے محبت کرتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا ''سوچو! کیا کہہ رہے ہو'' کہنے لگا! اللہ تعالیٰ کی قسم، میں آپ ﷺ سے محبت کرتا ہوں۔ اس نے تین مرتبہ یہ بات کہی۔ آپ نے فرمایا: اگر تو مجھ سے محبت کرتا ہے تو فقر کیلئے تیار ہو جا کیونکہ میرے محبین کی طرف فقر سیلاب کی طرح اپنی منزل کی طرف تیز دوڑنے سے بھی جلدی آتا ہے۔

(ترمذی، اردو عربی، جلد دوم، ابواب زہد، حدیث نمبر 2370، ص 107، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ہاتھ پاؤں چومنے کا بیان

حدیث شریف: 238

حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ وَاَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ صَفْوَانِ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ قَالَ يَهُوْدِيٌّ بِصَاحِبِهِ اِذْهَبْ بِنَا اِلٰى هٰذَا النَّبِيِّ فَقَالَ صَاحِبُهٗ لَاتَقُلْ نَبِيٌّ اَنَّهٗ لَوْسَمِعَكَ كَانَ لَهٗ اَرْبَعَةُ اَعْيُنٍ فَاَتَيَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

Marfat.com

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَسَاءَ لَاہُ عَنْ تِسْعِ اٰیَاتٍ بَیِّنَاتٍ فَقَالُ لَھُمْ لَا تُشْرِکُوْا بِاللّٰہِ شَیْئًا وَّلَا تَسْرِقُوْا وَلَا تَزْنُوْا وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰہُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا تَمْشُوْا بِبَرِیْءٍ اِلٰی ذِیْ سُلْطَانٍ لِیَقْتُلَہٗ وَلَا تَسْحَرُوْا وَلَا تَاْکُلُوا الرِّبٰوا وَلَا تَقْذِفُوْا مُحْصَنَۃً وَلَا تُوَلُّوا الْفِرَارَ یَوْمَ الزَّحْفِ وَعَلَیْکُمْ خَاصَّۃً الْیَھُوْدَ اَنْ لَّا تَعْتَدُوْا فِی السَّبْتِ قَالَ فَقَبَّلُوْا یَدَیْہِ فِیْ رِجْلَیْہِ فَقَالَا نَشْھَدُ اَنَّکَ نَبِیٌّ قَالَ فَمَا یَمْنَعُکُمْ اَنْ تَتَّبِعُوْا نِیْ قَالَ قَالُوْا اِنَّ دَاؤُدَ دَعَا رَبَّہٗ اَنْ لَا یَزَالَ مِنْ ذُرِّیَّتِہٖ نَبِیٌّ وَاِنَّا نَخَافُ تَبِعْنَاکَ یَقْتُلُنَا الْیَھُوْدُ

(ترمذی، عربی، ابواب الاستیذان، حدیث نمبر 2733، ص 618، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت صفوان بن غسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ ایک یہودی نے اپنے ساتھی سے کہا۔ ہمیں اس نبی ﷺ کے پاس لے چلو۔ اس نے کہا نبی نہ کہو۔ اس نے سن لیا تو (خوشی سے) اس کی چار آنکھیں ہو جائیں گی۔ پھر وہ دونوں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ ﷺ سے نو (۹) واضح نشانیاں دریافت کیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ' چوری اور زنا نہ کرو' جس کو اللہ تعالیٰ نے حرام کیا اسے ناحق قتل نہ کرو' کسی بے گناہ کو حاکم کے پاس قتل کرانے نہ لے جاؤ' جادو نہ کرو' سود نہ کھاؤ' کسی پاک دامنہ کو

Marfat.com

زنا کا الزام نہ دو' لڑائی کے دن پیٹھ پھیر کر نہ بھاگو' خصوصاً اے یہودیو! تمہارے لئے لازمی ہے کہ ہفتے کے دن حد سے تجاوز نہ کرو۔ راوی فرماتے ہیں۔ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے ہاتھ اور پاؤں مبارک چومے اور کہا ہم گواہی دیتے ہیں کہ بے شک آپ ﷺ نبی ہیں۔ آپ ﷺ نے پوچھا میری پیروی سے تمہیں کیا چیز روکتی ہے۔ راوی کہتے ہیں انہوں نے کہا حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنے رب جل جلالہ سے دعا مانگی تھی کہ ان کی اولاد سے ہی نبی ہوتے رہیں تو ہمیں ڈر ہے کہ آپ ﷺ کی پیروی کی وجہ سے یہودی ہمیں قتل نہ کریں۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم' ابواب الاستیذان والآداب' حدیث نمبر 263، ص 261، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف۔239

حَدَّثَنَا اَبُوبَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ ثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ فُضَیْلٍ ثَنَا یَزِیْدُ بْنُ اَبِیْ زِیَادٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَبَّلْنَا یَدَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

(ابن ماجہ، عربی، کتاب الادب، حدیث نمبر 3704، ص 530، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابوبکر' محمد بن فضیل' یزید بن ابی زیاد' عبدالرحمٰن بن ابی لیلےٰ' ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہم نے نبی کریم ﷺ کے ہاتھ چومے۔

Marfat.com

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد دوم باب الرجل یقبل ید الرجل' حدیث نمبر 1498، ص 404
، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 240

حَدَّثَنَا اَبُوبَكْرٍ ثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ وَ غُنْدَرٌ وَاَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَمْرُوَ بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ صَفْوَانِ بْنِ عَسَّالٍ اَنَّ قَوْمًا مِنَ الْيَهُوْدِ قَبَّلُوْا يَدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرِجْلَيْهِ

(ابن ماجہ، عربی، کتاب الادب، حدیث نمبر 3705، ص 530، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابوبکر' عبداللہ' بن ادریس' غندر' ابواسامہ' شعبہ عمرو بن مرہ' عبداللہ بن سلمہ' صفوان بن حسان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں کچھ یہود آئے۔ انہوں نے آپ ﷺ کے ہاتھ اور پاؤں چومے۔

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد دوم' باب الرجل یقبل ید الرجل' حدیث نمبر 1499، ص 404،
مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 241

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ نَازُهَيْرٌ نَايَزِيْدُ بْنُ اَبِىْ زِيَادَ اَنَّ عَبْدَالرَّحْمٰنَ ابْنَ اَبِىْ لَيْلٰى حَدَّثَهٗ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ

Marfat.com

بْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُ اَنَّهُ كَانَ فِىْ سَرِيَّةٍ مِّنْ سَرَايَارَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَحَاصَ النَّاسُ حَيْصَةً فَكُنْتُ فِيْمَنْ حَاصَ فَلَمَّا بَرَزْنَا قُلْنَا كَيْفَ نَصْنَحُ وَقَدْ فَرَرْنَا مِنَ الزَّحْفِ وَبُوْنَا بِالْغَضَبِ فَقُلْنَا نَدْخُلُ الْمَدِيْنَةَ فَنَثْبُتُ فِيْهَا لِنَذْهَبَ وَلَا يَرَانَا اَحَدٌ قَالَ فَدَخَلْنَا فَقُلْنَا لَوْ عَرَضْنَا اَنْفُسَنَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنْ كَانَتْ لَنَا تَوْبَةٌ اَقَمْنَا وَاِنْ كَانَ غَيْرَ ذٰلِكَ ذَهَبْنَا قَالَ فَجَلَسْنَا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ فَلَمَّا خَرَجَ قُمْنَا اِلَيْهِ فَقُلْنَا نَحْنُ الْفَرَّارُوْنَ فَاقْبَلَ اِلَيْنَا فَقَالَ لَابَلْ اَنْتُمُ الْعَكَّارُوْنَ قَالَ فَدَنَوْنَا فَقَبَّلْنَا يَدَهٗ فَقَالَ اَنَا فِئَةُ الْمُسْلِمِيْنَ

(ابوداؤد، عربی، کتاب الجہاد، حدیث نمبر 2647، ص 382، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: عبدالرحمٰن بن ابو یعلیٰ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ روانہ فرمائے ہوئے ایک سریہ میں تھے۔ فرمایا کہ لوگ بھاگ نکلے۔ میں بھی بھاگنے والوں میں تھا۔ جب ہم رکے تو ہم نے کہا: یہ ہم نے کیا کیا کہ مقابلے سے بھاگے اور غضب کے لائق ہوئے۔ ہم نے کہا کہ مدینہ منورہ میں چلے جائیں اور دوبارہ آئیں کہ کوئی نہ دیکھے۔ ہم داخل ہوئے تو ہم نے کہا: کیوں نہ ہم اپنے آپ کو رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں

Marfat.com

پیش کریں۔ اگر ہماری توبہ قبول ہو تو رہیں ورنہ چلے جائیں۔ ہم نماز فجر سے پہلے رسول اللہ ﷺ کے انتظار میں بیٹھ گئے۔ جب آپ ﷺ باہر تشریف لائے تو ہم کھڑے ہو گئے اور عرض گزار ہوئے کہ ہم فرار ہونے والے ہیں۔ آپ ﷺ نے ہماری جانب متوجہ ہو کر فرمایا: بلکہ تم جہاد کرنے والے ہو۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ہم نزدیک ہوئے اور ہم نے آپ ﷺ کے دست اقدس کو بوسہ دیا اور فرمایا: میں مسلمانوں کی پناہ گاہ ہوں۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد دوم، کتاب الجہاد، حدیث نمبر 875، ص 323، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ مسلمانوں کے ملجا و ماویٰ ہیں اور سب مسلمان آپ ﷺ کی پناہ میں ہیں۔ ساتھ ہی یہ بھی پتہ لگا کہ بزرگوں کے از راہِ عقیدت ہاتھ چومنے جائز ہیں۔ جیسے کہ حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور ان کے ساتھیوں نے نبی کریم ﷺ کے دست مبارک کو چوما اور فخریہ بیان کیا۔ "فقبلنا یدہ" پس ہم نے آپ ﷺ کے دستِ مبارک کو بوسہ دیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

حدیث شریف: 242

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ نَازُهَيْرُ نَايَزِيْدُ بْنُ اَبِىْ زِيَادٍ اَنَّ عَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ لَيْلٰى حَدَّثَهٗ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ

Marfat.com

بُنَ عُمَرَ حَدَّثَهٗ وَذَكَرَ قِصَّةً قَالَ فَدَنَوْنَا يَعْنِىْ مِنَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَبَّلْنَا يَدَهٗ

(ابوداؤد، عربی، کتاب الادب، حدیث نمبر 5223، ص 533، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ایک واقعہ بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے نزدیک ہوئے اور ہم نے آپ ﷺ کے دستِ اقدس کو بوسہ دیا۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد سوم' ابواب السلام' حدیث نمبر 1782، ص 640، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: حضرت عبداللہ بن عمر اور دیگر صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے رسول اللہ ﷺ کے دست مبارک کو بوسہ دیا آپ ﷺ نے منع نہ فرمایا۔ چنانچہ معلوم ہوا کہ بزرگوں کے ہاتھ چومنا جائز بلکہ سنتِ صحابہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

حدیث شریف: 243

حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَنَا خَالِدٍ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ لَيْلٰى عَنْ اُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ قَالَ بَيْنَمَا يُحَدِّثُ الْقَوْمِ وَ كَانَ فِيْهِ مَزَاحٌ بَيْنَا يَضْحِكُهُمْ فَطَعَنَهُ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ خَاصِرَتِه بِعُوْدٍ فَقَالَ اَصْبِرْنِىْ قَالَ اصْطَبِرْ قَالَ اِنَّ عَلَيْكَ

Marfat.com

قَمِيْصًا وَلَيْسَ عَلَىَّ قَمِيْصٌ فَرَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَمِيْصِهٖ فَاحْتَضَنَهٗ وَجَعَلَ يُقَبِّلُ كَشْحَهٗ قَالَ اِنَّمَا اَرَدْتُّ هٰذَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ

(ابوداؤد، عربی، کتاب الادب، حدیث نمبر 5224، ص 733، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ سے روایت ہے کہ حضرت اسید بن حُضیر رضی اللہ عنہ جو انصار کے ایک فرد تھے' وہ لوگوں سے باتیں کر رہے تھے اور مزاحیہ باتیں سنا کر لوگوں کو ہنسا رہے تھے کہ نبی کریم ﷺ نے انہیں ایک لکڑی سے کونچا دیا۔ عرض کی کہ مجھے قصاص دیجئے فرمایا کہ قصاص لے لو۔ عرض گزار ہوئے کہ آپ ﷺ کے اوپر قمیص ہے جبکہ میرے اوپر قمیص نہ تھی۔ پس نبی کریم ﷺ نے اپنا کرتہ مبارک اٹھا دیا تو وہ لپٹ گئے اور آپ ﷺ کے پہلو کو بوسہ دینے لگے۔ عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ ﷺ! میرا مقصد صرف یہی تھا۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد سوم' ابواب السلام' حدیث نمبر 1783، ص 641، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 244

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى نَامَطَرُ ابْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْاَعْتَقِ حَدَّثَتْنِىْ اُمُّ اَبَانَ بِنْتِ الْوَازِعِ بْنِ زَارِعٍ عَنْ جَدِهَا زَارِعٍ وَكَانَ فِىْ وَفْدِ عَبْدِالْقَيْسِ قَالَ لَمَّا قَدِمْنَا

Marfat.com

اَلْمَدِیْنَةَ فَجَعَلْنَا نَتَبَادَرُ مِنْ رَوَا حِلِنَا فَنُقَبِّلُ یَدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَرِجْلَهٗ وَانْتَظَرَ الْمُنْذِرُ الْاَشَجُّ حَتّٰی اَتٰی عَیْبَتَهٗ فَلَبِسَ ثَوْبَیْهِ ثُمَّ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم فَقَالَ لَهٗ اِنَّ فِیْكَ خُلَّتَیْنِ یُحِبُّهُمَا اللّٰهُ اَلْحِلْمُ وَالْاِنَاءَ ةُ قَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَا اَتَخَلَّقُ بِهِمَا اَمِ اللّٰهُ جَبَلَنِیْ عَلَیْهِمَا قَالَ بَلِ اللّٰهُ جَبَلَكَ عَلَیْهِمَا قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَبَلَنِیْ عَلٰی خُلَّتَیْنِ یُحِبُّهُمَا اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ

(ابوداؤد، عربی، کتاب الادب، حدیث نمبر 5225، ص 732، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ام ابان بنت وازع بن زارع نے اپنے دادا جان حضرت زارع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے جو عبدالقیس کے وفد میں شامل تھے۔ انہوں نے فرمایا کہ جب ہم مدینہ منورہ میں حاضر ہوئے تو تیزی سے اپنی سواریوں سے اتر کر رسول اللہ ﷺ کے دست مبارک کو چومنے لگے۔ اور پائے اقدس کو منذر اشج رکے رہے یہاں تک کہ اپنی گٹھری سے دو کپڑے نکالے' انہیں پہنا' پھر نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے ان سے فرمایا کہ تمہاری دو عادتوں کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے۔ بردباری اور تسلی سے کام کرنا۔ عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ ﷺ! کیا وہ میں نے پیدا کی ہیں یا اللہ تعالیٰ نے میری فطرت میں رکھی ہیں؟ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری فطرت میں رکھی ہیں۔ عرض کی کہ سب تعریفیں

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جس نے دو عادتیں میرے اندر ایسی رکھی ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ پسند فرماتے ہیں۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد سوم، ابواب السلام، حدیث نمبر 1784، ص 641، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

شفاعت کا بیان

حدیث شریف: 245

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ الرَّازِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْمٍ جَمِيْعًا عَنِ الْوَلِيْدِ قَالَ ابْنُ مِهْرَانَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ اَبِيْ عَمَّارٍ شَدَّادٍ اَنَّهٗ سَمِعَ وَاثِلَةَ بْنَ الْاَسْقَعِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى كِنَانَةَ مِنْ وَلَدِ اِسْمٰعِيْلَ وَاصْطَفٰى قُرَيْشًا مِنْ كِنَانَةَ وَاصْطَفٰى مِنْ قُرَيْشٍ بَنِيْ هَاشِمٍ وَاصْطَفَانِيْ مِنْ بَنِيْ هَاشِمٍ

(مسلم شریف، عربی، کتاب الفضائل، حدیث نمبر 5983، ص 1008، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

Marfat.com

ترجمہ: حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: اللہ تعالیٰ نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے ''کنانہ'' کو بزرگی عطا کی اور ''بنو کنانہ'' میں سے قریش کو بزرگی عطا کی اور قریش میں سے ''بنو ہاشم'' کو بزرگی عطا کی اور ''بنو ہاشم'' میں سے مجھے بزرگی عطا کی ہے۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد سوم، کتاب الفضائل، حدیث نمبر 5819، ص 223، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف:246

حَدَّثَنِی الْحَکَمُ بْنُ مُوْسیٰ اَبُوْ صَالِحٍ حَدَّثَنَا هِقْلٌ یَّعْنِیْ ابْنَ زِیَادٍ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ عَمَّارٍ حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ فَرُّوْخَ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم اَنَا سَیِّدُ وَلَدِ اٰدَمَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَاَوَّلُ مَنْ یَّنْشَقُّ عَنْهُ الْقَبْرُ وَاَوَّلُ شَافِعٍ وَ اَوَّلُ مُشَفَّعٍ

(مسلم شریف، عربی، کتاب الفضائل، حدیث نمبر 5940، ص 1008، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ

Marfat.com

نے ارشاد فرمایا ہے: قیامت کے دن میں اولاد آدم کا سردار ہوں گا اور سب سے پہلے میری قبر کو شق کیا جائے گا اور سب سے پہلے میں شفاعت کروں گا اور سب سے پہلے میری شفاعت قبول کی جائے گی۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد سوم، کتاب الفضائل، حدیث نمبر 5821، ص 224، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 247

حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ عَمْرٍو عَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ یَخْرُجُ مِنَ النَّارِ بِالشَّفَاعَةِ كَاَنَّهُمُ الثَّعَارِیْرُ قُلْتُ مَا الثَّعَارِیْرُ قَالَ الضَّغَابِیْسُ وَكَانَ قَدْ سَقَطَ فَمُهٗ فَقُلْتُ لِعَمْرٍو بْنِ دِیْنَارٍ اَبَا مُحَمَّدٍ سَمِعْتَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ یَقُوْلُ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ یَخْرُجُ بِالشَّفَاعَةِ مِنَ النَّارِ قَالَ نَعَمْ

(بخاری، عربی، کتاب الرقاق، حدیث نمبر 6558، ص 1135، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حماد (بن زید بن درہم) نے عمرو (بن دینار) سے انہوں نے حضرت جابر (بن عبداللہ) انصاری رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ لوگ شفاعت کے ذریعہ سے دوزخ سے نکلیں گے گویا کہ وہ "ثعاریر"

Marfat.com

ہیں۔حماد نے کہا۔میں نے عمرو بن دینار سے کہا"تعاریر" کیا ہے۔عمرو بن دینار نے کہاوہ ککڑیاں ہیں (ککڑیوں سے ان کوتشبیہ اس لئے دی گئی کہ ککڑی بہت جلدی نشوونما پاتی ہے) حماد نے کہا عمرو بن دینار کے دانت گر گئے تھے (اس لئے ان کا لقب اثرم تھا) حماد نے کہا میں نے عمرو بن دینار سے کہا اے ابو محمد! کیا تم نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا ہے کہ وہ کہتے تھے' میں نے نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ شفاعت کے ذریعہ لوگ جہنم سے نکلیں گے۔ عمرو بن دینار نے کہا ہاں میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے (اس میں معتزلہ کا رد ہے جو گنہگار کی شفاعت کے منکر ہیں)

(بخاری شریف، عربی اردو، جلد سوم، کتاب الرقاق، حدیث نمبر 1475، ص 645، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف:248

حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ نَا الْوَلِيْدُ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ اَبِيْ عَمَّارٍعَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ فَرُّوْخٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم اَنَا سَيِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ وَاَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ وَاَوَّلُ شَافِعٍ وَاَوَّلُ مُشَفَّعٍ

(سنن ابوداؤد، عربی، کتاب السنت، حدیث نمبر 4673، ص 660، مطبوعہ دارالسلام، ریاض

Marfat.com

سعودی عرب)

ترجمہ: عبداللہ بن فروخ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں حضرت آدم علیہ السلام کی ساری اولاد کا سردار ہوں۔ اور سب سے پہلے میری قبر شق ہوگی۔ میں سب سے پہلے شفاعت کرنے والا ہوں اور سب سے پہلے میری شفاعت قبول فرمائی جائے گی۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد سوم' کتاب السنّت، حدیث نمبر 1245، ص 456' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 249

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ اِسْمٰعِيْلَ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادِ الْهَانِيِّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم يَقُوْلُ وَعَدَنِيْ رَبِّيْ اَنْ يُدْخِلَ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِيْ سَبْعِيْنَ اَلْفًا لَاحِسَابَ عَلَيْهِمْ وَلَاعَذَابَ مَعَ كُلِّ اَلْفٍ سَبْعُوْنَ اَلْفًا وَثَلَاثُ حَثَيَاتٍ مِنْ حَثَيَاتِ رَبِّيْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ

(ترمذی، عربی، ابواب صفۃ القیامۃ، حدیث نمبر 2437، ص 555، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

Marfat.com

ترجمہ: ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے رب جل جلالہ نے مجھ سے وعدہ فرمایا کہ میری امت سے ستر ہزار افراد کو بغیر حساب اور عذاب کے جنت میں داخل فرمائے گا۔ ہر ہزار کے ساتھ ستر ہزار اور ہوں گے اور میرے رب جل جلالہ کی مٹھیوں (جیسا اس کے شایان شان ہے) سے تین مٹھیاں (مزید ہوں گے) یہ حدیث صحیح ہے۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم' ابواب صفۃ القیامۃ' حدیث 329، ص 142، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

عقیدہ: تمام مخلوق اولین و آخرین حضور ﷺ کی نیاز مند ہے۔ یہاں تک کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام

عقیدہ: قیامت کے دن مرتبہ شفاعت کبریٰ حضور ﷺ کے خصائص میں سے ہے کہ جب تک حضور ﷺ شفاعت کا دروازہ نہ کھولیں گے' کسی کو مجال شفاعت نہ ہوگی بلکہ حقیقتاً جتنے شفاعت کرنے والے ہیں' حضور ﷺ کے دربار میں شفاعت لائیں گے اور اللہ عزوجل کے حضور مخلوقات میں صرف حضور ﷺ شفیع ہیں اور یہ شفاعت کبریٰ مومن کافر مطیع عاصی سب کے لئے ہے کہ وہ انتظار حساب جو سخت جانگزا ہوگا' جس کے لئے لوگ تمنائیں کریں گے کہ کاش جہنم میں پھینک دیئے جاتے اور اس انتظار سے نجات پاتے' اس بلا سے چھٹکارا کافر کو بھی حضور ﷺ کی بدولت ملے گا جس پر اولین و آخرین موافقین و مخالفین مومنین و کافرین

Marfat.com

سب حضور ﷺ کی حمد کریں گے۔ اسی کا نام مقام محمود ہے اور شفاعت کے اور اقسام بھی ہیں مثلاً بہتوں کو بلا حساب جنت میں داخل فرمائیں گے جن میں چار ارب نوے کروڑ کی تعداد معلوم ہے۔ اس سے بہت زائد اور ہیں جو اللہ تعالیٰ و رسول ﷺ کے علم میں ہیں بہتیرے وہ ہوں گے جن کا حساب ہو چکا ہے اور مستحق جہنم ہو چکے' ان کو جہنم سے بچائیں گے اور بعضوں کی شفاعت فرما کر جہنم سے نکالیں گے۔ اور بعضوں کے درجات بلند فرمائیں گے اور بعضوں سے تخفیف عذاب فرمائیں گے۔

عقیدہ: ہر قسم کی شفاعت حضور ﷺ کے لئے ثابت ہے۔ شفاعت بالوجاہتہ' شفاعت بالمحبۃ' شفاعت بالاذن ان میں سے کسی کا انکار وہی کرے گا جو گمراہ ہے۔

عقیدۃ: منصب شفاعت حضور ﷺ کو دیا جا چکا' حضور ﷺ فرماتے ہیں :اعطیت الشفاعتہ اور ان کا رب جل جلالہ فرماتا ہے **واستغفر لذنبك والمومنین والمومنٰت** مغفرت چاہو اپنے خاصوں کے گناہوں اور عام مومنین و مومنات کے گناہوں کی شفاعت اور کس کا نام ہے۔ " **اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا شَفَاعَةَ حَبِیْبِكَ الْكَرِیْمِ یَوْمَ لَا یَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ اِلَّامَنْ اَتَی اللّٰہَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ** "۔ شفاعت کے بعض احوال نیز دیگر خصائص جو قیامت کے دن ظاہر ہوں گے احوال آخرت میں انشاء اللہ تعالیٰ بیان ہوں گے۔ (بہار شریعت حصہ اول)

Marfat.com

اہل اللہ بھی شفاعت کریں گے

حدیث شریف:250

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍوَ عَلِيُّ ابْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا ثَنَا وَكِيْعٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ يَزِيْدَ الرُّقَاشِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم يَصَفُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صُفُوْفًا وَقَالَ ابْنُ نُمَيْرٍ اَهْلُ الْجَنَّةِ فَيَمُرَ الرَّجُلُ مِن اَهْلِ النَّارِ عَلَى الرَّجُلِ فَيَقُوْلُ يَافُلَانُ اَمَا تَذْكُرُ يَوْمَ اسْتَسْقَيْتَ فَسَقَيْتُكَ شَرْبَةً قَالَ فَيَشْفَعُ لَهٗ وَيَمُرُّ الرَّجُلُ فَيَقُوْلُ اَمَا تَذْكُرُ يَوْمَ نَاوَلْتُكَ طَهُوْرًا فَيَشْفَعُ لَهٗ قَالَ ابْنُ نُمَيْرٍوَ يَقُوْلُ يَا فُلَانُ اَمَا تَذْكُرُ يَوْمَ بَعَثْتَنِىْ فِىْ حَاجَةٍ كَذَا وَ كَذَا فَذَ هَبْتُ لَكَ فَيَشْفَعُ لَهٗ

(ابن ماجہ، عربی، کتاب الادب، حدیث نمبر 3685، ص 528، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: محمد بن عبداللہ بن نمیر، علی بن محمد، وکیع، اعمش، یزید الرقاشی انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ قیامت کے دن اہل جنت کی صف بندی ہوگی اور ایک دوزخی کا ادھر سے گزر ہوگا۔ یہ ان لوگوں میں سے ایک

Marfat.com

شخص کو پہچان کر اس سے کہے گا، تمہیں یاد ہے یا نہیں۔ میں نے فلاں وقت تجھے ایک گھونٹ پانی پلایا تھا۔ حضور ﷺ فرماتے ہیں وہ شخص اس بات پر اس کی شفاعت کرے گا۔ دوسرا دوزخی گزرے گا اور ایک شخص سے کہے گا تمہیں یاد ہے کہ نہیں ایک بار میں نے تمہیں وضو کرایا تھا تو وہ بھی اس کی شفاعت کرے گا۔ تیسرا گزرے گا تو کسی سے کہے گا تجھے یاد ہے کہ نہیں۔ تم نے مجھے فلاں کام کے لئے بھیجا تھا جو میں نے پورا کیا۔ وہ اس پر اس کی شفاعت کرے گا۔

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد دوم، باب فضل صدقۃ الماء، حدیث نمبر 1479، ص 400، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور)

ف: دنیا میں جن لوگوں نے اہل اللہ کی خدمت کی ہوگی، تو قیامت کے دن اہل اللہ اس خدمت کے عوض گناہ گاروں کی شفاعت کریں گے۔

استقبال آمد مصطفیٰ ﷺ

حدیث شریف: 251

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى وَ شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ كِلَاهُمَا عَنْ عَبْدِالْوَارِثِ قَالَ يَحْيٰى اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِى التَّيَّاحِ الضُّبَعِيِّ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ

Marfat.com

الْمَدِيْنَةَ فَنَزَلَ فِىْ عَلُوِّ الْمَدِيْنَةِ فِىْ حَيٍّ يُقَالُ لَهُمْ بَنُوْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ فَاَقَامَ فِيْهِمْ اَرْبَعَ عَشْرَةَلَيْلَةً ثُمَّ اَنَّهٗ اَرْسَلَ اِلٰى مَلَإِ بَنِى النَّجَّارِ فَجَائُوا مُتَقَلِّدِيْنَ بِسُيُوْفِهِمْ قَالَ فَكَانِّىْ اَنْظُرُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم عَلٰى رَاحِلَتِهٖ وَاَبُوْبَكْرٍ رِدْفُهٗ وَمَلَإِ بَنِى النَّجَّارِ حَوْلَهٗ حَتّٰى اَلْقٰى بِفِنَاءِ اَبِىْ اَيُّوْبَ قَالَ فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم يُصَلِّىْ حَيْثُ اَدْرَكَتْهُ الصَّلٰوةُ وَيُصَلِّى فِىْ مَرَابِضِ الْغَنَمِ ثُمَّ اِنَّهٗ اُمِرَ بِالْمَسْجِدِ قَالَ فَاَرْسَلَ اِلٰى مَلَإِ بَنِى النَّجَّارِ فَجَاءُ وْ افَقَالَ يَا بَنِى النَّجَّارِ ثَامِنُوْنِىْ بِحَائِطِكُمْ هٰذَا قَالُوْا لَا وَاللّٰهِ لَا نَطْلُبُ ثَمَنَهٗ اِلَّا اِلَى اللّٰهِ قَالَ اَنَسٌ فَكَانَ فِيْهِ مَا اَقُوْلُ كَانَ فِيْهِ نَخْلٌ وَقُبُوْرُالْمُشْرِكِيْنَ وَ خَرَبَ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم بِالنَّخْلِ فَقُطِعَ وَبِقُبُوْرِ الْمُشْرِكِيْنَ فَنُبِشَتْ وَبِالْخِرَبِ فَسُوِّيَتْ قَالَ فَصَفُّوْا النَّخْلَ قِبْلَةً وَجَعَلُوْا عَضَادَتَيْهِ حِجَارَةً قَالَ فَكَانُوْا يَرْتَجِزُوْنَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم مَعَهُمْ وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ اللّٰهُمَّ اَنَّهٗ لَا خَيْرَ اِلَّا خَيْرُ الْاٰخِرَةْ فَانْصُرِ الْاَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةَ

(مسلم شریف، عربی، کتاب المساجد ومواضع الصلوۃ، حدیث نمبر 1173، ص 213، مطبوعہ

Marfat.com

دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ جب نبی اکرم ﷺ (مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے) مدینہ منورہ تشریف لائے تو مدینہ منورہ کے بالائی حصے میں ایک قبیلے میں رہائش پذیر ہوئے۔ اس قبیلے کا نام بنو عمرو بن عوف تھا۔ آپ ﷺ نے وہاں ۱۴ دن قیام کیا۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے بنو نجار کے سرکردہ افراد کو (ان کے ہاں منتقل ہونے کا) پیغام بھجوایا۔ انہوں نے (آپ ﷺ کے استقبال کے وقت) اپنی تلواریں لٹکائی ہوئی تھیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، وہ منظر آج بھی میری نگاہ میں ہے۔ نبی اکرم ﷺ اپنی اونٹنی پر تشریف فرما تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے اور بنو نجار کے سرکردہ افراد آپ ﷺ کے آس پاس چل رہے تھے۔ یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر میں آ کر ٹھہر گئے۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد اول، کتاب المساجد و مواضع الصلوٰۃ، حدیث نمبر 1075، ص 417، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ کی مدینہ منورہ آمد کے موقع پر صحابہ کرام علیہم الرضوان نے جلوس کی شکل میں پہنچ کر مصطفیٰ کریم ﷺ کا استقبال فرمایا۔ لہذا معلوم ہوا کہ حضور ﷺ کی آمد کے موقع پر جلوس نکالنا صحابہ کرام علیہم الرضوان کی سنت ہے۔

جب رسول اللہ ﷺ کی مکۃ المکرمہ سے مدینہ منورہ آمد ہو تو جلوس نکالنا

Marfat.com

جائز ہے تو پھر اس دنیا میں سرکار ﷺ کی آمد ہو تو جلوس نکالنا کیونکر ناجائز ہو سکتا ہے؟

حدیث شریف:252

حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِیَّ عَنِ السَّائِبِ بْنِ یَزِیْدَ یَقُوْلُ اُذْکُرُ اَنِّیْ خَرَجْتُ مَعَ الْغِلْمَانِ اِلٰی ثَنِیَّةِ الْوِدَاعِ نَتَلَقّٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ سُفْیَانُ مَرَّةً مَعَ الصِّبْیَانِ

(بخاری، عربی، کتاب المغازی، حدیث نمبر 4426، ص 753، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: سائب بن یزید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں۔ مجھے یاد ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کا استقبال کرنے کے لئے ثنیۃ الوداع (یہ وہ جگہ ہے جہاں اہل مدینہ مسافروں کو الوداع کہتے تھے) تک بچوں کے ساتھ نکلا تھا اور سفیان عیینہ نے ''غلمان'' کی جگہ ''مع الصبیان'' کہا۔

(بخاری، عربی اردو، جلد دوم، کتاب المغازی، حدیث نمبر 1562، ص 744، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف:253

حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنِ

Marfat.com

الزُّهرِيِّ عَنِ السَّائِبِ اذْكُرُ اَنِّی خَرَجْتُ مَعَ الصِّبْيَانِ نَتَلَقَّی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰی ثَنِيَّةِ الوَدَاعِ مَقْدَمَهٗ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ

(بخاری، عربی کتاب المغازی، حدیث نمبر 4427، ص 750، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: سائب بن یزید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں غزوۂ تبوک سے واپسی کے وقت نبی اکرم ﷺ کے استقبال کے لئے بچوں کے ساتھ ثنیۃ الوداع تک گیا تھا۔

(بخاری، عربی اردو، جلد دوم، کتاب المغازی، حدیث نمبر 1563، ص 744، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 254

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ وَ سَعِيْد بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ اَلْمَخْزُوْمِیُّ قَالَا ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ تَبُوْكَ خَرَجَ النَّاسُ يَتَلَقَّوْنَهٗ اِلٰی ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ قَالَ السَّائِبُ فَخَرَجْتُ مَعَ النَّاسِ وَاَنَا غُلَامٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ

(ترمذی، عربی، ابواب جہاد، حدیث نمبر 1718، ص 411، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

Marfat.com

ترجمہ: حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ تبوک سے واپس تشریف لائے۔ تو لوگ آپ ﷺ کے استقبال کے لئے ثنیۃ الوداع کی طرف نکلے۔ حضرت سائب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' میں بھی لوگوں کے ساتھ گیا۔ اس وقت میں بچہ تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد اول' ابواب جہاد' حدیث نمبر 1773، ص 832، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 255

حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ مَحْبُوْبُ بْنُ مُوْسٰی نَا اَبُوْ اِسْحٰقَ الْفَزَارِیُّ عَنْ عَاصِمِ بْنِ سُلَیْمَانَ عَنْ مُوَرِّقٍ یَعْنِی الْعِجْلِیَّ حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ اِسْتَقْبَلَ بِنَا فَاَیُّنَا اِسْتَقْبَلُ اَوَّلًا جَعَلَهٗ اَمَامَهٗ فَاسْتَقْبَلَ بِیْ فَحَمَلَنِیْ اَمَامَهٗ ثُمَّ اِسْتَقْبَلَ بِحَسَنٍ اَوِ حُسَیْنٍ فَجَعَلَهٗ خَلْفَهٗ فَدَخَلْنَا الْمَدِیْنَةَ وَاِنَّا لَکَذٰلِكَ

ابوداؤد، عربی، کتاب الجہاد، حدیث نمبر 2566، ص 382، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: مورق عجلی سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب نبی کریم ﷺ سفر سے واپس تشریف لاتے تو لوگ ہمیں استقبال

Marfat.com

کے لئے لے جاتے جو استقبال کرنے والوں میں سب سے آگے ہوتا' آپ ﷺ اسے اپنے آگے بٹھا لیتے۔ پس میرے ساتھ استقبال کیا گیا تو مجھے اپنے آگے بٹھالیا۔ پھر حسن اور حسین رضی اللہ عنہما نے استقبال کیا تو انہیں اپنے پیچھے بٹھالیا۔ پس ہم مدینہ منورہ میں اسی طرح داخل ہوئے۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد دوم' کتاب الجہاد' حدیث نمبر 794، ص 300، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:256

حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِبْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ ثَنَا عَبْدُالرَّحِيْمِ ابْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ عَاصِمٍ ثَنَا مَوْرِقٌ الْعِجْلِىْ حَدَّثَنِىْ عَبْدُاللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ تُلُقِّىَ بِنَا قَالَ فَتُلُقِّىَ بِىْ وَبِالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ قَالَ فَحَمِلَ اَحَدَنَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَالْاٰخِرُ خَلْفَهٗ حَتّٰى قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ

(ابن ماجہ، عربی، کتاب الادب، حدیث نمبر 3773، ص 539، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابوبکر' عبدالرحیم بن سلیمان' مورق العجلی (رباعی) عبداللہ بن جعفر نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ جب سفر سے تشریف لاتے تو ہم لوگ آپ کے استقبال کے لئے جاتے ایک بار میں اور حسن یا حسین رضی اللہ عنہما آپ ﷺ کے

Marfat.com

استقبال کے لئے چلے۔ آپ ﷺ نے ہم میں سے ایک کو آگے بٹھایا اور ایک کو پیچھے حتی کہ ہم مدینہ پہنچے۔

(ابن ماجہ، عربی اردو، جلد دوم، باب رکوب ثلاثۃ علی دابۃ، حدیث نمبر 1568، ص 419، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

گستاخ رسول کی سزا

حدیث شریف: 257

حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ مُوسَى الْخَتَلِيّ نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ نِ الْمَدَنِيُّ عَنْ اِسْرَآئِيلَ عَنْ عُثْمَانَ الشَّحَّامَ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ نَا ابْنُ عَبَّاسٍ اَنَّ اَعْمٰى كَانَتْ لَهٗ اُمُّ وَلَدٍ تَشْتِمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَقَعُ فِيْهِ فَيَنْهَا هَافَلَا تَنْتَهِي وَيَزْجُرُهَا فَلَا تَنْزَجِرُ قَالَ فَلَمَّا كَانَتْ ذَاتَ لَيْلَةٍ جَعَلَتْ تَقَعُ فِي النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَشْتِمُهٗ فَاَخَذَ الْمِغْوَلَ فَوَضَعَهٗ فِي بَطْنِهَا وَ اتَّكَاَ عَلَيْهَا فَقَتَلَهَا فَوَقَعَ بَيْنَ رِجْلَيْهَا طِفْلٌ فَطَلَخَتْ مَا هُنَاكَ بِالدَّمِ فَلَمَّا اَصْبَحَ ذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَمَعَ النَّاسَ فَقَالَ اُنْشِدُ اللّٰهَ رَجُلًا فَعَلَ مَا فَعَلَ لِيْ عَلَيْهِ حَقٌّ

Marfat.com

اِلَّا قَامَ فَقَامَ الْاَعْمٰی یَتَخَطَّی النَّاسَ وَھُوَ یَتَزَلْزَلُ حَتّٰی قَعَدَ بَیْنَ یَدَیِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَارَسُولَ اللّٰہِ اَنَا صَاحِبُھَا کَانَتْ تَشْتِمُکَ وَتَقَعُ فِیْکَ فَاَنْھَاھَا فَلَا تَنْتَھِیْ وَاَزْجُرُھَا فَلَا تَنْزَجِرُ وَلِیْ مِنْھَا اِبْنَانِ مِثْلَ اللُّؤْلُؤَتَیْنِ وَکَانَتْ بِیْ رَفِیْقَۃً فَلَمَّا کَانَ الْبَارِحَۃَ جَعَلَتْ تَشْتِمُکَ وَتَقَعُ فِیْکَ فَاَخَذْتُ الْمِغْوَلَ فَوَضَعْتُہٗ فِیْ بَطْنِھَا وَاتَّکَاْتُ عَلَیْھَا حَتّٰی قَتَلْتُھَا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا اِشْھَدُوْا اَنَّ دَمَھَا ھَدَرٌ

(سنن ابوداؤد، عربی، کتاب الحدود، حدیث نمبر 4361، ص 613، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ ایک نابینا صحابی کی ام ولد تھی جو نبی کریم ﷺ کو سب وشتم کیا کرتی اور بدگوئی کرتی تھی۔ مولیٰ منع کرتا مگر باز نہ آتی۔ ڈانٹ ڈپٹ کرتا تب بھی نہ رکتی۔ ایک رات اس نے نبی کریم ﷺ کی بدگوئی کی اور سب وشتم کرتی رہی۔ پس صحابی رضی اللہ عنہ نے خنجر لے کر اس کے پیٹ پر رکھا اور دباؤ ڈال کر اسے قتل کر دیا۔ چنانچہ اس کی دونوں ٹانگوں کے درمیان سے بچہ بھی برآمد ہوا جس سے وہ خون میں لت پت ہو گئی۔ صبح کے وقت نبی کریم ﷺ سے اس بات کا ذکر ہوا تو آپ ﷺ نے لوگوں کو جمع کر کے فرمایا۔ میں ایسا کرنے والے کو اللہ تعالیٰ کی قسم

Marfat.com

دیتا ہوں اور اپنے حق کی جو میرا اس پر ہے کہ وہ کھڑا ہو جائے۔ پس نابینا صحابی کھڑے ہوئے۔ لوگوں کو پھاندتے اور لرزتے ہوئے بڑھے' یہاں تک کہ نبی کریم ﷺ کے سامنے جا بیٹھے۔ عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ ﷺ! میں اس کا مالک تھا۔ وہ آپ ﷺ کو سب وشتم کرتی اور ہجو کیا کرتی تھی۔ میں منع کرتا تو باز نہیں آتی تھی۔ ڈانٹ ڈپٹ کرتا تب بھی نہ رکتی۔ میرے اس سے دو بیٹے ہیں' موتی جیسے اور وہ میری غمخوار تھی۔ گزشتہ رات جب وہ آپ ﷺ کو سب وشتم کرنے لگی اور ہجو گوئی کی تو میں نے خنجر لے کر اس کے پیٹ پر رکھ دیا اور اس پر دباؤ ڈال کر اسے قتل کر دیا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ لوگو! گواہ رہنا کہ اس کا خون رائیگاں گیا۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد سوم' کتاب الحدود' حدیث نمبر 956، ص 337، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: رسول اللہ ﷺ کا گستاخ کافر و مرتد ہو جاتا ہے ہرگز مسلمان نہیں رہتا۔ وہ اپنی کلمہ گوئی کی اہانت رسول ﷺ کے باعث خود نفی کر دیتا ہے۔ وہ اسلام کے دائرے سے باہر اور ایمان کی دولت سے محروم ہو جاتا ہے۔ خواہ دیکھنے والوں کو بظاہر نمازی و حاجی اور مولانا و مفتی وغیرہ ہی کیوں نہ نظر آئے۔ اس کے یہ اعمال جسم بے جان کی طرح ہیں۔ مرتد واجب القتل ہے۔ حکومت ایسے کے وجود سے زمین کو پاک کر دے جیسا کہ یمن میں حضرت ابوموسیٰ اشعری اور حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی ملاقات سے متعلقہ احادیث میں مرتد کا واقعہ منقول ہے۔ خود اس حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے اپنی بدگوئی کرنے والی عورت کے خون کو رائیگاں قرار دیا اور اس کا کوئی بدلہ نہیں دلوایا گیا۔ کیونکہ اگر کسی کی کوئی قیمت ہے تو اللہ تعالیٰ اور

Marfat.com

رسول ﷺ سے تعلق رکھنے کے باعث ہے۔ جب رسول ﷺ کی گستاخی کی تو اللہ تعالیٰ سے اور اسلام سے کیا تعلق رہ گیا؟ تقریباً ڈیڑھ سو سال سے نجدیت کے باعث اہانت رسول ﷺ کی بیماری بہت پھیل چکی ہے۔ نجدیت زدہ حضرات مختلف خوشنما لباسوں میں ملبوس ہو کر بھولے بھالے مسلمانوں کو بہکانے اور اللہ و رسول سے ان کا رشتہ توڑنے اور منافقوں کے سردار عبداللہ بن ابی سلول اور ذوالخویصرہ کے ساتھ جوڑنے میں شب و روز کوشاں ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان مہربانوں کو عقل سلیم اور چشم بصیرت عطا فرمائے کہ وہ اپنے اور مسلمانوں کے نفع و نقصان کو پہچان کر اس راستے پر گامزن ہوں جس میں دارین کی بھلائی ہے۔

حدیث شریف:258

حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ وَعَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْجَرَّاحِ عَنْ جَرِیْرٍ عَنْ مُغِیْرَةَ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ عَلِیٍّ اَنَّ یَهُوْدِیَّةً کَانَتْ تَشْتِمُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَتَقَعُ فِیْهِ فَخَنَقَهَا رَجُلٌ حَتّٰی مَاتَتْ فَاَبْطَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَمَهَا

(سنن ابوداؤد، عربی، کتاب الحدود، حدیث نمبر 4362، ص 613، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: شعبی نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے روایت کی ہے کہ ایک

Marfat.com

یہودی عورت نبی کریم ﷺ کو سب وشتم کرتی اور آپ ﷺ کی ہجو کیا کرتی۔ ایک شخص نے اس کا گلا گھونٹ دیا۔ یہاں تک کہ وہ مرگئی۔ پس رسول اللہ ﷺ نے اس کے خون کو باطل قرار دیا۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد سوم، کتاب الحدود، حدیث نمبر 957، ص 338، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 259

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةَ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لِكَعْبِ بْنِ الْاَشْرَفِ فَاِنَّهٗ قَدْ اٰذَى اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ اَتُحِبُّ اَنْ اَقْتُلَهٗ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاَتَاهُ فَقَالَ اِنَّ هٰذَا يَعْنِى النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ عَنَّانَا وَسَاَلَنَا الصَّدَقَةَ قَالَ وَاَيْضًا وَاللّٰهِ لَتَمَلُّنَّهٗ قَالَ فَاَنَا قَدِ اتَّبَعْنَاهُ فَنَكْرَهُ اَنْ نَدَعَهٗ حَتّٰى نَنْظُرَ اِلٰى مَايَصِيْرُ اَمْرُهٗ قَالَ فَلَمْ يَزَلْ يُكَلِّمُهٗ حَتّٰى اسْتَمْكَنَ مِنْهُ فَقَتَلَهٗ

(بخاری، عربی، کتاب الجہاد والسیر، حدیث نمبر 3031، ص 259، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی

Marfat.com

اکرم ﷺ نے فرمایا کعب بن اشرف کو کون قتل کرے گا کیونکہ اس نے اللہ اور اس رسول کو اذیت دی ہے۔ محمد بن مسلمہ نے عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ کیا آپ ﷺ پسند فرماتے ہیں کہ میں اس کو قتل کردوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا جی ہاں۔ وہ کعب بن اشرف کے پاس گیا۔ اور کہا اس نے یعنی نبی اکرم ﷺ نے ہم کو اوامر نواہی کا مکلف بنادیا ہے اور ہم سے صدقات طلب کرتے ہیں۔ محمد بن مسلم نے کہا کعب بن اشرف نے کہا بخدا تم اس کے بعد اس سے بھی زیادہ تنگ پڑ جاؤ گے۔ محمد بن مسلمہ نے کہا ہم نے اس کی اتباع کی ہے اور اس کا فراق پسند نہیں کرتے حتی کہ ہم دیکھتے ہیں کہ ان کا معاملہ کدھر جاتا ہے۔ وہ بہت دیر تک اس کے ساتھ محو گفتگو رہے حتی کہ اس پر قادر ہو گئے اور اس کو قتل کر دیا۔

(بخاری، عربی اردو، جلد دوم' کتاب الجہاد والسیر' حدیث نمبر 281، ص 153' مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 260

وَحَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِیُ وَیَحْیٰی بْنُ یَحْیٰی وَقُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ الْقَعْنَبِیُّ فَقَالَ قَرَاْتُ عَلٰی مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ قُتَیْبَةَ فَقَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ وَّقَالَ یَحْیٰی وَاللَّفْظُ لَهٗ قُلْتُ لِمَالِكٍ اَحَدَّثَكَ ابْنُ شِهَابٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ عَامَ الْفَتْحِ

Marfat.com

وَعَلٰی رَاْسِہٖ مِغْفَرٌ فَلَمَّا نَزَعَہٗ جَائَہٗ رَجُلٌ فَقَالَ ابْنُ خَطَلٍ مُتَعَلِّقٌ بِاَسْتَارِ الْکَعْبَۃِ فَقَالَ اقْتُلُوْہُ فَقَالَ مَالِکٌ نَعَمْ

(مسلم شریف، عربی، کتاب الحج، حدیث 3312 ص 572، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ فتح مکہ کے سال جب نبی اکرم ﷺ مکہ میں داخل ہوئے' تو آپ نے سر پر ''خود'' (آہنی ٹوپی) پہن رکھی تھی۔ جب آپ ﷺ نے اسے اتارا تو ایک شخص حاضر ہوا اور عرض کی (گستاخ رسول) ''ابن خطل'' کعبہ کے پردوں سے چمٹا ہوا ہے' تو آپ ﷺ نے حکم دیا' اسے قتل کر دو!

(مسلم شریف، جلد دوم' کتاب الحج' حدیث 3204، ص 263، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے اپنے گستاخ کعب بن اشرف اور ابن خطل کو قتل کرنے کا حکم دیا بلکہ جس بیت اللہ میں غیر موذی جانور کو مارنے کی ممانعت ہے' وہاں کعبۃ اللہ کے غلاف میں لپٹے ہوئے گستاخ رسول کو قتل کرنے کا مصطفیٰ کریم ﷺ نے حکم ارشاد فرمایا۔

معراج رسول ﷺ اور دیدار الٰہی جل جلالہ

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہ

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُتِيتُ بِدَابَةٍ فَوْقَ الْحِمَارِ دُوْنَ الْبَغْلِ خَطْوُهَا عِنْدَ مُنْتَهٰى طَرَفِهَا فَرَكِبْتُ وَمَعِيَ جِبْرِئِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَسِرْتُ فَقَالَ اَنْزِلْ فَصَلِّ فَصَلَّيْتُ فَقَالَ اَتَدْرِيْ اَيْنَ صَلَّيْتَ؟ صَلَّيْتَ بِطِيْبَةٍ وَاِلَيْهَا الْمُهَاجِرُ ثُمَّ قَالَ اَنْزِلْ فَصَلِّ فَفَعَلْتَ فَقَالَ اَتَدْرِيْ اَيْنَ صَلَّيْتَ صَلَّيْتَ بِطُوْرِ سَيْنَآءَ حَيْثُ كَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ ثُمَّ قَالَ انْزِلْ فَصَلِّ فَصَلَّيْتُ فَقَالَ اَتَدْرِيْ اَيْنَ صَلَّيْتَ صَلَّيْتَ بِبَيْتِ لَحْمٍ حَيْثُ وُلِدَ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ ثُمَّ دَخَلْتُ اِلٰى بَيْتِ الْمُقَدَّسِ فَجُمِعَ لِيَ الْاَنْبِيَآءُ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ فَقَدَّمَنِيْ جِبْرَئِيْلُ حَتّٰى اَمَمْتُهُمْ ثُمَّ صَعِدَبِيْ اِلَى السَّمَآءِ الدُّنْيَا فَاِذَا فِيْهَا اٰدَمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ ثُمَّ صَعِدَبِيْ اِلَى السَّمَاءِ الثَّانِيَةِ فَاِذَا فِيْهَا اَبْنَا الْخَالَةِ عِيْسٰى وَيَحْيٰى عَلَيْهِمَا السَّلَامُ ثُمَّ صَعِدَبِيْ اِلَى السَّمَآءِ الثَّالِثَةِ فَاِذَا فِيْهَا يُوْسُفُ عَلَيْهِ السَّلَامُ ثُمَّ صَعِدَبِيْ اِلَى السَّمَآءِ الرَّابِعَةِ فَاِذَا فِيْهَا هَارُوْنُ عَلَيْهِ السَّلَامُ ثُمَّ صَعِدَ بِيْ اِلَى السَّمَاءِ الْخَامِسَةِ فَاِذَا فِيْهَا اِدْرِيْسُ عَلَيْهِ السَّلَامُ ثُمَّ صَعِدَ بِيْ اِلَى السَّمَاءِ السَّادِسَةِ فَاِذَا فِيْهَا مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ ثُمَّ صَعِدَبِيْ اِلَى

Marfat.com

السَّمَاءِ السَّابِعَةِ فَاِذَا فِيْهَا اِبْرَاهِيْمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ ثُمَّ صَعِدَبِیْ فَوْقَ سَبْعَ سَمٰوٰاتٍ فَاَتَيْنَا سِدْرَةَ الْمُنْتَهٰى فَغَشِيَتْنِیْ ضَبَابَةٌ فَخَرَرْتُ سَاجِدًا فَقِيْلَ لِیْ اِنِّیْ يَوْمَ خَلَقْتُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَرَضْتُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اُمَّتِكَ خَمْسِيْنَ صَلٰوةً فَقُمْ بِهَا اَنْتَ وَاُمَّتُكَ فَرَجَعْتُ اِلٰى اِبْرَاهِيْمَ فَلَمْ يَسْاَلْنِیْ عَنْ شَیْءٍ ثُمَّ اَتَيْتُ عَلٰى مُوْسٰى فَقَالَ كَمْ فَرَضَ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَعَلٰى اُمَّتِكَ قُلْتُ خَمْسِيْنَ صَلٰوةً قَالَ فَاِنَّكَ لَا تَسْتَطِيْعُ اَنْ تَقُوْمَ بِهَا اَنْتَ وَلَا اُمَّتِكَ فَارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَاسْئَلْهُ التَّخْفِيْفَ فَرَجَعْتُ اِلٰى رَبِّیْ فَخَفَّفَ عَنِّیْ عَشْرًا ثُمَّ اَتَيْتُ اِلٰى مُوْسٰى فَاَمَرَنِیْ بِالرُّجُوْعِ فَرَجَعْتُ فَخَفَّفَ عَنِّیْ عَشْرًا ثُمَّ رُدِّدْتُ اِلٰى خَمْسِ صَلٰوةٍ قَالَ فَارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَاسْأَلْهُ التَّخْفِيْفَ فَاِنَّهُ فَرَضَ عَلٰى بَنِیْ اِسْرَائِيْلَ صَلٰوتَيْنِ فَمَا قَامُوْا بِهِمَا فَرَجَعْتُ اِلٰى رَبِّیْ عَزَّوَجَلَّ فَسَاَلْتُهُ التَّخْفِيْفَ فَقَالَ اِنِّیْ يَوْمَ خَلَقْتُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فَرَضْتُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اُمَّتِكَ خَمْسِيْنَ صَلٰوةٍ فَخَمْسٌ بِخَمْسِيْنَ فَقُمْ بِهَا اَنْتَ وَاُمَّتِكَ فَعَرَفْتُ اَنَّهَا مِنَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ صَرًّى فَرَجَعْتُ

Marfat.com

اِلٰی مُوسٰی عَلَیْہَ السَّلَامُ فَقَالَ ارْجِعْ فَعَرَفْتُ اَنَّهَا مِنَ اللّٰہِ صِرَّیٰ یَقُوْلُ حَتْمٌ فَلَمْ اَرْجِعْ

(سنن نسائی، عربی، کتاب الصلوۃ، حدیث نمبر 451، ص 61، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: سیدنا حضرت انس بن مالک اضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ میرے پاس ایک جانور لایا گیا جو گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا تھا جہاں تک نگاہ پڑتی تھی اس کا قدم پڑتا تھا' میں اس پر سوار ہوا اور میرے ہمراہ جناب جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام تھے چنانچہ میں رات کے وقت چلا جبرائیل علیہ السلام نے کہا اتریں اور نماز پڑھیں اور میں نے نماز پڑھی۔ جبرائیل علیہ السلام نے کہا کیا آپ ﷺ جانتے ہیں۔ کہ آپ ﷺ نے نماز کس جگہ ادا فرمائی؟ آپ ﷺ نے مدینہ طیبہ میں نماز ادا فرمائی ہے۔ اس کی طرف ہجرت ہوگی پھر جناب جبرائیل علیہ السلام نے کہا اتریئے اور نماز ادا فرمایئے۔ میں نے نماز پڑھی۔ جبرائیل علیہ السلام نے دریافت کیا۔ آپ ﷺ جانتے ہیں کہ آپ ﷺ نے نماز کہاں پڑھی آپ ﷺ نے طور سینا پر نماز پڑھی جہاں موسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہوئے تھے پھر کہا اتریئے اور نماز ادا فرمایئے میں نے نماز پڑھی۔ جبرائیل علیہ السلام نے دریافت کیا۔ کیا آپ ﷺ جانتے ہیں کہ آپ ﷺ نے کہاں نماز پڑھی۔ آپ ﷺ نے بیت اللحم میں نماز پڑھی ہے۔ جہاں پر حضرت عیسٰی علیہ السلام پیدا ہوئے تھے پھر میں بیت المقدس میں پہنچا۔ وہاں تمام پیغمبر اکٹھے کئے گئے۔ جبرائیل علیہ السلام نے مجھے آگے کیا میں سب کا امام بنا' پھر

Marfat.com

جبرائیل علیہ السلام مجھے چڑھا کر پہلے آسمان پر لے گئے۔ وہاں پر حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام ملے پھر وہاں سے دوسرے آسمان پر لے گئے جہاں دونوں خالہ زاد بھائی حضرت عیسیٰ اور یحییٰ علیہم السلام ملے پھر تیسرے آسمان پر لے گئے۔ جہاں جناب یوسف علیہ السلام ملے پھر چوتھے آسمان پر لے گئے وہاں پر حضرت ہارون علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ملاقات ہوئی پھر پانچویں آسمان پر لے گئے۔ وہاں پر حضرت ادریس علیہ السلام سے ملاقات ہوئی۔ پھر آپ ﷺ چھٹے آسمان پر لے گئے۔ وہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ملاقات ہوئی پھر آپ ﷺ ساتویں آسمان پر لے گئے۔ جہاں جناب ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ملاقات ہوئی پھر وہ مجھے ساتویں آسمان کے اوپر لے گئے یہاں تک کہ ہم سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچے۔ وہاں پر مجھے ایک بادل کے ٹکڑے نے ڈھانپ لیا (جس میں خاص تجلی الٰہی تھی) میں نے سجدہ کیا۔ مجھے ارشاد فرمایا گیا کہ جس دن میں نے زمین اور آسمان کو پیدا کیا تھا اس دن تجھ پر اور تیری امت پر پچاس نمازیں فرض کی تھیں۔ اب انہیں آپ ﷺ اور آپ ﷺ کی امت ادا کرے۔ میں لوٹ کر جناب حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس آیا۔ آپ علیہ السلام نے مجھے کچھ نہیں پوچھا۔ پھر میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس گیا۔ انہوں نے دریافت کیا آپ ﷺ پر اور آپ ﷺ کی امت پر کتنی نمازیں فرض ہوئیں؟ میں نے کہا پچاس نمازیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ واپس جا کر تخفیف کرائیں۔ میں اپنے پروردگار جل جلالہ

Marfat.com

کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے دس پھر کم فرمادیں۔ یہاں تک کہ پانچ نمازیں رہ گئیں۔ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کہا لوٹ جایئے اور تخفیف کرایئے۔ کیونکہ بنی اسرائیل پر دو نمازیں فرض ہوئیں تو وہ ان کو ادا نہ کرسکے۔ میں پھر پروردگار جل جلالہ کے پاس حاضر ہوا اور نمازوں میں تخفیف چاہی۔ پروردگار نے فرمایا۔ میں نے جس دن زمین اور آسمان کو تخلیق کیا۔ اسی دن آپ ﷺ اور آپ ﷺ کی امت پر پچاس نمازیں فرض فرمادیں۔ اب یہ پانچ نمازیں پچاس کے برابر ہیں۔ آپ ﷺ اور آپ ﷺ کی امت انہیں ادا کرے۔ اس وقت مجھے معلوم ہوا کہ اللہ جل جلالہ کا یہ حکم قطعی ہے۔ میں پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا۔ آپ ﷺ نے کہا کہ اللہ رب العزت کے پاس دوبارہ جایئے۔ میں سمجھ چکا تھا کہ یہ حکم قطعی ہے لہذا میں پھر نہ گیا۔

(سنن نسائی، عربی اردو، جلد اول کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 453، ص 137، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

عقیدہ: محال ہے کہ کوئی حضور ﷺ کا مثل ہو جو کسی صفت خاصہ میں کسی کو حضور ﷺ کا مثل بتائے گمراہ ہے یا کافر۔

عقیدہ: حضور ﷺ کو اللہ عزوجل نے مرتبہ محبوبیت کبریٰ سے سرفراز فرمایا کہ تمام خلق جویائے رضائے مولیٰ ہے اور اللہ عزوجل طالب رضائے مصطفیٰ ﷺ

عقیدہ: حضور کے خصائص سے معراج ہے کہ مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک اور وہاں سے ساتوں آسمان اور کرسی و عرش تک بلکہ بالائے عرش رات کے ایک

Marfat.com

خفیف حصہ میں مع جسم تشریف لے گئے اور وہ قرب خاص حاصل ہوا کہ کسی بشر و ملک کو کبھی نہ حاصل ہوا' نہ ہوا اور جمال الٰہی بچشم سر دیکھا اور کلام الٰہی بلا واسطہ سنا اور تمام ملکوت السموت والارض کو بالتفصیل ذرہ ذرہ ملاحظہ فرمایا۔ (بہار شریعت حصہ اول)

حدیث شریف:262

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ نَبْهَانَ بْنِ صَفْوَانَ الثَّقَفِیُّ نَا یَحْیَی بْنُ کَثِیْرِ الْعَنْبَرِیُّ نَا سَالِمُ بْنِ جَعْفَرٍعَنِ الْحَکَمِ بْنِ اَبَانٍ عَنْ عِکْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ رَاٰی مُحَمَّدٌ رَبَّهٗ قُلْتُ اَلَیْسَ اللّٰهُ یَقُوْلُ لَا تُدْرِکُهُ الْاَبْصَارَ وَهُوَیُدْرِکُ الْاَبْصَارَ قَالَ وَیْحَکَ ذَاکَ اِذَا تَجَلّٰی بِنُوْرِهٖ الَّذِیْ هُوَنُوْرُهٗ وَقَدْ رَاٰی مُحَمَّدٌ رَبَّهٗ مَرَّتَیْنِ

(ترمذی، عربی، ابواب تفسیر القرآن، حدیث نمبر 3280، ص 736، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا رسول اکرم ﷺ نے اپنے رب جل جلالہ کو دیکھا۔ حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا کیا اللہ تعالیٰ نے نہیں فرمایا "لاتدرکہ الابصار و ھو یدرک الابصار' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ تم

Marfat.com

پر افسوس ہے یہ تو اس وقت ہے جب وہ اپنے ذاتی نور سے جلوہ گر ہو رسول اکرم ﷺ نے اپنے رب جل جلالہ کو دو مرتبہ دیکھا۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم' ابواب تفسیر القرآن' حدیث نمبر 1205، ص 518، مطبوعہ فرید بک لاہور کراچی)

حدیث شریف: 263

حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَىَ بْنِ سَعِيْدِ اُلْاُمَوِيُّ نَا اَبِىْ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِوَ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِىْ قَوْلِ اللّٰهِ وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى فَاَوْحٰى اِلٰى عَبْدِهٖ مَا اَوْحٰى فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ قَدْ رَاٰهُ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ

(ترمذی، عربی، ابواب تفسیر القرآن، حدیث نمبر 3281، ص 736 مطبوعہ دار السلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ارشاد باری تعالیٰ ''ولقد راہ نزلتہ اخری'' کے بارے میں روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کا دیدار کیا ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم' ابواب تفسیر القرآن، حدیث نمبر 1206، ص 519، مطبوعہ فرید بک

Marfat.com

لاہور کراچی)

حدیث شریف:364

حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدِنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ وَابْنُ اَبِیْ رِزْمَةَ وَاَبُوْ نُعَيْمٍ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ بْنِ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا كَذَبَ الْفُؤَادَمَا رَاٰی قَالَ رَاٰهُ بِقَلْبِهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ

(ترمذی، عربی، تفسیر القرآن، حدیث نمبر 3282، ص 736، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آیت کریمہ "ما کذب الفواد مارای" کے بارے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا۔ نبی اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کو دل (کی آنکھوں) سے دیکھا۔ یہ حدیث حسن ہے۔

(ترمذی شریف، عربی اردو، جلد دوم، ابواب تفسیر القرآن، حدیث نمبر 1207، ص 519، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:265

حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنِ اَبِیْ شَيْبَةَ وَاَبُوْ سَعِيْدِ الْاَشَجُّ جَمِيْعًا عَنْ وَكِيْعٍ قَالَ الْاَشَجُّ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ زِيَادِ بْنِ الْحُصَيْنِ اَبِیْ جَهْمَةَ عَنْ اَبِیْ

Marfat.com

الْعَالِيَةِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى قَالَ رَاٰى بِفُؤَادِهٖ مَرَّتَيْنِ

(مسلم شریف، عربی، کتاب الایمان، حدیث نمبر 437، ص 90، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں (قرآن کی آیت ہے) ''ان کے دل نے جو دیکھا اسے جھٹلایا نہیں اور انہوں نے اسے دوبارہ بھی دیکھا'' نبی اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کو دو مرتبہ اپنے دل (کی آنکھ) کے ذریعے دیکھا۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد اول، کتاب الایمان، حدیث 344، ص 184، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

نذر و نیاز کی حقیقت

حدیث شریف: 266

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى ثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَنْبَانَا سُفْيَانَ الثَّوْرِيُّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يُضَحِّيَ اشْتَرٰى كَبْشَيْنِ سَمِيْنَيْنِ اَقْرَنَيْنِ اَمْلَحَيْنِ مَوْجُوْئَيْنِ فَذَبَحَ اَحَدَهُمَا عَنْ اُمَّتِهٖ لِمَنْ شَهِدَ لِلّٰهِ بِالتَّوْحِيْدِ وَشَهِدَ لَهٗ

Marfat.com

بِالْبَلَاغِ وَ ذَبَحَ الْاٰخِرَ عَنْ مُحَمَّدٍوَعَنْ اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(ابن ماجہ، عربی، کتاب الاضاحی، حدیث نمبر 3122، ص 455، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: محمد بن یحییٰ، عبدالرزاق، ثوری، عبداللہ بن محمد بن عقیل ابوسلمہ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ جب قربانی کا ارادہ کرتے تو دو مینڈھے خریدتے جو موٹے تازے سینگوں دار کالے اور سیاہ رنگ دار ہوتے۔ ایک اپنی امت کی جانب سے ذبح کرتے، جو بھی اللہ تعالیٰ کو ایک مانتا ہو اور رسول ﷺ کی رسالت کا قائل ہو اور دوسرا محمد ﷺ اور آل محمد ﷺ کی جانب سے ذبح فرماتے۔

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد دوم، ابواب الاضاحی، باب الاضاحی رسول اللہ ﷺ، حدیث نمبر 907، ص 263، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 267

حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ قَالَ حَيْوَةُ اَخْبَرَنِىْ اَبُوْ صَخْرٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ قُسَيْطٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِكَبْشٍ اَقْرَنَ يُطَا فِىْ سَوَادٍ وَّيَبْرُكُ فِىْ سَوَادٍ وَّيَنْظُرُ فِىْ سَوَادٍ فَاُتِىَ بِهٖ لِيُضَحِّىَ بِهٖ

Marfat.com

فَقَالَ لَهَا يَا عَائِشَةُ هَلُمِّي الْمُدْيَةَ ثُمَّ قَالَ اشْحَذِيهَا بِحَجَرٍ فَفَعَلَتْ ثُمَّ أَخَذَهَا وَأَخَذَ الْكَبْشَ فَأَضْجَعَهُ ثُمَّ ذَبَحَهُ ثُمَّ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ اللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَمِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ ثُمَّ ضَحّٰى بِهِ

(مسلم شریف، عربی، کتاب الاضاحی، حدیث نمبر 5091، ص 877، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ایسا مینڈھا لانے کا حکم دیا جس کی ٹانگیں، پشت اور آنکھیں سیاہ ہوں، اسے پیش کیا گیا تا کہ آپ ﷺ اس کی قربانی کریں۔ نبی اکرم ﷺ نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا: اے عائشہ! چھری لاؤ! پھر فرمایا: اسے پتھر پر تیز کرلو۔ میں نے ایسا ہی کیا۔ آپ ﷺ نے چھری پکڑی۔ مینڈھے کو پکڑ کر اسے لٹایا اور پھر اسے ذبح کر دیا اور پڑھا بسم اللہ! (پھر دعا کی) اے اللہ! محمد ﷺ آل محمد ﷺ، اور محمد ﷺ کی امت کی جانب سے اسے قبول کر! (سیدہ عائشہ فرماتی ہیں) پھر آپ ﷺ نے اس کی قربانی کردی۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد دوم، کتاب الاضاحی، حدیث 4976، ص 814، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 268

حَدَّثَنَا عُثْمَانَ ابْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ قَالَ نَاشَرِيْكٌ عَنْ

Marfat.com

اَبِی الْحَسَنَآءِ عَنِ الْحَکَمِ عَنْ حَنَشٍ قَالَ رَاَیْتُ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ یُضَحِّیْ بِکَبْشَیْنِ فَقُلْتُ لَہٗ مَاھٰذَا فَقَا لَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَوْصَانِیْ اَنْ اُضَحِّیَ عَنْہُ فَاَنَا اُضَحِّیْ عَنْہُ

(ابوداؤد، عربی، کتاب الضحایا، باب الاضحیۃ عن المیت، حدیث نمبر 2790، ص 406، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حنش کا بیان ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دو دنبے قربانی کرتے دیکھا تو عرض گزار ہوا' یہ کیا بات ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے وصیت فرمائی تھی اپنی طرف سے قربانی کرنے کی۔ چنانچہ (ارشاد عالی کے تحت) ایک قربانی میں حضور ﷺ کی طرف سے پیش کر رہا ہوں۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد دوم' کتاب الاضحایا' حدیث نمبر 1017، ص 391، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: ایصال ثواب دو قسم کا ہوتا ہے۔ ایک وہ جو بزرگان دین کے لئے کیا جاتا ہے۔ دوسرا جو عام مسلمانوں کے لئے کیا جائے کہ دعاؤں اور ایصال ثواب کے ذریعے ان کی نیکیوں میں اضافہ ہو اور ان کی اخروی زندگی سنور جائے۔ جبکہ بزرگان دین کے لئے ایصال ثواب کرنے کا یہ مقصد نہیں ہوتا بلکہ اس بزرگ سے اپنی نسبت ثابت کرنا زیادہ مقصود ہوتا ہے کیونکہ وہ دوسروں کی طرح اس بات کے محتاج نہیں ہوتے کہ کوئی دعا اور ایصال ثواب کر کے ان کی عاقبت سنوارنے کی

Marfat.com

کوشش کرے۔ نبی کریم ﷺ کا حضرت علی رضی اللہ عنہ کو قربانی کی وصیت کرنا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا نبی کریم ﷺ کی طرف سے بھی قربانی کیا کرنا ایصال ثواب کی اسی پہلی قسم سے ہے۔ بعض حضرات جن کے دل مقربین بارگاہ الٰہیہ کی کدورت سے بھرے رہتے ہیں' وہ کہا کرتے ہیں کہ بزرگوں کے لئے ایصال ثواب کرنے والے ان کو ارباباً من دون اللہ بنائے بیٹھے ہیں۔ ورنہ بزرگوں کو تو ثواب کی ضرورت نہیں اور یہ آئے دن بزرگوں کو ثواب پہنچانے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ ایسے لوگ ایصال ثواب کے پردے میں بزرگوں کی پوجا پاٹ کرتے ہیں۔ ایسی ذہنیت رکھنے والے خارجیت زدہ حضرات کو اس حدیث سے سبق حاصل کرنا چاہئے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنی طرف سے قربانی کرنے کی وصیت کیوں فرمائی تھی؟ فافہم

حدیث شریف:269

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ حَیْوَةُ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ صَخْرٍ عَنِ ابْنِ قُسَیْطٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَیْرِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِکَبْشٍ اَقْرَنَ یَطَأُ فِیْ سَوَادٍ وَیَنْظُرُ فِیْ سَوَادٍ وَیَبْرُکُ فِیْ سَوَادٍ فَاُتِیَ بِهٖ

Marfat.com

فَضَحّٰی بِہٖ فَقَالَ یَا عَآئِشَۃُ ھَلُمِّی الْمُدْیَۃَ ثُمَّ قَالَ اشْحَذِیْھَا بِحَجَرٍ فَفَعَلَتْ فَاَخَذَھَا وَاَخَذَ الْکَبْشَ فَاَضْجَعَہٗ فَذَبَحَہٗ وَقَالَ بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنْ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَمِنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ ثُمَّ ضَحّٰی بِہٖ

(ابوداؤد، عربی، کتاب الضحایا، باب ما یستحب من الضحایا، حدیث نمبر 2792، ص 407، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے سینگوں والے مینڈھے کے لئے حکم فرمایا جس کے سینگ سیاہ آنکھیں سیاہ اور جسمانی اعضا سیاہ ہوں۔ پس وہ لایا گیا تو اس کی قربانی دینے لگے۔ فرمایا کہ اے عائشہ! چھری تو لاؤ' پھر فرمایا کہ اسے پتھر پر تیز کر لینا۔ پس میں نے ایسا ہی کیا تو مجھ سے لے لی اور مینڈھے کو پکڑ کر لٹایا اور ذبح کرنے لگے تو کہا۔ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔ اے اللہ تعالیٰ! اسے قبول فرما محمد ﷺ کی طرف سے آل محمد ﷺ کی طرف سے اور امت محمد ﷺ کی طرف سے پھر اس کی قربانی پیش کر دی۔

(ابوداؤد، جلد دوم' کتاب الاضحایا' حدیث نمبر 1019، ص 392، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: نبی کریم ﷺ کے جانور کو ذبح کرتے وقت بھی آل محمد ﷺ کی جانب منسوب فرما دیا کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ کا نام لے کر ذبح کرتے۔ معلوم ہوا

Marfat.com

جو جانور اللہ تعالیٰ کا نام لے کر ذبح کیا جائے تو ثواب میں شریک کرنے یا ایصال ثواب کی غرض سے اللہ والوں کی جانب منسوب کر دینے سے "ما اہل بہ لغیر اللہ" میں شمار نہیں ہوتا۔ جو جانور بزرگوں کی جانب منسوب کیا جائے کہ ان کے لئے ایصال ثواب کرنا ہے اور اسے اللہ تعالیٰ کا نام لے کر ذبح کیا جائے تو اسے حرام اور مردار ٹھہرانے والے شریعت مطہرہ پر ظلم کرتے اور بزرگوں سے دشمنی رکھنے کا ثبوت دیتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

حدیث شریف:270

عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ اَنَّ اُمَّهٗ مَاتَتْ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اُمِّىْ مَاتَتْ اَفَاَتَصَدَّقُ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاَىُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ قَالَ سَقْىُ الْمَاءِ فَتِلْكَ سِقَايَةُ سَعْدٍ بِالْمَدِيْنَةِ

(سنن نسائی، عربی، کتاب الوصایا، حدیث نمبر 3696، ص 518، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: سیدنا حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! میری والدہ فوت ہوگئی ہے۔ کیا میں اس کی طرف سے کچھ خیرات اور صدقہ کروں۔ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں کیجئے حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے دریافت فرمایا۔ ثواب کے

Marfat.com

لحاظ سے کون سا صدقہ افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا پانی پلانا تو ابھی تک مدینہ منورہ میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ ہی کی سبیل ہے۔

(سنن نسائی، عربی اردو جلد دوم حدیث نمبر 3698، ص 577، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

مسئلہ: ایصال ثواب نہایت موجب برکات امر مستحب ہے۔ اسے عرف میں ادب سے نذر و نیاز کہتے ہیں۔ یہ نذر شرعی نہیں جیسے بادشاہ کو نذر دینا ان میں خصوصا گیارہویں شریف کی فاتحہ نہایت عظیم برکت کی چیز ہے۔

مسئلہ: عرس اولیائے کرام یعنی قرآن خوانی و فاتحہ خوانی و نعت خوانی و وعظ و ایصال ثواب اچھی چیز ہے۔ رہے منہیات شرعیہ وہ تو ہر حالت میں مذموم ہیں اور مزارات طیبہ کے پاس اور زیادہ مذموم تنبیہ چونکہ عموما مسلمانوں کو بحمدہ تعالیٰ اولیائے کرام سے نیاز مندی اور مشائخ کے ساتھ انہیں ایک خاص عقیدت ہوتی ہے۔ ان کے سلسلہ میں منسلک ہونے کو اپنے لئے فلاح دارین تصور کرتے ہیں اس وجہ سے زمانہ حال کے وہابیہ نے لوگوں کو گمراہ کرنے کے لئے یہ جال پھیلا رکھا ہے کہ پیری مریدی بھی شروع کر دی حالانکہ اولیاء کے یہ منکر ہیں لہذا جب مرید ہونا ہو تو اچھی طرح تفتیش کر لیں ورنہ اگر بد مذہب ہوا تو ایمان سے بھی ہاتھ دھو بیٹھیں گے۔

اے بسا ابلیس آدم روئے ہست
پس بہر دستے نباید داد دست

پیری کے لئے چار شرطیں ہیں قبل از بیعت ان کا لحاظ فرض ہے۔ اول سنی

Marfat.com

صحیح العقیدہ ہو دوم اتنا علم رکھتا ہو کہ اپنی ضرورت کے مسائل کتابوں سے نکال سکے سوم فاسق معلن نہ ہو چہارم اس کا سلسلہ نبی ﷺ تک متصل ہو۔ (بہار شریعت حصہ اول)

دم اور تعویذات کا بیان

حدیث شریف: 271

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ عُمَرَ الْمَکِیُّ حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِیْزِ الدَّرَاوَرْدِیُّ عَنْ یَزِیْدَ وَھُوَ ابْنُ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ اُسَامَۃَ بْنِ الْھَادِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاھِیْمَ عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَۃَ زَوْجِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّھَا قَالَتْ کَانَ اِذَا اشْتَکٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَقَاہُ جِبْرِیْلُ قَالَ بِاسْمِ اللّٰہِ یُبْرِیْکَ وَ مِنْ کُلِّ دَاءٍ یَشْفِیْکَ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ وَشَرِّ کُلِّ ذِیْ عَیْنٍ

(مسلم شریف، عربی، کتاب السلام، حدیث نمبر 5699، ص 970، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم ﷺ

Marfat.com

بیمار ہوئے تو حضرت جبرائیل علیہ السلام یہ دعا پڑھ کر آپ ﷺ پر دم کرتے تھے۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد سوم، کتاب السلام، حدیث نمبر 5582، ص 159، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 272

حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اشْتَكٰى يَقْرَاُ عَلٰى نَفْسِهٖ بِالْمُعَوِّذَاتِ وَيَنْفُثُ فَلَمَّا اشْتَدَّ وَجَعُهٗ كُنْتُ اَقْرَاُ عَلَيْهِ وَاَمْسَحُ بِيَدِهٖ رَجَآءَ بَرَكَتِهَا

(بخاری، عربی کتاب الفضائل القرآن، حدیث نمبر 5016، ص 899، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: عروہ (بن زبیر) نے ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ رسول اللہ ﷺ جب بیمار ہوتے تو معوذات پڑھ کر اپنے اوپر دم فرماتے۔ جب آپ ﷺ کی مرض میں اضافہ ہوا (جس مرض میں آپ ﷺ نے وفات پائی) تو میں آپ ﷺ پر معوذات پڑھتی اور آپ کے دستِ اقدس کی برکت کی امید رکھتے ہوئے اس سے آپ ﷺ کو مسح کرتی۔

(بخاری، عربی اردو، جلد سوم، کتاب التفسیر، حدیث نمبر 8، ص 37، مطبوعہ شبیر برادرز

Marfat.com

لاہور پاکستان)

حدیث شریف:273

حَدَّثَنَا اَلْقَعْنَبِیُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اِبْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اشْتَكٰى يَقْرَأُ فِیْ نَفْسِهٖ بِاَلْمُعَوِّ ذَاتِ وَيَنْفُثُ فَلَمَّا اشْتَدَّ وَجَعَهٗ كُنْتُ اَقْرَاءُ عَلَيْهِ وَ اَمْسَحُ عَلَيْهِ بِيَدِهٖ رَجَآءَ بَرَكَتِهَا

(ابوداؤد، عربی، کتاب الطب، حدیث نمبر 3902، ص 554، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: عروہ نے نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو جب کوئی تکلیف ہوتی تو معوذ تین پڑھ کر اپنے اوپر دم کرتے۔ جب آپ ﷺ کی تکلیف بڑھ گئی تو میں بھی آپ ﷺ پر پڑھتی اور اپنا ہاتھ آپ ﷺ پر پھیرا کرتی، برکت کی امید رکھتی ہوئی۔

(سنن ابوداؤد، عربی اردو، جلد سوم، باب کیف الرقی، حدیث نمبر 505، ص 180، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:274

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ عَنْ اَبِی

Marfat.com

الْمُتَوَكِّلِ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ رَهْطًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ انْطَلِقُوْا فِیْ سَفْرَةٍ سَافَرُوْهَا فَنَزَلُوْا بِحَیٍّ مِنْ اَحْیَاءِ الْعَرَبِ فَاسْتَضَافُوْهُمْ فَاَبَوْا اَنْ تُضَیِّفُوْهُمْ قَالَ فَلُدِغَ سَیِّدُ ذٰلِكَ الْحَیِّ فَشَفَوْا لَهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ لَا یَنْفَعُهٗ شَیْءٌ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لَوْ اَتَیْتُمْ هٰؤُلَاءِ الرَّهْطِ الَّذِیْنَ نَزَلُوْا بِكُمْ لَعَلَّ اَنْ یَكُوْنَ عِنْدَ بَعْضِهِمْ شَیْءٌ یَنْفَعُ صَاحِبَكُمْ فَقَالَ بَعْضُهُمْ اِنَّ سَیِّدَنَا لُدِغَ فَشَفَیْنَا لَهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ فَلَا یَنْفَعُهٗ شَیْءٌ فَهَلْ عِنْدَ اَحَدٍ مِنْكُمْ شَیْءٍ یَشْفِیْ صَاحِبَنَا یَعْنِیْ رُقْیَةً فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ اِنِّیْ لَاَرْقِیْ وَلٰكِنِ اسْتَضَفْنَاكُمْ فَاَبَیْتُمْ اَنْ تُضَیِّفُوْنَا مَا اَنَا بِرَاقٍ حَتّٰی تَجْعَلُوْا لِیْ جُعْلًا فَجَعَلُوْا لَهٗ قَطِیْعًا مِنَ الشَّاءِ فَاَتَاهُ فَقَرَاَ عَلَیْهِ بِاُمِّ الْكِتٰبِ وَیَتْفُلُ حَتّٰی بَرِیءَ كَاَنَّمَا اُنْشِطَ مِنْ عِقَالٍ قَالَ فَاَوْفَاهُمْ جُعْلَهُ الَّذِیْ صَالَحُوْهُمْ عَلَیْهِ فَقَالُوْا اقْتَسِمُوْا فَقَالَ الَّذِیْ رَقٰی لَا تَفْعَلُوْا حَتّٰی نَاْتِیَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَنَسْتَاْمِرُهٗ فَغَدَوْا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرُوْا لَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَمَا اَدْرٰكَ اَنَّهَا

Marfat.com

رُقیَۃٌ اَحسَنتُم وَاضرِبُوا لِیْ مَعَکُمْ بِسَھمٍ

(ابوداؤد، عربی، کتاب البیوع، باب فی کسب الاطباء، حدیث نمبر 3418، ص 496، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کے کچھ اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین ایک سفر میں تھے کہ وہ عرب کے ایک قبیلے کے پاس اترے اور ان سے ضیافت کے لئے کہا تو انہوں نے مہمان نوازی سے انکار کر دیا۔ پس اس قبیلے کے سردار کو سانپ نے کاٹ کھایا۔ انہوں نے ہر ایک چیز سے اس کا علاج کر کے دیکھ لیا لیکن کسی چیز نے اسے فائدہ نہ دیا۔ ان میں سے بعض لوگوں نے کہا کہ تم ان لوگوں کے پاس کیوں نہیں جاتے جو تمہارے پاس اترے ہوئے ہیں شاید ان میں سے کسی کے پاس کوئی ایسی چیز ہو جو تمہارے سردار کو فائدہ دے۔ ان میں سے بعض لوگوں نے (اگر) کہا کہ ہمارے سردار کو سانپ نے ڈس لیا ہے۔ ہم نے ہر چیز سے ان کا علاج کر کے دیکھ لیا لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ کیا آپ حضرات میں سے کسی کو دم کرنا آتا ہے؟ ان میں سے ایک صاحب نے فرمایا کہ میں دم کروں گا لیکن ہم نے تم لوگوں سے ضیافت کے لئے کہا تھا کہ تم نے انکار کر دیا لہذا میں دم نہیں کروں گا۔ یہاں تک کہ میرے لئے کوئی انعام مقرر کرو۔ پس انہوں نے بکریوں کا ایک ریوڑ مقرر کر دیا۔ پس وہ صاحب اس کے پاس تشریف لے گئے اور سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کرتے رہے یہاں تک کہ وہ شفایاب ہو گیا۔ جیسے قید سے آزاد ہوا ہو۔ راوی کا بیان ہے کہ انہوں نے جو انعام

Marfat.com

مقرر کیا تھا وہ پیش کر دیا۔ ساتھیوں نے کہا کہ انہیں تقسیم کر لیں۔ دم کرنے والے صاحب نے کہا کہ ایسا نہ کیجئے۔ یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اس کا حکم دریافت کر لیں۔ اگلے روز وہ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور واقعہ عرض کر دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تمہیں کیسے معلوم ہوا کہ اس کے ساتھ دم کیا جا سکتا ہے؟ تم نے اچھا کیا اور اپنے ساتھ میرا حصہ بھی نکالنا۔

(سنن ابوداؤد، عربی اردو، جلد سوم' کتاب البیوع' حدیث نمبر 24، ص 26، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث سے کئی چیزیں معلوم ہوئیں۔ ایک یہ کہ آیات قرآنیہ میں شفا بھی ہے۔ روحانی شفا تو ہر ایک کے نزدیک مُسَلَّم لیکن جسمانی شفا سے بھی کلام الٰہی کا دامن خالی نہیں ہے۔ دوسری بات یہ کہ قرآنی آیات سے دم اور جھاڑ پھونک کرنا جائز ہے۔ تیسرے یہ کہ دم کرنے پر اگر کوئی اپنی مرضی سے دم کرنے والے کی مالی خدمت کرے تو اس کے جواز میں کلام نہیں ہے۔ نبی کریم ﷺ نے اپنے حصے کا مطالبہ کر کے اور "**واضربو الی معکم بسھم**" فرما کر جواز کو خوب ذہن نشین کروا دیا تا کہ کسی کے دل میں اس کے متعلق کوئی شبہ نہ رہ جائے۔

واللہ تعالیٰ اعلم

حدیث شریف:275

حَدَّثَنَا مُوْسٰی بْنُ اِسْمٰعِیْلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ مُحَمَّدٍ

Marfat.com

بُنِ اِسْحٰقَ عَنْ عَمْرِ وبْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعَلِّمُهُمْ مِنَ الْفَزَعِ كَلِمَاتٍ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَنْ يَحْضُرُوْنِ وَكَانَ عَبْدُاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍ و يُعَلِّمُهُنَّ مِنْ عَقَلَ مِنْ بَنِيْهِ وَمَنْ لَمْ يَعْقِلْ كَتَبَهٗ فَاَعْلَقَهٗ عَلَيْهِ

(ابوداؤد، عربی، کتاب الطب، حدیث نمبر 3893، ص 553، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے ان کے جد امجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ پریشانی کے وقت کہنے کے لئے یہ کلمات سکھایا کرتے۔ ”پناہ لیتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے مکمل کلمات کی اس کے غضب سے اور اس کے بندوں کی برائی سے اور شیطانوں کے وسوسوں سے اور اس سے کہ وہ میرے پاس آئیں“ چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما یہ دعا اپنے بیٹوں کو سکھایا کرتے جو سمجھدار ہوتے اور جو ان سمجھ ہوتے ان کے گلوں میں لکھ کر لٹکا دیا کرتے۔

(سنن ابوداؤد، عربی اردو، جلد سوم، باب کیف الرقی، حدیث نمبر 496، ص 177، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 276

حَدَّثَنِیْ اَبُو الطَّاهِرِ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِیْ

Marfat.com

مُعَاوِيَةَ بْنُ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ جُبَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ كُنَّا نَرْقِيْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَقُلْنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ تَرٰى فِيْ ذٰلِكَ فَقَالَ اعْرِضُوْا عَلَيَّ رُقَاكُمْ لَا بَاْسَ بِالرُّقٰى مَالَمْ يَكُنْ فِيْهِ شِرْكٌ

(مسلم شریف، عربی کتاب السلام، حدیث نمبر 5732، ص 975، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ زمانہ جاہلیت میں دم کیا کرتے تھے۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! اس بارے میں آپ ﷺ کی کیا رائے ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے اس دم کے الفاظ سناؤ۔ جس دم میں شرکیہ کلمات نہ ہوں' اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد سوم' کتاب السلام، حدیث نمبر 5615، ص 168، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 277

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا فَزِعَ اَحَدُكُمْ فِي النَّوْمِ فَلْيَقُلْ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ

Marfat.com

الشَّيْطِيْنِ وَ اَنْ يَحْضُرُوْنِ فَاِنَّهَا لَنْ تَضُرَّهٗ فَكَانَ عَبْدُاللّٰه
ِبْنِ عَمْرٍو يَعَلِّمُهَا مَنْ بَلَغَ مِنْ وَلَدِهٖ وَمَنْ لَمْ يَبْلَغْ مِنْهُمْ
كَتَبَهَا فِيْ صَكٍّ ثُمَّ عَلَّقَهَا فِيْ عُنُقِهٖ

(ترمذی، عربی، ابواب الدعوات، حدیث نمبر 3528، ص 804 مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: عمرو بن شعیب بواسطہ والد اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی نیند کی حالت میں ڈر جائے تو یہ کلمات کہے "اعوذ بکلمات اللہ" الخ میں اللہ تعالیٰ کے مکمل وتمام کلمات کے ذریعہ اس کے غضب وعذاب بندوں کی شر شیطانی وسوسوں اور ان کے آموجود ہونے سے پناہ چاہتا ہوں۔ یہ خواب اس شخص کو کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا۔ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ اپنی بالغ اولاد کو یہ کلمات سکھاتے اور نابالغ بچوں کے لئے کاغذ پر لکھ کر ان کے گلے میں ڈالتے تھے۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم، ابواب الدعوات، حدیث نمبر 1450، ص 629، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: بچوں کے گلے میں تعویذ ڈالنا جائز بلکہ ایک اچھا کام ہے، ممانعت صرف ان تعویزات کی ہے جن میں شرکیہ کلمات تحریر ہوں لہذا ایسے مستحسن کام کو شرک وبدعت کہنا گمراہی اور جہالت کی علامت ہے۔

Marfat.com

نماز کے بعد بلند آواز سے ذکر کرنے کا بیان

حدیث شریف:278

حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو قَالَ اَخْبَرَنِی بَذا اَبُوْ مَعْبَدٍ ثُمَّ اَنْكَرَهٗ بَعْدُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنَّا نَعْرِفُ انْقِضَاءَ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالتَّكْبِيْرِ

(مسلم شریف، عربی، کتاب المساجد ومواضع الصلوٰۃ، حدیث نمبر 1316، ص 236، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: عمرو (بن دینار) بیان کرتے ہیں۔ ابومعبد نے پہلے مجھے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا یہ بیان سنایا اور پھر بعد میں اس کا انکار کر دیا۔ (حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا بیان یہ ہے) تکبیر (کی بلند آوازیں سن کر) ہمیں پتہ چل جاتا تھا کہ نبی اکرم ﷺ کی نماز ختم ہو چکی ہے۔

(مسلم شریف، عربی اردو جلد اول' کتاب المساجد ومواضع الصلوٰۃ' حدیث نمبر 1217، ص 458، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف:279

Marfat.com

وَحَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ اَبِیْ مَعْبَدٍ مَوْلَی ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ سَمِعَهٗ یُخْبِرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا کُنَّا نَعْرِفُ اَنْقِضَاءَ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِالتَّکْبِیْرِ قَالَ عَمْرٌو فَذَکَرْتُ ذٰلِكَ لِاَبِیْ مَعْبَدٍ فَاَنْکَرَهٗ وَقَالَ لَمْ اُحَدِّثْكَ بِهٰذَا قَالَ عَمْرٌو قَالَ وَقَدْ اَخْبَرَ نِیْهِ قَبْلَی ذٰلِكَ

(مسلم شریف، عربی، کتاب المساجد ومواضع الصلوٰۃ، حدیث نمبر 1317، ص 236، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: عمرو بن دینار، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام ابومعبد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ ہمیں صرف تکبیر (کی بلند آوازوں کے ذریعے) نبی اکرم ﷺ کی نماز کے ختم ہونے کا پتہ چلتا تھا۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد اول، کتاب المساجد ومواضع الصلوٰۃ، حدیث نمبر 1218، ص 459، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

عمرو کہتے ہیں، کچھ عرصے بعد میں نے ابومعبد سے اس بات کا ذکر کیا تو انہوں نے اس کا انکار کرتے ہوئے کہا، میں نے تمہیں یہ حدیث نہیں سنائی۔ عمرو کہتے ہیں، حالانکہ انہوں نے پہلے خود یہ حدیث سنائی تھی۔

Marfat.com

حدیث شریف:280

حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ وَ حَدَّثَنِیْ اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ وَّاللَّفْظُ لَهٗ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ اَنَّ اَبَا مَعْبَدٍ مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ رَفْعَ الصَّوْتِ بِالذِّكْرِ حِيْنَ يَنْصَرِفُ النَّاسُ مِنَ الْمَكْتُوْبَةِ كَانَ عَلٰى عَهْدِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَّهٗ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كُنْتُ اَعْلَمُ اِذَا انْصَرَفُوْا بِذٰلِكَ اِذَا سَمِعْتُهٗ

(مسلم شریف، عربی، کتاب المساجد ومواضع الصلوٰۃ، حدیث نمبر 1318، ص 237، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: عمرو بن دینار' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام ابومعبد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے انہیں بتایا تھا۔ نبی اکرم ﷺ کے عہد مبارک میں فرض نماز پڑھ لینے کے بعد بلند آواز سے ذکر کرنا معمول تھا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ جب میں یہ ذکر سنتا' تو مجھے پتہ چل جاتا کہ لوگ نماز ختم کر چکے ہیں۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد اول' کتاب المساجد ومواضع الصلوٰۃ' حدیث نمبر 1219، ص 459، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

Marfat.com

حدیث شریف:281

حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقُ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَمْرٌو اَنَّ اَبَا مَعْبَدٍ مَوْلٰی ابْنِ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَخْبَرَهٗ اَنَّ رَفْعَ الصَّوْتِ بِالذِّكْرِ حِيْنَ يَنْصَرِفُ النَّاسُ مِنَ الْمَكْتُوْبَةِ كَانَ عَلٰی عَهْدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كُنْتُ اَعْلَمُ اِذَا انْصَرَفُوْا بِذٰلِكَ اِذْ سَمِعْتُهٗ

(بخاری، عربی، کتاب الاذان، حدیث نمبر 841، ص 136، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابومعبد (نافذ) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے غلام روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ بلند آواز سے ذکر کرنا جس وقت لوگ فرض نماز سے فارغ ہوں۔ نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں معروف تھا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب لوگ نماز سے فارغ ہوتے تو میں اس کو معلوم کر لیتا تھا جس وقت بآواز بلند ذکر سنتا تھا۔

(بخاری، عربی اردو، جلد اول، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 798، ص 371، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

Marfat.com

حدیث شریف:282

حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰہِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ حَدَّثَنَا عَمْرٌو قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ مَعْبَدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا قَالَ کُنْتُ اَعْرِفُ انْقِضَاءَ صَلٰوۃِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِالتَّکْبِیْرِ قَالَ عَلِیٌّ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ عَمْرٍو قَالَ کَانَ اَبُوْ مَعْبَدٍ اَصْدَقُ مَوَالِی ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ عَلِیٌّ وَّاسْمُہٗ نَافِذٌ

(بخاری، عربی، کتاب الاذان، حدیث نمبر 842، ص 136، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ کی نماز مکمل ہونے کو تکبیر کی آواز سن کر پہچان لیتا تھا۔

(بخاری، عربی اردو، جلد اول، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 799، ص 371، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف:283

عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ قَالَ کَانَ عَبْدُاللّٰہِ بْنِ الزُّبَیْرِ یُھَلِّلُ فِیْ دُبُرِ الصَّلٰوۃِ یَقُوْلُ لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَانَعْبُدُ اِلَّا اِیَّاہُ لَہُ النِّعْمَۃُ وَلَہُ الْفَضْلُ وَلَہُ الثَّنَآءُ

Marfat.com

اَلْحَسَنُ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْكَرِهُ الْكَافِرُوْنَ ثُمَّ يَقُوْلُ ابْنُ الزُّبَيْرَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُهَلِّلُ بِهِنَّ فِىْ دُبُرِ الصَّلٰوةِ

(سنن نسائی، عربی، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 1341، ص 188، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: سیدنا حضرت ابو الزبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جناب حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نماز کے بعد تہلیل اس طرح فرماتے: لا الٰہ الا اللہ آخر تک اور فرماتے کہ نبی کریم ﷺ انہی کلمات کو نماز کے بعد پڑھتے۔

(سنن نسائی، عربی اردو، جلد اوّل، باب عدد التہلیل والذکر بعد التسلیم، حدیث نمبر 1343، ص 412، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: مذکورہ احادیث سے فرض نماز کے بعد بلند آواز سے ذکر کرنا ثابت ہوا۔

حدیث شریف: 284

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ بُزِيْعٍ نَا اَبُوْ نُعَيْمٍ عَنْ مُحِمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ جَابِرَ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ اَوْسَمِعْتُ جَابِرِبْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ رَاٰى نَاسٌ نَارًا فِى الْمَقْبُرَةِ فَاَتَوْهَا فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

Marfat.com

وَسَلَّمَ فِی الْقَبْرِ وَاِذَا ھُوَ یَقُوْلُ نَاوِلُوْنِیْ صَاحِبَکُمْ فَاِذَا ھُوَ الرَّجُلُ الَّذِیْ کَانَ یَرْفَعُ صَوْتَہٗ بِالذِّکْرِ

(ابوداؤد، عربی، کتاب الجنائز، باب فی الدفن باللیل، حدیث نمبر 3164، ص 462، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت عمرو بن دینار رضی اللہ عنہ نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے یا میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا کہ انہوں نے فرمایا۔ لوگوں نے قبرستان میں روشنی دیکھی تو وہاں گئے۔ دیکھا تو رسول اللہ ﷺ ایک قبر میں کھڑے فرما رہے تھے۔ اپنا ساتھی مجھے پکڑاؤ۔ وہ ایسا آدمی تھا جو بلند آواز سے ذکر الٰہی کیا کرتا تھا۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد دوم، کتاب الجنائز، حدیث نمبر 1387، ص 536، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: آہستہ آواز سے ذکر کرنا افضل اور بہت خوب ہے کیونکہ یہ ریا سے بہت دور ہے لیکن بلند آواز سے ذکر کرنا بھی محض بے اصل نہیں ہے جبکہ اس میں ریا اور دکھاوا نہ ہو۔ بلند آواز سے ذکر الٰہی کرنے والے پر آخری وقت رسول اللہ ﷺ نے کتنی شفقت فرمائی کہ اسے خود اپنی مبارک ہاتھوں سے قبر میں اتارا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

Marfat.com

مسئلہ باغ فدک

حدیث شریف:285

حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ مَوْهَبٍ الْهَمْدَانِيّ نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عُقَيْلِ بْنِ خَالِدٍعَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ ابْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَآئِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهَا اَخْبَرَتْهُ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُرْسَلَتْ اِلٰى اَبِىْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ تَسْأَلُهٗ مِيْرَاثَهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بِالْمَدِيْنَةِ وَفِدَكَ وَمَا بَقِىَ مِنْ خُمُسِ خَيْبَرَ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نُوْرَثُ مَاتَرَكْنَا صَدَقَةٌ اِنَّمَا يَاْكُلُ اٰلُ مُحَمَّدٍ مِنْ هٰذَا الْمَالِ وَاِنِّىْ وَاللّٰهِ لَا اُغَيِّرُ شَيْئًا مِنْ صَدَقَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ حَالِهَا الَّتِىْ كَانَتْ عَلَيْهَا فِىْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا عْمَلَنَّ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَبٰى اَبُوْبَكْرٍ اَنْ يَدْفَعَ اِلٰى فَاطِمَةَ مِنْهَا شَيْئًا

(ابوداؤد، عربی، کتاب الخراج، حدیث نمبر 2968، ص 432، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

Marfat.com

ترجمہ: عروہ بن زبیر نے نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی لخت جگر حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے لئے پیغام بھیجا۔ ان سے رسول اللہ ﷺ کی میراث کا مطالبہ کرتے ہوئے جو اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو مدینہ منورہ اور فدک میں عطا فرمایا تھا اور جو خیبر کے خُمس سے باقی تھا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے۔ ہمارا کوئی وارث نہیں ہوتا ہم جو کچھ چھوڑیں وہ صدقہ ہے۔ مال سے آل محمد ﷺ کھاتے ہیں اور خدا کی قسم میں رسول اللہ ﷺ کے صدقہ میں ذرا سی تبدیلی بھی نہیں کروں گا اور اسی حال میں رکھوں گا جس حال میں وہ رسول اللہ ﷺ کے عہد مبارک میں تھا اور میں اس میں عمل نہیں کروں گا مگر اسی طرح جیسے رسول اللہ ﷺ کیا کرتے تھے۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس میں سے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو کچھ دینے سے بالکل انکار کر دیا۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد دوم، کتاب الخراج، حدیث نمبر 1194، ص 455، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 286

حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ اِنَّ اَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

Marfat.com

وَسَلَّمَ حِيْنَ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَدْنَ اَنْ يَبْعَثْنَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ اِلٰى اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ فَيَسْاَلْنَهٗ نَصِيْبَهُنَّ بِالْمِيْرَاثِ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ لَهُنَّ عَائِشَةُ اَلَيْسَ قَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نُوْرَثُ مَاتَرَكْنَا فَهُوَ صَدَقَةٌ

(ابوداؤد، عربی، کتاب الخراج، باب فی صفایا رسول اللہ من الاموال، حدیث نمبر 2976، ص 434، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: عروہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ بے شک نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواجِ مطہرات نے جبکہ رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے وفات پائی تو ارادہ کیا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو بھیجیں تا کہ رسول اللہ ﷺ کی میراث سے آٹھویں حصے کا ان کے لئے سوال کریں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان سے فرمایا کیا رسول اللہ ﷺ نے یہ نہیں فرمایا ہے کہ ہمارا کوئی وارث نہیں بلکہ جو ہم چھوڑ جائیں وہ صدقہ ہے؟

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد دوم، کتاب الخراج، حدیث نمبر 1202، ص 485، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی صاحبزادی حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھی نبی کریم ﷺ کے دنیاوی اموال فدک

Marfat.com

وخیبر وغیرہ۔ سے میراث نہ دی اور نہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو۔ کیونکہ دنیاوی مال میں نبی کا کوئی وارث نہیں ہوتا بلکہ وہ حضرات جو کچھ چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا تھا دریں حالات سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بطور میراث حصہ نہ دینا قابل اعتراض تو نہیں ہے ہاں جس طرح آمدنی سے انہیں رسول اللہ ﷺ کی حیات مبارکہ میں ملا کرتا تھا۔ اسی طرح آپ ﷺ کے بعد بھی ملتا رہا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

خلافت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

حدیث شریف: 287

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ لَمَّا قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتِ الْاَنْصَارُ مِنَّا اَمِيْرٌ وَّمِنْكُمْ اَمِيْرٌ فَاَتَاهُمْ عُمَرُ فَقَالَ اَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَمَرَ اَبَا بَكْرٍ اَنْ يُّصَلِّيَ بِالنَّاسِ فَاَيُّكُمْ تَطِيْبُ نَفْسُهٗ اَنْ يَتَقَدَّمَ اَبَا بَكْرٍ قَالُوْا نَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ نَتَقَدَّمَ اَبَا بَكْرٍ

(سنن نسائی، عربی، کتاب الامامۃ، باب ذکر الامامۃ والجماعۃ، حدیث نمبر 778، ص 106، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

Marfat.com

ترجمہ: سیدنا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب حضور پرنور ﷺ کا وصال شریف ہوا تو انصار نے کہا ہم میں سے ایک صاحب کو امام ہونا چاہئے اور مہاجرین میں سے ایک امیر۔ سیدنا حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ان کے پاس تشریف لائے۔ اور ان سے دریافت کیا۔ کیا تم نہیں جانتے کہ حضور پرنور ﷺ نے جناب ابوبکر رضی اللہ عنہ کو نماز پڑھانے کا حکم فرمایا تھا۔ تم میں کون ایسا شخص ہے کہ جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے مقدم ہونے پر راضی ہو۔ صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم نے فرمایا کہ ہم اس بات سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں کہ ہم جناب ابوبکر رضی اللہ عنہ سے مقدم ہوں۔

(سنن نسائی، عربی اردو، جلد اول، کتاب الامامۃ، حدیث نمبر 780، ص 238 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

نوٹ: سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آیات قرآنی، احادیث نبویہ اور اقوال صحابہ رضی اللہ عنہم کی بناء پر انبیاء کرام کے بعد افضل الناس ہیں۔ علماء اہل سنت کا اس امر پر اجماع ہے۔ کہ انبیاء کرام علیہم السلام کے بعد سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تمام بنی نوع انسان میں افضل ترین انسان ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ اسلام کے بہترین مظہر اور اسوہ رسول ﷺ کے بہترین نمونہ امام ابن جوزی رحمتہ اللہ علیہ کے بقول آیت شریفہ "وسیجنبھا الاتقی الذی ...الخ" سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی شان میں نازل ہوئی۔ آیت مذکورہ میں جناب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو اتقی یعنی سب سے زیادہ

Marfat.com

پرہیز گار فرمایا گیا ہے۔

مرتبہ حضرت صدیقؓ رضی اللہ عنہ کا یہ ہے سیّد
ہر فضیلت کے وہ جامع ہیں نبوت کے سوا

امامت دو قسم کی ہے' صغریٰ اور کبریٰ۔ امامت صغریٰ امامت نماز ہے۔ امامت کبریٰ نبی ﷺ کی نیابت مطلقہ کہ حضور ﷺ کی نیابت سے مسلمانوں کے تمام امور دینی و دنیوی میں حسب شرع تصرف عام کا اختیار رکھے اور غیر معصیت میں اس کی اطاعت تمام جہان کے مسلمانوں پر فرض ہو۔ اس امام کے لئے مسلمان' آزاد' عاقل' بالغ' قادر' قریشی ہونا شرط ہے۔ ہاشمی' علوی معصوم ہونا اس کی شرط نہیں۔ ان کا شرط کرنا روافض کا مذہب ہے جس سے ان کا یہ مقصد ہے کہ برحق امرائے مومنین خلفائے ثلثہ ابوبکر صدیق وعمر فاروق وعثمان غنی رضے اللہ تعالیٰ عنہم کو خلافت سے جدا کریں۔ حالانکہ ان کی خلافتوں پر تمام صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا اجماع ہے۔ مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہ الکریم وحضرات حسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ان کی خلافتیں تسلیم کیں اور علویت کی شرط نے تو مولیٰ علی کو بھی خلیفہ ہونے سے خارج کر دیا۔ مولیٰ علوی کیسے ہو سکتی ہیں۔ رہی عصمت تو انبیاء و ملائکہ کا خاصہ ہے جس کو ہم پہلے بیان کر آئے امام کا معصوم ہونا روافض کا مذہب ہے (بہار شریعت حصہ اول)

عقیدہ: نبی ﷺ کے بعد خلیفہ برحق وامام مطلق حضرت سیدنا ابوبکر صدیق

Marfat.com

پھر حضرت عمر فاروق پھر حضرت عثمان غنی پھر حضرت مولیٰ علی پھر چھ مہینے کے لئے حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہوئے۔ ان حضرات کو خلفائے راشدین اور ان کی خلافت کو خلافت راشدہ کہتے ہیں کہ انہوں نے حضور ﷺ کی سچی نیابت کا پورا حق ادا فرمایا۔ (بہار شریعت حصہ اول)

عقیدہ: بعد انبیاء و مرسلین تمام مخلوقات الٰہی انس و جن و ملک سے افضل صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں پھر عمر فاروق اعظم پھر عثمان غنی پھر مولیٰ علی رضی اللہ عنہم جو شخص مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو صدیق یا فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے افضل بتائے گمراہ بدمذہب ہے۔

(بہار شریعت حصہ اول)

عقیدہ: افضل کے یہ معنی ہیں کہ اللہ عزوجل کے یہاں زیادہ عزت و منزلت والا ہو۔ اسی کو کثرت ثواب سے بھی تعبیر کرتے ہیں نہ کہ کثرت اجر کہ بارہا مفضول کے لئے ہوتی ہے۔ حدیث میں ہمراہیان سیدنا امام مہدی کی نسبت آیا کہ ان میں ایک کے لئے پچاس کا اجر ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی ان میں کے پچاس کا یا ہم میں کے۔ فرمایا بلکہ تم میں کے۔ تو اجر ان کا زائد ہوا مگر افضلیت میں وہ صحابہ کرام کے ہمسفر بھی نہیں ہو سکتے۔ زیادت درکنار کہاں امام مہدی کی رفاقت اور کہاں حضور سید عالم ﷺ کی صحابیت۔ اس کی نظیر بلاشبہ یوں سمجھئے کہ سلطان نے کسی مہم پر وزیر اور بعض دیگر افسروں کو بھیجا اس کی فتح پر ہر افسر کو لاکھ لاکھ روپے

Marfat.com

انعام دیئے اور وزیر کو خالی پروانہ خوشنودی مزاج دیا تو انعام انہیں کو زیادہ ملا مگر کہاں وہ اور کہاں وزیر اعظم کا اعزاز۔

عقیدہ: ان کی خلافت برترتیب فضیلت ہے۔ یعنی جو عنداللہ افضل واعلیٰ و اکرام تھا وہی پہلے خلافت پاتا گیا نہ کہ افضلیت برترتیب خلافت یعنی افضل یہ کہ ملک داری و ملک گیری میں زیادہ سلیقہ جیسا آج کل سُنی بننے والے لوگ کہتے ہیں۔ یوں ہوتا تو فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سب سے زیادہ افضل ہوتے کہ ان کی خلافت کو فرمایا ''لم ار عبقریا یفری کفریہ حتی ضرب الناس بعطن'' اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت کو فرمایا ''فی نزعہ ضعف واللہ یغفر لہ''

عقیدہ: خلفائے اربعہ راشدین کے بعد بقیہ عشرہ مبشرہ و حضرات حسنین و اصحاب بدر و اصحاب بیعت الرضوان کے لئے افضلیت ہے۔ اور یہ سب قطعی جنتی ہیں۔

عقیدہ: تمام صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اہل خیر و صلاح ہیں اور عادل۔ ان کا جب ذکر کیا جائے تو خیر ہی کے ساتھ ہونا فرض ہے۔

عقیدہ: کسی صحابی کے ساتھ سوء عقیدت بدمذہبی و گمراہی و استحقاق جہنم ہے کہ وہ حضور اقدس ﷺ کے ساتھ بغض ہے۔ ایسا شخص رافضی ہے۔ اگرچہ چاروں خلفاء کو مسلمان مانے۔

عقیدہ: اہل بیت کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم مقتدایان اہل سنت ہیں جو ان

Marfat.com

سے محبت نہ رکھے مردود وملعون خارجی ہے۔ ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ وام المومنین عائشہ صدیقہ وحضرت سیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم قطعی جنتی ہیں اور انہیں اور بقیہ بنات مکرمات وازواج مطہرات رضی اللہ عنہم کو تمام صحابیات پر فضیلت ہے۔ ان کی طہارت کی گواہی قرآن عظیم نے دی۔ (بہار شریعت حصہ اول)

حدیث شریف:288

حَدَّثَنِیْ اَبُو الطَّاهِرِ وَ حَرْمَلَةُ بْنُ یَحْیٰی التُّجَیْبِیُّ وَاللَّفْظُ لِاَبِی الطَّاهِرِ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ حُمَیْدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَیْنِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ نُوْدِیَ فِی الْجَنَّةِ یَا عَبْدَاللّٰهِ هٰذَا خَیْرٌ فَمَنْ کَانَ مِنْ اَهْلِ الصَّلٰوةِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الصَّلٰوةِ وَمَنْ کَانَ مِنْ اَهْلِ الْجِهَادِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الْجِهَادِ وَمَنْ کَانَ مِنْ اَهْلِ الصَّدَقَةِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الصَّدَقَةِ وَمَنْ کَانَ مِنْ اَهْلِ الصِّیَامِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الرَّیَّانِ قَالَ اَبُوْبَکْرٍ الصِّدِّیْقُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا عَلٰی اَحَدٍ یُدْعٰی مِنْ تِلْکَ الْاَبْوَابِ مِنْ ضَرُوْرَةٍ فَهَلْ یُدْعَی اَحَدٌ

Marfat.com

مِنْ تِلْكَ اَلْاَبْوَابِ كُلِّهَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَاَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ

(مسلم شریف، عربی، کتاب الزکوٰۃ، حدیث نمبر 2371، ص 414، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جو شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں (ایک ہی قسم کی کوئی سی) دو چیزیں خرچ کرے اسے جنت میں یہ ندا دی جائے گی: اے اللہ کے بندے! یہ سب سے بہتر ہے (قیامت کے دن) نمازیوں کو نماز والے دروازے سے بلایا جائے گا' مجاہدین کو جہاد کے دروازے سے بلایا جائے گا اور صدقہ کرنے والوں کو صدقہ کے دروازے سے بلایا جائے گا۔ جبکہ روزہ داروں کو "باب الریان" سے بلایا جائے گا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی۔ یارسول اللہ ﷺ! اگرچہ ضروری نہیں کہ کسی شخص کو ان تمام دروازوں سے بلایا جائے لیکن کیا کوئی ایسا شخص بھی ہوگا جسے ان تمام دروازوں سے بلایا جائے تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا! ہاں اور مجھے امید ہے کہ تم بھی ان لوگوں میں شامل ہو۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد اول' کتاب الزکوٰۃ، حدیث نمبر 2267، ص 778، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث شریف سے سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی شان و عظمت واضح ہو رہی ہے۔

Marfat.com

حدیث شریف:289

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَرَضِهِ اُدْعِيْ لِيْ اَبَابَكْرٍ اَبَاكِ وَاَخَاكِ حَتّٰى اَكْتُبَ كِتَابًا فَاِنِّيْ اَخَافُ اَنْ يَّتَمَنّٰى مُتَمَنٍّ وَيَقُوْلُ قَائِلٌ اَنَا اَوْلٰى وَيَاْبَى اللّٰهُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلَّا اَبَابَكْرٍ

(مسلم شریف، عربی، کتاب فضائل الصحابہ، حدیث نمبر 6181، ص 1051 مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، نبی اکرم ﷺ نے اپنی بیماری کے دوران مجھے ہدایت کی۔ اپنے والد ابوبکر رضی اللہ عنہ اور اپنے بھائی کو میرے پاس بلواؤ تا کہ میں انہیں کوئی تحریر لکھ دوں کیونکہ مجھے یہ اندیشہ ہے کہ کوئی اور شخص (خلافت کا) آرزومند ہوسکتا ہے اور یہ کہہ سکتا ہے کہ میں (خلافت کا) زیادہ حق دار ہوں۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ اور اہل ایمان صرف ابوبکر رضی اللہ عنہ کو (خلیفہ کے طور) پر قبول کریں گے۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد سوم، کتاب فضائل الصحابہ، حدیث نمبر 6057، ص 298، مطبوعہ

Marfat.com

شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث شریف سے دو باتیں واضح ہوئیں۔

اول یہ کہ حضور ﷺ نے اپنی ظاہری حیات ہی میں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت کا اعلان فرما دیا تھا۔

دوم یہ کہ آپ ﷺ لکھنا جانتے تھے، تبھی تو آپ ﷺ نے کچھ چیز لکھنے کا حکم ارشاد فرمایا۔

حدیث شریف:290

حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِمْرَاَةٌ فَكَلَّمَتْهُ فِيْ شَيْءٍ فَاَمَرَهَا اَنْ تَرْجِعَ اِلَيْهِ قَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ جِئْتُ وَلَمْ اَجِدْكَ كَاَنَّهَا تُرِيْدُ الْمَوْتَ قَالَ اِنْ لَّمْ تَجِدِيْنِيْ فَأْتِيْ اَبَا بَكْرٍ

(بخاری، عربی، کتاب الاحکام، حدیث نمبر 7220، ص 1243 مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابراہیم بن سعد نے اپنے باپ (سعید بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف) سے انہوں نے محمد بن جبیر بن مطعم سے انہوں نے اپنے باپ (جبیر بن مطعم بن عدی نوفلی رضی اللہ عنہ) سے روایت کی۔ انہوں نے کہا کہ نبی اکرم ﷺ

Marfat.com

کے حضور ایک عورت آئی اور اس عورت نے آپ ﷺ سے کسی چیز کے متعلق کچھ کلام کیا تو حضور اقدس ﷺ نے اس کو حکم دیا کہ وہ دوبارہ آئے۔ اس عورت نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ مجھے خبر دیں۔ اگر میں آپ ﷺ کے حضور حاضر ہوں اور آپ ﷺ کو نہ پاؤں گویا کہ اس عورت کی مراد حضور اقدس ﷺ کی ظاہری وفات مبارکہ تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر تو آئے اور مجھے نہ پائے تو پھر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آجانا (اس حدیث میں اس کی طرف اشارہ ہے کہ حضور اقدس ﷺ کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہی خلیفہ ہیں)

(بخاری، عربی اردو، جلد سوم، کتاب الاحکام، حدیث نمبر 2084، ص 935، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور)

ف: اس حدیث میں بھی حضور ﷺ نے اپنی ظاہری حیات میں سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت کی طرف واضح اشارہ فرمایا ہے۔

بغض عثمان رضی اللہ عنہ بغض رحمٰن جل جلالہ

حدیث شریف: 291

حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ اَبِیْ طَالِبِ الْبَغْدَادِیُّ وَغَیْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا عُثْمَانُ بْنُ زُفَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِیَادٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اُتِیَ

Marfat.com

اَلنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِجَنَازَۃِ رَجُلٍ لِیُصَلِّیَ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیْہِ فَقِیْلَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ مَا رَاَیْنَاکَ تَرَکْتَ الصَّلٰوۃَ عَلٰی اَحَدٍ قَبْلَ ھٰذَا قَالَ اِنَّہٗ کَانَ یُبْغِضُ عُثْمَانَ فَاَبْغَضَہُ اللّٰہُ

ترمذی، عربی، ابواب المناقب، حدیث نمبر 3709، ص 844، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ایک جنازہ لایا گیا تا کہ آپ اس پر نماز جنازہ پڑھیں لیکن آپ نے نماز جنازہ نہ پڑھی۔ عرض کیا گیا یارسول اللہ ﷺ! اس سے پہلے ہم آپ ﷺ کو کسی کی نماز جنازہ چھوڑتے نہیں دیکھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ یہ شخص حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے بغض رکھتا تھا تو اللہ تعالیٰ کا مبغوض ہوا۔ (یعنی اللہ تعالیٰ سے بغض رکھتا ہے)

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم' ابواب المناقب' حدیث نمبر 1643، ص 708، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے بغض رکھنے والا اللہ تعالیٰ سے بغض وعداوت رکھنے کے مترادف ہے۔

بغض علی رضی اللہ عنہ نفاق کی علامت ہے

حدیث شریف: 292

حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِالْاَعْلٰی نَا مُحَمَّدُ بْنُ

Marfat.com

فُضَيْلٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ اَبِیْ النَّضْرِ عَنِ الْمُسَاوِرِ الْحِمْيَرِیِّ عَنْ اُمِّهٖ قَالَتْ دَخَلْتُ عَلٰی اُمِّ سَلَمَةَ فَسَمِعْتُهَا تَقُوْلُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يُحِبُّ عَلِيًّا مُنَافِقٌ وَلَا يُبْغِضُهٗ مُؤْمِنٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَلِیٍّ

(ترمذی، عربی، ابواب المناقب، حدیث نمبر 3717، ص 846، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ رسول اکرم ﷺ فرمایا کرتے کسی منافق کو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے محبت نہیں ہوسکتی اور کوئی مومن آپ سے بغض نہیں رکھتا۔ اس باب میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بھی روایت مذکور ہے۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم، حدیث نمبر 1651، ابواب المناقب، ص 712، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: مومن حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بغض رکھ نہیں سکتا اور منافق حضرت علی رضی اللہ عنہ سے محبت کر نہیں سکتا۔

مولیٰ علی کہنے کا ثبوت

حدیث شریف: 293

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ

Marfat.com

عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الطُّفَيْلِ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِیْ سَرِيْحَةَ اَوْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ شَكَّ شُعْبَةُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ

ترمذی، عربی، ابواب المناقب، حدیث نمبر 3713، ص 845، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوسریحہ یا حضرت زید بن ارقم (شعبہ کو شک ہے) نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا جس کا میں مولیٰ ہوں حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی اسی کے مولیٰ ہیں۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم' ابواب المناقب' حدیث نمبر 1647، ص 710، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ تمام مومنوں کے مولیٰ ہیں۔ اسی لئے اہل ایمان حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مولیٰ علی کہتے ہیں اور مانتے ہیں۔

شان امیر معاویہ رضی اللہ عنہ

حدیث شریف: 294

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى نَا اَبُوْمُسْهِرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِالْعَزِيْزِ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنَ بْنِ

Marfat.com

اَبِیْ عُمَیْرَةَ وَکَانَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ لِمُعَاوِیَةَ اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ هَادِیًا مَّهْدِیًا وَّاهْدِ بِهٖ

(ترمذی، عربی، ابواب المناقب، حدیث نمبر 3842، ص 869، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت عبدالرحمٰن بن عمیرہ (صحابی) رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ دعا مانگی۔ یااللہ جل جلالہ! انہیں ہدایت دینے والا اور ہدایت یافتہ بنادے اور ان کے ذریعے (لوگوں کو) ہدایت دے۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم، ابواب المناقب، حدیث نمبر 1776، ص 755، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 295

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیٰی نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَیْلِیُّ نَا عَمْرُو بْنُ وَاقِدٍ عَنْ یُوْنُسَ بْنِ حَلْبَسٍ عَنْ اَبِیْ اِدْرِیْسَ الْخَوْلَانِیِّ قَالَ لَمَّا عَزَلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عُمَیْرَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ حِمْصَ وَلّٰی مُعَاوِیَةَ فَقَالَ النَّاسُ عَزَلَ عُمَیْرًا وَوَلّٰی مُعَاوِیَةَ فَقَالَ عُمَیْرٌ لَا تَذْکُرُوْا مُعَاوِیَةَ اِلَّا بِخَیْرٍ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

Marfat.com

يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اهْدِبِهٖ

(ترمذی، عربی، ابواب المناقب، حدیث نمبر 3843، ص 869، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابوادریس خولانی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حمص بن عمیر بن سعد کو معزول کر کے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو والی بنایا تو لوگوں نے کہا آپ نے عمیر کو معزول کر کے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر فرمایا۔ اس پر عمیر نے کہا کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا ذکر خیر سے ہی کیا کرو کیونکہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو فرماتے سنا۔ یا اللہ! ان کے ذریعہ لوگوں کو ہدایت دے۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم' ابواب المناقب' حدیث نمبر 1777، ص 755، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے متعلق رسول اکرم ﷺ کی دعا ہے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے ذریعے کئی لوگوں کو ہدایت عطا فرمائی۔

حضرت عمیر رضی اللہ عنہ نے تنبیہ فرما کر قیامت تک آنے والے مسلمانوں کو یہ سبق دیا کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے متعلق بات چیت کرتے ہوئے اپنی زبان سنبھالنا یعنی ادب کو ملحوظ رکھنا۔

Marfat.com

بیعت رضوان کی فضیلت

حدیث شریف:296.

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ وَيَزِيْدُ ابْنُ خَالِدِ الرَّمْلِيُّ اَنَّ اللَّيْثَ حَدَّثَهُمْ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ لَا يَدْخُلُ النَّارَ اَحَدٌ مِمَّنْ بَايَعَ تَحْتَ الشَّجَرَةَ

(ابوداؤد، عربی، کتاب السنۃ، حدیث نمبر 4653، ص 658، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ان میں سے ایک بھی دوزخ میں نہیں جائے گا جنہوں نے درخت کے نیچے بیعت رضوان کی تھی۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد سوم، کتاب السنۃ، حدیث نمبر 1226، ص 449، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

تمام بدری صحابۂ کرام علیہم الرضوان جنتی ہیں

حدیث شریف:297

حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ نَا يَزِيْدَ بْنُ هَارُوْنَ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ

Marfat.com

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مُوْسٰى فَلَعَلَّ اللّٰهَ وَقَالَ ابْنُ سِنَانَ طَّلَعَ اللّٰهُ عَلٰى اَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ اعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ

(سنن ابوداؤد، عربی، کتاب السنت، حدیث نمبر 4654، ص 658، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: موسیٰ بن اسماعیل' حماد بن سلمہ' احمد بن سنان' یزید بن ہارون' حماد بن سلمہ' عاصم' ابوصالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: موسیٰ راوی نے کہا کہ شاید اسی لئے اللہ تعالیٰ نے۔ ابن سنان راوی نے کہا۔ اللہ تعالیٰ نے بدری صحابہ کو مطلع فرمادیا تھا کہ جو چاہو عمل کرو میں نے تمہاری مغفرت کردی ہے۔

(ابوداؤد، عربی اردو جلد سوم' کتاب السنۃ' حدیث نمبر 1228، ص 450، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: مذکورہ احادیث سے معلوم ہوا کہ بیعت رضوان کرنے والے اور بدری صحابہ کرام علیہم الرضوان مغفرت یافتہ اور قطعی جنتی ہیں۔ لہذا ان کے جنتی ہونے میں ذرہ برابر بھی کسی مسلمان کو شک نہیں ہونا چاہئے۔

جانثارانِ بدر و اُحد پہ لاکھوں درود
حق گزارانِ بیعت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

شان صحابۂ کرام علیہم الرضوان

حدیث شریف:298

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيْمِيُّ وَاَبُوْبَكْرِ بْنِ اَبِىْ شَيْبَةِ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ يَحْيٰى اَخْبَرَنَا وَقَالَ الْاٰخَرَانِ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبُّوْا اَصْحَابِىْ لَا تَسُبُّوْا اَصْحَابِىْ فَوَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ اَنْفَقَ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا مَا اَدْرَكَ مُدَّ اَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيْفَهٗ

(مسلم شریف، عربی، کتاب الفضائل، حدیث نمبر 6487، ص 1113، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرے اصحاب کو برا نہ کہو۔ میرے اصحاب کو برا نہ کہو۔ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ اگر کوئی (غیر صحابی) شخص احد پہاڑ کے برابر سونا خیرات کرے تو وہ ان میں سے کسی ایک (صحابی) کی ایک مدّ بلکہ اس کے بھی نصف (کوئی اناج خیرات کرنے کے ثواب) کے برابر نہیں ہوسکتا۔

Marfat.com

(مسلم شریف، عربی اردو جلد سوم' کتاب فضائل الصحابہ' حدیث نمبر 6362، ص 408، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: صحابی اور غیر صحابی اعمال میں برابر نہیں جب غیر صحابی اعمال میں صحابی رسول کے برابر نہیں ہوسکتا' تو پھر عام مسلمان اپنے نبی سے اعمال میں کیسے بڑھ سکتا ہے۔ البتہ یہ عقیدہ رکھنا کہ اُمتی بعض اوقات کثرتِ اعمال کے سبب نبی علیہ السلام سے سبقت لے جاتا ہے' ایسا عقیدہ باطل اور مردود ہے۔

صحابۂ کرام علیہم الرضوان کو گالیاں مت دو

حدیث شریف: 299

حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ نَافِعٍ نَا النَّضْرُبْنُ حَمَّادٍ نَا سَيْفُ بْنُ عُمَرَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَيْتُمُ الَّذِيْ يَسُبُّوْنَ اَصْحَابِيْ فَقُوْلُوْا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلٰى شَرِّكُمْ

(ترمذی، عربی، کتاب المناقب، حدیث نمبر 3866، ص 873، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے: رسول اکرم ﷺ نے فرمایا۔ جب تم ان لوگوں کو دیکھو جو میرے صحابہ کرام علیہم الرضوان کو بلا بھلا کہتے

Marfat.com

ہیں تو کہو تمہاری شرارت پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم ابواب المناقب حدیث نمبر 1800، ص 763 مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ کے صحابہ کرام علیہم الرضوان کو گالیاں دینے والے لوگوں پر رحمٰن جل جلالہ کی لعنت ہے۔

فضائل مدینہ

حدیث شریف: 300

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةَ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ وُعِكَ اَبُوْبَكْرٍ وَّبِلَالٌ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَتْ فَدَخَلْتُ عَلَيْهِمَا قُلْتُ يَا اَبَتِ كَيْفَ تَجِدُكَ وَيَا بِلَالُ كَيْفَ تَجِدُكَ قَالَتْ وَكَانَ اَبُوْبَكْرٍ اِذَا اَخَذَتْهُ الْحُمَّى يَقُوْلُ

كُلُّ امْرِئٍ مُصَبَّحٌ فِىْ اَهْلِهٖ
وَالْمَوْتُ اَدْنٰى مِنْ شِرَاكِ نَعْلِهٖ

وَكَانَ بِلَالٌ اِذَا اَقْلَعَتْ عَنْهُ يَقُوْلُ

Marfat.com

اَلَا لَيْتَ شِعْرِیْ هَلْ اَبِيْتَنَّ لَيْلَةً
بِوَادٍ وَّحَوْلِیْ اِذْخِرٌ وَّجَلِيْلُ
وَهَلْ اَرِدَنْ يَّوْمًا مِيَاهُ مِجَنَّةٍ
وَّهَلْ تَبْدُوَنْ لِیْ شَامَةٌ وَّطُفِيْلُ
قَالَتْ عَائِشَةُ فَجِئْتُ اَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰه
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهٗ فَقَالَ اللّٰهُمَّ حَبِّبْ اِلَيْنَا الْمَدِيْنَةَ
كَحُبِّنَا مَكَّةَ اَوْ اَشَدَّ اَللّٰهُمَّ وَصَحِّحْهَا وَبَارِكْ لَنَا فِیْ مُدِّهَا
وَصَاعِهَا وَانْقُلْ حُمَّاهَا فَاجْعَلْهَا بِالْجُحْفَةِ

(بخاری، عربی، کتاب المرض، حدیث نمبر 5654، ص 1001، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: امام مالک نے ہشام بن عروہ سے انہوں نے اپنے والد (عروہ بن زبیر) سے انہوں نے ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی۔ انہوں نے کہا جب رسول اللہ ﷺ (مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے) مدینہ منورہ تشریف لائے تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو بخار ہو گیا۔ ام المومنین رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں۔ میں ان دونوں کے پاس گئی اور اپنے باپ سے کہا۔ اے میرے باپ تمہارا کیا حال ہے اور اے بلال رضی اللہ عنہ تمہارا کیا حال ہے۔ ام المومنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو بخار ہوتا وہ فرماتے:

ہر صبح تو مسرور ہے اہل و عیال سے

Marfat.com

نزدیک تیری موت ہے تیرے تسمہ نعال سے

اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ جب ان کا بخار اتر جاتا تو وہ فرماتے:

کاش میں ایسی وادی (وادی مکہ) میں رات بسر کرتا کہ میرے اردگرد اذخر اور جلیل گھاس ہوتی' کیا میں کسی دن مجنہ (یہ مکہ مکرمہ سے چند میل کے فاصلے پر ایک جگہ ہے' زمانہ جاہلیت میں وہاں بازار ہوتا تھا) کے پانیوں تک پہنچوں گا۔ کیا مجھے شامہ اور طفیل (مکہ کے قریب دو پہاڑوں کا نام ہے' خطابی نے تصویب کی کہ وہ دو چشمے ہیں) نظر آئیں گے۔ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئی اور آپ ﷺ کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور بلال رضی اللہ عنہ کی خبر دی تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ اے اللہ تعالیٰ! ہمیں مدینہ منورہ محبوب کر دے جیسا کہ ہم مکہ مکرمہ سے محبت کرتے ہیں۔ یا اس سے بھی زیادہ محبت عطا فرما (آپ ﷺ کی دعا قبول ہوئی حتیٰ کہ آپ ﷺ کی سواری نے جب مدینہ منورہ کو دیکھا تو اس کی محبت میں رقص کرنے لگی) اے اللہ تعالیٰ! مدینہ منورہ کی آب و ہوا کو صحیح فرما دے اور ہمارے لئے اس کے مد اور صاع میں برکت عطا فرما اور اس کے بخار کو جحیفہ میں منتقل کر دے (اس کا نام مہیعۃ تھا) ان کے رہنے والوں کو سیلاب بہا لے گیا تو اس کا نام جحیفہ رکھ دیا گیا)

(بخاری، عربی اردو، جلد سوم' کتاب المرضیٰ، حدیث نمبر 612، ص 299، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

Marfat.com

حدیث شریف:301

وَحَدَّثَنِیْ زُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ وَاِبْرَاهِیْمُ عَنْ مُحَمَّدٍ السَّامَیُّ قَالَا حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِیْرٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ قَالَ سَمِعْتُ یُوْنُسَ یُحَدِّثُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ بِالْمَدِیْنَةِ ضِعْفَیْ مَا بِمَكَّةَ مِنَ الْبَرَكَةِ

(مسلم شریف، عربی، کتاب الحج، حدیث نمبر 3326، ص 575، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے یہ دعا کی۔ اے اللہ تعالیٰ! مدینہ میں، مکہ سے دگنی برکت کر دے۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد دوم، کتاب الحج، حدیث نمبر 3222، ص 268، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف:302

وَحَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنِ اَبِیْ شَیْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنِ نُمَیْرٍ وَحَدَّثَنَا ابْنُ نُمَیْرٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ حَكِیْمٍ حَدَّثَنِیْ عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ اُحَرِّمُ مَا بَیْنَ لَابَتَیِ الْمَدِیْنَةِ اَنْ یُقْطَعَ عِضَاهُهَا اَوْ یُقْتَلَ صَیْدُهَا وَقَالَ الْمَدِیْنَةُ خَیْرٌ لَّهُمْ لَوْ كَانُوْا یَعْلَمُوْنَ لَا یَدَعُهَا اَحَدٌ رَّغْبَةً

Marfat.com

عَنْهَا اِلَّا اَبْدَلَ اللّٰهُ فِيْهَا مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْهُ وَلَا يَثْبُتُ اَحَدٌ عَلٰى لَا وَائِهَا وَجَهْدِهَا اِلَّا كُنْتُ لَهٗ شَفِيْعًا اَوْ شَهِيْدًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

(مسلم شریف، عربی، کتاب الحج، حدیث نمبر 3318، ص 573، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: عامر بن سعد اپنے والد (حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔ میں اس بات کو حرام قرار دیتا ہوں کہ مدینہ منورہ کے دونوں کناروں کے درمیان کسی درخت کو کاٹا جائے یا کسی شکار کو قتل کیا جائے۔ (راوی کہتے ہیں) نبی اکرم ﷺ نے یہ بھی ارشاد فرمایا مدینہ لوگوں کے لئے "خیر" (سب سے زیادہ بہتر ہے) کاش، انہیں اس بات کا پتہ چل جائے جو شخص اس سے منہ موڑ کے اسے چھوڑ دے گا، اللہ تعالیٰ اس میں، اس کی جگہ دوسرے شخص کو لے کر آئے گا جو اس سے بہتر ہو اور جو شخص یہاں کی بھوک پیاس اور پریشانی پر صبر کرے گا (قیامت کے دن) میں اس کی شفاعت کروں گا (راوی کو شک ہے) کہ شاید آپ ﷺ نے یہ کہا تھا، میں اس کے حق میں گواہی دوں گا۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد دوم، کتاب الحج، حدیث نمبر 3214، ص 266، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 303

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ اَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ

Marfat.com

حَمِیْدٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ فَنَظَرَ اِلٰی جُدْرَانِ الْمَدِیْنَۃِ اَوْضَعَ رَاحِلَتَہٗ وَاِنْ کَانَ عَلٰی دَابَّۃٍ حَرَّکَھَا مِنْ حُبِّھَا

(ترمذی، عربی، ابواب الدعوات، حدیث نمبر 3441، ص 786، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ رسول اکرم ﷺ سفر سے واپس تشریف لاتے جب مدینہ طیبہ کی دیواریں نظر آتیں تو اپنی اونٹنی کو ایڑ لگاتے اور اگر کسی اور جانور پر ہوتے تو اسے تیز کر دیتے' یہ مدینہ کی محبت کے سبب سے ہوتا تھا۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم' ابواب الدعوات، حدیث نمبر 1368، ص 597، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: مدینہ پاک کو کئی وجوہات کی بناء پر مکۃ المکرمہ سے افضلیت حاصل ہے۔

۱۔ مکہ کیلئے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہے جبکہ مدینہ منورہ کے لئے حضور ﷺ کی دعا ہے۔

۲۔ مکہ کے لئے برکت اور مدینہ منورہ کیلئے دگنی برکت کی دعا ہے۔

۳۔ مدینہ منورہ میں مرنے پر شفاعت کا وعدہ ہے جبکہ مکۃ المکرمہ میں مرنے پر شفاعت کا وعدہ نہیں ہے۔

Marfat.com

۴۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان مکۃ المکرمہ سے محبت کرتے تھے جبکہ مدینہ منورہ سے دگنی محبت کرتے تھے۔

۵۔ آپ ﷺ کی سواری جب مدینہ پاک پہنچتی تو سواری خوشی سے رقص کرنے لگتی اور آپ ﷺ سواری کی رفتار تیز کر دیتے جبکہ مکۃ المکرمہ کے بارے میں ایسی مثال نہیں ملتی۔

۶۔ مکہ کو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حرم بنایا جبکہ مدینہ منورہ کو حضور ﷺ نے حرم بنایا۔

۷۔ مدینہ منورہ کے گرد و غبار کو میرے مولیٰ ﷺ نے شفا فرمایا۔

۸۔ مکہ میں بیت اللہ ہے جبکہ مدینہ منورہ میں رسول اللہ ﷺ قیامت تک آرام فرما رہیں گے وہ جگہ جہاں حضور ﷺ آرام فرما رہے ہیں وہ جگہ بیت اللہ، عرش و کرسی اور کائنات کی تمام جگہوں سے افضل ہے۔

حجر اسود کی گواہی

حدیث شریف:304

حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَابِسِ بْنِ رَبِيْعَةَ قَالَ رَاَيْتُ عُمَرَ ابْنَ الْخَطَّابِ يُقَبِّلُ الْحَجَرَ وَيَقُوْلُ اِنِّىْ اُقَبِّلُكَ وَ اَعْلَمُ اِنَّكَ

Marfat.com

حَجَرٌ وَلَوْلَا اِنِّیْ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُقَبِّلُکَ لَمْ اُقَبِّلْکَ۔

(ترمذی، عربی، ابواب الحج، حدیث نمبر 860، ص 213، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت عباس بن ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا۔ آپ رضی اللہ عنہ حجر اسود کو بوسہ دے رہے تھے اور ساتھ ہی فرماتے جاتے تھے۔ میں تجھے بوسہ دیتا ہوں اور میں جانتا ہوں کہ تو ایک پتھر ہے۔ اگر میں نے نبی اکرم ﷺ کو تجھے چومتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو تجھے کبھی نہ چومتا۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد اول، ابواب الحج، حدیث نمبر 844، ص 456، فرید بک لاہور پاکستان)

ف: بعض حضرات صرف یہ حدیث شریف نقل کر کے لوگوں کو بتاتے ہیں کہ حجر اسود پتھر ہے۔ اس سے کچھ نفع حاصل نہیں ہوتا حالانکہ ایسی بات نہیں۔ دوسری حدیث شریف ملاحظہ ہو۔

حدیث شریف: 305

حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃَ نَاجَرِیْرٌ عَنِ ابْنِ خُثَیْمٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْحَجَرِ وَاللّٰہِ لَیَبْعَثَنَّہُ اللّٰہُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ لَہٗ عَیْنَانِ یُبْصِرُبِھِمَا وَلِسَانٌ یَنْطِقُ بِہٖ یَشْھَدُ عَلٰی مَنِ اسْتَلَمَہٗ

Marfat.com

بِحَقٍ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ

(ترمذی، عربی، کتاب الحج، حدیث نمبر 961، ص 234، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے۔ رسول اکرم ﷺ نے حجر اسود کے بارے میں فرمایا: اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے اس طرح اٹھائے گا کہ اس کی دو آنکھیں ہوں گی جن سے دیکھے گا۔ زبان ہوگی جس سے بولے گا اور جس نے اسے حق کے ساتھ چوما اس پر گواہی دے گا' امام ترمذی فرماتے ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد اول' ابوب الحج، حدیث نمبر 949، ص 500، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: حجرِ اسور کی آنکھیں اور زبان ہوگی یہ چومنے والے کے ایمان اور نفاق کی گواہی دے گا یعنی قیامت کے دن اہلِ ایمان کے لئے نفع بخش اور منافق کے لئے نقصان کا باعث ہوگا۔

نعت پاک مصطفیٰ ﷺ

حدیث شریف:306

عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ قَالَ مَرَّ عُمَرُ بِحَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ وَھُوَ یُنْشِدُ فِی الْمَسْجِدِ فَلَحَظَ اِلَیْہِ فَقَالَ قَدِ

Marfat.com

انْشَدتُّ وَفِيْهِ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِّنْكَ ثُمَّ الْتَفَتَ اِلٰى اَبِىْ هُرَيْرَةَ فَقَالَ اَسَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَجِبْ عَنِّىْ اَللّٰهُمَّ اَيِّدْهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ قَالَ اللّٰهُمَّ نَعَمْ۔

(سنن نسائی، عربی، کتاب الصلوٰۃ، باب الرخصۃ فی انشاد، حدیث نمبر 717، ص 99 مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....سیدنا حضرت سعید بن المسیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جناب عمر رضی اللہ عنہ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے اور حضرت حسان رضی اللہ عنہ مسجد میں اشعار پڑھ رہے تھے تو سیدنا حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہنے حضرت حسان رضی اللہ عنہ کی طرف نظر فرمائی۔ حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ میں نے تو اس وقت بھی مسجد میں اشعار پڑھے ہیں جب تم میں بہترین ہستی موجود تھی (حضور ﷺ کی ذات گرامی) پھر حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے جناب ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا اور فرمایا۔ کیا تم نے حضور سرکار دوعالم ﷺ سے نہیں سنا (جب میں آپ ﷺ کی نعت شریف وغیرہ کے اشعار آپ ﷺ کی خدمت میں پڑھتا تھا تو آپ ﷺ فرماتے تھے۔ یا اللہ تعالیٰ میری طرف سے قبول فرما۔ اے اللہ تعالیٰ روح القدس (جبریل علیہ السلام) کے ساتھ ان کی مدد فرما۔ سیدنا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ ہاں۔

(سنن نسائی، عربی اردو، جلد اول، باب الرخصۃ فی انشاد الشعر الحسن فی المسجد، حدیث نمبر 719، ص

Marfat.com

219، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

حدیث شریف:307

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمَصِيْصِيُّ نَا ابْنُ اَبِیْ الزِّنَادِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُرْوَةَ وَهِشَامٌ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم يَضَعُ لِحَسَّانَ مِنْبَرًا فِی الْمَسْجِدِ فَيَقُوْمُ عَلَيْهِ يَهْجُوْ مَنْ قَالَ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم اِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ مَعَ حَسَّانَ مَانَافَحَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم۔

(سنن ابوداؤد، عربی، کتاب الادب، حدیث نمبر 5015 ص 705، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ ﷺ حضرت حسان رضی اللہ عنہ کے لئے مسجد میں منبر رکھواتے تو وہ اس پر کھڑے ہو کر ان کی ہجو کرتے جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کی توہین کی ہوتی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بے شک روح القدس (جبریل امین) بھی حسان کے ساتھ ہے جب تک رسول اللہ ﷺ کی طرف سے لڑتے رہیں گے۔

Marfat.com

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد سوم، کتاب الادب، حدیث نمبر 1580، ص 570، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: مذکورہ احادیث سے نعت خوانی کا ثبوت ملتا ہے۔ یہ احادیث ان بدمذہبوں کے لئے تازیانہ عبرت ہیں جو نعت خوانی اور محفل میلاد کی مجالس کو بدعت سے تعبیر دیتے ہیں۔

محفل نعت کو یہ اعزاز حاصل ہے، کہ خود میرے مولیٰ ﷺ نے حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کو اپنے منبر اقدس پر خود بٹھایا اور نعت شریف پڑھنے کا حکم دیا اور دعاؤں سے نوازتے ہوئے فرمایا کہ اے اللہ کریم! روح القدس (جبریل علیہ السلام) کے ذریعہ حسان کی مدد فرما۔

علامہ عبدالمصطفی اعظمی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ نعت خوانی کا انکار کر کے قرآن خوانی پر زور دینے والے کوئی بڑے سے بڑا محدث مجھ کو بتا دیں؟ کہ کیا محفل حُسن قرأت کے لئے بھی کبھی حضور ﷺ نے یہ اہتمام فرمایا؟ کیا کبھی محفل حسن قرات میں موجود قاری کے لئے بھی ایسی دعائیں دی ہیں؟

مجھے امید ہے کہ اگر بدمذہب تعصب کی عینک اتار کر ان احادیث کا مطالعہ کریں تو ان میں نور سعادت کی ادنیٰ سی کرن بھی ہوگی تو انشاء اللہ ان کے سینوں کے بند دروازے کھل جائیں گے۔

Marfat.com

مومن کی قوت سماعت

حدیث شریف:308

حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنْ صَالِحٍ حَدَّثَنِیْ نَافِعٌ اَنَّ ابْنُ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَخْبَرَهٗ قَالَ اطَّلَعَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم عَلٰی اَهْلَ الْقَلِیْبِ فَقَالَ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّکُمْ حَقًّا فَقِیْلَ لَهٗ تَدْعُوْا اَمْوَاتًا فَقَالَ مَا اَنْتُمْ بِاَسْمَعَ مِنْهُمْ وَلٰکِنْ لَا یُجِیْبُوْنَ۔

(بخاری، عربی، کتاب الجنائز، حدیث نمبر 1370، ص 220، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت نافع رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو خبر دی کہ نبی اکرم ﷺ نے بدر کے کنویں والوں (یعنی مشرکین مکہ جو بدر میں قتل ہوئے) پر جھانکا اور فرمایا تم نے اس چیز کو حق پالیا جس کا اللہ تعالیٰ نے تم سے وعدہ فرمایا تھا آپ ﷺ سے عرض کیا گیا (اور قائل حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں) کیا آپ مُردوں کو پُکار رہے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا تم سے زیادہ سننے والے نہیں اور لیکن وہ جواب نہیں دے سکتے۔

(بخاری، عربی اردو، جلد اول' کتاب الجنائز' حدیث نمبر 1282، ص 556، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

Marfat.com

ف: جب کافر مرنے کے بعد زندوں سے زیادہ سنتا ہے تو پھر مومن بعد از وصال کس قدر سنتا ہے اور پھر انبیاء کرام علیہم السلام کی بعد از وصال قوت سماعت کا کیا عالم ہوگا۔

حدیث شریف:309

وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِنْهَالٍ الضَّرِيْرُ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ عَرُوبَةَعَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمَيِّتَ اِذَا وُضِعَ فِىْ قَبْرِهٖ اِنَّهٗ لَيَسْمَعُ خَفْقَ نِعَالِهِمْ اِذَا انْصَرَفُوْا۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب الجنۃ ونعیمھا، حدیث نمبر 7217، ص 1243، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ جب میت کو قبر میں رکھا جاتا ہے اور لوگ واپس جاتے ہیں تو ان کے قدموں کی چاپ بھی سنتا ہے۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد سوم کتاب الجنۃ والصفۃ ونعیمھا واھلھا، حدیث نمبر 7087، ص 643، مطبوعہ شبیر برادر لاہور پاکستان)

ف: عام میت زمین کے اندر من و مٹی تلے دفن ہونے کے باوجود واپس

Marfat.com

پلٹنے والے لوگوں کے قدموں کی چاپ سنتا ہے تو اہل اللہ تعالیٰ کی قوتِ سماعت کا کیا عالم ہوگا۔

حدیث شریف:310

حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى الرَّازِيُّ ثَنَا هِشَامٌ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ بُحَيْرٍ عَنْ هَانِیءٍ مَوْلٰى عُثْمَانَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا فَرَغَ مِنْ دَفْنِ الْمَيِّتِ وَقَفَ عَلَيْهِ فَقَالَ اسْتَغْفِرُوْا لِاَخِيْكُمْ وَاسْاَلُوْا لَهٗ بِالتَّثْبِيْتِ فَاِنَّهٗ الْاٰنَ يُسْئَلُ. قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ بُحَيْرُ بْنُ رَيْسَانَ۔

(ابوداؤد، عربی، کتاب الجنائز، حدیث نمبر 3221، ص 470، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....عبداللہ بن بحیر نے ہانی مولیٰ عثمان سے روایت کی ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی کریم ﷺ جب میت کو دفن کر کے فارغ ہو جاتے تو وہاں کھڑے ہو کر فرماتے۔ اپنے بھائی کے لئے استغفار کرو اور اس کے لئے ثابت قدمی مانگو کیونکہ اب اس سے سوالات ہوں گے۔ امام داؤد علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ اسے بحیر بن ریسان نے روایت کیا ہے۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد دوم، حدیث نمبر 1444، ص 556، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: میت کو دفن کرنے کے بعد وہاں کھڑے ہو کر ذکر اللہ و استغفار کرنے

Marfat.com

کا حکم ہے لہذا تدفین کرنے کے بعد بغیر ذکر اللہ کے جلدی نہیں پلٹنا چاہئے بلکہ وہاں ٹھہر کر استغفار کرنا چاہئے۔

کفار کے حق میں نازل ہونے والی آیات مسلمانوں پر چسپاں کرنے والے

حدیث شریف:311

وَکَانَ ابْنُ عُمَرَ یَرَاھُمْ شِرَارَ خَلْقِ اللّٰہِ وَقَالَ اِنَّھُمُ انْطَلَقُوْا اِلٰی اٰیَاتٍ نَزَلَتْ فِی الْکُفَّارِ فَجَعَلُوْھَا عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ۔

(بخاری، عربی، کتاب استتابۃ المرتدین، باب قتل الخوارج، ص1194، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ خارجیوں کو اللہ عزوجل کی بدترین مخلوق خیال کرتے تھے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ وہ آیات جو کفار کے حق میں نازل ہوئیں (ان کی تاویل کر کے) مسلمانوں پر چسپاں کرتے ہیں (خارجی کون ہیں' کتاب ''اہل سنت وجماعت حقیقت کے آئینہ میں ملاحظہ فرمائیں)

(بخاری، عربی اردو، جلد سوم' کتاب استتابۃ المرتدین، ص804، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

Marfat.com

حدیث شریف:312

حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِیُّ نَایَزِیْدُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِیْ مُلَیْکَةَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم هٰذِهِ الْاٰیَةَ هُوَالَّذِیْ اَنْزَلَ عَلَیْكَ الْکِتَابَ مِنْهُ اٰیٰتٌ مُحْکَمَاتٌ اِلٰی اُولِی الْاَلْبَابِ قَالَتْ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم فَاِذَا رَاَیْتُمُ الَّذِیْنَ یَتَّبِعُوْنَ مَاتَشَابَهَ مِنْهُ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ سَمَّی اللّٰهُ فَاحْذَرُوْهُمْ۔

(سنن ابوداؤد، عربی، کتاب الدیات، حدیث نمبر 4598، ص 650، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... قاسم بن محمد سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ وہی ذات ہے جس نے تم پر کتاب اتاری جس میں کچھ واضح آیتیں ہیں۔ یہی کتاب کی اصل ہیں اور دوسری متشابہ ہیں (۳:۶) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم ان لوگوں کو دیکھو جو متشابہ آیتوں کی پیروی کرتے ہیں تو یہ وہی لوگ ہیں جن کا اللہ ذکر کرنے (قرآن مجید میں) نام لیا ہے کہ ان سے بچ کر رہا کرو۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد سوم، کتاب السنۃ، حدیث نمبر 1174، ص 430، مطبوعہ فرید اسٹال

Marfat.com

لاہور پاکستان)

ف: سنت کے مخالفین کی یہ دوسری نشانی بیان ہوئی جو اصطلاح شرع میں بدعت ہے کہ بدعتی اور گمراہ گر قرآن مجید کی متشابہ آیات کو من مانے مفہوم و مطالب کے قالب میں ڈھال کر بے خبر لوگوں کو دھوکا دیتے اور اپنی علامگی کا سکہ جمایا کرتے ہیں۔ یہ بیماری آج خوب زوروں پر ہے بلکہ ان سے تجاوز کر کے محکمات کے مفہوم میں اہل حق سے اختلاف کر کے فروع سے لے کر اصول تک میں زور وشور سے دھاندلی کر رہے ہیں۔ عقیدہ توحید رسالت کے خانہ ساز مفہوم گھڑ کر ایک مدت سے اہلسنت و جماعت کو بے دھڑک مشرک ٹھہرایا جا رہا ہے۔ خوارج کی مردہ ہڈیوں کو دوبارہ زندہ کر کے ان آیتوں کو جو کفار کے متعلق نازل ہوئی تھیں انہیں مسلمانوں پر چسپاں کر کے انہیں کافر و مشرک کہا جاتا ہے۔ بتوں کے حق میں جو آیتیں نازل ہوئی تھیں، انہیں انبیائے کرام اور اولیائے عظام پر ڈھالا جا رہا ہے۔ اس ستم ظریفی پر ان میں سے ایک بھی یہ سوچنے کی زحمت گوارا نہیں کرتا کہ وہ اپنی عاقبت کے لئے کیسا سرمایہ جمع کر رہا ہے اور اس کا انجام کیا ہوگا۔ کاش! ایسے لوگوں کی آج ہی آنکھیں کھل جائیں ورنہ کل جب کھلیں تو فائدہ کیا ہوگا؟

تفسیر بالرّاء کا وبال

حدیث شریف:313

اِبْنُ هِلَالٍ نَا سُهَيْلُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ وَهُوَ ابْنُ اَبِیْ

Marfat.com

حَزْمٍ اَخُوحَزْمِ الْقِطَعِیِّ ثَنٰی اَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِیُّ عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم مَنْ قَالَ فِی الْقُرْاٰنِ بِرَأْیِهٖ فَاَصَابَ فَقَدْ اَخْطَاَ۔

(ترمذی، عربی، ابواب تفسیر القرآن، حدیث نمبر 2952، ص 663، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا جس نے قرآن میں اپنی طرف سے کچھ کہا اگرچہ صحیح کہا ہو پھر بھی اس نے غلطی کی۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم، ابواب تفسیر القرآن، حدیث نمبر 862، ص 351، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

قیام تعظیمی کا بیان

حدیث شریف: 314

حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ ابْنِ حُنَیْفٍ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ اَهْلَ قُرَیْظَةَ لَمَّا نَزَلُوْا عَلٰی حُکْمِ

Marfat.com

سَعْدٍ اَرْسَلَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فَجَآءَ عَلٰى حِمَارٍ اَقْمَرَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمِ قُوْمُوْا اِلٰى سَيِّدِكُمْ اَوْاِلٰى خَيْرِكُمْ فَجَآءَ حَتّٰى قَعَدَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم۔

(ابوداؤد، عربی، کتاب الادب، حدیث نمبر 5215، ص 732، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....ابوامامہ بن سہل بن حنیف نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ بنوقریظہ جب حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی تحکیم پر اتر آئے تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں بلوایا۔ وہ ایک سفید گدھے پر سوار ہوکر آئے تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ اپنے سردار یا اپنے بہتر فرد کے لئے کھڑے ہو جاؤ۔ پس وہ آئے اور آ کر رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھ گئے۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد سوم' ابواب السلام' حدیث نمبر 1774، ص 638، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث کے مطابق رسول اللہ ﷺ نے بعض صحابہ کرام کی طرف مخاطب ہوکر فرمایا کہ اپنے سردار یا اپنے بہتر فرد کی طرف کھڑے ہو جاؤ۔ سرداری اور بہتری کے لفظوں سے معلوم ہو رہا ہے کہ یہ تعظیمی قیام کا حکم دیا گیا تھا۔ بعض حضرات کا خیال ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ بیمار تھے۔ گدھے پر سوار ہوکر بارگاہ رسالت ﷺ میں حاضر ہو رہے تھے تو آپ ﷺ نے بعض صحابہ کرام کو ان کی طرف کھڑے ہونے کے لئے فرمایا کہ انہیں گدھے سے اتار لاؤ۔ ان کے نزدیک

Marfat.com

تعظیمی قیام تو مکروہ ہے اور یہ ضرورت کے تحت کھڑا ہونا تھا۔ یہ قیاس درست معلوم نہیں ہوتا کہ ایک ایسا معزز سوار بیماری کی حالت میں گدھے پر سوار ہو کر آئے' جو خود اترنے سے بھی مجبور ہو اور اس کے ساتھ اپنوں میں سے ایک دو آدمی بھی نہ ہوں۔ یقیناً ان کے ساتھ ان کے عزیزوں میں سے کئی افراد ہوں گے۔ دریں حالات انہیں اتارنے کے لئے حکم نہیں دیا بلکہ تعظیما کھڑے ہونے کے لئے ہی فرمایا ہوگا اور اس میں کوئی قباحت نظر بھی نہیں آتی کیونکہ خود رسول ﷺ اپنی لخت جگر سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس تشریف لے جاتے تو وہ آپ ﷺ کے لئے کھڑی ہو جاتیں۔ تعظیم تو رہی ایک طرف' از راہ شفقت اپنے کسی عزیز اور پیارے کے لئے فرط محبت میں کھڑا ہونا بھی جائز ہے' جیسے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا شانہ اقدس میں حاضر ہوتیں تو رسول اللہ ﷺ محبت میں کھڑے ہو جاتے اور انہیں اپنے پاس بٹھاتے یا جیسے ایک حدیث میں ہے کہ نبی کریم ﷺ کا رضاعی باپ آیا تو آپ ﷺ نے چادر مبارک بچھا دی اور انہیں ایک کونے پر بٹھایا۔ پھر رضاعی ماں آئی تو انہیں بھی ایک کونے پر بٹھایا۔ پھر رضاعی بھائی آیا تو آپ ﷺ کھڑے ہو گئے اور انہیں اپنے سامنے بٹھایا۔ اسی طرح بعض روایات میں حضور ﷺ کا حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لئے کھڑا ہونا آیا ہے۔ دریں حالات فرط محبت میں کھڑا ہونا بھی جائز ہے اور ضرورتاً کھڑے ہونے میں تو کلام ہی نہیں۔ پھر قیام کرنا اس کے لئے مکروہ ہے جو چاہے کہ لوگ

Marfat.com

میرے لئے تعظیماً کھڑا ہوا کریں اور کھڑے نہ ہوں تو وہ ناراض ہو۔ ایسے شخص کے لئے قیام نہ کرنا بہتر اور قیام کرنا مکروہ ہوسکتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

حدیث شریف:315

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ ابْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ قَالَ فَلَمَّا كَانَ قَرِيبًا مِنَ الْمَسْجِدِ قَالَ لِلْاَنْصَارِ قُوْمُوْا اِلٰى سَيِّدِكُمْ۔

(ابوداؤد، عربی، کتاب الادب، حدیث نمبر 5216، ص 732، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... محمد بن بشار، محمد بن جعفر نے شعبہ سے اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے کہا۔ جب وہ مسجد کے قریب تھے تو آپ نے انصار سے فرمایا۔ اپنے سردار کے لئے کھڑے ہو جاؤ۔

(ابوداؤد، عربی اردو جلد سوم، ابواب السلام، حدیث نمبر 1775، ص 639، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:316

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ اَنَا اِسْرَائِيلُ عَنْ مَيْسَرَةَ بْنِ حَبِيْبٍ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ عَنْ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنَّهَا قَالَتْ وَمَا رَاَيْتُ اَحَدًا كَانَ اَشْبَهَ

Marfat.com

سَمْتًا وَدَلًّا وَهَدْيًا وَقَالَ الْحَسَنُ حَدِيْثًا وَكَلَامًا وَلَمْ يَذْكُرِ الْحَسَنُ السَّمْتَ وَالْهَدْيَ وَالدَّلَّ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فَاطِمَةَ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهَا كَانَتْ اِذَا دَخَلَتْ عَلَيْهِ قَامَ اِلَيْهَا فَاَخَذَ بِيَدِهَا فَقَبَّلَهَا وَاَجْلَسَهَا فِيْ مَجْلِسِهٖ وَكَانَ اِذَا دَخَلَ عَلَيْهَا قَامَتْ اِلَيْهِ فَاَخَذَتْ بِيَدِهٖ فَقَبَّلَتْهُ وَاَجْلَسَتْهُ فِيْ مَجْلِسِهَا۔

(ابوداؤد، عربی، کتاب الادب، حدیث نمبر 5216، ص 732، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حسن بن علی اور ابن بشار' عثمان بن عمر' اسرائیل' میسرہ بن حبیب' منہال بن عمرو' عائشہ بنت طلحہ سے روایت ہے کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ میں نے کسی کو بھی زیادہ مشابہت رکھتے ہوئے نہیں دیکھا۔ چال ڈھال' بات چیت اور شکل وشباہت میں۔ حسن بن علی نے حدیثا وکلاما کہا ہے اور السمت والہدی والدک کا ذکر نہیں کیا۔ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حضرت فاطمہ کرم اللہ وجہہٗ سے زیادہ۔ جب وہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں تو آپ ﷺ ان کے لئے کھڑے ہوتے' ان کے ہاتھ کو بوسہ دیتے اور اپنے پاس بٹھاتے۔ جب حضور ﷺ ان کے پاس تشریف لے جاتے تو وہ آپ ﷺ کے لئے کھڑی ہو جاتیں۔ دست اقدس کو پکڑ کر اسے بوسہ دیتیں اور اپنے پاس بٹھاتیں۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد سوم' ابواب السلام' حدیث نمبر 1776، ص 639، مطبوعہ فرید بک

Marfat.com

لاہور پاکستان)

حدیث شریف:317

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدِ نِ الْهَمْدَانِيُّ نَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ السَّائِبِ حَدَّثَهٗ اَنَّهٗ بَلَغَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ جَالِسًا يَوْمًا فَاَقْبَلَ اَبُوْهُ مِنَ الرَّضَاعَةِ فَوَضَعَ لَهٗ بَعْضَ ثَوْبِهٖ فَقَعَدَ عَلَيْهِ ثُمَّ اَقْبَلَتْ اُمُّهٗ فَوَضَعَ لَهَا شِقَّ ثَوْبِهٖ مِنْ جَانِبِهِ الْاٰخَرَ فَجَلَسَتْ عَلَيْهِ ثُمَّ اَقْبَلَ اَخُوْهُ مِنَ الرَّضَاعَةِ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَجْلَسَهٗ بَيْنَ يَدَيْهِ۔

(ابوداؤد، عربی، کتاب الادب، حدیث نمبر 5145، ص 723، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....عمرو بن حارث نے عمر بن سائب سے روایت کی ہے کہ انہیں یہ خبر پہنچی کہ رسول اللہ ﷺ ایک روز بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ ﷺ کا رضاعی باپ آ گیا۔ آپ ﷺ نے ان کے لئے کپڑے کا ایک حصہ بچھا دیا تو وہ اس پر بیٹھ گئے۔ پھر رضاعی ماں آئیں تو ان کے لئے کپڑے کا دوسرا حصہ بچھا دیا تو وہ اس پر بیٹھ گئیں۔ پھر رضاعی بھائی آ گیا تو رسول اللہ ﷺ کھڑے ہو گئے اور اسے اپنے سامنے بٹھا لیا۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد سوم، باب فی برالوالدین، حدیث نمبر 1704، ص 616، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

Marfat.com

ف: جب اپنے بزرگوں' والدین' سردار اور استاد کی کھڑے ہو کر تعظیم کرنے کا حکم ہے تو صلوٰۃ وسلام پڑھتے وقت تعظیماً کھڑا ہونا کیسے ممنوع ہو سکتا ہے۔

اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

نجدی مرتا ہے کہ کیوں تعظیم کی
یہ ہمارا دین تھا پھر تجھ کو کیا

مزارات کی تعمیر اور غلاف کا بیان

حدیث شریف:318

حَدَّثَنَا یَحْیَیٰ بْنُ یَحْیٰی اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰہِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمِسْوَرِیُّ عَنْ اِسْمٰعِیْلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ ابْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ اَنَّ سَعْدَ بْنَ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ فِیْ مَرَضِہِ الَّذِیْ ھَلَکَ فِیْہِ الْحَدُوْ اِلَیَّ لَحْدًا وَانْصِبُوْا عَلَیَّ اللَّبِنَ نَصْبًا کَمَا صُنِعَ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب الجنائز، حدیث نمبر 2240، ص 389، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا جس مرض میں انتقال ہوا۔ انہوں نے اسی بیماری کے دوران یہ وصیت کی کہ میرے لئے لحد بنانا

Marfat.com

اور اس پر اینٹیں نصب کرنا جیسا کہ نبی اکرم ﷺ کے لئے (قبر) بنائی گئی تھی۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد اول' کتاب الجنائز، حدیث نمبر 2136، ص 733، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 319

حَدَّثَنَا يَحْيىٰ بْنُ يَحْيٰى اَخْبَرَنَا وَكِيْعٌ وَحَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ وَّوَكِيْعٌ جَمِيْعًا عَنْ شُعْبَةَ وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، وَاللَّفْظُ لَهٗ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيىٰ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَمْرَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جُعِلَ فِىْ قَبْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطِيْفَةٌ حَمْرَاءُ قَالَ مُسْلِمٌ اَبُوْ جَمْرَةَ اسْمُهٗ نَصْرُ بْنُ عِمْرَانَ وَاَبُو التَّيَّاحِ وَاسْمُهٗ يَزِيْدُ بْنُ حُمَيْدٍ مَاتَا بِسَرَخْسَ

(مسلم شریف، عربی، کتاب الجنائز، حدیث نمبر 2241، ص 389، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ :.....حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک پر سرخ چادر ڈالی گئی تھی۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد اول' کتاب الجنائز، حدیث نمبر 2136، ص 733، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

Marfat.com

حدیث شریف:320

حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ جَعْفَرٍ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوبَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ الْوَاسِطِيُّ ثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزُ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ كَثِيْرِ ابْنِ زَيْدٍ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ نُبَيْطٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْلَمَ قَبْرَ عُثْمَانُ ابْنَ مَظْعُوْنٍ بِصَخْرَةٍ۔

(ابن ماجہ، عربی، کتاب الجنائز، حدیث نمبر 1561، ص 222، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....عباس رضی اللہ عنہ بن جعفر' محمد بن ایوب' ابوہریرۃ الواسطی عبدالعزیز بن محمد' کثیر بن زید' زینب بنت عبیط' انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ نے عثمان بن مظعون کی قبر پر پتھر کا نشان لگایا تھا۔

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد اول' باب ماجاء فی العلامۃ فی القبر' حدیث نمبر 1622، ص 443، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:321

عَلَى الْقُبُوْرِ وَلَمَّا مَاتَ الْحَسَنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ ضَرَبَتِ امْرَاَتُهُ الْقُبَّةَ عَلٰى قَبْرِهٖ سَنَةً

Marfat.com

(بخاری، عربی، کتاب الجنائز، باب ما یکرہ من اتخاذ المساجد، ص212، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... جب حسن بن حسن بن علی رضی اللہ عنہ فوت ہوئے تو ان کی بیوی (فاطمہ بنت حسین بن علی) نے ان کی قبر پر ایک سال تک خیمہ لگائے بیٹھی رہیں۔

(بخاری، عربی اردو، جلد اول' کتاب الجنائز' باب846، ص540، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: بزرگوں کے مزارات پختہ بنانا' اس پر قبہ بنانا اور چادر چڑھانا صحاح ستہ کی مذکورہ احادیث سے ثابت ہے۔

شان اولیاء اللہ رحمہم اللہ

حدیث شریف:322

وَاِنَّ مَنْ عَادٰی لِلّٰهِ وَلِیًّا فَقَدْ بَارَزَ اللّٰه بِالْمُحَارَبَةِ اِنَّ اللّٰه یُحِبُّ الْاَبْرَارَ الْاَتْقِیَآءَ الْاَخْفِیَآءَ الَّذِیْنَ اِذَا غَابُوْا لَمْ یُفْتَقَدُوْا وَاِنْ خَضَرُوْا لَمْ یُدْعَوْا وَلَمْ یَعْرِفُوْا قُلُوْبُهُمْ مَصَابِیْحُ الْهُدٰی یَخْرُجُوْنَ مِنْ کُلِّ غَبْرَآءَ مُظْلِمَةٍ۔

(ابن ماجہ، عربی، کتاب الفتن، حدیث نمبر3989، ص574، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

جس نے اللہ تعالیٰ کے دوست سے ذرہ سی بھی دشمنی کی تو اس نے

Marfat.com

اللہ تعالیٰ سے اعلان جنگ کیا۔ اللہ تعالیٰ ان نیک متقی لوگوں کو محبوب رکھتا ہے جو چھپے رہتے ہیں۔ اگر وہ غائب ہو جائیں تو کوئی انہیں تلاش نہیں کرتا۔ اگر وہ سامنے آتے ہیں تو کوئی کھانے تک کا نہیں پوچھتا۔ نہ انہیں کوئی پہچانتا ہے ان کے دل ہدایت کے چراغ ہیں ایسے لوگ گرد آلود تاریک فتنے سے نکل جائیں گے۔

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد دوم باب من ترجی لہ السلامۃ من الفتن' حدیث نمبر 1787، ص 486، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:323

حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ حَدَّثَنِی شُرَيْكُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِیْ نَمِرٍ عَنْ عَطَآءٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ قَالَ مَنْ عَادٰی لِیْ وَلِيًّا فَقَدْ اٰذَنْتُهٗ بِالْحَرْبِ وَمَا تَقَرَّبَ اِلَیَّ عَبْدِیْ بِشَیْءٍ اَحَبَّ اِلَیَّ مِمَّا افْتَرَضْتُهٗ عَلَيْهِ وَمَا زَالَ عَبْدِیْ يَتَقَرَّبُ اِلَیَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰی اَحْبَبْتُه، فَكُنْتُ سَمْعَه، الَّذِیْ يَسْمَعُ بِهٖ وَبَصَرَه، الَّذِیْ يُبْصِرُ بِهٖ وَيَدَهُ الَّتِیْ يَبْطِشُ بِهَا وَرِجْلَه، الَّتِیْ يَمْشِیْ بِهَا وَاِنْ سَاَلَنِیْ لَاُعْطِيَنَّه، وَلَئِنِ اسْتَعَاذَنِیْ لَاُعِيْذَنَّه، وَمَا تَرَدَّدْتُّ عَنْ

Marfat.com

شَیْءٍ اَنَا فَاعِلُه‘ تَرَدُّدِیْ عَنْ نَّفْسِ الْمُؤْمِنِ یَکْرَهُ الْمَوْتَ وَاَنَا اَکْرَهُ مَسَاءَ تَهٗ۔

(بخاری، عربی، کتاب الرقاق، حدیث نمبر 6502، ص 1127، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....خالد بن مخلد نے کہا ہم سے سلیمان بن بلال نے بیان کیا۔ انہوں نے کہا مجھ سے شریک بن عبداللہ ابن ابونمر نے عطاء (بن یسار) نے انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بیان کیا۔ انہوں نے کہا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ جو شخص میرے کسی ولی سے عداوت رکھتا ہے۔ میں (رب تعالیٰ) اس کے خلاف اعلان جنگ کرتا ہوں اور میرا بندہ ہمیشہ نوافل کے ذریعے میرا قرب حاصل کرتا ہے حتی کہ میں اس کو محبوب بنالیتا ہوں اور جب میں اس کو محبوب بنالیتا ہوں تو میں اس کے کان ہو جاتا ہوں‘ جس سے وہ سنتا ہے۔ اور اس کی آنکھ ہو جاتا ہوں‘ جس سے وہ دیکھتا ہے اور اس کا ہاتھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے اور اس کا پاؤں ہو جاتا ہوں‘ جس سے وہ چلتا ہے۔ اگر وہ مجھ سے کوئی چیز طلب کرے تو میں اس کو دیتا ہوں اور اگر وہ مجھ سے پناہ طلب کرے تو میں اس کو پناہ دیتا ہوں اور میں کسی چیز میں جس کو میں کرنا چاہتا ہوں اتنا تردّد نہیں کرتا جتنا تردّد اس کی جان کے بارے میں کرتا ہوں۔ وہ موت (کی سختی) کو ناپسند سمجھتا ہے اور میں اس کے برائی میں پڑنے کو ناپسند کرتا ہوں۔

(بخاری، عربی اردو، جلد سوم‘ کتاب الرقاق‘ حدیث نمبر 1422، ص 624، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

Marfat.com

حدیث شریف:324

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ نَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِى الطَّيِّبِ نَا مُصْعَبُ بْنُ سَلَّامٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِتَّقُوْا فِرَاسَةَ الْمُؤْمِنِ فَاِنَّهٗ يَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰهِ ثُمَّ قَرَأَ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَاتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ۔

(ترمذی، عربی، ابواب تفسیر القرآن، حدیث نمبر 3127، ص 706، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ مومن کی فراست سے ڈرو کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے نور سے دیکھتا ہے۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت پڑھی۔ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَاتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم، ابواب تفسیر القرآن، حدیث نمبر 1053، ص 440، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

Marfat.com

سات قرأت کا بیان

حدیث شریف:325

وَحَدَّثَنِیْ حَرْمَلَةُ بْنُ یَحْیٰی اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنِیْ عُبَیْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ حَدَّثَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَقْرَانِیْ جِبْرِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَام عَلٰی حَرْفٍ فَرَاجَعْتُهٗ فَلَمْ اَزَلْ اَسْتَزِیْدُهٗ فَیَزِیْدُنِیْ حَتّٰی اِنْتَهٰی اِلٰی سَبْعَةِ اَحْرُفٍ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ بَلَغَنِیْ اَنَّ تِلْكَ السَّبْعَةَ الْاَحْرُفَ اِنَّمَا هِیَ فِی الْاَمْرِ الَّذِیْ یَكُوْنُ وَاحِدًا لَّا یَخْتَلِفُ فِیْ حَلَالٍ وَلَاحَرَامٍ۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب الفضائل القرآن، حدیث نمبر 1902، ص 329، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔ جبرائیل علیہ السلام نے مجھے ایک حرف (مخصوص طرح کی قرأت) کے مطابق قرآن پڑھایا۔ میں نے مزید (قرأت کی قسم) کی فرمائش کی۔ میں فرمائش کرتا رہا اور وہ اضافہ کرتے رہے۔ یہاں تک کہ سات حروف ہوگئے۔ (سات مختلف طرح کی قرأت ہوگئی)

Marfat.com

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد اول' کتاب فضائل القرآن' حدیث نمبر 1799، ص 628، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ابن شہاب کہتے ہیں۔ مجھ تک یہ روایت پہنچی ہے کہ ان ساتوں حروف کا تعلق ایک ہی چیز کے ساتھ ہے اور ان کے درمیان حرام یا حلال کے بارے میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔

عقیدہ: قرآن عظیم کی سات قرأتیں سب سے زیادہ مشہور اور متواتر ہیں۔ ان میں معاذ اللہ کہیں اختلاف معنی نہیں وہ سب حق ہیں۔ اس میں امت کے لئے آسانی یہ ہے کہ جس کے لئے جو قرأت آسان ہو وہ پڑھے اور حکم یہ ہے کہ جس ملک میں جو قرأت رائج ہے' عوام کے سامنے وہی پڑھی جائے' جیسے ہمارے ملک میں قرأت عاصم بروایت حفص کہ لوگ ناواقفی سے انکار کریں گے اور وہ معاذ اللہ کلمہ کفر ہوگا۔ (بہار شریعت حصہ اول)

حدیث شریف: 326

حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عَبْدِ الْقَارِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ حَكِيْمٍ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ عَلٰى غَيْرِمَا اَقْرَأُهَا وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْرَأَنِيْهَا فَكِدْتُ اَنْ

Marfat.com

اَعْجَلَ عَلَيْهِ ثُمَّ اَمْهَلْتُهٗ حَتّٰى انْصَرَفَ ثُمَّ لَبَّبْتُهٗ بِرِدَآئِىْ فَجِئْتُ بِهٖ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ سَمِعْتُ هٰذَا يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ عَلٰى غَيْرِ مَا اَقْرَأْتَنِيْهَا فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْرَأْ فَقَرَأَ الْقِرَآءَةَ الَّتِىْ سَمِعْتُهٗ يَقْرَأُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰكَذَا اُنْزِلَتْ ثُمَّ قَالَ لِىَ اقْرَأْ فَقَرَأْتُ فَقَالَ هٰكَذَا اُنْزِلَتْ ثُمَّ قَالَ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ اُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ فَاقْرَأُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ۔

(ابوداؤد، عربی، کتاب الصلوٰۃ، باب انزل القرآن علی سبعۃ احرف، حدیث نمبر 1475، ص 219، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....عبدالرحمٰن بن عبدالقاری کا بیان ہے کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے سنا کہ حضرت ہشام بن حکیم رضی اللہ عنہ سورہ الفرقان اور ہی طریقے سے پڑھ رہے تھے۔ اس کے علاوہ جیسے مجھے رسول اللہ ﷺ نے پڑھائی تھی۔ قریب تھا کہ میں ان پر ٹوٹ پڑتا' لیکن میں نے انہیں مہلت دی یہاں تک کہ وہ فارغ ہوگئے۔ پھر میں نے اپنی چادر ان کے گلے میں ڈالی اور لے کر رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوگیا۔ میں عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ ﷺ! میں نے انہیں سورہ الفرقان پڑھتے ہوئے سنا۔ اس طریقے کے علاوہ جیسے مجھے پڑھائی گئی۔ پس رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا کہ پڑھو۔ پس

Marfat.com

انہوں نے اسی طرح پڑھی جیسے میں نے انہیں پڑھتے ہوئے سنا تھا۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اسی طرح نازل فرمائی گئی ہے۔ پھر مجھ سے فرمایا کہ پڑھو میں نے پڑھی تو فرمایا کہ اسی طرح نازل فرمائی گئی ہے۔ پھر فرمایا کہ اس قرآن مجید کو سات قرأتوں میں نازل کیا گیا ہے۔ پس اسے پڑھو جس طرح کسی کے لئے آسان ہو۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد اول' باب انزل القرآن علی سبعۃ احرف' حدیث نمبر 1461، ص 545، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: یہ حدیث ۲۱ صحابہ کرام سے مروی ہے جن کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔ ابی بن کعب' انس' حذیفہ بن الیمان' زید بن ارقم' سمرہ بن جندب' سلمان بن صرد' عبداللہ بن عباس' عبداللہ بن مسعود' عبدالرحمٰن بن عوف' عثمان بن عفان' عمر بن خطاب' عمرو بن ابوسلمہ' عمرو بن العاص' معاذ بن جبل' ہشام بن حکیم' ابوبکرہ' ابوجہم' ابوسعید خدری' ابوطلحہ انصاری' ابوہریرہ اور ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ ابو عبید نے اس کے متواتر ہونے کی تصریح کی ہے۔ اس حدیث میں واقعہ سبعۃ احرف یعنی سات حرفوں سے کیا مراد ہے جن میں قرآن کریم کو نازل کیا گیا ہے تو اس کے متعلق نویں صدی کے مجدد برحق یعنی خاتم الحفاظ امام جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ علیہ (المتوفی ۹۱۱ھ/ ۱۵۰۵ء) نے فرمایا کہ اس حدیث کے معنی میں چالیس کے قریب مختلف اقوال وارد ہوئے ہیں۔ امام سیوطی رحمتہ اللہ علیہ نے ان میں سے سولہ اقوال کا الاتقان میں تفصیلاً ذکر کیا ہے۔ قرطبی اور ابن حبان نے امام ابن حجر عسقلانی

Marfat.com

رحمتہ اللہ علیہ (المتوفی ۸۵۲ھ/ ۱۴۴۵ء) صاحب فیض الباری کا قول نقل کیا ہے کہ اس حدیث میں وارد سات حرفوں کے معنی میں اہل علم کا اتنا اختلاف ہے کہ بات پینتیس (۳۵) اقوال تک پہنچ گئی۔ ابن حبان نے وہ پینتیس (۳۵) اقوال بیان کئے اور ان سے امام سیوطی علیہ الرحمہ نے اپنی الاتقان میں نقل فرمائے ہیں۔

حضرت خاتم الحفاظ امام سیوطی علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ اُمت محمدیہ پر سات حرفوں میں پڑھنا واجب نہ تھا بلکہ ان کی آسانی کی خاطر اجازت مرحمت فرمائی گئی تھی۔ جس وقت صحابہ کرام نے دیکھا کہ اُمت میں تفرقہ اور اختلاف بڑھتا جارہا ہے۔ لہذا ایک ہی حرف پر اگر اجماع نہ کیا گیا تو اختلافات کے سیلاب کو روکا نہیں جاسکے گا۔ بایں وجہ ان حضرات نے عام اور مشہور حرف یعنی مصحف عثمان پر اتفاق کرلیا اور ان حضرات کا اس کے صحیح ترین مصحف ہونے پر اجماع ہوگیا۔ امام محمد بن سیرین رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام ہر سال رمضان المبارک میں رسول اللہ ﷺ سے قرآن کریم کا ایک مرتبہ دور کیا کرتے تھے لیکن جس سال وصال ہوا اس سال آپ ﷺ نے دو مرتبہ دور کیا۔ لہذا اہل علم کا اس پر اتفاق ہے کہ موجودہ قرأت اسی آخری دور کی قرأت کے مطابق ہے۔ امام بغوی علیہ الرحمہ نے اپنی کتاب شرح السنۃ میں لکھا ہے کہ اس آخری دور میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ حاضر رہے۔ قرآن مجید کا جتنا حصہ منسوخ ہوا' وہ ان کے علم میں آیا۔ پھر انہوں نے حضور ﷺ کے لئے لکھا اور اس کے مطابق آپ کو پڑھ کر

Marfat.com

سنایا تھا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بھی سناتے رہے تھے۔ چنانچہ حضرت ابوبکر و حضرت عمر رضی اللہ عنہما نے اسی کو قابل اعتماد قرار دے کر جمع کروایا اور اسی کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے مصاحف میں لکھ کر جامع القرآن لقب پایا تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ ملخصا (الاتقان' جلد اول نوع ۱۶' مسئلہ سوم)

جمعہ عید کا دن ہے

حدیث شریف: 327

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَاوَهْبٌ نَا مُوْسَى بْنُ عَلِيٍّ وَنَا عُثْمَانُ ابْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ نَا وَكِيْعٌ عَنْ مُوْسَى بْنِ عَلِيٍّ وَالْاِخْبَارُ فِىْ حَدِيْثِ وَهْبٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبِىْ اَنَّهٗ سَمِعَ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ عَرَفَةَ وَيَوْمُ النَّحْرِ وَاَيَّامُ التَّشْرِيْقِ عِيْدُنَا اَهْلَ الْاِسْلَامِ وَهِىَ اَيَّامُ اَكْلٍ وَ شُرْبٍ۔

(ابوداؤد، عربی، کتاب الصیام، باب صیام ایام تشریق، حدیث نمبر 2419، ص 351، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حسن بن علی' وہب موسیٰ بن علی' موسیٰ بن ابوشیبہ' وکیع' موسیٰ بن علی ان کے والد ماجد حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ

Marfat.com

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ عرفہ کا دن' قربانی کا دن اور ایام تشریق یہ ہم اہل اسلام کی عید ہیں۔ یہ کھانے پینے کے دن ہیں۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد دوم' باب صیام ایام التشریق' حدیث نمبر 647، ص 248، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: رسول اللہ ﷺ نے پانچ دن کے روزوں سے منع فرمایا ہے۔ دو روزے تو عیدالفطر و عیدالاضحیٰ کے ہیں اور تین ایام تشریق کے یعنی ذوالحجہ کی ۱۱' ۱۲ اور ۱۳ تاریخ کو روزہ نہ رکھا جائے۔ کیونکہ یہ دن اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے کھانے پینے کے قرار دیئے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

حدیث شریف: 328

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ نَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ قَالَ عَطَآءٌ اِجْتَمَعَ يَوْمُ جُمُعَةٍ وَيَوْمُ فِطْرٍ عَلٰى عَهْدِ ابْنِ الزُّبَيْرِ فَقَالَ عِيْدَانِ اجْتَمَعَا فِيْ يَوْمٍ وَاحِدٍ فَجَمَعَهُمَا جَمِيْعًا فَصَلَّاهُمَا رَكْعَتَيْنِ بُكْرَةً لَمْ يَزِدْ عَلَيْهِمَا حَتّٰى صَلَّى الْعَصْرَ۔

(ابوداؤد، کتاب الصلوٰۃ باب الجمعۃ یوم عید، حدیث نمبر 1072، ص 162 مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....ابن جریج نے عطاء سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن زبیر

Marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے عہد میں جمعہ اور عید الفطر دونوں ایک روز جمع ہو گئے۔ فرمایا کہ ایک دن میں دو عیدیں اکٹھی ہو گئی ہیں۔ پس دونوں کی اکٹھی دو رکعتیں صبح کے وقت پڑھ لیں اور ان دونوں پر کوئی اضافہ نہیں کیا یہاں تک کہ نماز عصر پڑھی۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد اول، باب اذا وافق یوم الجمعۃ یوم عید، حدیث نمبر 1059، ص 407، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

•

حدیث شریف: 329

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفّٰی وَ عُمَرُ ابْنُ حَفْصِ نِ الْوَصَابِیُّ الْمَعْنٰی قَالَ نَا بَقِیَّةُ نَا شُعْبَةُ عَنْ مُغِیْرَةَ الضَّبِیِّ عَنْ عَبْدِالْعَزِیْزِ بْنِ رُفَیْعٍ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ قَدِ اجْتَمَعَ فِیْ یَوْمِکُمْ هٰذَا عِیْدَانِ فَمَنْ شَاءَ اَجْزَاهُ مِنَ الْجُمُعَةِ وَاِنَّا مُجَمِّعُوْنَ قَالَ عُمَرُ عَنْ شُعْبَةَ۔

(ابوداؤد، عربی، کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ یوم عید، حدیث نمبر 1073، ص 162، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... محمد بن مصفیٰ اور عمر بن حفص وصابی بقیہ شعبہ مغیرہ ضبی عبدالعزیز بن رفیع ابوصالح حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ آج تمہارے لئے دو عیدیں جمع ہو گئی ہیں لہذا جو تم

Marfat.com

میں نماز جمعہ پڑھنا چاہے تو پڑھے اور ہم نماز جمعہ پڑھیں گے عمر نے شعبہ سے بھی روایت کی ہے۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد اول' باب اذا وافق یوم الجمعۃ یوم عید' حدیث 1060، ص 407، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: مذکورہ احادیث سے ثابت ہوا کہ جمعۃ المبارک کا دن مسلمانوں کے لئے عید کا دن ہے۔

ان احادیث سے ان لوگوں کا موقف بھی باطل ہوا جو یہ کہتے ہیں کہ اسلام میں فقط دو عیدیں ہیں' تیسری عید یعنی عید میلاد النبی ﷺ بدعت ہے۔

بدعت حسنہ کا بیان

حدیث شریف: 330

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ وَّمُجَاهِدُ بْنُ مُوْسٰى وَهُوَ اَتَمُّ قَالَا ثَنَا يَعْقُوْبَ ابْنُ اِبْرَاهِيْمَ ثَنَا اَبِىْ عَنْ صَالِحٍ قَالَ نَا نَافِعٍ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنُ عُمَرَ اَخْبَرَهٗ اَنَّ الْمَسْجِدَ كَانَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَبْنِيًّا بِاللَّبِنِ وَالْجَرِيدِ وَعَمَدُهٗ قَالَ مُجَاهِدٌ عُمُدُهٗ مِنْ خَشَبِ النَّخْلِ فَلَمْ يَزِدْ فِيْهِ اَبُوْ بَكْرٍ شَيْئًا وَزَادَ فِيْهِ

Marfat.com

عُمَرُ وَبَنَاهُ عَلٰی بِنَآئِهٖ فِیْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰه عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّبِنِ وَالْجَرِیْدِ وَاَعَادَ عَمَدَهٗ وَقَالَ مُجَاهِدٌ عُمُدَهٗ خَشَبًا وَّغَیَّرَهٗ عُثْمَانُ فَزَادَ فِیْهِ زِیَادَةً كَثِیْرَةً وَّبَنٰی جِدَارَهٗ بِالْحِجَارَةِ الْمَنْقُوْشَةِ وَالْقَصَّةِ وَجَعَلَ عَمَدَهٗ مِنْ حِجَارَةٍ مَّنْقُوْشَةٍ وَسَقَّفَهٗ بِالسَّاجِ قَالَ مُجَاهِدٌ سَقَّفَهُ السَّاجُ قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ الْقَصَّةُ الْجَصُّ۔

(ابوداؤد، عربی، کتاب الصلوٰۃ، باب فی بناء المساجد، حدیث نمبر 451، ص 76، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... نافع نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ مبارک میں مسجد نبوی کچی اینٹوں کی بنی ہوئی تھی اور اس کی چھت لکڑیوں کی تھی اور ستون بھی۔ مجاہد نے کہا کہ اس کے ستون کھجور کی لکڑی کے تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس میں کوئی اضافہ نہ کیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس میں اضافہ کیا اور اسے رسول اللہ ﷺ کے عہد مبارک کی بنیادوں پر تعمیر کیا یعنی کچی اینٹوں اور لکڑیوں سے اور اس کے ستون دوبارہ لگائے۔ مجاہد نے کہا کہ اس کے ستون لکڑی کے تھے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس میں تبدیلی کی اور کافی اضافہ کیا اور اس کی دیواریں تراشے ہوئے پتھروں اور چونے سے بنائیں اور اس کے ستون تراشے ہوئے پتھروں کے بنائے اور ساگوان کی لکڑی سے اس کی چھت تیار کی۔ مجاہد نے کہا کہ اس کی چھت ساگوان کی تھی۔ امام

Marfat.com

ابوداؤد علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ ''اَلْقَصَّۃُ'' چونے کو کہتے ہیں۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد اول' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 448، ص 213، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 331

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ ثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ ابْنُ مُوْسٰى عَنْ شَيْبَانَ عَنْ فِرَاسٍ عَنْ عَطِيَّةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اِنَّ مَسْجِدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ سَوَارِيْهِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جُذُوْعِ النَّخْلِ اَعْلَاهُ مُظَلَّلٌ بِجَرِيْدِ النَّخْلِ ثُمَّ اِنَّهَا نَخِرَتْ فِيْ خِلَافَةِ اَبِيْ بَكْرٍ فَبَنَاهَا بِجُذُوْعِ النَّخْلِ وَبِجَرِيْدِ النَّخْلِ ثُمَّ اِنَّهَا نَخِرَتْ فِيْ خِلَافَةِ عُثْمَانَ فَبَنَاهَا بِالْاٰجُرِ فَلَمْ تَزَلْ ثَابِتَةً حَتّٰى الْاٰنَ۔

(ابوداؤد، عربی، کتاب الصلوٰۃ، باب فی بناء المساجد، حدیث نمبر 452، ص 76، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....عطیہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ کی مسجد کے ستون رسول اللہ ﷺ کے عہد مبارک میں کھجور کی لکڑیوں کے تھے۔ اوپر والے حصے پر سائے کے لئے کھجور کی ٹہنیاں تھیں۔ پھر وہ

Marfat.com

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں گل گئیں تو دوبارہ کھجور کی لکڑیوں اور شاخوں سے بنائی گئی۔ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں گل گئیں تو اسے پکی اینٹوں سے بنایا گیا جو آج تک اسی حالت میں ہے۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد اول، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 449، ص 213، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:332

حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰہِ قَالَ حَدَّثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ بْنِ سَعِیْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِیْ عَنْ صَالِحِ بْنِ کَیْسَانَ نَا نَافِعٌ اَنَّ عَبْدَاللّٰہِ بْنَ عُمَرَ اَخْبَرَہٗ اَنَّ الْمَسْجِدَ کَانَ عَلٰی عَھْدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَبْنِیًّا بِاللَّبِنِ وَسَقْفُہُ الْجَرِیْدُ وَعُمُدُہٗ خَشَبُ النَّخْلِ فَلَمْ یَزِدْ فِیْہِ اَبُوْبَکْرٍ شَیْئًا وَّزَادَ فِیْہِ عُمَرُ وَبَنَاہُ عَلٰی بُنْیَانِہٖ فِیْ عَھْدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِاللَّبِنِ وَالْجَرِیْدِ وَاَعَادَ عُمُدَہٗ خَشَبًا ثُمَّ غَیَّرَہٗ عُثْمَانُ فَزَادَ فِیْہِ زِیَادَۃً کَثِیْرَۃً وَّبَنٰی جِدَارَہٗ بِالْحِجَارَۃِ الْمَنْقُوْشَۃِ وَالْقَصَّۃِ وَجَعَلَ عُمُدَہٗ مِنْ حِجَارَۃٍ مَّنْقُوْشَۃٍ وَّسَقَّفَہٗ بِالسَّاجِ۔

(بخاری، عربی، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 446، ص 77، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

Marfat.com

ترجمہ:.....حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ راوی ہیں رسول اللہ ﷺ کے دور میں مسجد نبوی کچی اینٹوں سے بنی ہوئی تھی اور اس کا چھت کھجور کی ٹہنیوں اور اس کے ستون کھجور کی (موٹی) لکڑی کے تھے جس میں ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اس میں کچھ اضافہ نہ کیا (ہاں) عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے (اس کے طول وعرض) میں توسیع فرمائی۔ لیکن (آلات) یعنی کچی اینٹ اور کھجور کی ٹہنیوں کے ساتھ ہی مسجد کو تعمیر کیا (جیسا کہ) رسول اللہ ﷺ کے زمانہ اقدس میں تعمیر ہوئی تھی (اور بوجہ خرابی ستون) کی تجدید فرمائی۔ پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اس کو بدل دیا اور (توسیع وآلات کے اعتبار سے) اس میں بہت زیادہ اضافہ فرمایا۔ اس کی دیواریں منقش پتھروں اور چونے سے بنوائیں اور اس کے ستون بھی منقش پتھر سے بنائے اور ساگوان کی (لکڑی) کی اس پر چھت ڈالی۔

(بخاری، عربی اردو، جلد اول' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 430، ص 240، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: تفسیر روح البیان میں ہے کہ وہ کام جسے علماء اور عارفین ایجاد کریں اور وہ سنت کے خلاف نہ ہو تو یہ اچھا کام ہے۔

۱۔ امام کاسانی علیہ الرحمہ بدائع الصنائع میں فرماتے ہیں کہ جو عمل لوگوں میں مشہور ہو جائے جبکہ شریعت کے مطابق ہو اس کی اتباع ضروری ہے (بدائع الضائع فعل فی بیان فی یوم العید' جلد اول)

۲۔ علامہ بدرالدین عینی علیہ الرحمہ (عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری) میں

Marfat.com

فرماتے ہیں کہ جو کام شریعت کے مخالف نہ ہو تو وہ بدعت حسنہ یعنی اچھی بدعت ہے۔

۳۔ علامہ ابن عابدین شامی علیہ الرحمہ' شامی کے مقدمہ میں فرماتے ہیں کہ یہ حدیث اسلام کے قوانین ہیں کہ جو شخص کوئی بری بدعت ایجاد کرے اس پر تمام پیروی کرنے والوں کا گناہ ہے اور جو شخص اچھی بدعت نکالے' اسے قیامت تک اس عمل کی پیروی کرنے والوں کا ثواب ہوگا۔ اگر یہ کہا جائے کہ بدعت حسنہ یعنی اچھی بدعت کوئی چیز نہیں ہے تو یہ بات مسلم شریف کی حدیث کے خلاف بھی ہو سکتی ہے۔

لہٰذا معلوم ہوا کہ جو چیز شریعت سے نہ ٹکرائے مثلاً مسجد نبوی کی عالی شان تعمیرات' محراب کی تعمیر' جمعۃ المبارک کے دن دوسری اذان' قرآن کا کتابی صورت میں مرتب کرنا' قرآن مجید پر اعراب لگانا وغیرہ بدعت حسنہ ہیں۔

اچھے کام کو شروع کرنے پر اجر

حدیث شریف:333

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَايَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ نَاالْمَسْعُوْدِيُّ عَنْ عَبْدِ الْمَلَكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

Marfat.com

مَنْ سَنَّ سُنَّةَ خَيْرٍ فَاتُّبِعَ عَلَيْهَا فَلَه' اَجْرُه' وَمِثْلُ اُجُوْرِ مَنِ اتَّبَعَه' غَيْرَ مَنْقُوْصٍ مِّنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْئًا وَّمَنْ سَنَّ سُنَّةَ شَرٍّفَاتُّبِعَ عَلَيْهَا كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهُ' وَمِثْلُ اَوْزَارِمَنِ اتَّبَعَه' غَيْرُ مَنْقُوْصٍ مِّنْ اَوْزَارِ هِمْ شَيْئًا۔

(ترمذی، عربی، ابواب علم، حدیث نمبر 2675، ص 607، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اکرم ﷺ نے فرمایا جس نے اچھا طریقہ جاری کیا پھر اس پر عمل کیا گیا۔ تو اس کے لئے اپنا ثواب بھی ہے اور اسے عمل کرنے والوں کے برابر ثواب بھی ملے گا۔ جبکہ ان کے ثوابوں میں کوئی کمی نہ ہوگی اور جس نے برا طریقہ جاری کیا پھر وہ طریقہ اپنایا گیا تو اس کے لئے اپنا گناہ بھی ہے اور ان لوگوں کے گناہ کے برابر بھی جو اس پر عمل پیرا ہوئے' بغیر اس کے کہ ان کے گناہوں میں کچھ کمی ہو۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم' ابواب علم' حدیث نمبر 872، ص 239، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:334

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍنَا بَقِيَّةُ الْوَلِيْدِ عَنْ بَحِيْرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ خَالِدِبْنِ مَعْدَانَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرٍو السَّلَمِيِّ عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ قَالَ وَعَظَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا بَعْدَ صَلٰوةِ الْغَدَاةِ مَوْعِظَةً بَلِيْغَةً ذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُوْنُ وَوَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوْبُ فَقَالَ رَجُلٌ اِنَّ هٰذِهٖ مَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ فَبِمَاذَا تَعْهَدُ اِلَيْنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اُوْصِيْكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَاِنْ عَبْدٌ حَبَشِيٌّ فَاِنَّه، مَنْ يَّعِشْ مِنْكُمْ يَرٰى اِخْتِلَافًا كَثِيْرًا وَ اِيَّا كُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْاُمُوْرِ فَاِنَّهَا ضَلَالَةٌ فَمَنْ اَدْرَكَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِى وَسُنَّةِ الْخُلَفَآءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ عَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ۔

(ترمذی، عربی، ابواب علم، حدیث نمبر 2676، ص 607، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ رسول اکرم ﷺ نے ایک دن صبح کی نماز کے بعد ہمیں نہایت بلیغ وعظ فرمایا۔ جس سے آنکھیں بہہ پڑیں اور دل لرز گئے۔ ایک شخص نے یہ کہا یہ تو رخصت ہونے والے شخص کے وعظ جیسا ہے۔ یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ ہمیں کس بات کا حکم دیتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا میں تمہیں اللہ تعالیٰ نے ڈرتے رہنے نیز (امیر کا حکم) سننے اور ماننے کا حکم دیتا ہوں۔ اگرچہ وہ حبشی غلام ہی کیوں نہ ہو بے شک تم میں جو شخص زندہ رہے گا وہ بہت اختلاف دیکھے گا (شریعت کے خلاف) نئی باتوں سے بچتے رہنا کیونکہ یہ گمراہی ہے تم میں جو شخص یہ زمانہ پائے اسے میری اور میرے ہدایت یافتہ اور ہدایت دینے والے خلفاء کا طریقہ اختیار کرنا چاہئے۔ سنت کو

Marfat.com

دانتوں سے (مضبوط) پکڑلو۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم' ابواب علم' حدیث نمبر 573، ص 240، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: مذکورہ احادیث سے یہ بات نہایت آسانی سے معلوم ہورہی ہے کہ ہر وہ عمل جو سرکار ﷺ کے ظاہری زمانہ اقدس میں نہیں تھا بلکہ بعد میں ایجاد ہوا اگر وہ شریعت اور سنت رسول ﷺ کے مخالف نہ ہو تو ایسے کام کو اپنانا اور ایجاد کرنا دونوں باعث اجر ہیں۔

صحابہ کرام علیہم الرضوان اور اہلبیت اطہار نے حضور ﷺ کے ظاہری زمانے میں اور بعد میں اپنے دل سے بہت سی ایسی اچھی بدعتیں یا نئے کام ایجاد کئے جن کا حکم نہ قرآن مجید میں آیا' نہ حضور ﷺ نے خود کئے اور نہ کرنے کا حکم دیا۔

صحابہ کرام علیہم الرضوان کے ایجاد کردہ کام بدعت حسنہ ہیں یا سنت؟ کچھ علماء کا خیال ہے کہ سنت ہیں اور صحابہ کرام کے طریقوں پر چلنے کی ہدایت حضور ﷺ کے فرمان میں موجود ہے۔ صحابہ کرام کے ایجاد کردہ کام "بدعت حسنہ" ہیں۔ حدیث شریف میں خلفائے راشدین کی سنت کا مطلب ان کا طریقہ ہے اور یہ طریقہ ان معنوں میں "سنت" نہیں جس طرح کہ حضور ﷺ کی سنت ہے۔

نتیجہ یہ نکلا کہ اچھے کام میلاد منانا' بزرگوں کے ایصال ثواب اور عُرس کی تقاریب ایام بزرگان دین منانا' مقدس راتوں میں خصوصی عبادات کا اہتمام' اذان سے پہلے اور نماز جمعہ کے بعد صلوٰۃ وسلام' سوئم اور چہلم و برسی کا انعقاد کرنا نہ شریعت

Marfat.com

سے ٹکراتے ہیں نہ ان کاموں سے شریعت سے منع کیا گیا لہذا ثواب کی نیت سے ان کاموں کا کرنا بدعت حسنہ ہے۔

حدیث شریف:335

حَدَّثَنِیْ زُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِیْرُ بْنُ عَبْدِالْحَمِیْدِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُوْسَی بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ یَزِیْدَ وَاَبِی الضُّحٰی عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ هِلَالِ الْعَبْسِیِّ عَنْ جَرِیْرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ جَآءَ نَاسٌ مِّنَ الْاَعْرَابِ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَیْهِمُ الصُّوْفُ فَرَاٰی سُوْءَ حَالِهِمْ قَدْ اَصَابَتْهُمْ حَاجَةٌ فَحَثَّ النَّاسَ عَلَی الصَّدَقَةِ فَاَبْطَؤُا عَنْهُ حَتّٰی رُئِیَ ذٰلِكَ فِیْ وَجْهِهٖ قَالَ ثُمَّ اِنَّ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ جَآءَ بِصُرَّةٍ مِّنْ وَّرِقٍ ثُمَّ جَآءَ اٰخَرُ ثُمَّ تَتَابَعُوْا حَتّٰی عُرِفَ السُّرُوْرُ فِیْ وَجْهِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَنَّ فِی الْاِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً فَعُمِلَ بِهَا بَعْدَهٗ كُتِبَ لَهٗ مِثْلُ اَجْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا وَلَا یَنْقُصُ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَیْءٌ وَّمَنْ سَنَّ فِی الْاِسْلَامِ سُنَّةً سَیِّئَةً فَعُمِلَ بِهَا بَعْدَهٗ كُتِبَ عَلَیْهِ مِثْلُ وِزْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا

Marfat.com

وَلَا يَنْقُصُ مِنْ اَوْزَارِهِمْ شَيْءٌ۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب العلم، حدیث نمبر 6800، ص 1165، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ چند دیہاتی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے اونی کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے جب ان کا برا حال دیکھا اور ان کی ضرورت کو محسوس کیا تو آپ ﷺ نے لوگوں کو صدقہ دینے کی تلقین کی۔ لوگوں سے (اس پر عمل کرنے میں) کچھ تاخیر ہوئی تو آپ ﷺ کے چہرہ مبارک میں ناگواری کے اثرات ظاہر ہوئے پھر ایک انصاری چاندی (کے درہم) کی تھیلی لے کر آیا۔ پھر دوسرا آیا' پھر یکے بعد دیگرے لوگ آنے لگے۔ یہاں تک کہ آپ ﷺ کے چہرہ مبارک پر خوشی کے آثار ظاہر ہوئے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اسلام میں کسی اچھے کام کا آغاز کرے اور اس کے بعد بھی اس پر عمل کیا جائے تو اس شخص (کے نامہ اعمال میں) اس پر عمل کرنے والوں کے اجر کی مانند اجر رکھا جائے گا اور ان کے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوگی اور جو شخص اسلام میں کسی برے کام کا آغاز کرے اور اس کے بعد بھی اس پر عمل کیا جائے تو جو شخص بھی اس پر عمل کرے گا اس کے گناہ کی مانند اس (برے کام کو ایجاد کرنے والے) شخص کے نامہ اعمال میں گناہ لکھا جائے گا اور ان دوسرے لوگوں کے گناہ میں کمی نہیں ہوگی۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد سوم' کتاب العلم، حدیث نمبر 6674، ص 500، مطبوعہ شبیر برادرز

Marfat.com

لاہور پاکستان)

حدیث شریف:336

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ حَدَّثَهُ قَالَ بَعَثَ اِلَيَّ اَبُوْبَكْرِ الصِّدِّيْقُ مَقْتَلَ اَهْلِ الْيَمَامَةِ فَاِذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عِنْدَه' فَقَالَ اِنَّ عُمَرَ قَدْ اَتَانِيْ فَقَالَ اِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ بِقُرَّآءِ الْقُرْاٰنِ يَوْمَ الْيَمَامَةِ وَاِنِّيْ لَاَخْشٰى اَنْ يَسْتَحِرَّالْقَتْلُ بِالْقُرَّاءِ فِي الْمَوَاطِنِ كُلِّهَا فَيَذْهَبَ قُرْاٰنٌ كَثِيْرٌ وَّاِنِّيْ اَرٰى اَنْ تَاْمُرَ بِجَمْعِ الْقُرْاٰنِ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ لِعُمَرَ كَيْفَ اَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عُمَرُ هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِيْ فِيْ ذٰلِكَ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِيْ لِلَّذِيْ شَرَحَ لَه' صَدْرَ عُمَرَ وَرَاَيْتُ فِيْهِ الَّذِيْ رَاٰى قَالَ زَيْدٌ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ اِنَّكَ شَابٌّ عَاقِلٌ لَانَتَّهِمُكَ قَدْ كُنْتَ تَكْتُبُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَحْيَ فَتَتَبَّعِ الْقُرْاٰنَ قَالَ فَوَاللّٰهِ لَوْ كَلَّفُوْنِيْ نَقْلَ جَبَلٍ مِنَ الْجِبَالِ مَاكَانَ اَثْقَلَ عَلَيَّ مِنْ ذٰلِكَ قُلْتُ

Marfat.com

كَيْفَ تَفْعَلُوْنَ شَيْئًا لَّمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِىْ فِىْ ذٰلِكَ اَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرُ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِىْ لِلَّذِىْ شَرَحَ لَـهٗ صَدْرُهُمَا صَدْرَ اَبِىْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْاٰنَ اَجْمَعُهٗ مِنَ الرِّقَاعِ وَالْعُسُبِ وَاللِّخَافِ يَعْنِى الْحَجَارَةَ وَصُدُوْرَالرِّجَالِ فَوَجَدْتُّ اٰخِرَ سُوْرَةِ بِرَآءَةٍ مَعَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَاعَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِىَ اللّٰهُ لَآاِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

(ترمذی، ابواب تفسیر القرآن، حدیث نمبر 3103، ص 700، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں۔ اہل یمامہ کے قتل کے بعد مجھے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بلا بھیجا (میں حاضر ہوا تو) دیکھا کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی تشریف فرما ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ میرے پاس آئے اور انہوں نے مجھ سے کہا۔ کہ جنگ یمامہ میں بہت سے قراء شہید ہو چکے ہیں اور مجھے ڈر ہے کہ اگر اسی طرح ہر جگہ قراء شہید ہوتے گئے تو بہت سا قرآن چلا جائے گا۔ میرا خیال ہے کہ آپ جمع قرآن کا حکم فرمائیں۔ میں نے حضرت عمر رضی

Marfat.com

اللہ عنہ سے کہا کہ وہ کام کیسے کروں جسے رسول اللہ ﷺ نے نہیں کیا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ اللہ کی قسم! یہ اچھا کام ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بار بار مجھ سے اصرار کرتے رہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اس چیز کے لئے میرا سینہ بھی کھول دیا جس کے لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا سینہ کھولا تھا اور اس بارے میری بھی وہی رائے ہوگئی۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا (اے زید!) تم عقلمند نوجوان ہو۔ میں تمہیں کوئی الزام نہیں دیتا۔ تم نبی کریم ﷺ کی وحی لکھا کرتے تھے۔ پس اب تم قرآن کی متفرق آیات اور سورتوں کو تلاش کرو۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔ اللہ کی قسم! اگر وہ مجھے کسی پہاڑ کے نقل کرنے کی تکلیف دیتے تو وہ مجھ پر اس کام سے زیادہ بھاری نہ ہوتا (اس لئے) میں عرض کیا۔ آپ کیسے وہ کام کرتے ہیں جسے رسول اکرم ﷺ نے نہیں کیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ قسم بخدا! یہ اچھا کام ہے۔ پس حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما مسلسل مجھ سے اصرار کرتے رہے حتی کہ اللہ تعالیٰ نے اس کام کے لئے میرا سینہ کھول دیا جس کے لئے ان دونوں کا شرح صدر فرمایا تھا۔ پس میں نے چمڑے کے مختلف ٹکڑوں، کھجوروں کے پتوں، پتھروں اور لوگوں کے سینوں سے قرآن تلاش کیا اور سورہ برأت (یعنی سورۃ التوبہ) کا آخری حصہ میں نے حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ کے پاس پایا۔ وہ یہ ہے۔ **لقد جاکم رسول من انفسکم**.....الخ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم، ابواب تفسیر القرآن، حدیث نمبر 1028، ص 427، مطبوعہ فرید بک

Marfat.com

اسٹال لاہور پاکستان)

ف: معلوم ہوا کہ اچھا کام اگرچہ عہد نبوت میں نہ ہوا ہو اس کا کرنا مستحسن بلکہ بعض اوقات واجب تک ہوتا ہے۔ وہی بات بدعت مذمومہ ہوگی جو شریعت سے متصادم ہے لہذا ہر نئی بات کو بدعت مذمومہ کہنا اور اس کا رد کرنا صریحاً جہالت پر مبنی ہے۔

اہل اللہ پر شیطان کا بس نہیں چلتا

حدیث شریف: 337

عَنْ اَبِی الدَّرْدَآءِ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّیْ فَسَمِعْنَاهُ يَقُوْلُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ ثُمَّ قَالَ اَلْعَنُكَ بِلَعْنَةِ اللّٰهِ ثَلٰثًا وَّبَسَطَ يَدَهٗ كَاَنَّهٗ يَتَنَا وَلُ شَيْئًا فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلٰوةٍ قُلْنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ سَمِعْنَاكَ تَقُوْلُ فِی الصَّلٰوةِ شَيْئًا لَّمْ نَسْمَعْكَ تَقُوْلُهٗ قَبْلَ ذٰلِكَ وَرَاَيْنَاكَ بَسَطْتَّ يَدَكَ قَالَ اِنَّ عَدُوَّ اللّٰهِ اِبْلِيْسُ جَآءَ بِشِهَابٍ مِّنْ نَّارٍ لِيَجْعَلَهٗ فِیْ وَجْهِیْ فَقُلْتُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قُلْتُ اَلْعَنُكَ بِلَعْنَةِ اللّٰهِ فَلَمْ يَسْتَاخِرْ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ اَرَدْتُ اَنْ اَخُذَهٗ وَاللّٰهِ لَوْلَا دَعْوَةُ اَخِيْنَا سُلَيْمَانَ لَاَ

Marfat.com

صُبَحُ مُوْنِقًا بِهَا يَلْعَبُ بِهٖ وِلْدَانُ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ۔

(سنن نسائی، عربی، کتاب الصلوٰۃ، باب لعن ابلیس فی الصلوٰۃ، حدیث نمبر 1216، ص 169، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... سیدنا حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سرورکونین ﷺ نماز پڑھنے کے لئے کھڑے ہوئے۔ ہم نے حضور پرنور ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔ میں تجھ سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں۔ پھر تین دفعہ فرمایا۔ میں تجھ پر اللہ تعالیٰ کی لعنت بھیجتا ہوں اور اپنا ہاتھ مبارک پھیلایا جیسے کسی چیز کو پکڑتے ہیں۔ جب آپ ﷺ نماز ختم کر چکے تو ہم نے عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ! ہم نے آپ ﷺ کی نماز میں ایسے عمل فرماتے سنا جو آپ ﷺ پہلے کبھی نہیں کرتے تھے اور ہم نے آپ ﷺ کو ہاتھ پھیلاتے دیکھا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کہ اللہ تعالیٰ کا مردود اور دشمن ابلیس میرے منہ کے پاس آگ کا ایک شعلہ لایا۔ میں نے تین بار کہا میں تجھ سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں۔ بعدازاں میں نے تین بار کہا میں تجھ پر اللہ تعالیٰ کی لعنت بھیجتا ہوں۔ (جب وہ پیچھے نہ ہٹا) تو میں نے اسے پکڑنا چاہا۔ (اگر اپنے بھائی حضرت سلیمان علیہ السلام کی دعا کا خیال نہ ہوتا تو میں اسے باندھ دیتا پھر صبح ہوتی اور مدینہ منورہ کے لڑکے اس سے کھیلتے)

(سنن نسائی، عربی اردو، جلد اول، باب لعن ابلیس فی الصلوٰۃ، حدیث نمبر 1218، ص 372، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

Marfat.com

حدیث شریف:338

حَدَّثَنِیْ هَارُوْنُ بْنُ سَعِیْدِ الْاَیْلِیُّ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ صَخْرٍ عَنِ ابْنِ قُسَیْطٍ حَدَّثَهٗ اَنَّ عُرْوَةَ حَدَّثَهٗ اَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنْ عِنْدِهَا لَیْلًا قَالَتْ فَغِرْتُ عَلَیْهِ فَجَآءَ فَرَاٰی مَا اَصْنَعُ فَقَالَ مَالَكِ یَا عَائِشَةُ اَغِرْتِ فَقُلْتُ وَمَا لِیْ لَا یَغَارُ مِثْلِیْ عَلٰی مِثْلِكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَقَدْ جَآئَكِ شَیْطَانُكِ قَالَتْ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَوَمَعِیَ شَیْطَانٌ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ وَمَعَ كُلِّ اِنْسَانٍ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ وَمَعَكَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ وَلٰكِنْ رَبِّیْ اَعَانَنِیْ عَلَیْهِ حَتّٰی اَسْلَمَ۔

مسلم شریف، عربی، کتاب التوبہ، حدیث نمبر 7110، ص 1225، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک رات نبی اکرم ﷺ ان کے ہاں سے نکلے' مجھے بہت محسوس ہوا جب آپ واپس تشریف لائے اور میرا طرز عمل دیکھا تو دریافت کیا۔ اے عائشہ! کیا ہوا؟ کیا تم نے کچھ محسوس کیا ہے؟ میں نے عرض کی' میں محسوس کیوں نہ کروں جبکہ میری جیسی عورت ہو

Marfat.com

اور آپ ﷺ جیسا مرد ہو۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا تمہارا شیطان تمہارے پاس آیا تھا' سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا۔ کیا میرے ساتھ شیطان بھی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! میں نے عرض کی' کیا ہر انسان کے ساتھ ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ میں نے عرض کی' یارسول اللہ ﷺ! کیا آپ ﷺ کے ساتھ بھی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! لیکن میرے پروردگار جل جلالہٗ نے اس کے خلاف میری مدد کی اور اس نے اسلام قبول کرلیا۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد سوم' کتاب صفۃ القیامۃ والجنۃ والنار' حدیث نمبر 6981، ص 612، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

عقیدہ: نبی کا معصوم ہونا ضروری ہے اور یہ عصمت نبی اور ملائکہ کا خاصہ ہے کہ نبی اور فرشتہ کے سوا کوئی معصوم نہیں۔ اماموں کو انبیاء کی طرح معصوم سمجھنا گمراہی و بددینی ہے۔ عصمت انبیاء کے یہ معنی ہیں کہ ان کے لئے حفظ الٰہی کا وعدہ ہو یا جس کے سبب ان سے صدور گناہ شرعاً محال ہے۔ بخلاف ائمہ و اکابر اولیاء کہ اللہ عزوجل انہیں محفوظ رکھتا ہے۔ ان سے گناہ ہوتا نہیں اگر ہو تو شرعاً محال بھی نہیں۔

عقیدہ: انبیاء علیہم السلام شرک و کفر اور ہر ایسے امر سے جو خلق کے لئے باعث نفرت ہو' جیسے کذب و خیانت و جہل وغیرہم صفات ذمیمہ سے نیز ایسے افعال سے جو وجاہت اور مروت کے خلاف ہیں' قبل نبوت اور بعد نبوت بالاجماع معصوم ہیں اور کبائر سے بھی مطلقاً معصوم ہیں اور حق یہ ہے کہ بجمعاً صغائر سے بھی قبل نبوت

Marfat.com

اور بعد نبوت معصوم ہیں۔

عقیدہ: اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام پر بندوں کے لئے جتنے احکام نازل فرمائے' انہوں نے وہ سب پہنچا دیئے جو یہ کہے کہ کسی حکم کو کسی نبی نے چھپا رکھا تقیہ یعنی خوف کی وجہ سے یا اور کسی وجہ سے نہ پہنچایا کافر ہے۔

عقیدہ: احکام بلیغیہ میں انبیاء سے سہو ونسیان محال ہے (بہار شریعت حصہ اول)

مسئلہ ضروریہ: انبیائے کرام علیہم السلام سے جو لغزشیں واقع ہوئیں ان کا ذکر قرآن و روایت حدیث کے سوا حرام اور سخت حرام ہے اوروں کو ان سرکاروں میں لب کشائی کی کیا مجال' مولیٰ عزوجل ان کا مالک ہے جس محل پر جس طرح چاہے تعبیر فرمائے۔ وہ اس کے پیارے بندے ہیں' اپنے رب جل جلالہٗ کے لئے جس قدر چاہیں' تواضع فرمائیں دوسرا ان کلمات کو سند نہیں بنا سکتا اور خود ان کا اطلاق کرے گا تو مردود بارگاہ ہوگا۔ پھر ان کے یہ افعال جن کو ذلت ولغزش سے تعبیر کیا جائے' ہزارہا حکم ومصالح پر مبنی ہزارہا فوائد وبرکات کے مسمر ہوتے ہیں۔ ایک لغزش انبیاء آدم علیہ السلام کو دیکھئے اگر وہ نہ ہوتی تو جنت سے نہ اترتے' دنیا آباد نہ ہوتی' نہ کتابیں آتیں' نہ رسول آتے' نہ جہاد ہوتے' لاکھوں کروڑوں مسوبات کے دروازے بند رہتے۔ ان سب کا فتح باب ایک لغزشِ آدم علیہ السلام کا نتیجہ مبارکہ و ثمرہ طیبہ ہے۔ بالجملہ انبیاء علیہم السلام کی لغزش من وتو کس شمار میں ہیں' صدیقین کی

Marfat.com

حسنات سے افضل واعلیٰ ہے (بہار شریعت حصہ اول)

حدیث شریف:339

حَدَّثَنِیْ اَبُو الطَّاهِرِ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ اَنَّ اَبَا یُوْنُسَ سُلَیْمًا مَوْلٰی اَبِیْ هُرَیْرَةَ حَدَّثَهٗ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ کُلُّ بَنِیْ اٰدَمَ یَمَسُّهُ الشَّیْطٰنُ یَوْمَ وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ اِلَّا مَرْیَمَ وَابْنَهَا۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب الفضائل، حدیث نمبر 6135، ص 1040 مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد میں ہر بچے کو جب اس کی ماں جنم دیتی ہے تو شیطان اسے چھوتا ہے۔ البتہ مریم اور ان کے صاحبزادے (کو وہ نہیں چھو سکا)

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد سوم کتاب الفضائل، حدیث نمبر 6012، ص 278، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: مذکورہ احادیث سے ثابت ہوا کہ انبیاء کرام علیہم السلام اور اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندوں تک شیطان کی پہنچ نہیں اور شیطان خود ان اہل اللہ سے اور ان

Marfat.com

کے نام بلکہ وہ جس گلی سے گزرے وہاں سے گزرنے سے ڈرتا ہے۔

لہٰذا انبیاء کرام علیہم السلام کو گناہ گار ٹھہرانا سخت قسم کی گمراہی ہے۔ انبیاء کرام علیہم السلام معصوم ہیں جبکہ اہل اللہ کو رب کریم اپنے فضل سے گناہوں سے محفوظ رکھتا ہے۔

اولیاء اللہ کائنات کی جان ہیں

حدیث شریف:340

حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ قَالَ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ خَطِيْبًا يَّقُوْلُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِى الدِّيْنِ وَاِنَّمَا اَنَا قَاسِمٌ وَّاللّٰهُ يُعْطِىْ وَلَنْ تَزَالَ هٰذِهِ الْاُمَّةُ قَائِمَةً عَلٰى اَمْرِ اللّٰهِ لَا يَضُرُّهُمْ مَّنْ خَالَفَهُمْ حَتّٰى يَاْتِىَ اَمْرُ اللّٰهِ۔

(بخاری، عربی، کتاب العلم، حدیث نمبر 71، ص 17، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حمید بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے حضرت معاویہ (بن ابوسفیان) رضی اللہ عنہ کو خطبہ دیتے ہوئے سنا۔ وہ فرماتے ہیں میں

Marfat.com

نے نبی اکرم ﷺ کو یہ کہتے ہوئے سنا۔ اللہ تعالیٰ جس کی بھلائی چاہتا ہے اسے دین میں سمجھ عطا کر دیتا ہے۔ میں تو فقط تقسیم کرنے والا ہوں اور اللہ تعالیٰ دینے والا ہے اور یہ اُمت ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے دین پر قائم رہے گی اور کوئی بھی مخالف ان کو نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا امر آ جائے (اور امر سے مراد وہ ہوا ہے جو قیامت سے پہلے جس کے دل میں ذرہ برابر بھی ایمان ہوگا اس کی روح کو قبض کرے گی) تو اس کے بعد قیامت برپا ہوگی۔

(بخاری، عربی اردو، جلد اول، کتاب العلم حدیث 71، ص 107، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 341

حَدَّثَنِیْ زُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ اَخْبَرَنَا ثَابِتٌ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی لَایُقَالَ فِی الْاَرْضِ اللّٰهُ اللّٰهُ۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب الایمان، حدیث نمبر 375، ص 75، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک زمین میں اللہ تعالیٰ کا نام لیا جاتا رہے گا۔

Marfat.com

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد اول کتاب الایمان، حدیث نمبر 283، ص 156، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 342

حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ عَلٰى اَحَدٍ يَّقُوْلُ اللّٰهُ اللّٰهُ۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب الایمان، حدیث نمبر 376، ص 75، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جس وقت تک اللہ تعالیٰ کا نام لینے والا ایک بھی شخص باقی ہے اس وقت تک قیامت نہیں آئے گی۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد اول، کتاب الایمان، حدیث نمبر 284، ص 156، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: مذکورہ احادیث سے معلوم ہوا کہ جب تک اس زمین پر ایک بھی اللہ اللہ کرنے والا زندہ ہے اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی۔ مطلب یہ کہ اہل اللہ اس کائنات کی جان ہیں انہی خاصان خدا کے صدقے کائنات کا وجود ہے۔

Marfat.com

گستاخ کو امام مت بناؤ

حدیث شریف:343

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ ثَنَا عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِیْ عَمْرٌو عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ الْجُذَامِیِّ عَنْ صَالِحِ بْنِ خَيْوَانَ عَنْ اَبِیْ سَهْلَةَ السَّآئِبِ بْنِ خَلَّادٍ قَالَ اَحْمَدُ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَجُلًا اَمَّ قَوْمًا فَبَصَقَ فِی الْقِبْلَةِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ فَرَغَ لَا يُصَلِّیْ لَكُمْ فَاَرَادَ بَعْدَ ذٰلِكَ اَنْ يُّصَلِّیَ لَهُمْ فَمَنَعُوْهُ وَاَخْبَرُوْهُ بِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ نَعَمْ وَحَسِبْتُ اَنَّهٗ قَالَ انك اذيت اللّٰه وَرَسُوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

(ابوداؤد، عربی، کتاب الصلوٰۃ، باب فی کراھیۃ البزاق فی المسجد، حدیث نمبر 481، ص 80، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....صالح بن خیوان نے حضرت ابوسہلتہ السائب بن خلاد رضی اللہ عنہ سے روایت کی۔ امام احمد علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ وہ نبی کریم ﷺ کے اصحاب

Marfat.com

سے تھے کہ ایک آدمی نے کچھ لوگوں کی امامت کی تو قبلہ کی جانب تھوک دیا اور رسول اللہ ﷺ دیکھ رہے تھے۔ چنانچہ جب وہ فارغ ہوگیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ یہ تمہیں نماز نہ پڑھایا کرے۔ اس کے بعد اس نے ان لوگوں کو نماز پڑھانے کا ارادہ کیا تو انہوں نے منع کر دیا اور اسے رسول اللہ ﷺ کا ارشاد گرامی بتایا۔ چنانچہ اس نے رسول اللہ ﷺ سے اس بات کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں اور میرے خیال میں آپ نے فرمایا بے شک تم نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کو اذیت پہنچائی ہے۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد اول، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 479، ص 221، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث شریف سے مندرجہ ذیل باتیں سامنے آئیں۔

۱۔ گستاخ و بے ادب آدمی کو امام نہ بنایا جائے۔

۲۔ گستاخ و بے ادب چاہے باشرع اور کلمہ گو کیوں نہ ہو وہ اگر امامت کرائے پھر بھی اس کے پیچھے نماز جائز نہیں۔

۳۔ جس امام نے فقط کعبہ کو نہیں، کعبہ کی جانب تھوک دیا اس کے پیچھے نماز پڑھنے سے حضور ﷺ نے منع فرمایا تو جو امام، کعبہ کے کعبہ حضور ﷺ کی شان و عظمت میں زبان درازی کرے اس کے پیچھے کیسے نماز جائز ہو سکتی ہے؟

۴۔ کعبہ کی جانب منہ کر کے تھوکنا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کو تکلیف پہنچانے کے مترادف ہے تو ذات پاک مصطفیٰ ﷺ کے علم غیب حیات،

Marfat.com

نورانیت' اختیارات' اور ان سے نسبت رکھنے والی کسی چیز کی توہین کا مرتکب اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے نزدیک کس قدر ناپسند ہوگا؟

بیعت کا بیان

حدیث شریف:344

حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا نُبَايِعُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَيُلَقِّنَّا فِيْمَا اسْتَطَعْتُمْ۔

(ابوداؤد، عربی، کتاب الخراج، باب ماجاء فی البیعۃ، حدیث نمبر 2940، ص 428، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت عبداللہ بن دینار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ ہم نبی کریم ﷺ سے بیعت کیا کرتے تھے۔ سننے اور حکم ماننے پر اور آپ ﷺ ہمیں تلقین فرماتے کہ جہاں تک کہ تم میں طاقت ہو۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد دوم' کتاب الخراج' حدیث نمبر 1166، ص 443، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: اس سے معلوم ہوا کہ ایسے لوگوں کے ہاتھ پر بیعت کرنا سنت ہے جو

Marfat.com

رسول اللہ ﷺ کی نیابت کے شرف سے مشرف ہوں۔ایسے حضرات کی باتیں غور سے سننا اور حسبِ استطاعت ان پر عمل کرنا ذریعہ نجات ہے' ایسے حضرات کا وجود اللہ تعالیٰ کا اپنے بندوں پر احسان ہوتا ہے۔ایسے لوگوں سے وابستہ رہنا سعادت مندی اور نجات اخروی کی ضمانت ہے کیونکہ اللہ والے خود صراط مستقیم پر چلتے اور دوسروں کو اسی راہ ہدایت پر چلانے میں کوشاں رہتے ہیں۔واللہ تعالیٰ اعلم

حدیث شریف:345

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا وَهْبٌ حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ اَنَّ عَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَخْبَرَتْهُ عَنْ بَیْعَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ النِّسَآءَ قَالَتْ مَامَسَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِیَدِهٖ امْرَأَةً قَطُّ اِلَّا اَنْ یَاْخُذَ عَلَیْهَا فَاِذَا اَخَذَ عَلَیْهَا فَاَعْطَتْهُ قَالَ اذْهَبِیْ فَقَدْ بَایَعْتُكِ۔

ابوداؤد، عربی، کتاب الخراج، باب ماجاء فی البیعۃ، حدیث نمبر 2941، ص 428، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....عروہ کو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے رسول اللہ ﷺ کے عورتوں کو بیعت کرنے کے متعلق خبر دیتے ہوئے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ ہرگز کسی عورت کو کبھی ہاتھ نہیں لگایا بلکہ اس سے زبانی عہد لیتے اور جب وہ عہد

Marfat.com

کر لیتی تو فرماتے کہ جاؤ میں نے تمہیں بیعت کر لیا ہے۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد دوم، کتاب الخراج، حدیث نمبر 1167، ص 443، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث سے سبق ملتا ہے کہ کوئی خواہ کتنا ہی بڑا بزرگ کیوں نہ ہو وہ بھی اجنبی اور نامحرم عورتوں کو دیکھنے اور چھونے سے اجتناب کرے۔ مقام غور ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے بڑا بزرگ بھلا اس ساری کائنات میں کون ہے؟ جب وہ اجنبی عورتوں کو ہاتھ نہیں لگایا کرتے تھے تو دوسرا کون مجاز ہو سکتا ہے۔ پیری مریدی کا کاروبار کرنے والے بعض حضرات اپنی مزیدنیوں کو دیکھتے ان سے ہاتھ پیر دبواتے اور خود ان کے جسم کو ہاتھ لگاتے ہیں۔ وہ ہرگز پیر اور رہنما نہیں بلکہ گمراہ اور کاروباری رہزن ہیں جو جاہلوں کو اپنے جال میں پھنسا کر ان کے دین و ایمان، مال و دولت اور عزت و آبرو کو لوٹتے رہتے ہیں۔ سمجھ دار آدمی ایسے پیروں کے سائے سے بھی بھاگیں اور بے خبر لوگوں کو ان کے شر سے بچانے کی مدبرانہ کوشش کریں کیونکہ ایسا کرنا ان کی خیر خواہی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

زم زم شریف کے برکات

حدیث شریف: 346

حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا خَلَّادُ بْنُ يَزِيْدَ الْجُعْفِيُّ نَا

Marfat.com

زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا كَانَتْ تَحْمِلُ مِنْ مَآءِ زَمْزَمَ وَتُخْبِرُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَحْمِلُهٗ۔

ترمذی، عربی، ابواب الحج، حدیث نمبر 963، ص 235، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... ہشام بن عروہ اپنے والد حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں۔ کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا زمزم کا پانی اٹھا کر لے جاتیں اور فرماتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسے لے جاتے تھے۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد اول ابواب الحج' حدیث 951، ص 500' مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: جو پانی حضرت اسماعیل علیہ السلام کی مبارک ایڑھیوں سے نکلا وہ اتنا متبرک ہے کہ اسے بھر کر لے جانے کا حکم ہے تو جس پانی میں لعاب دہن مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم شامل ہو جائے وہ پانی کس قدر متبرک ہوگا۔

حدیث شریف: 347

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ عُثْمَانَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ قَالَ كُنْتُ عَنْدَ ابْنَ عَبَّاسٍ جَالِسًا فَجَآءَهٗ رَجُلٌ فَقَالَ مِنْ اَيْنَ جِئْتَ قَالَ مِنْ زَمْزَمَ قَالَ فَشَرِبْتَ مِنْهَا

Marfat.com

كَمَا يَنْبَغِيْ قَالَ وَكَيْفَ قَالَ اِذَا شَرِبْتَ مِنْهَا فَاسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ وَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ وَتَنَفَّسَ ثَلَاثًا وَّتَضَلَّعُ مِنْهَا فَاِذَا فَرَغْتَ فَاحْمَدِ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اٰيَةَ مَابَيْنَنَا وَبَيْنَ الْمُنَافِقِيْنَ اِنَّهُمْ لَا يَتَفَلَّعُوْنَ مِنْ زَمْزَمَ۔

(ابن ماجہ، عربی، کتاب المناسک، حدیث نمبر 3061، ص 443، مطبوعہ دار السلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....علی بن محمد' عبید اللہ بن موسیٰ' عثمان بن الاسود' محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ ان کے پاس ایک شخص آیا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا۔ تم کہاں سے آئے ہو۔ اس نے جواب دیا۔ زمزم سے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا زمزم جسے پینا چاہئے تھا تم نے ویسے پیا ہے یا نہیں؟۔ اس نے دریافت کیا کس طرح پینا چاہئے تھا۔ ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ جب تم اسے پیو تو قبلہ کی جانب منہ کرو۔ اللہ تعالیٰ کا نام لے لو تین بار سانس لے لو اور خوب پیٹ بھر کر پیو۔ جب پی چکو تو اللہ تعالیٰ کی حمد کرو کیونکہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ ہمارے اور منافقین کے مابین فرق یہ ہے کہ وہ زمزم پیٹ بھر کر نہیں پیتے۔

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد دوم' باب الشرب من زمزم' حدیث 845، ص 242، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

Marfat.com

حی علی الفلاح پر کھڑے ہونے کا حکم

حدیث شریف:348

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ نَا مَعْمَرٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِىْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَلَا تَقُوْمُوْا حَتّٰى تَرَوْنِىْ خَرَجْتُ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ وَحَدِيْثُ اَنَسٍ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِىْ قَتَادَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ كَرِهَ قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ اَنْ يَنْتَظِرَ النَّاسُ الْاِمَامَ وَهُمْ قِيَامٌ قَالَ بَعْضُهُمْ اِذَا كَانَ الْاِمَامُ فِى الْمَسْجِدِ فَاُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَاِنَّمَا يَقُوْمُوْنَ اِذَا قَالَ الْمُؤَذِّنُ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ وَهُوَ قَوْلُ ابْنُ الْمُبَارَكِ۔

(ترمذی، عربی، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 592، ص 154، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت عبداللہ بن ابی قتادہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے

Marfat.com

روایت کرتے ہیں۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا۔ جب اقامت ہو جائے تو جب تک مجھے نکلتا ہوا نہ دیکھو مت کھڑے ہو۔ اس باب میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے اور حدیث انس غیر محفوظ ہے۔ امام ترمذی فرماتے ہیں۔ حدیث ابی قتادہ حسن صحیح ہے۔ صحابہ کرام اور تابعین کی ایک جماعت نے کھڑے ہو کر امام کے انتظار کو مکروہ کہا ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ جب امام مسجد میں ہی ہو اور تکبیر کہی جائے تو لوگ قد قامت الصلوٰۃ پر کھڑے ہوں۔ یہ حضرت ابن مبارک رضی اللہ عنہ کا قول ہے۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد اول، حدیث نمبر 874، ص 341، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: اقامت ہو رہی ہو تو کب کھڑے ہوں؟

۱۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اس وقت کھڑے ہوتے جب مؤذن قد قامت الصلوٰۃ کہتا۔ حضرت امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ کا بھی یہی قول ہے (نووی شرح مسلم شریف علی حدیث ابی قتادہ)

۲۔ امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ اور حضرت امام محمد رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ لوگ صف میں اس وقت کھڑے ہوں جب (مکبّر) حی علی الصلوٰۃ کہے اور جب قد قامت الصلوٰۃ کہتا (عینی شرح بخاری جلد دوم، علی الحدیث ابی قتادہ)

۳۔ امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کا ارشاد گرامی اور اہل کوفہ کا اس پر عمل رہا کہ (مکبر) جب حی علی الصلوٰۃ کہتا وہ کھڑے ہوتے اور جب قد قامت الصلوٰۃ کہتا (نووی شرح مسلم جلد اول، علی الحدیث ابی قتادہ)

Marfat.com

معلوم ہوا کہ جب موذن حی علی الصلوٰۃ پر پہنچے تو مقتدی کھڑا ہونا شروع ہو جائے تا کہ قد قامت الصلوٰۃ تک مکملکھڑا ہو جائے' اس طرح دونوں اقوال پر عمل ہو جائے گا۔

مسئلہ: جب اقامت ہو رہی ہو اور آدمی اگر مسجد میں داخل ہو تو اسے کھڑا ہو کر انتظار کرنا مکروہ ہے یعنی بیٹھ جائے (از کتاب: عالمگیری)

نور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث شریف:349

وَحَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ وَهَنَّادُ بْنُ السَّرِىِّ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ اَبِىْ رِشْدِيْنَ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بِتُّ عِنْدَ خَالَتِىْ مَيْمُوْنَةَ وَاقْتَصَّ الْحَدِيْثَ وَلَمْ يَذْكُرْ غَسْلَ الْوَجْهِ وَالْكَفَّيْنِ غَيْرَ اَنَّهٗ قَالَ ثُمَّ اَتَى الْقِرْبَةَ فَحَلَّ شِنَاقَهَا فَتَوَضَّاَ وُضُوْئًا بَيْنَ الْوُضُوْئَيْنِ ثُمَّ اَتٰى فِرَاشَهٗ فَنَامَ ثُمَّ قَامَ قَوْمَةً اُخْرٰى فَاَتَى الْقِرْبَةَ فَحَلَّ شِنَاقَهَا ثُمَّ تَوَضَّاَ وُضُوْئًا هُوَ الْوُضُوْءُ وَقَالَ اَعْظِمْ لِىْ نُوْرًا وَّلَمْ يَذْكُرْ وَاجْعَلْنِىْ نُوْرًا۔

Marfat.com

(مسلم شریف، عربی، کتاب الصلوٰۃ المسافرین وقصرھا، حدیث نمبر 1796، ص 311، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک رات میں اپنی خالہ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ٹھہر گیا (امام مسلم فرماتے ہیں) اس کے بعد پورا قصہ ہے۔ تاہم اس میں چہرے اور بازو دھونے کا ذکر نہیں ہے بلکہ یہ مذکور ہے کہ آپ ﷺ مشکیزے کے پاس تشریف لائے۔ اس کا منہ کھولا اور درمیانے درجے کا وضو کیا پھر آپ ﷺ بستر پر آ کر سو گئے۔ پھر دوبارہ بیدار ہوئے، مشکیزے کے پاس آئے اور مکمل وضو کیا (مسلم فرماتے ہیں اس روایت میں دعا کے الفاظ میں) "مجھے نور بنا دے" کی بجائے "میرے نور میں اضافہ کر دے" کے الفاظ ہیں۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد اول، کتاب صلوٰۃ والمسافرین وقصرہا، حدیث نمبر 1693، ص 596، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور)

ف: حضور ﷺ کا دعا فرمانا کہ میرے مولیٰ جل جلالہ میرے نور میں اضافہ کر دے، اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ میرے آقا ﷺ نور تو تھے ہی تبھی تو اپنے نور میں اضافہ کی دعا کی۔

عقیدہ: سب سے پہلے مرتبہ نبوت حضور ﷺ کو ملا۔ روز میثاق تمام انبیاء علیہم السلام سے حضور ﷺ پر ایمان لانے اور حضور ﷺ کی نصرت کرنے کا عہد لیا گیا اور اسی شرط پر یہ منصب اعظم ان کو دیا گیا۔ حضور ﷺ نبی الانبیاء ہیں اور تمام

Marfat.com

انبیاء حضور ﷺ کے امتی سب نے اپنے اپنے عہد کریم میں حضور ﷺ کی نیابت میں کام کیا۔ اللہ عزوجل نے حضور ﷺ کو اپنی ذات کا مظہر بنایا اور حضور ﷺ کے نور سے تمام عالم کو منور فرمایا۔ (بہارِ شریعت، حصہ اوّل)

اذان کی آواز سے شیطان بھاگتا ہے

حدیث شریف:350

حَدَّثَنِیْ عَبْدُالْحَمِیْدِ بْنُ بَیَانٍ الْوَاسِطِیُّ حَدَّثَنَا خَالِدٌ یَعْنِی ابْنَ عَبْدِاللّٰہِ عَنْ سُھَیْلٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ اَدْبَرَ الشَّیْطٰنُ وَلَہٗ حُصَاصٌ۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 857، ص 164، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: جب موذن اذان دیتا ہے' تو شیطان گوز مارتا ہوا دور بھاگ جاتا ہے۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد اول' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 761، ص 323، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

Marfat.com

ف: اذان کی آواز سے شیطان بھاگتا ہے' اسی لئے اہل ایمان میت کو دفنانے کے بعد قبر پر اذان دیتے ہیں تا کہ شیطان اذان کی آواز سن کر میت سے کوسوں دور چلا جائے اور مسلمان اس کے شر سے بچ جائے۔

اہل اللہ سے محبت کے ثمرات

حدیث شریف:351

حَدَّثَنِیْ عَبْدُالْاَعْلٰی بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَبِیْ رَافِعٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَجُلًا زَارَ اَخًا لَهٗ فِیْ قَرْیَةٍ اُخْرٰی فَاَرْصَدَ اللّٰهُ لَهٗ عَلٰی مَدْرَجَتِهٖ مَلَکًا فَلَمَّا اَتٰی عَلَیْهِ قَالَ اَیْنَ تُرِیْدُ قَالَ اُرِیْدُ اَخًا لِیْ فِیْ هٰذِهِ الْقَرْیَةِ قَالَ هَلْ لَکَ عَلَیْهِ مِنْ نِعْمَةٍ تَرُبُّهَا قَالَ لَا غَیْرَ اَنِّیْ اَحْبَبْتُهٗ فِی اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ قَالَ فَاِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْکَ بِاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَبَّکَ کَمَا اَحْبَبْتَهٗ فِیْهِ۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب البر والصلۃ والادب، حدیث نمبر 6549، ص 1125، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ نبی

Marfat.com

اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: ایک شخص اپنے بھائی سے ملنے کے لئے کسی دوسری بستی میں گیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے راستے میں ایک فرشتے کو متعین کیا۔ جب وہ شخص اس فرشتے کے پاس پہنچا تو فرشتے نے دریافت کیا۔ تم کہاں جارہے ہوں؟ اس نے جواب دیا۔ میں بستی میں اپنے (دینی) بھائی سے ملنے جارہا ہوں۔ فرشتے نے دریافت کیا۔ کیا تم اس کے کسی احسان کا بدلہ چکانے کے لئے جارہے ہو تو اس شخص نے جواب دیا: نہیں! میں اس کے ساتھ صرف اللہ تعالیٰ کے لئے محبت کرتا ہوں (اور اسی وجہ سے اسے ملنے جارہا ہوں اوہ فرشتہ بولا: میں تمہارے لئے اللہ تعالیٰ کا فرشتہ ہوں (اور تمہارے لئے یہ پیغام۔) کہ اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ اسی طرح محبت کرتا ہے تم اس کی وجہ سے اس شخص کے ساتھ محبت کرتے ہو۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد سوم، کتاب البر والصلۃ والادب، حدیث نمبر 6424، ص 430، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں سے اللہ تعالیٰ کی وجہ سے محبت وعقیدت رکھنا باعث سعادت ہے اور ایسے لوگوں کے لئے خوشخبری ہے کہ رب تعالیٰ اس سے محبت فرماتا ہے۔

وجود مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم عذاب میں رکاوٹ ہے

حدیث شریف: 352

حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا اَبِیْ

Marfat.com

حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِالْحَمِيْدِ الزِّيَادِيِّ اَنَّهٗ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ قَالَ اَبُوْ جَهْلٍ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ فَنَزَلَتْ (وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ) اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب صفۃ القیامۃ والجنۃ والنار، حدیث نمبر 7064، ص 1218، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ابوجہل نے یہ دعا کی اے اللہ! اگر یہ (قرآن) واقعی تیری طرف سے (نازل ہوا) ہے۔ تو ہم پر آسمان سے پتھروں کی بارش کردے یا ہم پر دردناک عذاب لے آ! تو اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

''اللہ تعالیٰ ان پر اس وقت تک عذاب نازل نہیں کرے گا جب تک تم ان کے درمیان موجود ہو اور نہ ہی اس وقت تک انہیں عذاب دے گا جب تک وہ مغفرت طلب کرتے رہیں گے اللہ تعالیٰ انہیں کیوں عذاب نہ دے قبلہ وہ لوگ (اہل ایمان کو) مسجد حرام آنے سے روکتے ہیں۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد سوم، کتاب صفۃ القیامۃ والجنۃ والنار، حدیث نمبر 6935، ص

Marfat.com

598، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: اُمت مصطفیٰ ﷺ پر اجتماعی عذاب کا نہ آنا رسول اکرم نور مجسم ﷺ کا صدقہ ہے۔ آج بھی اجتماعی عذاب کا نہ آنا یہ ثابت کرتا ہے کہ حضور ﷺ ہم میں موجود ہیں۔ بے شک وجود مصطفیٰ ﷺ عذاب میں رکاوٹ ہے۔

یہ سب تمہارا کرم ہے آقا ﷺ
کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے

جنت اعمال سے نہیں رحمت سے ملے گی

حدیث شریف:353

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ يَّعْنِي ابْنَ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُّحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ اَحَدٍ يُّدْخِلُهُ عَمَلُهُ الْجَنَّةَ فَقِيْلَ وَلَا اَنْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَلَا اَنَا اِلَّا اَنْ يَّتَغَمَّدَنِيَ رَبِّيْ بِرَحْمَةٍ۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب صفۃ القیامۃ والجنۃ والنار، حدیث نمبر 7113، ص 1226، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی

Marfat.com

اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کسی بھی شخص کو اس کا عمل جنت میں نہیں لے جائے گا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ کو بھی نہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے بھی نہیں۔ البتہ میرا پروردگار جل جلالہ مجھے اپنی رحمت میں ڈھانپ لے گا۔

(مسلم شریف، جلد سوم، کتاب صفۃ القیامۃ والجنۃ والنار، حدیث نمبر 6984، ص 613، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 354

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَیْسَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ یُنْجِیْهِ عَمَلُهٗ قَالُوْا وَلَا اَنْتَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَلَا اَنَا اِلَّا اَنْ یَّتَغَمَّدَنِیَ اللّٰهُ مِنْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّرَحْمَةٍ وَّقَالَ ابْنُ عَوْنٍ بِیَدِهٖ هٰكَذَا وَاَشَارَ عَلٰى رَاْسِهٖ وَلَا اَنَا اِلَّا اَنْ یَّتَغَمَّدَنِیَ اللّٰهُ مِنْهُ بِمَغْفِرَةٍ مِنْهُ وَّرَحْمَةٍ۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب صفۃ القیامۃ والجنۃ والنار، حدیث نمبر 7114، ص 1226، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تم میں سے کسی ایک کو بھی اس کا عمل نجات نہیں دے گا' لوگوں نے

Marfat.com

عرض کی۔ یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ کو بھی نہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا' مجھے بھی نہیں' البتہ میرا پروردگار جل جلالہٗ مجھے اپنی بخشش اور رحمت میں ڈھانپ لے گا (اور ایک روایت میں یوں ہے راوی نے اپنے ہاتھ کے ذریعے سر کی طرف اشارہ کر کے بتایا کہ نبی اکرم ﷺ نے اس طرح اشارہ کرتے ہوئے فرمایا) مگر میرا پروردگار جل جلالہٗ مجھے اپنی بخشش میں ڈھانپ لے گا۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد سوم' کتاب صفۃ القیامۃ والجنۃ والنار' حدیث نمبر 6985، ص 613، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: مذکورہ احادیث سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ کسی بھی شخص کو اس کے اعمال نماز' روزہ' زکوٰۃ' حج اور تبلیغیں جنت میں نہیں لے جائیں گی بلکہ رب تعالیٰ کی رحمت سے مومن جنت میں جائے گا۔

اذان سے پہلے درود وسلام پڑھنے کا بیان

حدیث شریف: 355

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَيُّوْبَ ثَنَا اِبْرَاهِيْمَ بْنَ سَعْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ امْرَأَةٍ مِّنْ بَنِى النَّجَّارِ قَالَتْ كَانَ بَيْتِى مِنْ اَطْوَلِ بَيْتٍ حَوْلَ الْمَسْجِدِ فَكَانَ

Marfat.com

بِلَالٌ يُؤَذِّنُ عَلَيْهِ الْفَجْرَ فَيَأْتِىْ بِسَحَرٍ فَيَجْلِسُ عَلَى الْبَيْتِ يَنْظُرُ اِلَى الْفَجْرِ فَاِذَا رَاٰهُ تَمَطّٰى ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَحْمَدُكَ وَاَسْتَعِيْنُكَ عَلٰى قُرَيْشٍ اَنْ يُّقِيْمُوْا دِيْنَكَ قَالَتْ ثُمَّ يُؤَذِّنُ قَالَتْ وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُهٗ كَانَ تَرَكَهَا لَيْلَةً وَاحِدَةً هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ۔

(ابوداؤد، عربی، کتاب الصلوٰۃ، باب الاذان فوق المنارۃ، حدیث نمبر 519، ص 87، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... محمد بن جعفر بن زبیر رضی اللہ عنہنے عروہ بن زبیر سے روایت کی ہے کہ بنی نجار کی ایک صحابیہ نے فرمایا کہ مسجد نبوی کے گرد جتنے گھر تھے۔ میرا گھر ان میں سب سے بلند تھا۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہفجر کی اذان اسی پر کہتے تھے۔ وہ پچھلی رات آ کر مکان کی چھت پر بیٹھ جاتے اور فجر طلوع ہونے کا انتظار کرتے رہتے جب اسے دیکھتے تو انگڑائی لیتے اور کہتے۔ اے اللہ تعالیٰ! میں تیری حمد وثنا بیان کرتا ہوں اور قریش کے مقابلے میں تیری مدد چاہتا ہوں کہ وہ تیرے دین کو قائم کریں۔ وہ فرماتی ہیں کہ پھر اذان کہتے ان کا بیان ہے کہ خدا تعالیٰ کی قسم! میرے علم میں ایسی ایک رات بھی نہیں کہ جب انہوں نے یہ الفاظ نہ کہے ہوں۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد اول' کتاب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 516، ص 236، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: اگر اذان سے پہلے کچھ پڑھنا یا درود وسلام پڑھنے سے اذان میں

Marfat.com

اضافہ ہو جاتا ہے اور اذان دعوت ناقص واقع ہوتی ہے تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے متعلق کیا کہا جائے گا؟

انصاری عورت کہتی ہے کہ میرے علم کے مطابق انہوں نے کبھی اذان سے پہلے ان کلمات کو نہیں چھوڑا۔ کیا حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی اذان کو اللھم سے شروع سمجھا جائے گا؟

رفتہ رفتہ اذان سے پہلے دعا کا سلسلہ چلتا رہا۔ بالاخر سلطان ناصر صلاح الدین ایوبی علیہ الرحمہ نے ۷۸۱ھ میں اذان سے قبل درود وسلام کی ابتداء کروائی۔ حضرت امام سخاوی علیہ الرحمہ اپنی کتاب القول البدیع ص ۱۹۲ پر فرماتے ہیں کہ حضرت صلاح الدین ایوبی علیہ الرحمہ کے دور میں اذان سے پہلے "الصلواۃ والسلام علیک یارسول اللہ" پڑھتے تھے۔

اس اُمت کے چار بڑے محدثین نے اذان سے قبل درود وسلام کو جائز لکھا ہے۔

۱: امام شعرانی علیہ الرحمٰن نے اپنی تصنیف کشف الغمہ میں جائز لکھا۔

۲: امام حجر شافعی علیہ الرحمہ نے اپنے فتاویٰ کی کتاب فتاویٰ کبریٰ میں جائز لکھا۔

۳: امام ملا علی قاری علیہ الرحمہ نے مشکوٰۃ شریف کی شرح مرقات میں جائز لکھا۔

Marfat.com

۴: امام شامی علیہ الرحمہ نے فتاویٰ شامی میں اذان سے پہلے اور اذان کے بعد درود وسلام پڑھنے کو جائز لکھا ہے۔

اذان کے بعد درود وسلام پڑھنے کا بیان

حدیث شریف:356

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ نَا حَيْوَةُ اَخْبَرَنَا كَعْبُ بْنُ عَلْقَمَةَ سَمِعَ عَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرٍ اَنَّه' سَمِعَ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّه' سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا سَمِعْتُمُ الْمُؤَذِّنَ فَقُوْلُوْا مِثْلَ مَايَقُوْلُ ثُمَّ صَلُّوْا عَلَيَّ فَاِنَّه' مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلٰوةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرًا ثُمَّ سَلُوْا لِيَ الْوَسِيْلَةَ فَاِنَّهَا مَنْزِلَةٌ فِي الْجَنَّةِ لَاتَنْبَغِي اِلَّالِعَبْدٍ مِّنْ عِبَادِاللّٰهِ وَاَرْجُوْا اَنْ اَكُوْنَ اَنَا هُوَ وَمَنْ سَالَ لِيَ الْوَسِيْلَةَ حَلَّتْ عَلَيْهِ الشَّفَاعَةُ هٰذَاحَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ قَالَ مُحَمَّدٌ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ جُبَيْرٍ هٰذَا قُرَشِيٌّ وَهُوَ مِصْرِيٌّ وَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ شَامِيٌّ۔

(ترمذی، عربی، ابواب المناقب، حدیث نمبر 3614، ص 824، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

Marfat.com

ترجمہ:.....حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جب موذن سے اذان سنو تو وہی کلمات تم بھی کہو پھر مجھ پر درود شریف بھیجو۔ اس لئے کہ جو شخص مجھ پر درود شریف بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے بدلے اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجتا ہے۔ پھر میرے لئے وسیلہ مانگو بے شک وہ جنت کا ایک درجہ ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے صرف ایک بندہ کے لئے ہے اور مجھے اُمید ہے کہ وہ میں ہی ہوں۔ اور جو آدمی میرے لئے وسیلہ مانگے اس کے لئے میری شفاعت ضروری ہوگئی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ امام بخاری علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔ یہ عبدالرحمٰن بن جبیر قرشی مصری ہیں اور عبدالرحمٰن بن جبیر نفیر شامی ہیں۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم' ابواب المناقب' حدیث نمبر 1549، ص 669، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث شریف سے اذان کے بعد درود وسلام پڑھنا ثابت ہوا۔

شہادتِ رسول علیہ وسلم صلی اللہ

حدیث شریف: 357

وَقَالَ يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ عُرْوَةُ قَالَتْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ

Marfat.com

فِیْ مَرَضِهِ الَّذِیْ مَاتَ فِیْهِ یَا عَائِشَةَ مَااَزَالُ اَجِدُ اَلَمَ الطَّعَامِ الَّذِیْ اَکَلْتُ بِخَیْبَرَ فَهٰذَا اَوَانُ وَجَدْتُّ انْقِطَاعَ اَبْهَرِیْ مِنْ ذٰلِكَ السُّمِّ۔

(بخاری شریف، عربی، کتاب المغازی، حدیث نمبر 4428، ص 753، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا جس مرض میں آپ ﷺ کی وفات ہوئی۔ اس مرض میں فرماتے تھے۔ اے عائشہ رضی اللہ عنہا وہ زہر آلود کھانا جو میں نے خیبر میں کھایا تھا۔ اس کا درد میں ہمیشہ محسوس کرتا رہا ہوں۔ اس وقت میں اس زہر کے سبب اپنی رگ جان کو کٹتے ہوئے محسوس کرتا ہوں۔

(بخاری، عربی اردو، جلد دوم، کتاب المغازی، حدیث 1564، ص 744 مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: رسول اکرم نور مجسم ﷺ کا وصال اس زہر کے سبب ہوا جو خیبر کے موقع پر یہودیہ عورت نے دیا تھا، محدثین فرماتے ہیں کہ منصب شہادت نے حضور ﷺ کے قدموں کو چوما۔ لہذا حضور ﷺ بھی شہید ہیں۔

Marfat.com

قرآن مجید بہترین دوا ہے

حدیث شریف:358/

حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ عُتْبَةِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْكِنْدِيِّ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ ثَنَا سُعَادُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ الدَّوَآءِ الْقُرْاٰنُ۔

(ابن ماجہ، عربی، کتاب الطب، حدیث نمبر 3501، ص 504، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....محمد بن عبید بن عتبہ' علی بن ثابت' سعاد بن سلیمان' ابواسحاق' حارث' حضرت علی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ سب سے بہتر دوا قرآن ہے۔

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد دوم' باب الاستشفاء بالقرآن' حدیث نمبر 1293، ص 387، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور)

ف: قرآن مجید بہترین دوا ہے اس کی آیات کو پڑھ کر مریض پر دم کرنا' کاغذ پر لکھ کر مریض کو پلانا' اس کی آیات کو لکھ کر گلے میں بطور تعویذ لٹکانا اور دکانوں پر چسپا کرنا باعث برکت وشفا ہے۔

Marfat.com

مسجد قباء میں نماز کا ثواب

حدیث شریف:359

حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنِ اَبِیْ شَيْبَةَ ثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ عَبْدِالْحَمِيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ ثَنَا اَبُو الْاَبْرَدِ مَوْلٰى بَنِیْ خَطْمَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ اُسَيْدَ بْنَ ظَهِيْرِ الْاَنْصَارِیَّ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ صَلٰوةٌ فِیْ مَسْجِدِ قُبَاءَ كَعُمْرَةٍ۔

(ابن ماجہ، عربی، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 1411ء، ص 202، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....ابن ابی شیبہ' ابو اسامۃ' عبدالحمید بن جعفر ابو الابرد مولیٰ بن خطمہ' اسید بن ظہیر الانصاری' رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ مسجد قباء میں نماز پڑھنا عمرہ کے برابر ہے۔

(ابن ماجہ، عربی اردو، جلد اول' باب ماجاء فی الصلوٰۃ فی مسجد قباء' حدیث نمبر 1471، ص 406، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: مسجد قباء میں ایک نماز کا پڑھنا عمرہ کے برابر اس لئے ہے کہ اس کی تعمیر کے موقع پتھر اور چونا میرے مولیٰ ﷺ نے اپنے ہاتھوں سے لگایا تھا۔ یہی اس کی افضلیت کی دلیل ہے۔

Marfat.com

میت کا بوسہ لینا

حدیث شریف:360

حَدَّثَنَا اَبُوبَکْرِ بْنِ اَبِیْ شَیْبَةَ وَعَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا ثَنَا وَکِیْعٌ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَبَّلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُوْنٍ وَّهُوَ مَیِّتٌ فَکَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی دُمُوْعِهٖ تَسِیْلُ عَلٰی خَدَّیْهِ۔

(ابن ماجہ، عربی، کتاب الجنائز، حدیث نمبر 1456، ص 208، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....ابن ابی شیبہ' علی بن محمد' وکیع' سفیان' عاصم بن عبیداللہ بن قاسم بن محمد' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے عثمان بن مظعون کی وفات کے بعد ان کی پیشانی پر بوسہ دیا گویا میں آپ کے رخسار مبارک پر آنسو بہتے دیکھ رہی ہوں۔

(سنن بن ماجہ، عربی اردو، جلد اول' باب ماجاء فی تقبیل المیت' حدیث نمبر 1517، ص 418، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

حدیث شریف:361

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ وَالْعَبَّاسُ ابْنُ عَبْدِالْعَظِیْمِ

Marfat.com

وَسَهْلُ بْنُ اَبِیْ سَهْلٍ قَالُوْا ثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ مُوْسَی بْنَ اَبِیْ عَائِشَةَ عَنْ عُبَیْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَعَائِشَةَ اَنَّ اَبَابَکْرٍ قَبَّلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مَیِّتٌ۔

(ابن ماجہ، عربی، کتاب الجنائز، حدیث نمبر 1457، ص 208، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....احمد بن سنان' عباس بن عبدالعظیم' سہل بن ابی سہل' یحییٰ بن سعید' سفیان' موسیٰ بن ابی عائشہ عبیداللہ بن عبداللہ' ابن عباس اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کی وفات کے بعد حضور ﷺ کی پیشانی مبارک پر بوسہ دیا۔

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد اول' باب ماجاء فی تقبیل المیت' حدیث نمبر 1518، ص 418، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

مسجد حرام اور مسجد نبوی میں نماز کا ثواب

حدیث شریف: 362

حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ ثَنَا اَبُو الْخَطَّابِ الدِّمَشْقِیُّ ثَنَا رُزَیْقٌ اَبُوْ عَبْدِاللّٰهِ الْاِلْهَانِیُّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةُ الرَّجُلِ

Marfat.com

فِیْ بَیْتِہٖ بِصَلٰوۃٍ وَصَلٰوتُہٗ فِیْ مَسْجِدِ الْقَبَائِلِ بِخَمْسٍ وَعِشْرِیْنَ صَلٰوۃً وَّصَلٰوتُہٗ فِی الْمَسْجِدِ الَّذِیْ یُجَمَّعُ فِیْہِ بِخَمْسِ مِائَۃِ صَلٰوۃٍ وَصَلٰوتُہٗ فِی الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی بِخَمْسِیْنَ اَلْفِ صَلٰوۃٍ وَصَلٰوتُہٗ فِی مَسْجِدِیْ بِخَمْسِیْنَ اَلْفِ صَلٰوۃٍ وَ صَلٰوتُہٗ فِی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ بِمِائَۃِ اَلْفِ صَلٰوۃٍ۔

(ابن ماجہ، عربی، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 1413، ص 202، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... ہشام بن عمار' ابوالخطاب الدمشقی' رزیق ابوعبداللہ الالہانی (رباعی) انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جو اپنے گھر میں نماز پڑھے۔ اسے ایک نماز کا جو محلّہ کی مسجد میں نماز پڑھے' اسے پچیس نمازوں کا' جو جامع مسجد میں نماز پڑھے اسے پانچ سو نمازوں کا' جو مسجد اقصیٰ اور میری مسجد میں نماز پڑھے' اسے پچاس ہزار کا' اور جو مسجد حرام میں نماز پڑھے' اسے ایک لاکھ نمازوں کا ثواب ملتا ہے۔

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد اول' باب ماجاء فی الصلوٰۃ فی المسجد الجامع' حدیث نمبر 1473، ص 406، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

Marfat.com

موسیقی کی ممانعت

حدیث شریف:363

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى ثَنَا الْفِرْيَابِيُّ عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ اَبِىْ مَالِكِ التَّمِيْمِيِّ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ فَسَمِعَ صَوْتَ طَبْلٍ فَاَدْخَلَ اِصْبَعَيْهِ فِىْ اُذُنَيْهِ ثُمَّ تَنَحّٰى حَتّٰى فَعَلَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا فَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

(ابن ماجہ، عربی، کتاب النکاح، حدیث نمبر 1901، ص 273، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....محمد بن یحییٰ فریابی' ثعلبتہ بن ابی مالک التمیمی' لیث مجاہد کہتے ہیں۔ میں ابن عمر رضی اللہ عنہکے ساتھ تھا۔ انہوں نے طبل کی آواز سنی تو اپنے کانوں میں انگلیاں دے لیں اور دوسری طرف ہو لئے۔ اسی طرح تین مرتبہ کیا پھر فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے بھی ایسا ہی کیا تھا۔

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد اول' باب الغناء والدف' حدیث نمبر 1970، ص 533، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:364

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِاللّٰهِ الْغَدَانِيُّ نَا الْوَلِيْدُ بْنُ

Marfat.com

مُسْلِمٍ نَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِالْعَزِيْزِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ نَافِعٍ قَالَ سَمِعَ ابْنُ عُمَرَ مِزْمَارًا قَالَ فَوَضَعَ اِصْبَعَيْهِ عَلٰى اُذُنَيْهِ وَنَاىٰ عَنِ الطَّرِيْقِ وَقَالَ لِىْ يَانَافِعُ هَلْ تَسْمَعُ شَيْئًا قَالَ فَقُلْتُ لَا قَالَ فَرَفَعَ اِصْبَعَيْهِ مِنْ اُذُنَيْهِ وَقَالَ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَ مِثْلَ هٰذَا فَصَنَعَ مِثْلَ هٰذَا۔

(سنن ابوداؤد، عربی، کتاب الادب، حدیث نمبر 4924، ص 694، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....سلیمان بن موسیٰ نے نافع سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے گانے کی آواز سنی تو اپنے کانوں میں انگلیاں ڈال لیں اور راستے سے ہٹ گئے۔ اور مجھ سے فرمایا۔ اے نافع! کیا تمہیں آواز آ رہی ہے۔ میں عرض گزار ہوا کہ نہیں۔ پس اس وقت انہوں نے کانوں سے انگلیاں ہٹائیں اور فرمایا کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا تو آپ ﷺ نے ایسی ہی آواز سنی اور اسی طرح کیا تھا۔

(ابوداؤد، عربی اردو جلد سوم، کتاب الادب، حدیث نمبر 1493، ص 544، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: مذکورہ احادیث سے موسیقی کی ممانعت ثابت ہو رہی ہے۔ آلات موسیقی شیطانی آلات ہیں۔ ان احادیث سے ان لوگوں کو عبرت حاصل کرنی

Marfat.com

چاہیے جولوگ موسیقی کوروح کی غذا کہتے پھرتے ہیں۔موسیقی روح کی نہیں شیطان کی غذا ہے۔

ولادت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشی

جدیث شریف:365

حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ اَبِىْ سَلَمَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ اُمَّ حَبِيْبَةَ بِنْتَ اَبِىْ سُفْيَانَ اَخْبَرَتْهَا اَنَّهَا قَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ انْكِحْ اُخْتِىْ بِنْتَ اَبِىْ سُفْيَانَ فَقَالَ اَوَتُحِبِّيْنَ ذٰلِكَ فَقُلْتُ نَعَمْ لَسْتُ لَكَ بِمُخْلِيَةٍ وَاُحَبُّ مَنْ شَارَكَنِىْ فِىْ خَيْرٍ اُخْتِىْ فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ ذٰلِكَ لَايَحِلُّ لِىْ قُلْتُ فَاِنَّا نُحَدَّثُ اَنَّكَ تُرِيْدُ اَنْ تَنْكِحَ بِنْتَ اَبِىْ سَلَمَةَ قَالَ بِنْتَ اُمِّ سَلَمَةَ قُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ لَوْاَنَّهَا لَمْ تَكُنْ رَبِيْبَتِىْ فِىْ حَجْرِىْ مَا حَلَّتْ لِىْ اِنَّهَا لَابْنَةُ اَخِىْ مِنَ الرَّضَاعَةِ اَرْضَعَتْنِىْ وَاَبَاسَلَمَةَ ثُوَيْبَةُ فَلَا تَعْرِضْنَ عَلَىَّ بَنَاتِكُنَّ وَلَآ اَخَوَاتِكُنَّ قَالَ عُرْوَةُ وَ ثُوَيْبَةُ مَوْلَاةٌ لِاَبِىْ لَهَبٍ كَانَ اَبُوْ

Marfat.com

لَهَبٍ اَعْتَقَهَا فَاَرْضَعَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا مَاتَ اَبُوْلَهَبٍ اُرِیَهُ بَعْضُ اَهْلِهٖ بِشَرِّ حِیْبَةٍ قَالَ لَهٗ مَاذَا لَقِیْتَ قَالَ اَبُوْلَهَبٍ لَّمْ اَلْقَ بَعْدَ كُمْ غَیْرَ اَنِّیْ سُقِیْتُ فِیْ هٰذِهٖ بِعَتَاقَتِیْ ثُوَیْبَةَ۔

بخاری، عربی، کتاب النکاح، حدیث نمبر 5101، ص 912، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....زہری (محمد بن مسلم بن شہاب) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا مجھے عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ ابوسلمہ کی بیٹی زینب نے اس کو خبر دی کہ ام حبیبہ (املہ) بنت ابوسفیان نے ان کو خبر دی ام حبیبہ نے کہا یارسول اللہ ﷺ میری بہن (حمنہ) بنت ابی سفیان سے نکاح کرلیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ کیا تجھے یہ پسند ہے۔ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے کہا میں نے عرض کیا جی ہاں۔ آپ ﷺ کے لئے تنہا میں ہی نہیں ہوں اور میں پسند کرتی ہوں کہ آپ ﷺ خیر میں میری بہن کو بھی میرے ساتھ شریک فرمالیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ یہ میرے لئے حلال نہیں (کیونکہ جمع بین الاختین لازم آتا ہے) ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے کہا میں نے عرض کیا۔ ہمیں یہ خبر پہنچی ہے کہ آپ ﷺ ابوسلمہ کی بیٹی (درہ) سے نکاح کرنا چاہتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ کیا میں ام سلمہ کی بیٹی سے نکاح کروں گا۔ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے کہا میں نے عرض کیا جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا اگر وہ میری پرورش میں نہ ہوتی تو جب بھی میرے لئے حلال نہیں تھی، کیونکہ وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہے۔ مجھے اور ابوسلمہ کو ثویبہ نے دودھ پلایا ہے۔ مجھ پر اپنی

Marfat.com

بیٹیاں اور بہنیں پیش نہ کرو۔ عروہ بن زبیر نے کہا ثویبہ ابولہب کی لونڈی ہے اور ابولہب نے اس کو آزاد کر دیا تھا اور اس نے نبی اکرم ﷺ کو دودھ پلایا اور جب ابولہب مر گیا تو وہ اپنے بعض گھر والوں (حضرت عباس رضی اللہ عنہ) کو برے حالات میں دکھایا گیا۔ دیکھنے والے نے ابولہب سے کہا۔ موت کے بعد تجھے کیا پیش آیا۔ ابولہب نے کہا تمہارے بعد مجھے کچھ نرمی یا راحت نہیں ملی۔ صرف ایک بات ہے میں ابہام اور سبابہ کے درمیان چھوٹے سے گڑھے میں پیے (حضرت محمد ﷺ کی ولادت باسعادت کی خوشی میں) اپنی لونڈی ثویبہ کو آزاد کرنے کے باعث پانی پلایا جاتا ہوں۔

(بخاری، عربی اردو، جلد سوم، کتاب النکاح، حدیث نمبر 93، ص 71، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ ابولہب کافر ہونے کے باوجود اپنے بھتیجے کی خوشی منا کر فائدہ حاصل کر سکتا ہے تو جو مسلمان اپنے رسول ﷺ کی ولادت کی خوشیاں حالت ایمان میں منائے تو وہ کس قدر فیوض و برکات کا مستحق ہوگا۔

تمام ہو گئیں میلاد انبیاء کی خوشی
ہمیشہ اب تیری باری ہے بارہویں تاریخ

Marfat.com

حدیث شریف:366

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَنَا مَعْمَرٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لِمَا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ لَعِبَتِ الْحَبَشَةُ لِقُدُوْمِهٖ فَرَحًا بِذٰلِكَ لَعِبُوْا بِحِرَابِهِمْ۔

(ابوداؤد، عربی، کتاب الادب، حدیث نمبر 4923، ص 694، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....ثابت سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ جب رسول اللہ ﷺ کی مدینہ منورہ میں تشریف آوری ہوئی تو حبشی آپ ﷺ کی آمد کی خوشی میں اپنے نیزے لے کر کھیلے۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد سوم' کتاب الادب' حدیث نمبر 1494، ص 544، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: جب حضور ﷺ کی مدینہ میں تشریف آوری ہوئی تو آپ ﷺ کی آمد کی خوشی منائی گئی تو جب حضور ﷺ کی اس دنیا میں آمد ہو تو خوشیاں کیوں کر نہ منائی جائیں۔

نثار تیری چہل پہل پر ہزاروں عیدیں ربیع الاول
سوائے ابلیس کے جہاں میں سبھی تو خوشیاں منا رہے ہیں

Marfat.com

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ پڑھنے کا ثبوت

حدیث شریف:367

حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ الْكُوفِيّ نَا الْوَلِيْدُ بْنُ اَبِىْ ثَوْرٍ عَنِ السُّدِّيِّ عَنْ عَبَّادِ بْنِ اَبِىْ يَزِيْدَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ فَخَرَجْنَا فِىْ بَعْضِ نَوَاحِيْهَافَمَا اسْتَقْبَلَهٗ جَبَلٌ وَلَا شَجَرٌ اِلَّا وَهُوَ يَقُوْلُ "السَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ"۔

(ترمذی، عربی، ابواب المناقب، حدیث نمبر 3626، ص 827، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں میں مکہ مکرمہ میں نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ تھا۔ ہم بعض اطراف چلے تو جو پہاڑ اور درخت آپ ﷺ کے سامنے آتا' السلام علیک یارسول اللہ کہتا۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم' ابواب المناقب' حدیث نمبر 1560، ص 675، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:368

حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَمَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَانَا

Marfat.com

اَبُوْ دَاوٗدَ الطَّیَالِسِیُّ نَا سُلَیْمَانَ ابْنُ مُعَاذٍ الضَّبِیُّ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ بِمَكَّةَ حَجَرًا كَانَ یُسَلِّمُ عَلَیَّ لَیَالِیَ بُعِثْتُ اِنِّیْ لَاَعْرِفُهٗ الْاٰنَ۔

(ترمذی، عربی، ابواب المناقب، حدیث نمبر 3624، ص 826، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: مکہ مکرمہ میں ایک پتھر ہے جو مجھے بعثت کی راتوں میں سلام کیا کرتا تھا۔ میں اسے اب بھی پہچانتا ہوں۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم' ابواب المناقب' حدیث نمبر 1557، ص 674، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: مذکورہ احادیث سے درج ذیل باتیں سامنے آئیں۔

۱: حضور ﷺ پتھروں کی زبان بھی جانتے ہیں۔

۲: پتھر بھی آپ ﷺ پر صلوٰۃ وسلام بھیجتے ہیں۔

۳: پتھر بھی آپ ﷺ کی نبوت کو مانتے اور جانتے ہیں۔

۴: اس حدیث سے سلام کا صیغہ "الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ" کا بھی ثبوت ملا۔

Marfat.com

اذان واقامت کے کلمات دو دو مرتبہ ہیں

حدیث شریف:369

حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدِ الْاَشَجُّ نَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ لَيْلٰى عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ لَيْلٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ كَانَ اَذَانُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ شَفْعًا شَفْعًا فِى الْاَذَانِ وَالْاِقَامَةِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ رَوَاهُ وَكِيْعٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ لَيْلٰى اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ ابْنَ زَيْدٍ رَاٰى الْاَذَانَ فِى الْمَنَامِ وَقَالَ شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ لَيْلٰى قَالَ كُنَّا اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ رَاَى الْاَذَانَ فِى الْمَنَامِ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ اَبِىْ لَيْلٰى وَعَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِىْ لَيْلٰى لَمْ يَسْمَعْ مِنْ عَبْدُاللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ الْاَذَانُ مَثْنٰى وَالْاِقَامَةُ مَثْنٰى مَثْنٰى وَبِهٖ يَقُوْلُ سُفْيَانُ الثَّوْرِىُّ وَابْنُ الْمُبَارَكِ وَاَهْلُ الْكُوْفَةِ۔

Marfat.com

(ترمذی، عربی، ابواب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 194، ص 54، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ حضور ﷺ کی اذان اور اقامت دو دو مرتبہ تھی۔ (یعنی کلمات دو مرتبہ) امام ترمذی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔ عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ کی حدیث کو اعمش نے بواسطہ عمرو بن مرہ اور عبدالرحمٰن بن ابی لیلے روایت کیا کہ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ نے حالت خواب میں اذان دیکھی اور یہی حدیث اس دوری سند کے ساتھ بھی مروی ہے۔ شعبہ نے بواسطہ عمرو بن مرہ' عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ صحابہ کرام سے روایت کی۔ یہ حدیث اس حدیث کی بنسبت صحیح ہے جس میں عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ نے بلا واسطہ عبداللہ بن زید سے روایت کی ہے کیونکہ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کو عبداللہ بن زید سے سماع حاصل نہیں۔ بعض علماء فرماتے ہیں اذان اور اقامت دونوں کے کلمات دو دو مرتبہ ہیں۔ سفیان ثوری' ابن مبارک اور اہل کوفہ (امام اعظم ابوحنیفہ اور آپ کے متبعین رحمہم اللہ) کا یہی مسلک ہے۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد اول' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 185، ص 162، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

شعبان کی پندرہویں رات کی فضیلت

حدیث شریف:370

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِ الْخَلَّالُ ثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ

Marfat.com

اَنْبَاَ ابْنُ اَبِیْ سَبْرَۃَ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُعَاوِیَۃَ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا کَانَتْ لَیْلَۃُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَقُوْمُوْا لَیْلَھَا وَصُوْمُوْا نَھَارَھَا فَاِنَّ اللّٰہَ یَنْزِلُ فِیْھَا لِغُرُوْبِ الشَّمْسِ اِلٰی سَمَآءِ الدُّنْیَا فَیَقُوْلُ اَلَا مِنْ مُّسْتَغْفِرٍ لِّیْ فَاَغْفِرَلَہٗ اَلَا مُسْتَرْزِقٍ فَاَرْزُقَہٗ اَلَا مُبْتَلًی فَاُعَافِیَہٗ اَلَا کَذَا اَلَا کَذَا حَتّٰی یَطْلُعَ الْفَجْرُ۔

(ابن ماجہ، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 1388، ص 198، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حسن بن علی الخلال' عبدالرزاق' ابن ابی سبرہ' ابراہیم بن محمد' معاویہ بن عبداللہ بن جعفر' عبداللہ' حضرت علی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب شعبان کی پندرہویں رات ہو تو رات کو قیام کرو۔ دن میں روزہ رکھو کیونکہ اللہ تعالیٰ اس رات میں سورج غروب ہوتے ہی آسمان دنیا کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور فرماتا ہے کہ کون مجھ سے مغفرت طلب کرتا ہے کہ میں اس کی مغفرت کروں۔ کون مجھ سے رزق طلب کرتا ہے کہ میں اسے رزق دوں۔ کون مبتلائے مصیبت ہے کہ میں اسے عافیت دوں۔ اسی طرح صبح تک ارشاد ہوتا رہتا ہے۔

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد اول' باب ماجاء فی لیلۃ النصف من شعبان' حدیث نمبر 1446، ص 398، مطبوعہ فرید لاہور پاکستان)

Marfat.com

حدیث شریف 371

حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الْخُزَاعِیُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالْمَلِكِ اَبُوْبَكْرٍ قَالَا ثَنَا يَزِيْدُ ابْنُ هَارُوْنَ اَنْبَاَ حَجَّاجٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِیْ كَثِيْرٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ فَقَدْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَخَرَجْتُ اَطْلُبُهٗ فَاِذَا هُوَا بِالْبَقِيْعِ رَافِعٌ رَاسِهٗ اِلَى السَّمَآءِ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ اَكُنْتِ تَخَافِيْنَ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْكِ وَرَسُوْلَهٗ قَالَتْ قَدْ قُلْتُ وَمَا بِیْ ذٰلِكَ وَلٰكِنِّیْ ظَنَنْتُ اِنَّكَ اَتَيْتَ بَعْضَ نِسَائِكَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يُنْزِلُ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ اِلَى السَّمَآءِ الدُّنْيَا لِاَكْثَرَ مِنْ عَدَدِ شَعْرِ غَنَمِ كَلْبٍ۔

(ابن ماجہ، عربی، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 1389، ص 198، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....عبدۃ بن عبداللہ الخزاعی' محمد بن عبدالملک' ابوبکر' یزید بن ہارون' حجاج' یحییٰ بن ابی کثیر' عروہ' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں نے ایک رات رسول اللہ ﷺ کو نہ پایا۔ میں آپ ﷺ کی تلاش میں نکلی۔ آپ ﷺ بقیع میں تھے۔ آپ ﷺ کا سر آسمان کی جانب اٹھا ہوا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اے عائشہ! کیا تو اس بات کا خوف کرتی ہے کہ اللہ اور اس کا رسول تجھ پر ظلم کرے۔ میں نے عرض کیا یہ بات نہیں بلکہ مجھے خیال ہوا کہ آپ ﷺ دوسری ازواج کے پاس تشریف لے گئے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ شعبان کی

Marfat.com

پندرہویں رات کو آسمان دنیا کی جانب متوجہ ہوتا ہے اور بنو کلب کی بکریوں کے بالوں سے زیادہ لوگوں کے گناہوں کی بخشش کرتا ہے۔

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد اول، باب ماجاء فی لیلۃ النصف من شعبان، حدیث نمبر 1447، ص 398، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف:372

حَدَّثَنَا رَاشِدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ رَاشِدِ الرَّمْلِيُّ ثَنَا الْوَلِيْدُ عَنِ ابْنِ لَهِيْعَةَ عَنِ الضَّحَّاكِ ابْنِ اَيْمَنَ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَرْزَبٍ عَنْ اَبِىْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ لَيَطَّلِعُ فِىْ لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَيَغْفِرُ لِجَمِيْعِ خَلْقِهٖ اِلَّا لِمُشْرِكٍ اَوْ مُشَاحِنٍ۔

(ابن ماجہ، عربی، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 1390، ص 198، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....راشد بن سعید بن راشد الرعلی، ولید، ابن لہیعہ، ضحاک، بن ایمن، ضحاک بن عبدالرحمٰن بن عرزب، ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ شعبان کی پندرہویں شب کو ظہور فرماتا ہے اور مشرک اور چغل خور کے علاوہ سب کی بخشش فرما دیتا ہے۔

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد اول، باب ماجاء فی لیلۃ النصف من الشعبان، حدیث نمبر 1448،

Marfat.com

ص399، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: مذکورہ احادیث سے مندرجہ ذیل باتیں سامنے آئیں:

ا: پندرہویں شب شروع ہوتے ہی رب کریم آسمان دنیا پر تجلی خاص فرماتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمانان عالم بعد نماز مغرب اور ساری رات نوافل وذکر ودعا کا اہتمام کرتے ہیں۔

۲: پندرہویں شب کو قبرستان جانا سنت ہے۔

۳: پندرہویں شب کو عبادت گزاروں کے لئے مغفرت کا پروانہ جاری کیا جاتا ہے۔

اہل اللہ کے قرب کی برکت

حدیث شریف:373

حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنِ اَبِیْ شَيْبَةَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَنْبَانَا هَمَّامُ بْنُ قَتَادَةَ عَنْ اَبِی الصِّدِيْقِ النَّاجِیِّ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ ِ الْخُدْرِیِ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِمَا سَمِعْتُ مِنْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُهُ اُذُنَایَ وَوَعَاهُ قَلْبِیْ اِنَّ عَبْدًا قَتَلَ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ نَفْسًا ثُمَّ عَرِضَتْ لَهُ التَّوْبَةُ فَسَاَلَ عَنْ اَعْلَمِ اَهْلِ الْاَرْضِ فَدُلَّ عَلٰى رَجُلٍ

Marfat.com

فَاَتَاهُ فَقَالَ اِنِّیْ قَتَلْتُ تِسْعَةً وَّتِسْعِیْنَ نَفْسًا فَهَلْ لِیْ مِنْ تَوْبَةٍ قَالَ بَعْدَ تِسْعَةٍ وَتِسْعِیْنَ نَفْسًا قَالَ فَانْتَضٰی سَیْفَهٗ فَقَتَلَهٗ فَاَکْمَلَ بِهِ الْمِائَةَ ثُمَّ عَرَضَتْ لَهُ التَّوْبَةُ فَسَاَلَ عَنْ اَعْلَمَ اَهْلِ الْاَرْضِ فَدُلَّ عَلٰی رَجُلٍ فَاَتَاهُ فَقَالَ اِنِّیْ قَتَلْتُ مِائَةَ نَفْسٍ فَهَلْ لِیْ مِنْ تَوْبَةٍ قَالَ فَقَالَ وَیْحَكَ وَمَنْ یَحُوْلُ بَیْنَكَ وَبَیْنَ التَّوْبَةِ اُخْرُجْ مِنَ الْقَرْیَةِ الْخَبِیْثَةِ الَّتِیْ اَنْتَ فِیْهَا اِلَی الْقَرْیَةِ الصَّالِحَةِ قَرْیَةِ كَذَا وَكَذَا فَاعْبُدْ رَبَّكَ فِیْهَا فَخَرَجَ یُرِیْدُ الْقَرْیَةَ الصَّالِحَةَ فَعَرَضَ لَهٗ اَجَلُهٗ فِی الطَّرِیْقِ فَاخْتَصَمَتْ فِیْهِ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ وَمَلَائِكَةُ الْعَذَابِ قَالَ اِبْلِیْسُ اَنَا اَوْلٰی بِهٖ اِنَّهٗ لَمْ یَعْصِنِیْ سَاعَةً قَطُّ قَالَ قَالَتْ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ اِنَّهٗ خَرَجَ تَائِبًا قَالَ هَمَّامٌ فَحَدَّثَنِیْ حُمَیْدُ نِ الطَّوِیْلُ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ اَبِیْ رَافِعٍ قَالَ فَبَعَثَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ مَلَكًا فَاخْتَصَمُوْا اِلَیْهِ ثُمَّ رَجَعُوْا فَقَالَ انْظُرُوْا اَیُّ الْقَرْیَتَیْنِ كَانَتْ اَقْرَبُ فَالْحَقُوْهُ بِاَهْلِهَا قَالَ قَتَادَةُ فَحَدَّثَنَا الْحَسَنُ قَالَ لَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ اِحْتَفَرَ بِنَفْسِهٖ فَقَرَبَ مِنَ الْقَرْیَةِ الصَّالِحَةِ وَبَاعَدَ مِنْهُ الْقَرْیَةُ الْخَبِیْثَةُ فَالْحَقُوْهُ بِاَهْلِ

Marfat.com

اَلْقَرْیَۃِ الصَّالِحَۃِ۔

ابن ماجہ، عربی، کتاب الدیات، حدیث نمبر 2622، ص 377، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....ابن ابی شیبہ، یزید بن ہارون، ہمام بن یحییٰ، قتادہ، ابوالصدیق الناجی، ابوسعید کا بیان ہے: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ایک بندے نے ننانوے (۹۹) قتل کئے۔ پھر اسے توبہ کا خیال آیا تو اس نے علماء سے اس بارے میں معلومات حاصل کرنی شروع کی۔ لوگوں نے ایک عالم کا پتہ بتایا۔ وہ اس کے پاس گیا اور کہنے لگا کہ میں نے ننانوے (۹۹) قتل کئے ہیں۔ کیا میرے لئے توبہ کا بھی کوئی ذریعہ ہے؟۔ وہ عالم بولا۔ کیا ننانوے (۹۹) قتل کرنے کے بعد بھی کوئی توبہ کا ذریعہ ہوسکتا ہے۔ اس نے تلوار نکال کر اسے بھی قتل کر دیا اور اس طرح سو (۱۰۰) قتل پورے کر دیئے پھر توبہ کا خیال پیدا ہوا اور علماء کی پھر تلاش شروع کی۔ لوگوں نے ایک عالم کا پتہ بتایا۔ وہ اس کے پاس جا کر کہنے لگا کہ میں نے سو (۱۰۰) قتل کئے ہیں۔ کیا میرے لئے کوئی توبہ کا ذریعہ ہے؟۔ اس نے جواب دیا تجھ پر افسوس ہے۔ بھلا تجھے توبہ سے کون روک سکتا ہے تو اس خبیث گاؤں سے نکل کر فلاں نیک گاؤں کی جانب چلا جا اور اس میں خدا تعالیٰ کی عبادت کر۔ وہ اس گاؤں کے ارادے سے چلا۔ راہ میں اس کی موت واقع ہوگئی۔ اس کی روح لے جانے کے بارے میں رحمت اور عذاب کے فرشتوں میں جھگڑا ہونے لگا۔ ابلیس کہنے لگا۔ میں اس کا زیادہ حقدار ہوں۔ اس لئے کہ اس نے میری کبھی نافرمانی نہیں کی۔ رحمت کے فرشتے بولے کہ یہ توبہ کر کے نکلا تھا۔ ہمام نے ابورافع سے روایت کی

Marfat.com

ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ بھیجا جو ان میں فیصلہ کرے۔ انہوں نے اس پر فیصلہ چھوڑا اس نے کہا یہ دیکھو کہ یہ کس گاؤں کے زیادہ قریب ہے جس کے قریب ہوا اس طرف شامل کرلو۔ قتادہ حسن سے یہ روایت کرتے ہیں کہ موت کے قریب اس گاؤں کی جانب گھسٹ کر چلا تھا اس لئے نیک گاؤں اس کے قریب ہو گیا تھا اور برا گاؤں اس سے دور ہو گیا تھا۔ اس لئے اسے نیک گاؤں میں شامل کیا گیا تھا۔

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد دوم، باب ہل لقاتل مومن توبۃ، حدیث نمبر 396، ص 124، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: اہل اللہ کی بارگاہ میں جا کر اللہ تعالیٰ سے توبہ کرنا باعث مغفرت ونجات ہے۔ کیونکہ اہل اللہ جس بستی میں جلوہ گر ہوں وہاں نزول رحمت ہوتا ہے۔ رب کریم اپنے برگزیدہ بندوں کے قرب کی برکت سے گناہ گاروں پر رحم فرما دیتا ہے۔

تین مساجد کے علاوہ سفر

حدیث شریف: 374

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَنَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ عُمَیْرٍ عَنْ قَزَعَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَاتُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلٰی ثَلٰثَةِ مَسَاجِدَ مَسْجِدِ الْحَرَامِ وَ

Marfat.com

مَسْجِدِیْ هٰذَا وَمَسْجِدِ الْاَقْصٰی قَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ۔

(ترمذی، عربی، کتاب الصلوٰۃ، حدیث نمبر 326، ص 89، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت ابوخدری سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا۔ تین مساجد' مسجد حرام' مسجد نبوی اور مسجد اقصیٰ کے سوا کسی (مسجد) کی طرف (کثرت ثواب کی نیت سے) قصد سفر نہ کیا جائے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد اول' ابواب الصلوٰۃ' حدیث نمبر 309، ص 223، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: حضرت امام ملا علی قاری رحمتہ اللہ فرماتے ہیں۔ بعض علماء کا یہ استدلال کہ مشائخ کی زیارت اور علماء وصلحاء کی قبور کی زیارت اس حدیث کی رو سے منع ہے' صحیح نہیں بلکہ میرے نزدیک قبور صلحاء وعلماء کی زیارت کا حکم دیا گیا ہے جس طرح حدیث میں آتا ہے۔

مشکوٰۃ شریف کتاب الجہاد فی فضائل میں ہے۔ دریا میں فقط حاجی' نمازی یا عمرہ کرنے والا ہی سوار ہو یہاں بھی تین سفروں کے علاوہ اور طرفوں میں سفر حرام نہیں۔ اگر حدیث کا یہ مفہوم نہ لیا جائے تو دنیا میں زندگی محال ہو جائے گی

(جاء الحق حصہ اول ص ۳۳۵)

قبروں پر جا کر فاتحہ پڑھنا اور دعا کرنا بھی سنت ہے۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔ قبروں کی زیارت کرو کیونکہ قبروں کو دیکھنے سے موت یاد آتی

Marfat.com

ہے۔ نبی اکرم ﷺ خود بھی قبرستان تشریف لے جاتے تھے اور مردوں کے لئے مغفرت کی دعا فرماتے۔ یہ بھی ثابت ہے کہ آپ ﷺ اپنی والدہ ماجدہ کی قبر پر تشریف لے گئے اور آپ ﷺ اکثر جنت البقیع میں تشریف لے جا کر مردوں کے لئے مغفرت کی دعا فرماتے (دین مصطفیٰ ص ۴۸۳)

نظر لگنا حق ہے

حدیث شریف:375

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ ثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ ثَنَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عِيْسٰى عَنْ اُمَيَّةَ بْنِ هِنْدٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ ابْنِ رَبِيْعَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْعَيْنُ حَقٌّ۔

(ابن ماجہ، عربی، کتاب الطب، حدیث نمبر 3506، ص 505، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... محمد بن عبداللہ بن نمیر' ابو معاویہ بن ہشام' عمار بن رزیق' عبداللہ بن عیسیٰ' امیہ بن ہند' عبداللہ بن عامر بن ربیعہ' عامر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ نظر لگنا ایک حقیقت ہے۔

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد دوم' باب العین، حدیث نمبر 1298، ص 358، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

حدیث شریف:376

حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ ابْنُ عُلَيَّةَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ مُضَارِبِ بْنِ حُزْنٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْعَيْنُ حَقٌّ۔

Marfat.com

(ابن ماجہ، عربی، کتاب الطب، حدیث نمبر 3507، ص 505، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....ابن ابی شیبہ' اسماعیل بن علیہ جریری' مضارب بن حزن ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ نظر لگنا ایک حقیقت ہے۔

(سنن ابن ماجہ، عربی اردو، جلد دوم' کتاب الطب' باب العین، حدیث 1299، ص 358، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

ف: مذکورہ احادیث سے معلوم ہوا کہ نظر بد کا لگنا ایک حقیقت ہے۔ جب نظر بد لگنا حقیقت ہے تو پھر نظر حق کا لگنا بھی حقیقت ہے۔ جب نظر بد سے کام بگڑ جاتے ہیں تو پھر نگاہِ ولی سے بگڑے ہوئے کام بن جاتے ہیں۔

نگاہِ ولی میں یہ تاثیر دیکھی
بدلتی ہزاروں کی تقدیر دیکھی

نورِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم تخلیقِ اوّل

حدیث شریف: 377

حَدَّثَنَا اَبُوْ هَمَّامٍ الْوَلِيْدُ ابْنُ شُجَاعِ بْنِ الْوَلِيْدِ الْبَغْدَادِيِّ نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلْمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَتٰى وَجَبَتْ لَكَ النُّبُوَّةُ قَالَ وَاٰدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ لَا نَعْرِفُهٗ

Marfat.com

اِلّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ۔

(ترمذی، عربی، ابواب المناقب، حدیث نمبر 3609، ص 823، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ کے لئے نبوت کب واجب ہوئی؟ آپ نے فرمایا۔ اس وقت جبکہ حضرت آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح حضرت ابوہریرہ کی روایت ہے۔ ہم اسے صرف اسی طریق سے جانتے ہیں۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد دوم' ابواب المناقب' حدیث نمبر 1543، ص 667، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

ف: اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ اس وقت بھی نبی تھے جب حضرت آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے۔ لہٰذا یہ کہنا کہ حضور ﷺ کو چالیس سال کی عمر میں نبوت ملی' بالکل بے بنیاد ہے۔ حضور ﷺ پیدائشی نبی تھے جبکہ اعلان نبوت چالیس سال کی عمر میں فرمایا۔ نبوت کے ملنے اور اعلان کرنے میں فرق ہے۔

اُمّت مصطفیٰ ﷺ پر وسوسے معاف ہیں

حدیث شریف: 378

حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ لِيْ عَنْ اُمَّتِيْ مَا وَسْوَسَتْ بِهٖ صُدُوْرُهَا مَالَمْ تَعْمَلْ

Marfat.com

اَوْ تَکَلَّمْ۔

(بخاری، عربی، کتاب العتق، حدیث نمبر 2528، ص 408، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: انہوں نے کہا نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے بسبب میرے میری اُمّت سے وہ امور جو ان کے دل میں وسوسے ڈالیں، جب تک اس پر وہ عمل نہ کریں یا اس کے ساتھ کلام نہ کریں، معاف کر دیئے گئے ہیں۔

(بخاری، عربی اردو، جلد اول، کتاب العتق، حدیث نمبر 2354، ص 994، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: غلامان مصطفیٰ ﷺ کو حضور ﷺ کے صدقے یہ اعزاز حاصل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں پیدا ہونے والے وسوسوں کو معاف فرما دیا تاوقتیکہ وسوسوں پر عمل نہ کیا جائے۔

ماہ صفر منحوس نہیں

حدیث شریف: 379

حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِیُّ نَاعَبْدُالْعَزِیْزِ یَعْنِی ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا عَدْوٰی وَلَاهَامَةَ وَلَا نَوْءَ وَلَا صَفَرَ۔

(ابوداؤد، عربی، کتاب الطب، حدیث نمبر 3912، ص 555، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....علاء کے والد ماجد نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، چھوت، مردے کی کھوپڑی سے الو نکلنا،

Marfat.com

آدمی کا جانور کی شکل میں آنا اور صفر کوئی چیز نہیں۔

(ابوداؤد، عربی اردو، جلد سوم، کتاب الکہانۃ والتطیر، حدیث نمبر 515، ص 184، مطبوعہ فرید بک لاہور پاکستان)

حدیث شریف: 380

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا النَّضْرُ اَخْبَرَنَا اِسْرَائِيْلُ اَخْبَرَنَا اَبُوْ حَصِيْنٍ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا عَدْوٰى وَلَا طِيَرَةَ وَلَا هَامَةَ وَلَا صَفَرَ۔

(بخاری، عربی، کتاب الطب، حدیث نمبر 5757، ص 101، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....ابو حصین (عثمان بن عاصم اسدی) نے ابو صالح (ذکوان الزیات) سے انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے روایت کی: آپ ﷺ نے فرمایا عدوی، طیرہ، مہامہ اور صفر کوئی چیز نہیں۔

(بخاری، عربی اردو، جلد سوم، کتاب الطب، حدیث نمبر 706، ص 336، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: دورِ جاہلیت میں ماہ صفر کو منحوس سمجھا کرتے تھے اس لئے حضور ﷺ نے فرمایا کہ صفر کے متعلق یہ تصور کوئی چیز نہیں۔

سور کی چربی کے استعمال کی ممانعت

حدیث شریف: 381

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيْدَ ابْنِ حَبِيْبٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِبْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّهٗ سَمِعَ

Marfat.com

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ وَهُوَ بِمَكَّةَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ حَرَّمَ بَيْعَ الْخَمْرِ وَالْمَيْتَةِ وَالْخِنْزِيْرِ وَالْاَصْنَامِ فَقِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ شَحُوْمَ الْمَيْتَةِ فَاِنَّهٗ يُطْلٰى بِهِ السُّفُنُ وَيُدْهَنُ بِهَا الْجُلُوْدُ وَيَسْتَصْبِحُ بِهَا النَّاسُ قَالَ لَا هُوَ حَرَامٌ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيْهِمُ الشُّحُوْمَ فَاَجْمَلُوْهُ ثُمَّ بَاعُوْهُ فَاَكَلُوْا ثَمَنَهٗ وَفِى الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثُ جَابِرٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ۔

(ترمذی، عربی، ابواب البیوع، حدیث نمبر 1297، ص 315، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فتح مکہ کے سال مکہ مکرمہ میں نبی اکرم ﷺ سے سنا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ اور اس کے رسول (جل جلالہ ﷺ) نے شراب' مردار' خنزیر اور بتوں کی خرید و فروخت حرام فرمائی۔ عرض کیا گیا۔ یارسول اللہ ﷺ! مردار کی چربی کا کیا حکم ہے کیونکہ اسے کشتیوں پر ملا جاتا ہے اور چمڑوں پر بطور تیل استعمال کی جاتی ہے اور لوگ اس سے چراغ جلاتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''نہیں'' یہ بھی حرام ہے اس کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ یہود کو ہلاک کرے' اللہ تعالیٰ نے ان پر چربی حرام کی تو انہوں نے اسے پگھلایا پھر بیچا اور اس کی قیمت کھا گئے۔ اس باب میں حضرت عمر اور ابن عباس رضی اللہ عنہم سے بھی روایات مذکور ہیں۔ حدیث جابر

Marfat.com

حسن صحیح اور اہل علم کے نزدیک اس پر عمل ہے۔

(ترمذی، عربی اردو، جلد اول' ابواب البیوع' حدیث نمبر 1306، ص 657، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور پاکستان)

اہل اللہ کے ایام منانا

حدیث شریف: 382

حَدَّثَنِیْ اَحْمَدُ اَوْمُحَمَّدُ بْنُ عُبَیْدِاللّٰہِ الْغُدَانِیُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ اُسَامَۃَ اَخْبَرَنَا اَبُوْعُمَیْسٍ عَنْ قَیْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِھَابٍ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ دَخَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْمَدِیْنَۃَ وَاِذَا اُنَاسٌ مِّنَ الْیَھُوْدِ یُعَظِّمُوْنَ عَاشُوْرَاءَ وَیَصُوْمُوْنَہٗ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَحْنُ اَحَقُّ بِصَوْمِہٖ فَاَمَرَ بِصَوْمِہٖ

(بخاری، عربی، کتاب مناقب الانصار، حدیث نمبر 3942، ص 666، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا نبی اکرم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے کیا دیکھتے ہیں کہ یہودی لوگ یوم عاشورہ کی تعظیم کرتے ہیں اور اس دن کا روزہ رکھتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ ہم اس دن کا روزہ رکھنے کے زیادہ حق دار ہیں۔ تو آپ ﷺ نے اس دن کا روزہ رکھنے کا حکم ارشاد فرمایا۔

ف: اہل اللہ کی یاد منانے کی ترغیب خود حضور ﷺ دے رہے ہیں۔ ورنہ اگر یاد منانا غیر اسلامی ہوتا تو اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کبھی حضرت موسیٰ علیہ السلام

Marfat.com

کی یاد منانے کا حکم نہ دیتے۔

(بخاری، عربی اردو، جلد دوم، کتاب المناقب، حدیث نمبر 1126، ص 537، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

نوحہ کی ممانعت

حدیث شریف:383

حَدَّثَنِیْ ثَابِتُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ مُرَّۃَ عَنْ مَّسْرُوْقٍ عَنْ عبدِاللّٰہِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَنْ سُفْیَانَ عَنْ زُبَیْدٍ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِاللّٰہِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُوْدَ وَشَقَّ الْجُیُوْبَ وَ دَعَا بِدَ عْوَی الْجَاھِلِیَّۃِ۔

(بخاری، عربی، کتاب المناقب، حدیث نمبر 3519، ص 591، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:.....مسروق (بن اجدع) نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اور انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے روایت کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جو مصیبت کے وقت رخساروں کو پیٹے اور گریبان پھاڑے اور جاہلیت جیسے پکار کرے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

(بخاری، عربی اردو، جلد دوم، کتاب المناقب، حدیث نمبر 738، ص 365، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: مصیبت اور رنج والم کے وقت نوحہ کرنا، گال پیٹنا، سینہ کوبی کرنا، گریبان چاک کرنا اور آہ وبکا کرنا شرعاً ممنوع ہے۔

زمانہ رسول ﷺ میں بھی قرآن مجید جمع کیا گیا

حدیث شریف:384

حَدَّثَنِیْ اَبُوْ دَاوٗدَ سُلَیْمَانُ بْنُ مَعْبَدٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو

Marfat.com

بُنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ قَالَ قُلْتُ لِاَنَسِ بُنِ مَالِكٍ مَنْ جَمَعَ الْقُرْاٰنَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَرْبَعَةٌ كُلُّهُمْ مِنَ الْاَنْصَارِ اُبَيُّ بُنِ كَعْبٍ وَّمُعَاذُ بُنُ جَبَلٍ وَّزِيْدُ بُنُ ثَابِتٍ وَّرَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ يُكْنٰى اَبَا زَيْدٍ۔

(مسلم شریف، عربی، کتاب الفضائل، حدیث نمبر 6341، ص 1084، مطبوعہ دارالسلام، ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:..... ہمام بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں قرآن جمع کس نے کیا تھا؟ انہوں نے جواب دیا: چار حضرات نے جو چاروں انصار سے تعلق رکھتے تھے۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ، حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ، حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ اور ایک انصاری صحابی، جن کی کنیت ابوزید تھی۔

(مسلم شریف، عربی اردو، جلد سوم، کتاب فضائل الصحابہ، حدیث نمبر 6217، ص 354، مطبوعہ شبیر برادرز لاہور پاکستان)

ف: حضور ﷺ کے دور مبارک میں بھی قرآن مجید کا جمع کیا گیا پھر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور میں بھی قرآن مجید جمع کیا گیا۔ بالاخر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے دور میں اس کو کتابی صورت میں مرتب کیا گیا۔ جو آج ہمارے پاس موجود ہے۔

اختتام

۲۷ رجب المرجب ۱۴۲۹ھ بمطابق ۳۱ جولائی ۲۰۰۸ شب جمعہ

Marfat.com

Marfat.com

بزرگ خواتین
عورت اور مذاہب عالم
کڑوا سچ
اوراد و وظائف
منہاج العابدین
زاویہ پبلشرز
دربار مارکیٹ، لاہور
Voice:
042-7248657
Mobile:
0300-9467047

Marfat.com